# پرائمری ۴

مورمن کی کتاب
عمر ۸—۱۱

# پرائمری ۴

## مورمن کی کتاب

۸–۱۱ سال کی عمر کے بچوں کو سکھانے کیلئے

مطبوعہ کلیسیائے یسوع مسیح برائے مقدسینِ آخری ایام
سالٹ لیک سٹی، یوٹاہ

© Intellectual Reserve, Inc. ۲۰۰۲ کی طرف سے
جملہ حقوق محفوظ ہیں، پاکستان میں چھپی
منظوری برائے انگریزی اشاعت: 9/96
منظوری برائے ترجمہ: 9/96
*Primary 4: Book of Mormon* کا
Urdu ترجمہ

# فہرست


| سبق نمبر اور عنوان | صفحہ |
|---|---|
| معاونت برائے معلّمہ | ۷ |
| ۱۔ مورمن کی کتاب، شفیق آسمانی باپ کی طرف سے ایک نعمت | ۱ |
| ۲۔ نیفئی اپنے والد، نبی کی پیروی کرتا ہے | ۵ |
| ۳۔ پیتل کے اوراق حاصل کرنا | ۸ |
| ۴۔ زندگی کا درخت | ۱۲ |
| ۵۔ بیابان میں لحی اور اُسکے خاندان کی رہنمائی کی جاتی ہے | ۱۶ |
| ۶۔ آسمانی باپ نیفئی کو ایک کشتی بنانے کا حکم دیتا ہے | ۱۹ |
| ۷۔ سمندر پار کرنا | ۲۲ |
| ۸۔ یعقوب نبی کا شیرم سے سامنا ہوتا ہے | ۲۵ |
| ۹۔ انوس دُعا کرتا ہے | ۲۸ |
| ۱۰۔ بنیمین بادشاہ پنے لوگوں کو تعلیم دیتا ہے | ۳۲ |
| ۱۱۔ ابیندادی اور نوح بادشاہ | ۳۵ |
| ۱۲۔ ایلما مورمن کے پانیوں میں بپتسمہ دیتا ہے | ۳۹ |
| ۱۳۔ لمحی بادشاہ کے لوگ اور ایلما کے لوگ | ۴۴ |
| ۱۴۔ ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹے توبہ کرتے ہیں | ۴۷ |
| ۱۵۔ ایلما اور امیولک کا امونیہا میں منادی کرنا | ۵۰ |
| ۱۶۔ ایلما اور امیولک قید خانہ میں | ۵۳ |
| ۱۷۔ عمون، ایک عظیم خادم | ۵۷ |
| ۱۸۔ لمونی بادشاہ کے باپ کا تبدیل ہونا | ۶۰ |
| ۱۹۔ عینتی، نیفئی، لحی | ۶۴ |
| ۲۰۔ کوریحور، مخالفِ مسیح | ۶۷ |
| ۲۱۔ ضورامی اور رمیمپٹم | ۷۱ |
| ۲۲۔ ایلما ایمان کی بابت سِکھاتا ہے | ۷۴ |

| | |
|---|---|
| ۲۳۔ایلما اپنے بیٹوں، ہیلمن اور شبلون کو نصیحت کرتا ہے | ۷۸ |
| ۲۴۔ایلما اپنے بیٹے کورِ لعنتن کو نصیحت کرتا ہے | ۸۳ |
| ۲۵۔کپتان مرونئ ضرحمنہ کو شکست دیتا ہے | ۸۷ |
| ۲۶۔کپتان مرونئ اور علَم آزادی | ۹۲ |
| ۲۷۔ ہیلمن اور دو ہزار جنگجو | ۹۶ |
| ۲۸۔ نیفئ اور لحی قید خانہ میں | ۱۰۰ |
| ۲۹۔ نیفئ نبوت کرتا ہے | ۱۰۳ |
| ۳۰۔ نیفئ بڑی قوت پاتا ہے | ۱۰۷ |
| ۳۱۔ سیموئیل لامنی | ۱۱۱ |
| ۳۲۔یسوع مسیح کی پیدائش کے امریکہ میں نشان | ۱۱۴ |
| ۳۳۔ نجات دہندہ کا نیفیوں پر ظاہر ہونا | ۱۱۸ |
| ۳۴۔یسوع مسیح نیفیوں کو مبار کبادیاں سِکھاتا ہے | ۱۲۱ |
| ۳۵۔یسوع مسیح بیماروں کو شفا اور بچوں کو برکت دیتا ہے | ۱۲۶ |
| ۳۶۔یسوع مسیح نیفیوں کو عشائے ربانی دیتا ہے | ۱۲۹ |
| ۳۷۔یسوع مسیح نیفیوں کو دُعا کرنا سِکھاتا ہے | ۱۳۲ |
| ۳۸۔ نیفیوں کے درمیان امن | ۱۳۵ |
| ۳۹۔ مورمن نیفیوں کی تباہی دیکھتا ہے | ۱۳۸ |
| ۴۰۔یاردی موعودہ سرزمین کی طرف لے جائے جاتے ہیں | ۱۴۱ |
| ۴۱۔یاردی نبیوں کو ردِ کرتے ہیں | ۱۴۴ |
| ۴۲۔مرونئ اور اُسکی تحریریں | ۱۴۸ |
| ۴۳۔مرونئ یسوع مسیح پر ایمان کی بابت سِکھاتا ہے | ۱۵۲ |
| ۴۴۔مرونئ اور مورمن کی کتاب کا وعدہ | ۱۵۶ |
| ۴۵۔ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کی قیامت کی گواہی ہے (ایسٹر) | ۱۶۰ |
| ۴۶۔ مورمن کی کتاب: یسوع مسیح کی بابت ایک اور عہد نامہ (کرسمس) | ۱۶۳ |
| ۴۷۔ کہانت ہماری زندگیوں کو برکت دے سکتی ہے (کہانتی تیاری کا سبق) | ۱۶۷ |

# معاونت برائے معلّمہ

نجات دہندہ نے احکام ماننے اور سِکھانے کی اہمیت کے بارے کہا، ”جو اُن پر عمل کریگا اور اُنکی تعلیم دے گا، وہ آسمان کی بادشاہی میں بڑا کہلائے گا“ (متی ۱۹:۵)۔ آپکو بچوں کی اِس بات کو سیکھنے میں مدد کے لئے ایک مقدس ذمہ داری دی گئی ہے کہ کیسے اپنے بپتسمہ کے عہود کو قائم رکھنا اور خدمت کرنا ہے۔ جب ہر لڑکی نوجوان خاتون بننے کی تیاری کرتی اور ہر لڑکا نوجوان آدمی بننے کی تیاری کرتا اور کہانت حاصل کرتا ہے تو آپ اُن کی زندگیوں پر خوبصورت اثر ڈال سکتی ہیں۔

۱۸۳۱ء میں کلیسیاء کی تشکیل کے تھوڑے عرصے بعد، نجات دہندہ نے سِکھایا کہ معلمین ”میری انجیل کے اُصول سِکھائیں، جو کتابِ مقدس اور مورمن کی کتاب میں ہیں“ (تعلیم اور عہد ۱۲:۴۲)، جو اُس وقت واحد دستیاب صحائف تھے۔ آج معلمین کو تمام معیاری کتب سے بشمول تعلیم اور عہد اور بیش قیمت موتی میں سے مقدس سچائیاں سِکھانے کی ذمہ داری حاصل ہے، جو بچوں کی خُدا اور اُسکے بیٹے یسوع مسیح پر ایمان کو فروغ دینے میں مدد دیتی ہیں۔

## مطالعے کے کورسز

تمام بچوں کو جو پہلی جنوری کو آٹھ سے گیارہ سال کے ہوں پرائمری ۴، ۵، ۶ اور ۷ کی تدریسی کتب میں سے، ایک میں سے پڑھایا جائے۔ اس عمر کے گروپ کے تمام بچوں کے لئے ہر سال مطالعے کا صرف ایک ہی کورس استعمال کیا جاتا ہے۔ مطالعے کے ہر کورس کی بنیاد پاک کلام کی ایک خاص کتاب پر رکھی گئی ہے: پرائمری ۴ مورمن کی کتاب پر، پرائمری ۵، تعلیم اور عہد پر، پرائمری ۶، پرانے عہد نامہ پر اور پرائمری ۷ نئے عہد نامہ پر۔ چار سالوں کے عرصہ کے دوران بچے معیاری کتب میں سے ہر ایک کو پڑھ چکے ہوں گے۔

مقامی ضروریات اور آٹھ سے گیارہ سالہ بچوں کی تعداد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، جماعتیں بلحاظ عمر، تمام عمروں کے گروپوں کی ایک ہی جماعت یا لڑکے اور لڑکیوں کے لئے علٰیحدہ جماعتیں تشکیل دی جا سکتی ہیں۔ آپکی جماعت جیسے بھی تشکیل دی جاتی ہے، آپ کو یہ بات یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہر بچہ مناسب توجہ پائے۔

جب بچے بارہ سال کے ہوتے ہیں، وہ انجمنِ دختران یا ہارونی کہانت میں جانا شروع کرتے ہیں۔ تاہم، وہ سبت سکول کے دوران جنوری کے پہلے ہفتے تک اپنی پرائمری کی جماعتوں میں حاضری جاری رکھتے ہیں، جب وہ سبت سکول میں آنا شروع کرتے ہیں۔

ایک خاص سبق، ”کہانت ہماری زندگیوں کو برکت دے سکتی ہے“ اِس تدریسی کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ سبق گیارہ سالہ بچوں کے واسطے معلمین کے استعمال کے لئے ہے جب لڑکے ڈیکن بننے کی تیاری کرتے ہیں اور لڑکیاں انجمنِ دختران میں ترقی پاتی ہیں۔ اپنی جماعت کے پہلے بچے کے بارہ سال کا ہونے سے پہلے یہ سبق پڑھائیں۔ جب آپ سبق تیار کریں اور پیش کریں تو خُداوند سے رہنمائی کے لئے دُعا کریں تاکہ بچے سمجھ پائیں کہ کہانت کیا ہے، یہ کیسے اُن کی زندگیوں کو برکت دے سکتی ہے اور کہانت کا احترام کرنے کے لئے کیسے وہ اپنی ذمہ داریاں پوری کر سکتے ہیں۔

## اِس تدریسی کتاب سے سِکھانا

مطالعے کا یہ کورس مورمن کی کتاب کی تعلیمات پر مبنی ہے۔ جب آپ ان تعلیمات کا بتائیں یا زیرِ گفتگو لائیں تو بچے یسوع مسیح کے کفارے اور مشن کو بہتر طور پر سمجھیں گے اور اُس پر ایمان اور اُسکی گواہی میں ترقی کریں گے۔ وہ سیکھیں گے کہ یسوع مسیح کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں کیسے لاگو کرنا ہے اور اُسکے احکام ماننے کی زیادہ خواہش حاصل کریں گے۔

گھر پر مورمن کی کتاب میں سے انبیاء جنہوں نے امریکہ میں خدمت کی اور نجات دہندہ کی نیفیئوں کے درمیان خدمت کی اُن کے بارے پڑھنے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ جب بچے اِن انبیاء اور نجات دہندہ کی بابت سیکھیں گے تو وہ اُن نیک نمونوں اور تعلیمات کی پیروی کرنا چاہیں گے اور مزید اُن کی مانند بننا چاہیں گے۔ اہم سچائیاں جو بچے نجات دہندہ اور اُسکے انبیاء کی تعلیمات سے سیکھیں گے اِنہیں اپنے عہود قائم رکھنے اور تمام عمر کلیسیاء میں خدمت کرنے کی تیاری میں مدد کریں گی۔ یہ سچائیاں، اُنہیں آج کی دُنیا کی آزمائشوں سے مزاحمت کرنے میں بھی مضبوطی فراہم کریں گی۔

### خود کو سِکھانے کے لئے تیار کرنا

بچوں کو سِکھانے کی اپنی مقدس ذمہ داری پوری کرنے کے لئے، آپ کو ذہنی اور رُوحانی دونوں طور پر تیار ہونا چاہیے۔ اِس تیاری کا ایک حصہ اُن اُصولوں کی سمجھ اور گواہی حاصل کرنا ہے جو آپ سِکھائیں گے۔ نجات دہندہ جو سب سے عظیم معلم ہے، نے ہمیں بہت کچھ سِکھایا ہے جسے ہم دوسروں کو انجیل سِکھانے کی تیاری کرتے ہوئے استعمال کر سکتے ہیں۔

- دُعا کے ذریعے، حلیمی سے رُوح کے خواہاں ہوں۔ خُداوند نے فرمایا ہے کہ ہمیں حلیم ہونا چاہیے اور وہ ہاتھ پکڑ کر ہماری رہنمائی کریگا اور ہماری دُعاؤں کا جواب دیگا (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱۱۲:۱۰)۔ اگر ہم حلیم ہیں تو ہمیں یہ حق حاصل ہے کہ ہم جانیں کہ خُداوند اپنے بچوں کو ہم سے کس طرح تعلیم دلوانا چاہتا ہے۔

- پاک کلام اور موجودہ انبیاء کے کلام کا مطالعہ کریں۔ خُداوند کے کلام کو پڑھنے اور غور و خوص کرنے میں بڑی قوت ہے، اُس نے ہمیں حکم دیا ہے، ”پہلے میرا کلام حاصل کرنے کی کوشش کرو اور پھر تمہاری زبانیں کھولی جائیں گی؛ تب، اگر تم چاہو، تمہیں میرا رُوح اور میرا کلام حاصل ہو گا، ہاں، آدمیوں کو قائل کرنے کے لئے، خُدا کی قوت۔“ (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱۱:۲۱)۔

ایامِ آخر کے ایک نبی، صدر عزرا ٹافٹ بینسن نے، خُداوند کے کلام کو سیکھنے کی ہماری ضرورت کو پھر دہرایا ہے: میں آپکی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آپ صحائف کے مطالعے کے لئے دوبارہ اپنے آپ پر ذمہ داری عائد کریں۔ اپنے آپکو اِنکی تعلیمات میں ڈبو دیں پھر اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لئے تم روح القدس کی قوت پاؤ گے۔ (Ensign, May 1986, 82)

- اپنے عہود پر قائم رہیں۔ رُوح سے رہنمائی پانے کی آپ کی قابلیت کا انحصار آپکے اُن عہود پر قائم رہنے پر ہے جو آپ نے آسمانی باپ کے ساتھ کیے ہیں۔ آپ ایک اچھی مثال بھی قائم کر رہے ہوں گے جب آپ عہود کا خیال رکھیں گے اور اُن پر قائم رہیں گے۔ (دیکھئے تعلیم اور عہد ۴۲:۱۳)۔ جب بچے نجات دہندہ کے لئے آپکی محبت اور انجیل پر عمل کرنے کی آپکی وقفیت دیکھتے ہیں تو وہ اُن کی پیروی کرنے کی مزید تحریک پائیں گے۔

- بچوں کو نجات دہندہ کی محبت محسوس کرنے میں مدد دینے کے طریقے ڈھونڈیں۔ اُنہیں اکثر بتائیں کہ آپ اُن سے کتنی محبت کرتے ہیں اور اُن کی لیاقت اور صلاحیت کو تسلیم کریں۔ آپکی محبت اور شفقت بچوں کو آسمانی باپ اور یسوع مسیح، اُن کے لئے جو محبت رکھتے ہیں، کو سمجھنے میں مدد دے گی۔ یہ اُنہیں دوسروں سے محبت رکھنا، سیکھنے میں بھی مدد دے گی۔

### اپنے اسباق تیار کرنا

یہ تدریسی کتاب آپ کو اسباق منظّم کرنے میں مدد دے گی جو پاک کلام کو مرکز بناتے ہیں۔ یہ اسباق بچوں کو انجیل کے اُصول سمجھنے میں مدد دینے کے لئے یہ اسباق مورمن کی کتاب میں سے بیانات اور حوالہ جات استعمال کرتے ہیں۔ اسباق ہو بہو یہ نہیں بتاتے کہ صحیفائی بیانات کیسے سِکھائے جائیں۔ اگر آپ تیاری اور رُوح سے سِکھائیں گے تو آپ بچوں کو صحیفائی بیان، اِن میں شامل اُصول اور بچے کیسے اِن اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں لاگو کر سکتے ہیں، کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کر سکیں گے۔ اگر آپ کے اسباق خوب تیار اور دلچسپ ہوں گے تو بچے سننے اور سیکھنے پر اور زیادہ آمادہ ہوں گے۔

درج ذیل اقدام آپکو اپنی جماعت کے بچّوں کو مؤثر طور پر سِکھانے میں بہتر تیار ہونے میں مدد کریں گے:

۱۔ سبق پڑھانے سے ایک یا دو ہفتے پہلے "تیاری" کے حصہ میں لکھے گئے صحیفائی حوالہ جات اور سبق کے مقصد کا، دُعا گو ہو کر مطالعہ کریں۔ سبق کے مقصد اور صحیفائی حوالوں کو پھر پڑھیں اور غور کریں کہ یہ آپکی جماعت کے بچّوں پر کیسے لاگو ہو سکتے ہیں۔ خود سے پوچھیں: "اِس سبق کے نتیجہ میں آسمانی باپ کیا چاہتا ہے کہ بچّے سیکھیں اور کریں؟ یہ سبق بچّوں کی یسوع مسیح پر ایمان کو بڑھانے، اُنکی گواہیوں کو مضبوط کرنے اور اُن بُری آزمائشوں کا مقابلہ کرنے میں کیسے مدد کر سکتا ہے جن کا وہ سامنا کرتے ہیں؟" جو خیالات آئیں اُنہیں لکھ لیں۔

انجیلی اُصول (Gospel Principles) (۳۱۱۱۰) کی کتاب بنیادی انجیل اُصولوں اور تعلیمات پر مبنی شخصی رہنمائے مطالعہ کے طور پر تیار کی گئی تھی۔ چند اسباق کے "تیاری" کے حصہ میں انجیلی اُصول (Gospel Principles) کے خاص ابواب کی فہرست دی گئی ہے۔ یہ ابواب آپکی، سبق میں موجود بنیادی اُصول یا تعلیم سِکھانے کے حوالے سے تیاری کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اِس کتاب کی ایک جلد آپکے چرچ کی لائبریری میں دستیاب ہو سکتی ہے یا اپنے مقامی مرکز تقسیم سے خریدی جا سکتی ہے۔

۲۔ سبق متعارف کروانے کے لئے توجہ دلاؤ سرگرمی استعمال کرنے کا فیصلہ کریں یا خود تخلیق کریں، اِس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ صحیفائی حوالہ جات سِکھانے کے لئے موزوں اور متعلقہ ہو۔

۳۔ اسباق آپ کو یہ نہیں بتاتے کہ صحیفائی احوال کس طرح سِکھانے ہیں؛ فیصلہ کرنے میں مدد کے لئے کہ کیا اور کیسے سِکھانا ہے آپ کو رُوح کا خواہاں ہونا چاہیے۔ ہفتہ بہ ہفتہ مختلف تدریسی طریقہ استعمال کریں۔ (اِس صفحہ پر "پاک کلام میں سے سِکھانا" دیکھئے۔) جتنا زیادہ ممکن ہو سیکھنے والی سرگرمیوں میں جماعت کے ارکان کو شریک کریں اور اپنا سبق سِکھائیں تاکہ بچّے، صحیفائی بیانات دوسروں کو دوبارہ بتانے کے قابل ہو سکیں۔

۴۔ "گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات" میں سے اُن کا انتخاب کریں جو بچّوں کے، پاک کلام کو سیکھنے اور اُنہیں اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد فراہم کریں۔ آپ سبق کے دوران کسی وقت بھی سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ آپ کو اِن تمام کو استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

۵۔ بہتری کی سرگرمیاں پڑھیں اور منصوبہ بندی کریں کہ آپ کونسی سرگرمی کب اور کیسے استعمال کریں گے جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ آپکی جماعت کے بچّوں کو پاک کلام اور سبق کے مقصد کو سمجھنے میں بہترین مدد دیں گی۔ ہر جماعت مختلف ہو گی، چند سرگرمیاں ایک گروپ کے لئے مؤثر ہونگی جبکہ دوسرے گروپ کے لیے یہ مؤثر نہیں ہونگی۔

۶۔ اپنے شخصی تجربت بتانے کی تیاری کریں جو سبق کے مقصد کی تائید کرتے ہوں، جب آپ جماعت کو تجربات بتائیں یا اراکینِ جماعت آپ کو اور ایک دوسرے کو تجربات بتائیں تو رُوح کو رہنمائی کرنے دیں۔ بعض خاندانی تجربات بہت مقدس یا ذاتی ہوتے ہیں اُنہیں لوگوں کو نہیں بتانا چاہیے۔

### پاک کلام میں سے سِکھانا

جب آپ اپنے اسباق تیار کریں اور سِکھائیں تو آپ کو ہمیشہ رُوح کا خواہاں ہونا چاہیے۔ (دیکھئے ایلما ۱۷:۲–۴؛ تعلیم اور عہد ۴۲:۱۲–۱۴؛ ۵۰:۱۷–۲۲)۔ رُوح آپ کی یہ جاننے میں مدد کرے گا کہ بچّوں کے لئے اپنے اسباق کو آپ کس طرح دلچسپ اور با معنی بنا سکتے ہیں۔

آپ کی جماعت میں بعض بچّے شاید پاک کلام سے آشنا نہ ہوں۔ جب آپ اکٹھے پڑھیں تو اُن اراکین جماعت کا خیال رکھیں جنہیں شاید یہ سیکھنے میں مدد کی ضرورت ہو کہ حوالہ جات کیسے تلاش کرتے ہیں، بچّوں کو یہ سمجھانے کے لئے کہ صحیفائی حوالہ جات کیسے تلاش کرتے ہیں آپ کو سال کے شروع میں کچھ وقت لینے کی ضرورت ہے، خصوصاً اگر آپ چھوٹے بچّوں کو سِکھا رہے ہیں۔

بچوں کی دلچسپی قائم رکھنے کے لئے مواد پیش کرنے کے مختلف طریقے آزمائیں۔ آپ پاک کلام میں سے کیسے سِکھاتے ہیں اِس کے لئے درجِ ذیل مختلف تجاویز آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

۱۔ صحیفائی احوال اپنے الفاظ میں بتائیں۔ اُن میں موجود حالات اور لوگوں کی بابت تصور کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ لوگ جسکی بات آپ بتا رہے ہیں واقعی موجود تھے اور واقعات یقیناً وقوع پذیر ہوئے۔

۲۔ بچوں کو پاک کلام میں سے براہِ راست احوال یا منتخب آیات پڑھنے کا کہیں۔ یاد رکھیں کے تمام بچے اچھا نہیں پڑھیں گے اور کہ عمر سے پڑھنے کی صلاحیت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ اگر تمام بچے بڑھ سکتے ہوں تو آپ اِنہیں خاموشی سے پڑھنے کے لئے چند منٹ دے سکتے ہیں۔ بعد ازاں، جو اُنہوں نے پڑھا ہے اُسے زیرِ بحث لائیں۔ پڑھنے کے بعد بچوں کی، مشکل الفاظ اور آیات سمجھنے میں مدد کرنے کے لئے گفتگو کا وقت استعمال کریں۔

۳۔ جو واقعہ ہوا ہے اُس کا تصور کرنے میں بچوں کی مدد کے لئے ہر صحیفائی احوال کی بابت تجویز کردہ تصاویر استعمال کریں۔ بیشتر اسباق کے حصہ، ''مطلوبہ اشیاء'' میں مجوزہ تصاویر شامل ہیں۔ تصاویر پر نمبر دیئے گئے ہیں اور تدریسی کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔ چند ایک تصاویر انجیلی تصاویر میں بھی ہیں اور چرچ کے کتب خانے میں مل سکتی ہیں۔ (آئٹم نمبر ''مطلوبہ اشیاء'' کے حصہ میں لکھے ہیں) اِن تصاویر کی پشت پر احوال کا خلاصہ لکھا ہوا ہے۔ جیسے مناسب ہو آپ دوسری تصاویر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

۴۔ بچوں کو صحیفائی احوال کو ڈرامے کے انداز میں کرنے کا کہیں۔ (یہ بات یقینی بنائیں کہ ڈرامہ، صحیفائی تقدس سے انحراف نہ کرے۔) اب سادہ سے سامان، جیسے کہ چوغہ، سکارف وغیرہ لا سکتے ہیں اور بچوں کو پورے واقعہ یا اِس کے بعض حصوں کی اداکاری کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ اُن سے پوچھیں کہ اگر وہ وہی شخص ہوتے جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہیں تو وہ کیسا محسوس کرتے۔

۵۔ جب آپ صحیفائی احوال بتائیں یا پڑھیں تو چاک بورڈ پر سادہ خاکے یا تصاویر بنائیں، یا تصاویر یا تراشے استعمال کریں۔

۶۔ صداکار تھیٹر کریں جہاں کئی ایک بچے واقعہ میں لوگوں کا کردار ادا کر سکیں۔ جہاں مناسب ہو، بچوں کو پاک کلام میں سے براہِ راست مکالمے پڑھنے کا کہیں۔

۷۔ کہانی بتانے کے لئے والدین، وارڈ یا شاخ کے رُکن یا جماعت کے رُکن کو دعوت دیں۔ اُس شخص کو تیاری کے لئے ایک یا دو ہفتے دیں اور اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اُسے پیشکش کے لئے مقررہ وقت بتا دیں۔

۸۔ صحیفائی احوال سِکھانے سے پہلے بچوں کو ایک سادہ ابتدائی امتحان، جیسے کہ دُرست یا غلط یا مختصر جواب والا معمہ ہے۔ جماعت کو بتائیں کہ آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ واقعہ کی بات کتنا زیادہ جانتے ہیں۔ تب اُنہیں دوبارہ وہی امتحان دیں تاکہ آپ دیکھ سکیں کہ اُنہوں نے کیا سیکھا ہے۔

۹۔ صحیفائی احوال میں سے لوگوں کے نام یا اہم الفاظ چاک بورڈ پر تحریر کریں۔ جب آپ واقعہ بتائیں تو بچوں کو اِن الفاظ یا ناموں کو غور سے سننے کا کہیں بچوں کو اُنکا ذخیرۂ الفاظ بڑھانے میں مدد دیں تاکہ وہ پاک کلام کو بہتر طور پر سمجھ سکیں اور اِنہیں گھر پر پڑھنے سے لُطف اندوز ہو سکیں۔

۱۰۔ سبق دینے سے پہلے، واقعہ کی بابت چاک بورڈ پر سوالات لکھیں۔ جب بچے واقعہ کے دوران جوابات سنیں تو اُنہیں زیرِ بحث لانے کے لئے رُک جائیں۔

۱۱۔ واقعہ بتائیں اور پھر بچوں کو رضاکارانہ طور پر اپنے پسندیدہ حصے دوبارہ بتانے کا کہیں۔ آپ جماعت کے ایک رُکن کو واقعہ شروع کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ اور پھر اِسے جاری رکھنے کے لئے دوسروں کو کہیں۔

۱۲۔ پاک کلام میں سے منتخب آیات کی ٹیپ ریکارڈنگ بجائیں۔

۱۳۔ مماثلت والا کھیل کھیلیں۔ کاغذ یا کارڈ کے ۳x۵ کے چار سے آٹھ مماثلت والے سیٹ تیار کریں۔ درجِ ذیل مثال میں، آپ لحی کے خواب کا کچھ حصہ ایک کارڈ پر اور اُسکی تفسیر دوسرے سیٹ کے کارڈ میں رکھیں گے۔ کارڈوں یا کاغذوں کو ملا دیں اور اُلٹے کر کے میز یا فرش پر رکھ دیں۔ ایک وقت میں ایک بچے کو بلائیں اور اِسے دو کارڈ سیدھے کرنے کا کہیں۔ ہر کارڈ جو کچھ کہتا ہے بلند آواز سے پڑھیں۔ اگر کارڈ آپس میں مل جاتے ہیں، اُنہیں سیدھا رہنے دیں۔ اگر کارڈ ملتے نہیں تو اُنہیں پھر اُلٹا دیں اور پھر دوسرا بچہ باری لیتا ہے، جب تک تمام کارڈ صحیح طور پر مل نہیں جاتے، جاری رکھیں۔

مثلاً، آپ لحی کے خواب پر مبنی یا کارڈوں کے پانچ مماثل سیٹ تخلیق کر سکتے ہیں۔ (۱ نیفئی ۸؛ ۱۱)، بچوں کی دلچسپی کے لئے تین اور سیٹوں کا اضافہ کریں۔

سیٹ ۱: درخت —— خُدا کی محبت

سیٹ ۲: لوہے کا عصا —— خُدا کا کلام

سیٹ ۳: پھل —— ابدی زندگی

سیٹ ۴: تاریکی کی دھندہ —— آزمائشیں

سیٹ ۵: عظیم اور کشادہ عمارت —— دُنیا کا غرور

سیٹ ۶: ستارہ —— ستارہ

سیٹ ۷: چاند —— چاند

سیٹ ۸: سورج —— سورج

۱۴۔ سوال پوچھنے کا کھیل کھیلیں۔ ایک ڈبے یا بوتل میں کئی ایک سوال رکھیں اور جماعت کے اراکین کو باری باری سوال اُٹھانے اور اُسکا جواب دینے کا کہیں۔

**جماعتی مباحثوں کا انتظام کرنا**

مباحثوں اور دیگر سیکھنے والی سرگرمیوں میں شرکت کرنے سے بچوں کی انجیلی اُصول سیکھنے میں مدد ہو گی۔ درجِ ذیل ہدایات آپکو با معنی سوالات پوچھنے اور جماعتی گفتگو شروع کرنے میں مدد دے سکتی ہیں:

۱۔ سوالات پوچھیں اور صحیفائی حوالہ جات بتائیں تاکہ جماعت کے ارکان پاک کلام میں سے جوابات ڈھونڈ سکیں۔

۲۔ ایسے سوالات پوچھیں جنکا جواب "ہاں" یا "نہ" میں نہ دیا جا سکے بلکہ سوچ اور گفتگو کی ضرورت ہو۔ جو سوالات کیوں، کیسے، کون، کیا، کب اور کہاں سے شروع ہوتے ہیں عموماً زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔

۳۔ ایسے اراکینِ جماعت کو جو عموماً شرکت نہیں کرتے نام لے کر اور ایسے سوال پوچھ کر شامل کریں جنکا آپ محسوس کرتے ہوں کہ وہ جواب دے سکتے ہیں۔ اِنہیں جواب دینے کا وقت دیں۔ اگر اِنہیں ضرورت ہو تو اُن کی مدد کریں، لیکن صرف اُسی صورت میں جب وہ سوچنے اور جواب دینے کا وقت لے چکے ہوں۔

۴۔ بچے جو کچھ پاک کلام میں سے سیکھ رہے ہیں اُس بابت اُنہیں اپنے احساسات بتانے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اُن کے خیالات کی بابت مثبت رائے دیں۔

۵۔ بچوں کی مخلص تعریف کریں جب وہ جواب دیں۔ اِنہیں یہ جاننے میں مدد دیں کہ اُن کے خیالات اور احساسات اہم ہیں۔ ایسے بچوں کا خیال رکھیں جو شرکت کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔

**پاک کلام کو اپنی زندگیوں میں لاگو کرنے میں بچوں کی مدد کرنا**

بچوں نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے اپنی زندگیوں میں لاگو کرنے میں اُن کی مدد کریں۔ نیفئی نے نصیحت کی کہ ہمیں، "تمام صحائف خود پر لاگو کرنے چاہیں، تاکہ یہ ہمارے فائدے اور علم کیلئے ہوں۔" (۱ نیفئی ۱۹:۲۳)۔ درجِ ذیل تجاویز یہ کام مکمل کرنے میں آپکی مدد کر سکتی ہیں:

۱۔ رُوح کی ترغیب کے مطابق اُن سچائیوں کی گواہی دیں جو آپ سِکھا رہے ہیں۔ آپ کے اسباق اور زیادہ قوت سے بھرپور ہوں گے جب آپ مخلصی اور یقین کے ساتھ سِکھائیں گے۔

۲۔ گھر میں، پرخود اور اپنے خاندانوں کے ساتھ پاک کلام کا مطالعہ کرنے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنا اپنا پاک کلام جماعت میں لیکر آئیں۔ اگر بچوں کے پاس پاک کلام کی اپنی اپنی جلدیں نہیں ہیں یا اگر وہ اِنہیں لانا بھول گئے ہیں، تو بچوں کے استعمال کے لئے اضافی جلدیں جماعت میں رکھیں۔ اگر آپکی وارڈ یا شاخ میں کتب خانہ موجود ہو تو آپ پاک کلام کی جلدیں وہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

۳۔ بچوں کو وہ کچھ بتانے کا کہیں جو اُنہوں نے سیکھا ہے۔ اُن سے پوچھیں کہ سبق میں سِکھائے جانے والے انجیلی اُصول وہ کیسے اپنی زندگیوں میں لاگو کر سکتے ہیں۔

۴۔ ایک رپورٹر جیسی اداکاری کریں اور بچوں کا انٹرویو کریں جیسے کہ وہ وہی لوگ ہیں جن کی بابت ہم پاک کلام میں پڑھتے ہیں۔ اِنہیں پاک کلام کی تفصیلات اور جو واقع ہوا ہے اُس کی بابت اپنے احساسات بتانے کا کہیں۔

۵۔ جماعت کو دو یا اِس سے زیادہ چھوٹے گروپوں میں تقسیم کریں، صحیفائی واقعہ بتانے کے بعد، ہر گروپ سے اہم اُصولوں کو تحریر کرنے کا کہیں۔ تب گروپوں کو باری باری گفتگو کرنے دیں کہ یہ اُصول اُنکی زندگیوں میں کیسے لاگو ہوتے ہیں۔

۶۔ پاک کلام میں سے حوالہ جات تلاش کریں: سال بھر جماعت کے ارکان کی پاک کلام کی خاص آیات پر نشان لگانے کی حوصلہ افزائی کریں جو اُنکی زندگیوں پر بامعنی طور پر لاگو ہوتے ہیں۔ مثلاً، وہ انیفئ ۱۶:۲، انیفئ ۷:۳ یا انیفئ ۶:۴ پر نشان لگا سکتے ہیں۔ اِنہیں اشارہ دیں، جیسے کہ کوئی واقعہ، صورتِ حال یا مسئلہ؛ تب اِنہیں صحیفہ ڈھونڈنے کا کہیں جو لاگو ہوتا ہے۔ اُن بچوں کو باقی جماعت کی مدد کرنے دیں جو صحیفہ پہلے ڈھونڈ لیتے ہیں۔ اِنہیں یہ بتانے کا کہیں کہ یہ اشارہ کیوں صحیفے پر پورا اُترتا ہے۔

۷۔ خاص موقعوں کا بتائیں جب آپ نے بچوں کو گفتگو کیے جانیوالے اُصولوں کی فرمانبرداری کرتے دیکھا ہو، مثلاً، اگر آپ مہربان ہونے کی بابت سبق دے رہے ہیں تو آپ ایسے موقعوں کا بتا سکتے ہیں جب آپ نے بچوں کو دوسرے پر مہربانی کرتے دیکھا ہو۔

۸۔ ذمہ داریوں کی پیروی کریں جب بھی آپ ذمہ داری دیں یا دعوت دیں، اگلے اتوار جماعت کے شروع میں بچوں سے اُنکے تجربہ کی بابت پوچھیں۔

**آیات زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کرنا**

۱۔ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کے لئے موسیقی استعمال کریں۔

۲۔ بچوں کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو باری باری الفاظ یا فقرے دہرانے کا کہیں۔ آپ ایک گروپ کو پہلا لفظ بولنے دیں، دوسرے گروپ کو دوسرا، اور اسی طرح پوری آیت دہرائیں۔

۳۔ ایک صحیفائی حوالہ منتخب کریں جو آپ بچوں کو یاد کروانا چاہتے ہیں۔ آیت کو چاک بورڈ یا ایک پوسٹر پر تحریر کریں۔ آہستہ آہستہ زیادہ سے زیادہ الفاظ ڈھانپتے یا مٹاتے ہوئے، کئی بار حوالہ دہرائیں جب تک بچے پوری آیت یاد نہیں کر لیتے۔

**اضافی وقت کو دانشمندی سے استعمال کرنا**

اگر آپ اپنا سبق جماعتی وقت ختم ہونے سے پہلے ختم کر لیتے ہیں تو باقی کا وقت پورے کرنے کے لئے آپ کوئی مناسب سرگرمی ترتیب دے سکتے ہیں:
درجِ ذیل تجاویز آپ کو یہ وقت مؤثر طور پر استعمال کرنے میں مدد دے سکتی ہیں:

۱۔ چند بچوں کو اپنی پسندیدہ صحیفائی کہانیوں کی بابت بات کرنے کا کہیں۔

۲۔ بچوں کو اہم صحیفائی حوالہ جات کا اشارہ دیکر صحیفائی حوالہ جات کی تلاش کا انتظام کریں جن پر وہ پہلے ہی نشان لگا چکے ہیں۔ دُرست صحیفائی پیرائے ڈھونڈنے کے لئے اِنہیں دو دو ہو کر یا چھوٹے گروپوں کی شکل میں کام کرنے کا کہیں۔

۳۔ سبق میں سے آیت یا سبق سے متعلقہ ایمان کا رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۴۔ بچے، سبق میں دیئے گئے اُصولوں کو گھر، سکول اور اپنے دوستوں کو کیسے بتا سکتے ہیں اِسکی بابت اُنہیں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا کہیں۔

۵۔ جماعت کو گروپوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ایک ایک کر کے ایک دوسرے سے سبق کی بابت سوالات پوچھنے کا کہیں۔

۶۔ ہر بچے کو سبق سے متعلقہ تصویر بنانے یا گھر لے جانے اور سبق کے مقصد کی یاد دہانی کے طور پر اہم جگہ پر لگانے کے لئے ایک اقتباس لکھنے کا کہیں۔

۷۔ بچوں کو مزید مطالعہ کے لئے صحیفائی حوالہ جات پر نشان لگانے کی دعوت دیں۔ آپ بچوں کو سبق میں سے آیات پر نشان لگانے کا کہہ سکتے ہیں جو وہ خاص طور پر پسند کرتے ہوں یا آپ آیات تجویز کر سکتے ہیں جو آپ محسوس کرتے ہیں کہ بچوں کو سبق کا مقصد یاد دلائیں گی۔

۸۔ بچوں کی، پاک کلام کی کتب کی ترتیب یاد کرنے میں مدد کریں۔

۹۔ گذشتہ سبق میں سے آیات یا کہانیوں کا جائزہ لیں۔

---

**کمرۂ جماعت میں موسیقی**

موسیقی کے ذریعے انجیل سیکھنے کو بھرپور اور مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ بچے اکثر موسیقی کے ذریعے بہتر طور پر سیکھنے اور یاد کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

انجیل سیکھنے اور رُوح کو محسوس کرنے میں بچوں کی مدد کرنے کے واسطے مناسب موسیقی کا استعمال کرنے کے لئے آپکا موسیقار ہونا ضروری نہیں ہے۔ ایک اُصول پر زور دینے کے لئے سبق کے آغاز میں یا اِس کے دوران آپ جماعتی موسیقی میں آڈیو کیسٹیں یا میوزیکل گروپ شامل کر سکتے ہیں۔ بچوں کو اپنے سبق میں شامل کرنے کے لئے آپ گیتوں کی آیات پڑھ یا گا بھی سکتے ہیں۔

---

**شیئرنگ ٹائم**

پرائمری شیئرنگ ٹائم کے دوران گاہے بگاہے جماعت کو سادہ انجیلی پیشکش کرنے کو کہا جائے گا۔ یہ پیشکش اسباق میں سے ہو سکتی ہیں، تھوڑی مشق کی ضرورت ہو گی اور اُصول جو آپ سکھاتے رہے ہیں، مضبوطی پائیں گے۔ آپ شیئرنگ ٹائم کے لئے درجِ ذیل تجاویز استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایک صحیفائی کہانی پر ڈرامہ کریں۔

۲۔ زبانی یاد کی ہوئی آیات کو اکٹھے دہرائیں۔

۳۔ ایمان کا ایک رُکن دہرائیں اور اِسکے معنی بیان کریں۔

۴۔ انجیلی اُصول کے جدید استعمال کا خاکہ پیش کریں۔

---

**ایمان کے ارکان**

آپ کو اپنے اسباق میں ایمان کے ارکان شامل کرنے چاہیں اور پرائمری سے ترقی پانے سے پہلے ہر بچے کی ایمان کے ارکان زبانی یاد کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کی، ایمان کے ارکان زبانی یاد کرنے اور سمجھنے میں مدد کرنے کے لئے ہر موقع استعمال کریں۔

## آٹھ سے گیارہ سال کی عمر کے بچوں کو سمجھنا

سیکھنے اور خود اعتمادی حاصل کرنے میں بچوں کو مدد دینے کے لئے، آپ کو اُن کی ضروریات اور خصوصیات کو سمجھنے اور مناسب سرگرمیوں اور جماعتوں کی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس عمر کے بچوں کی طبعی خصوصیات اور بہتر سمجھ کے لئے دیکھئے *Teaching—No Greater Call* (33043), pages 37–38.

### خصوصیات

جسمانی طور پر

- تیز اور سست نشوونما کے ادوار رکھتے ہیں
- شاید بد سلیقہ ہوں
- گروپوں میں کھیلنا پسند کرتے ہوں

ذہنی طور پر

- سیکھنے کے خواہاں ہوں
- ماضی کے تجربات کی بابت سوچتے ہوں
- فیصلوں کی بنیاد منطق پر رکھنا شروع کرنے لگے ہوں
- جاننا چاہتے ہوں کیوں
- لوگوں اور حالات کے بارے ناقدانہ رائے دیتے ہوں
- اپنے پسندیدہ لوگوں کی مانند بننا چاہتے ہوں
- زیادہ ذمہ دار بننا چاہتے ہوں
- یاد کرنے کا کام پسند کرتے ہوں

سماجی طور پر

- جنسِ مخالف کی ناپسندیدگی سے ہٹنا شروع کرتے ہوئے لڑکے اور لڑکیوں کے درمیان زیادہ میل جول کی خواہش کرتے ہوں
- ذاتی اور گروپ کی شکل، دونوں وقتوں سے لُطف اندوز ہوتے ہوں
- آزادی کی شدید ضرورت محسوس کرتے ہوں
- مزاح کی حس میں ترقی کر رہے ہوں
- دوسروں میں دلچسپی لیتے ہوں

جذباتی طور پر

- تنقید ناپسند کرتے ہوں
- ہو سکتا ہے غیر مناسب رویے کا اظہار کرتے ہوں
- اور زیادہ قابلِ بھروسہ اور قابلِ انحصار بنتے ہوں
- ایماندار ہونے کا خیال رکھتے ہوں
- اپنی خود قدری کی بابت شک کرنے لگتے ہوں
- اپنی مرضی کم کرنے اور حکم کم چلانے والے بنتے ہوں

رُوحانی طور پر

- اُصول سیکھنے اور عمل کرنے سے لُطف اندوز ہوتے ہوں
- دوسروں کی گواہیوں سے متاثر ہوتے ہوں
- انجیلی اُصول کو مستعدی سے سمجھنے میں ترقی کر رہے ہوں
- غلط اور صحیح کی شدید پہچان رکھتے ہوں

---

## معذوروں کو شامل کرنے کے لئے خاص ہدایات

نجات دہندہ نے معذوروں کو رحمدلی دکھانے اور محسوس کرنے کے لئے ہمارے واسطے نمونہ قائم کیا ہے۔ جب وہ نیفیوں پر اپنے دوبارہ جی اُٹھنے کے بعد ظاہر ہوا تو اُس نے کہا:

''کیا تمہارے درمیان کوئی ایسے ہیں جو بیمار ہیں؟ اُنہیں یہاں لاؤ۔ کیا تم میں کوئی لنگڑے، یا اندھے، یا لولے، یا ٹُنڈے یا کوڑھی، یا وہ جو سوکھے ہیں، یا وہ جو بہرے ہیں، یا وہ جو کسی بھی طرح سے بیمار ہیں؟ اُنہیں یہاں لاؤ اور میں اِنہیں شفا دُونگا، کیونکہ مجھے تم پر ترس آتا ہے۔'' (۳ نیفی ۱۷:۷)۔

بحیثیتِ پرائمری معلم / معلّمہ کے آپ رحمدلی ظاہر کرنے کی بہترین جگہ پر ہیں۔ اگرچہ آپ کو شاید پیشہ ورانہ مدد فراہم کرنے کے لئے تربیت نہیں دی گئی تو بھی آپ اُن بچوں کی پرورش کر سکتے اور سمجھ سکتے ہیں جو معذور ہیں۔ ہر رُکن جماعت کو سیکھنے کی سرگرمیوں میں شامل کرنے کے لئے فکر، فہم اور خواہش کی ضرورت ہے۔ معذور بچے رُوح سے چھُوئے جا سکتے ہیں چاہے اُن کے فہم کا درجہ کچھ بھی ہو۔ اگرچہ بعض بچے پرائمری کا پورا وقت حاضر رہنے کے قابل نہیں ہو سکتے، اُنہیں رُوح محسوس کرنے کے لئے تھوڑے عرصہ کے لئے ہی سہی حاضر ہونے کے مواقع ملنے کی ضرورت ہے۔ یہ بھی ضروری ہو سکتا ہے کہ پرائمری کے دوران بچے کے ساتھ ایک ایسا ساتھی ہو جو بچے کی ضروریات سے واقف ہو تاکہ اگر بچے کو پرائمری کے پورے گروپ سے الگ ہو جانے کی ضرورت محسوس ہو تو وہ اُسے باہر لے جا سکے۔

بعض اراکین جماعت سیکھنے کی معذریوں، شعوری مسائل، زبان یا بیان کے مسائل سماعت اور بصیرت کے کھو جانے، سماجی اور رویوں کے مسائل، ذہنی بیماری، حرکت اور مستعدی کے مسائل، یا صحت کے دائمی مسائل سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ بعض زبان یا ثقافتی حالات کو مشکل اور اجنبی پاتے ہیں۔ انفرادی حالات کے باوجود، دوسروں کی خدمت کرنے، کامیابی سے حصہ لینے، رُوح محسوس کرنے، انجیل سیکھنے، قبول کیے جانے اور پیار کیے جانے کے لئے ہر بچے کی ایک جیسی ضروریات ہیں۔

یہ ہدایات معذور بچوں کو سِکھانے میں مدد دے سکتی ہیں:

- معذوری سے ہٹ کر دیکھیں اور بچے کو جانیں۔ پُرجوش، فطری اور دوستانہ رویہ رکھیں۔
- بچے کے خاص مسائل اور مضبوطیوں کی بابت جانیں۔
- جماعت کے تمام ارکان کو جماعت کے ہر رُکن کی عزت کرنے کی ذمہ داری سے متعلق سِکھانے اور یاد دلانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔
- جماعت کے ایک معذور رُکن کی مدد کرنا پوری جماعت کے لئے سیکھنے کا مسیحی تجربہ ہو سکتا ہے۔
- بچے کے والدین کے ساتھ، دیگر اراکین خاندان کے ساتھ اور جب مناسب ہو، بچے کے ساتھ مشورہ کر کے بچے کو سِکھانے کے لئے بہتر سے بہتر طریقے ڈھونڈیں۔

معذور بچے کو پڑھنے، دُعا کرنے یا بصورتِ دیگر حصہ لینے کے لئے بلانے سے پہلے، اُس سے پوچھیں کہ وہ جماعت میں حصہ لینے کی بابت کیسا محسوس کرتا / کرتی ہے؟ ہر بچے کی قابلیت اور صلاحیت پر زور دیں اور اُن طریقوں پر غور کریں جن سے ہر ایک کامیابی سے اور آرام سے حصہ لے سکے۔

سبق کے مواد اور جسمانی گردونواح کو، معذور بچے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنائیں۔

---

**تشدد کے مسائل سے نمٹنا**

بحیثیتِ معلم / معلّمہ آپ اپنی جماعت کے بچوں کی بابت جان سکتے ہیں جنہیں جذباتی اور جسمانی تشدد برداشت کرنا پڑتا ہو۔ اگر آپ اپنی جماعت میں کسی بچے کی مانند فکر مند ہوں، تو براہ کرم اپنے بشپ سے مشورت کریں۔ جب آپ اسباق تیار کریں اور پیش کریں تو خُداوند کی رہنمائی اور ہدایت کے لئے دُعا کریں اپنی جماعت میں ہر بچے کی یہ محسوس کرنے میں مدد کریں کہ وہ آسمانی باپ کا / کی بیش قیمت بچہ ہے اور کہ آسمانی باپ اور یسوع مسیح ہم سب سے محبت رکھتے ہیں اور چاہتے کہ ہم خوش اور محفوظ ہوں۔

سبق ۱

# مورمن کی کتاب،
# شفیق آسمانی باپ کی طرف سے ایک نعمت

**مقصد** مورمن کی کتاب کی قدر کرنے اور اِس سے محبت رکھنے میں بچوں کی مدد کرنا

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر، مورمن کی کتاب کے شروع میں موجود، نبی جوزف سمتھ کی گواہی اور تعارف کا مطالعہ کریں۔ (یا جوزف سمتھ—تاریخ ۱:۲۹–۳۵، ۴۲–۵۴، ۵۹–۶۰)۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: مورمن کی کتاب کا سرورق، تین گواہوں کی گواہی، آٹھ گواہوں کی گواہی، مورمن ۶–۷۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُن کی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے ایک مورمن کی کتاب۔
ب۔ تحفے کی مانند لپٹی ہوئی مورمن کی کتاب۔
پ۔ اگر ممکن ہو، ہر بچے کے لئے ایک بُک مارک (سبق کے آخر میں نمونہ دیکھیں)۔
ت۔ تصاویر ۴۔الف، مورمن۔اوراق کندہ کر رہا ہے۔ (انجیلی تصاویر ۳۰۶؛ ۶۵۵۲۰)؛ ۴۔۲، مرونئ کوہ کمورہ میں اوراق دفن کر رہا ہے۔ (انجیلی تصاویر ۳۲۰؛ ۶۲۴۶۲)؛ اور ۴–۳، جوزف سمتھ سونے کے اوراق پاتا ہے (انجیلی تصاویر ۴۰۶؛ ۶۲۰۱۲)۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** بچوں کو تحفہ کی مانند لپٹی ہوئی مورمن کی کتاب دکھائیں۔

- ہم تحفے کیوں دیتے ہیں؟
- جب کوئی آپکے دیئے ہوئے تحفے سے لُطف اندوز ہوتا ہے تو آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

وضاحت کریں کہ آسمانی باپ کی ہمارے لئے عظیم محبت کی بدولت ابدی زندگی حاصل کرنے میں ہماری مدد کے لئے اُس نے ہمیں ایک تحفہ دیا ہے۔ یہ تحفہ ہم سب کے لئے ایک اہم پیغام رکھتا ہے۔ یہ ہمیں ہمارے نجات دہندہ، یسوع مسیح کی بابت سِکھاتا ہے کہ ہم اور کس طرح زندگی بسر کریں کہ ہم اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس لوٹ سکیں۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، عزرا ٹافٹ بینسن نے کہا ہے: "یہ تحفہ بنی نوع انسان کے لئے بڑی قدر والا ہے طبی ادویات میں ہماری دیکھنے والی شاندار ترقی سے بڑھ کر۔ یہ بنی نوع انسان کے لئے خلائی سفر یا اُڑان کی ترقی سے زیادہ قدر والا ہے۔" (in Conference Report, Oct. 1986, p. 3; or *Ensign,* Nov. 1986, p.4).

• آپ کے خیال میں یہ تحفہ کیا ہے؟

بچوں کو تحفہ کھولنے میں مدد کرنے کا کہیں۔ گواہی دیں کہ مورمن کی کتاب کا مطالعہ کرنے سے آپکو اپنی زندگی میں کیسے برکت ملی ہے اور نجات دہندہ کی مانند بننے میں اِس نے کیسے مدد کی ہے۔

صحیفائی احوال

نبی جوزف سمتھ کی گواہی میں سے مورمن کی کتاب کے سامنے آنے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے لئے مجوزہ طریقوں کے لئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا" دیکھیں، صفحہ vii۔) آج ہمارے لئے، صحائف کی اِس کتاب کی اہمیت کی بابت سمجھنے میں، بچوں کی مدد کے لئے، مورمن کی کتاب کا تعارف استعمال کریں۔ مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بچوں کی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے اِنہیں پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

• مورمن کی کتاب کیا ہے؟ اِسے کس نے لکھا؟ (تعارف، پیرائے ۱–۲۔ امریکہ میں قدیم انبیاء نے۔)

• یہ مورمن کی کتاب کیوں کہلاتی ہے اور مرونئ کی کتاب یا جوزف سمتھ کی کتاب کیوں نہیں کہلاتی؟ (تعارف،۔ پیرا ۲۔ سونے کے اوراق پر جو کچھ لکھا ہے وہ مورمن نبی نے، دوسرے نبیوں کی تحریروں اور اقتباسات میں سے لیکر لکھا ہے۔)

• مورمن کی کتاب میں سب سے اہم واقعہ کونسا ہے؟ کیوں؟ (تعارف، پیرا۳۔ یسوع مسیح کا نیفیوں پر ظاہر ہونا۔)

• جوزف سمتھ نے مورمن کی کتاب کی بابت کیا کہا ہے؟ (تعارف، پیرا۶۔) بہتری کی سرگرمی ۳ دیکھیں۔) آپ کا کیا خیال ہے کہ مورمن کی کتاب کو پڑھنے اور مطالعہ کرنے سے کیسے آپ کی مدد ہو سکتی ہے؟

• کئی انبیاء (نیفئ، مورمن، مرونئ، جوزف سمتھ) بڑی تکالیف اور مشکلات میں سے گزرے تاکہ ہمیں مورمن کی کتاب حاصل ہو۔ مورمن کی کتاب سچی ہے یہ جاننے کے لئے آپکو کونسے تین کام کرنے ہیں؟ (تعارف، پیرا۸۔ پڑھیں، اِس کے پیغام پر غور کریں، اور خُدا سے پوچھیں کہ آیا یہ سچی ہے۔)

• مورمن کی کتاب کی گواہی پانے کے بعد ہم اور کیا جانیں گے؟ (تعارف، پیرا۹۔ کہ یسوع مسیح نجات دہندہ ہے، جوزف سمتھ ایک نبی ہے اور کلیسیاء سچی ہے۔)

• جب مرونئ فرشتہ پہلی بار جوزف سمتھ پر ظاہر ہوا تو وہ کیا کر رہا تھا؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرائے ۲–۳؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۲۹–۳۰۔)

• مرونئ فرشتے نے جوزف سمتھ کو کیا بتایا؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرائے ۶–۹؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۳۴–۳۵، ۴۲۔)

• اگلے دِن جوزف کو کیا ہوا جب وہ اپنے والد کے ساتھ کام کر رہا تھا؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرائے ۱۵–۱۶؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۴۸–۴۹۔)

• مرونئ فرشتہ نے جوزف سمتھ کو نام لیکر پکارا جب وہ اُس پر ظاہر ہوا۔ یہ جانتے ہوئے کہ آسمانی باپ آپکا نام جانتا ہے آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟

• مرونئ فرشتے نے جوزف کو، رویا کی بابت اپنے باپ کو بتانے کا حکم دیا۔ اگر آپ کو جوزف سمتھ جیسا تجربہ حاصل ہو تو آپ کسے بتائیں گے؟ کیوں؟

• اپنے باپ کو بتانے کے بعد جوزف نے کیا کِیا؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرائے ۱۷–۱۹؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۵۰–۵۲۔)

- اِس سے پہلے کہ وہ سونے کے اوراق حاصل کرنے کے قابل ہوتا جوزف کو چار سال کیوں لگے؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرا ۲۰؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۵۴)
- سونے کے اوراق دیے جانے کے بعد جوزف کو کیا تنبیہہ ملی؟ (نبی جوزف سمتھ کی گواہی، پیرا ۲۲؛ جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۵۹)

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے، یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو مورمن کی کتاب کا سرورق پڑھنے کی دعوت دیں۔ تجویز دیں کہ وہ اپنی اپنی مورمن کی کتاب کی جلدوں میں اُن مقاصد پر نشان لگائیں جو سرورق اور تعارف میں بیان کیے گئے ہیں۔

۲۔ مرونئ ۱۰:۴ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۳۔ گفتگو کریں اور نبی جوزف سمتھ کے درجِ ذیل بیان کو زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں:

"میں نے بھائیوں کو بتایا کہ مورمن کی کتاب زمین پر کسی بھی کتاب سے زیادہ صحیح ہے اور ہمارے مذہب کے سرے کا پتھر ہے اور کہ آدمی اِس کے اُصولوں پر کاربند ہو کر، کسی دوسری کتاب کی نسبت، خُدا کے زیادہ قریب ہو گا۔" (تعارف، پیرا ۶)۔

۴۔ ایمان کے آٹھویں رُکن کو سمجھنے اور زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۵۔ اُن چند واقعات کی اداکاری کریں جنہوں نے مورمن کی کتاب کے سامنے آنے کی طرف رہنمائی کی۔

۶۔ گائیں یا مطالعہ کرے "The Golden Plates" (*Children's Songbook,* p. 38), (*Children's Songbook,* p. 86), "Book of Mormon Stories" (*Children's Songbook,* p. 118), "The Books in the Book of Mormon" یا سوچیں، تلاش کریں اور دعا کریں (Children's Songbook, p. 119).

---

**نتیجہ**

**گواہی**

اپنی گواہی دیں کہ جوزف سمتھ سچا نبی تھا اور کہ مورمن کی کتاب سچی ہے۔

(اختیاری) اگر ممکن ہو، تو ہر بچے کو صدر عزرا ٹافٹ بینسن کی چھپی گواہی والا ٹیگ مارک دیں۔ (سبق کے آخر میں نمونہ دیکھیں۔)

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے، اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں نبی جوزف سمتھ کی گواہی کا مطالعہ کریں۔ اُنہیں دکھائیں کہ وہ یہ واقعہ مورمن کی کتاب کے شروع میں یا جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۲۹–۳۵، ۴۲–۵۴، ۵۹–۶۰۔ میں کہاں تلاش کیا جا سکتا ہے۔

ہر اتوار اپنی مورمن کی کتاب کی جلد اپنے ساتھ لانے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

"آسمانی باپ چاہتا
ہے کہ آپ ہر
روز مور من
کی کتاب میں سے
سیکھتے رہیں۔ یہ
آسمانی باپ کا
آپ کے لئے
خاص تحفہ ہے
اِس کی تعلیمات کی
پیروی کرنے سے،
آپ اپنے آسمانی
باپ کی مرضی پوری
کرنا سیکھیں گے۔"

عزرا ٹافٹ بینسن

"آسمانی باپ چاہتا
ہے کہ آپ ہر
روز مور من
کی کتاب میں سے
سیکھتے رہیں۔ یہ
آسمانی باپ کا
آپ کے لئے
خاص تحفہ ہے
اِس کی تعلیمات کی
پیروی کرنے سے،
آپ اپنے آسمانی
باپ کی مرضی پوری
کرنا سیکھیں گے۔"

عزرا ٹافٹ بینسن

"آسمانی باپ چاہتا
ہے کہ آپ ہر
روز مور من
کی کتاب میں سے
سیکھتے رہیں۔ یہ
آسمانی باپ کا
آپ کے لئے
خاص تحفہ ہے
اِس کی تعلیمات کی
پیروی کرنے سے،
آپ اپنے آسمانی
باپ کی مرضی پوری
کرنا سیکھیں گے۔"

عزرا ٹافٹ بینسن

"آسمانی باپ چاہتا
ہے کہ آپ ہر
روز مور من
کی کتاب میں سے
سیکھتے رہیں۔ یہ
آسمانی باپ کا
آپ کے لئے
خاص تحفہ ہے
اِس کی تعلیمات کی
پیروی کرنے سے،
آپ اپنے آسمانی
باپ کی مرضی پوری
کرنا سیکھیں گے۔"

عزرا ٹافٹ بینسن

# نیفئی اپنے والد، نبی کی پیروی کرتا ہے

سبق
۲

**مقصد**

ہر بچے کی موجودہ نبی کی پیروی کرنے کی خواہش کو مضبوط کرنا

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ا نیفئی ۱–۲ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے اپنے اسباق تیار کرنا"، صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا"، صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ ایمان کا چھٹا رُکن (۶۵۰۰۶)۔ ایک تہہ کیے ہوئے کاغذ کے ساتھ لفظ انبیاء کو ڈھانپ دیں۔ کاغذ کے اندر لکھیں "نبی خُدا کی طرف سے بلایا گیا آدمی ہے جو اُس کے لئے کلام کرتا ہے۔ جب ایک نبی خُدا کے لئے کلام کرتا ہے، یہ ایسے ہی ہے جیسے خُدا خود کلام کر رہا ہے۔" اگر ایمان کے چھٹے رُکن کا چارٹ دستیاب نہ ہو، تو خود بنائیں یا چاک بورڈ پر لکھیں۔

پ۔ تصاویر ۴–۴، لحی یروشلیم کے لوگوں کو نبوت کر رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۰؛ ۶۲۵۱۷)، اور ۴–۵، لحی کا خاندان یروشلیم چھوڑ کر جارہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۱؛ ۶۲۲۳۸)، اور موجودہ نبی یا نبی جوزف سمتھ کی ایک تصویر (انجیلی تصاویر ۴۰۱؛ ۶۲۰۰۲)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

ایمان کے چھٹے رُکن کے ساتھ لفظ "انبیاء" کو ڈھانپ کر سامنے رکھیں۔ بچوں کو اپنا ہاتھ کھڑا کرنے کی دعوت دیں اگر وہ اُس لفظ کو جانتے ہیں جو ڈھکا ہوا ہے۔ ایک بچے کو کاغذ ہٹانے اور اِسے آپکو پکڑانے کا کہیں۔ بچوں کو اکٹھے ملکر ایمان کا چھٹا رُکن دہرانے کی دعوت دیں۔

موجودہ نبی یا نبی جوزف سمتھ کی تصویر سامنے لگائیں اور بچوں سے پوچھیں یہ شخص کون ہے۔

- نبی کیا ہوتا ہے؟

گفتگو کے بعد، ایک بچے کو تہہ کیے ہوئے کاغذ کے اندر جو لکھا ہے پڑھنے کا کہیں۔ (دیکھئے "تیاری")۔

گواہی دیں کہ انبیاء نے ہمیشہ لوگوں کو وہ کچھ بتایا ہے جو آسمانی باپ اور یسوع مسیح اُن سے کروانا چاہتے ہیں۔ بیان کریں کہ اگر ہم نبی کی پیروی کریں گے تو ہم برکت پائیں گے۔

صحیفائی احوال

ا نیفئی ۱–۲ میں سے لحی اور اُسکے خاندان کے یروشلیم چھوڑنے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال بتانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے "پاک کلام میں سے سِکھانا" دیکھیں، صفحہ vii۔) تصاویر کو مناسب اوقات پر استعمال کریں۔ زور دیکر بتائیں کہ ہم سب کو نیفئی کی مانند بننے اور موجودہ نبی کی پیروی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- لحی نے اپنے لوگوں کے لئے کیا کِیا؟ (۱ نیفئ ۱:۵۔) خُداوند نے لحی کو اُسکی رویا میں کیا دکھایا؟ (۱ نیفئ ۱:۶–۱۳۔)
- رویا پانے کے بعد لحی نے کیا کِیا؟ (۱ نیفئ ۱:۱۸۔)
- لحی نے کس کی بابت نبوت کی؟ (۱ نیفئ ۱:۹، ۱۹۔ بیان کریں کہ مسوح یسوع مسیح ہے۔) بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ انبیاء نے ہمیشہ یسوع مسیح کی گواہی دی ہے۔ آپ یسوع مسیح کی گواہی کیسے پا سکتے ہیں؟ گواہی دیں کہ ہر بچہ مورمن کی کتاب کے دُعا گو مطالعہ اور احکام کی فرمانبرداری کرنے سے جان سکتا ہے کہ یسوع نجات دہندہ ہے۔
- لحی نبی کا کلام سن کر لوگوں نے کیا کِیا؟ (۱ نیفئ ۱:۱۹–۲۰۔) اگر آپ کو اِس وجہ سے تنگ کیا جائے یا ہنسی اُڑائی جائے کہ آپ یسوع مسیح اور اُسکی کلیسیاء پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ کیا کریں گے؟
- لوگوں کے لحی کو جان سے مارنے کی کوشش کرنے کے بعد، خُداوند نے اُسے کیا کرنے کا حکم دیا؟ (۱ نیفئ ۲:۱–۳۔)
- یروشلیم سے نکلتے وقت لحی کے خاندان نے اپنے ساتھ کیا لیا؟ (۱ نیفئ ۲:۴۔) زادِراہ کیا ہے؟ (کھانا، کپڑے، خیمے اور ایسی ہی دیگر اشیاء) لحی کے خاندان نے پیچھے کیا چھوڑا؟
- لامن اور لیموئیل نے کیا کِیا جب اُنہیں اپنا گھر اور سونا اور چاندی چھوڑنا پڑا؟ (۱ نیفئ ۲:۱۱–۱۳۔) بُڑبڑانے کا کیا مطلب ہے؟ (شکایت کرنا۔) سرکشی کیا ہے؟ (ڈھٹائی، غرور۔) اگر آپ کو اپنا گھر اور مال و متاع چھوڑنے کو کہا جائے تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟
- نیفئ نے اپنے باپ کے خلاف بغاوت کیوں نہ کی؟ (۱ نیفئ ۲:۱۶۔) بیان کریں کہ خُداوند سے فریاد کرنے کا مطلب مخلصی سے دُعا کرنا ہے اور اپنا دِل نرم کرنے کا مطلب سننا اور فرمانبرداری کرنا ہے۔ نبی کی پیروی کرنے میں آپکی مدد کے لئے دُعا کیسے آپکے دِل کو نرم کر سکتی ہے؟
- نیفئ نے لامن اور لیموئیل کے لئے کیسے پیار ظاہر کیا جب کہ وہ اُسکا یقین نہیں کرتے تھے؟ (۱ نیفئ ۲:۱۸۔) کیا آپ نے کبھی کسی کے لئے دُعا کی ہے جو احکام کی پابندی نہ کر رہا ہو؟
- خُداوند نے نیفئ سے اُسکے ایمان کی بدولت کیا وعدہ کیا؟ (۱ نیفئ ۲:۱۹–۲۲۔) آپکے لئے ایمان کیا معنی رکھتا ہے؟
- لحی کے خاندان کے چلے جانے کے بعد، یروشلیم کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟ (۲ نیفئ ۱:۴۔) کیا وہ باتیں ہمیشہ وقوع ہوتی ہیں جنکی نبی نبوت کرتے ہیں؟ (خُداوند نے سِکھایا ہے کہ پاک کلام کی تمام نبوتیں اور وعدے پورے ہونگے۔ چاہے آسمان اور زمین ٹل جائیں۔ خُداوند نے جو کہا ہے ضرور پورا ہو گا (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱:۳۷–۳۸۔)
- لحی کے خاندان نے کب یروشلیم چھوڑا؟ مورمن کی کتاب میں تمہیدوں میں پائی جانے والی تواریخ ہمیں بتاتی ہیں کہ واقعات کب رونما ہوئے۔ ق۔م۔ کا کیا مطلب ہے (قبل از مسیح۔)
- آج نبی کون ہے؟ (تصویر اگر دستیاب ہے تو دکھائیں۔) اُس نے ہمیں کیا کرنے کو کہا ہے؟ آپ چاہیں تو حالیہ پیغامات میں سے چند ایک اقتباسات بچوں کو بتا سکتے ہیں۔ اگر ہم موجودہ نبی کی پیروی کریں گے تو ہم کیسے برکت پائیں گے؟

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ چند چیزیں یا چیزوں کی تصاویر لائیں جو لحی کا خاندان بیابان میں اپنے ساتھ لے کر گیا ہوگا، جیسے کہ خیمہ، کمبل، برتن، چھُریاں، تیر اور کمان، رسے، یا بیج۔ اُن چیزوں کا تصور کرنے اور نام بتانے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں جو لحی کا خاندان اپنے ساتھ لے کر گیا ہوگا۔

- آپ کے خیال میں لحی کے خاندان کو اِن اشیاء کی کیوں ضرورت تھی؟ اگر آپ لحی کی مانند سفر پر جا رہے ہوں تو آپ کو اپنے ساتھ اور کیا لے جانے کی ضرورت ہوگی؟
- کونسی چیزیں پیچھے چھوڑنے میں آپکو دقت ہوگی؟

۲۔ کلیسیاء کے صُدور کی تصاویر دکھائیں۔ (انجیلی تصاویر ۵۰۶؛ ۲۵۷۵–۶۲۵۷)، اور بچوں کو بلحاظ زمانہ خدمت اُنکے نام زبانی یاد کرنے کا کہیں۔

۳۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان بتائیں:

”میں کلیسیاء کے بچوں سے کلام کرنا چاہوں گا...

”میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں! ہمارا آسمانی باپ آپ سے بہت پیار کرتا ہے!

”آج میں آپ کو وہ سِکھانے کی خواہش کرتا ہوں جو ہمارا آسمانی باپ چاہتا ہے کہ آپ جانیں تاکہ آپ اُس کی مرضی پوری کرنا سیکھ سکیں اور سچی خوشی سے لُطف اندوز ہوں۔ یہ بات آپ کی اب اور زندگی بھر مدد کرے گی....

”مورمن کی کتاب کے لئے آپ کی محبت کا سن کر میں بہت خوش ہوں۔ میں بھی اِسے پیار کرتا ہوں اور آسمانی باپ آپ سے چاہتا ہے کہ آپ ہر روز مورمن کی کتاب میں سے پڑھا کریں۔ یہ آسمانی باپ کا آپ کے لئے خاص تحفہ ہے۔ اِس کی تعلیمات کی پیروی کرنے سے، آپ اپنے آسمانی باپ کی مرضی پوری کرنا سیکھیں گے۔“ (in Conference Report, Apr. 1989, p. 102; or *Ensign,* pp. 81–82).

۴۔ کاغذ کے علیٰحدہ ٹکڑوں پر صدارتی مجلسِ اعلیٰ کے پیغامات میں سے موجودہ نبی کے حالیہ پیغامات کے مختصر اقتباسات نقل کریں۔ اِن بیانات کو ایک ڈبے یا کاغذ کے لفافے میں ڈالیں اور بچوں کو باری باری اقتباسات نکالنے کی دعوت دیں۔ ہر بچے کی اقتباس پڑھنے کے بعد، اُسے نبی کی مشورت کی کیسے پیروی کرنا ہے، بتانے کا کہیں۔

۵۔ ایمان کے چھٹے رُکن پر گفتگو کریں اور اِسے زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۶۔ ”اے خُدا، نبی کے لئے، ہم تیرا شکر کرتے ہیں“ کی آیات پڑھیں یا گائیں۔ (*Hymn,* 19)

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ چونکہ آسمانی باپ ہم سے محبت رکھتا ہے اِس لئے اُس نے ہمیں آج بھی نبی دیے ہیں۔ گواہی دیں کہ اگر بچے موجودہ نبی کی پیروی کریں گے تو برکت پائیں گے۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں انیفئی ۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳
# پیتل کے اوراق حاصل کرنا

**مقصد**

بچوں کی سمجھنے میں مدد کرنا کہ آسمانی باپ اُن کی مدد کرتا ہے جو اُس پر بھروسہ کرتے اور اُسکے احکام کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ا نیفئ ۳–۵ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق پڑھیں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا"، صفحہ vi۔ اور "پاک کلام میں سے سِکھانا"، صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُن کی بہترین مدد کریں۔

۳۔ اگر ممکن ہو، تو بچے کے لئے اُسکے نام کے ساتھ "میں بیابان میں جاؤں گا اور وہ کام کروں گا جنکا خُداوند نے حکم دیا ہے" (ا نیفئ ۳:۷) کی نقل تیار کریں۔ (سبق کے آخر میں نمونہ دیکھیں)۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ سبق کے آخر میں کاغذ سے ڈھکی، خفیہ تحریر دی گئی ہے۔ اِسے ایک کاغذ کے پرچے یا چاک بورڈ پر لکھا جا سکتا ہے۔
پ۔ تصاویر ۶–۴، لحی کے بیٹے لابن کو مال و دولت پیش کر رہے ہیں؛ ۴–۷، فرشتہ لامن اور لیموئیل کو روک رہا ہے؛ اور ۴–۸، نیفئ پیتل کے اوراق لیکر لحی کے پاس واپس آرہا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

کاغذ کے ساتھ ڈھکی خفیہ تحریر، سامنے لگائیں اور پوچھیں کیا کوئی اِسے پڑھ سکتا ہے۔ وضاحت کریں کہ آسمانی باپ کے چند حکم فرمانبرداری کرنے میں مشکل نظر آسکتے ہیں، ویسے جیسے پیغام پڑھنا مشکل ہو سکتا ہے لیکن مدد کے ساتھ پیغام پڑھے جا سکتے ہیں۔ اِسی طرح، آسمانی باپ کی مدد سے ہم تمام احکام کی فرمانبرداری کر سکتے ہیں۔

- کون سے چند کام ہیں جو آسمانی باپ نے ہمیں کرنے کا حکم دیا ہے؟
- آپ کا کیا خیال ہے کہ آسمانی باپ احکام ماننے میں ہماری کیسے مدد کر سکتا ہے؟

بیان کریں کہ آسمانی باپ ہماری مدد کرے گا اگر ہم اُس پر ایمان رکھیں اور اُس پر بھروسہ کریں۔ بیان کریں کہ اِس سبق میں بچے سیکھیں گے کہ آسمانی باپ نے لحی کے بیٹوں کی ایک ایسے حکم کو ماننے میں کیسے مدد کی جو پہلے اُنہیں پورا کرنا مشکل نظر آتا تھا۔

**صحیفائی بیان**

مجوزہ تصویر استعمال کرکے ا نیفئ ۳–۵ میں سے نیفئ اور اُسکے بھائیوں کا پیتل کے اوراق لینے کے لئے یروشلیم کی طرف لوٹنے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال بتانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے "پاک کلام میں سے سِکھانا" دیکھیں، صفحہ vii۔) بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ نیفئ کی مانند، وہ بھی احکام ماننے کے لئے مدد پا سکتے ہیں اگر وہ ایمان رکھیں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- آسمانی باپ نے لحی کو خواب میں کیا حکم دیا؟ (۱ نیفی ۳:۲–۴۔) لحی کے خاندان کو پیتل کے اوراق کی کیوں ضرورت تھی؟ (۱ نیفی ۳:۱۹–۲۱۔) پیتل کے اوراق لحی کی نسل کے لئے کیسے برکت کا باعث ہوتے؟ (۱ نیفی ۵:۲۱–۲۲۔)
- لامن اور لیموئیل نے کیا کِیا جب اُنہیں پیتل کے اوراق حاصل کرنے کے لئے یروشلیم واپس جانے کا حکم ملا؟ (۱ نیفی ۳:۵، ۲۸، ۳۱۔)
- جب نیفی کو پیتل کے اوراق حاصل کرنے کا حکم دیا گیا تو اُس نے کیا کِیا؟ (۱ نیفی ۳:۵–۷، ۱۵، ۲۱۔) نیفی، خُداوند کی ہر بات کو کیوں خوشی سے ماننا چاہتا تھا؟ وہ کیسے جانتا تھا کہ خُداوند اوراق حاصل کرنے میں اُسکی مدد کرے گا؟

خفیہ تحریر کی طرف اشارہ کریں اور جماعت کو اکٹھے مل کر خفیہ تحریر پڑھنے کا موقع دیں۔ ۱ نیفی ۳:۷ کے معنوں پر گفتگو کریں۔

- پیتل کے اوراق پانے میں کس نے نیفی کی مدد کی؟ (۱ نیفی ۴:۶۔) ہم رُوح القُدس کی مدد اور رہنمائی پانے کے کیسے لائق ہو سکتے ہیں؟
- بعض اوقات احکام کی فرمانبرداری کرنا کیوں مشکل ہوتا ہے؟ احکام کی فرمانبرداری کرنے میں نیفی کا نمونہ کیسے ہماری مدد کر سکتا ہے؟ (۱ نیفی ۷:۱۲۔)
- ہم یسوع کی پیروی کرنا کیسے سیکھ سکتے ہیں، جیسے نیفی نے کی؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے، یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ۱ نیفی ۳:۷ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ تجویز دیں کہ وہ مورمن کی کتاب پر اپنی ذاتی جلدوں میں اِس آیت پر نشان لگائیں۔

۲۔ جماعت کے ساتھ ایمان کا تیسرا رُکن زبانی یاد کریں اور زیرِ گفتگو لائیں۔ زور دیں کہ ہمیں ہمیشہ آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کرنی چاہیے اور کہ وہ ہمیں برکت دے گا اگر ہم فرمانبرداری کریں گے۔

۳۔ کئی ایک بچوں کو درجِ ذیل جملے کیساتھ بیان ختم کرنے کی دعوت دیں، "میں آسمانی باپ اور یسوع مسیح پر ایمان کا اظہار کرتا ہوں جب میں ___________۔"

۴۔ گائیں یا ان الفاظ کا مطالعہ کریں "Nephite's Courage" (*Children's Songsbook,* p. 120) or "Keep the Commandments" (*Children's Songsbook,* p. 146).

۵۔ درجِ ذیل طرح کی، چند تصاویر یا اشیاء سامنے رکھیں، جو ہمیں اُن کاموں کی یاد دلاتی ہیں جو آسمانی باپ نے ہمیں کرنے کو کہا ہے۔ (چرچ کے کتب خانے میں تصویروں کے نمبر قوسوں میں لکھے ہیں۔) احکام اور اُن سے منسلک برکتوں پر گفتگو کریں۔

دُعا کرنا (۶۲۲۱۷)
مشن پر جانا (۶۲۶۱۱)
ہر ایک سے شفقت اور عزت سے پیش آنا (۶۲۳۱۶)
ہیکل میں جانا (۶۲۵۵۹)
عشائے ربانی لینا (۶۲۰۲۱)
دہ یکی ادا کرنا (دہ یکی کا لفافہ دکھائیں)

پاک کلام کا مطالعہ کرنا(۶۲۳ ۴۷ ۳)
حکمت کے کلام پر عمل کرنا(مناسب خوراک اور ورزش کی تصاویر دکھائیں)
خاندانی شام منانا(۶۲۵۲۱)

---

## نتیجہ

گواہی — گواہی دیں کہ احکام کی فرمانبرداری کرنے میں آسمانی باپ ہماری مدد کریگا۔ آپ ایک تجربہ بتا سکتے ہیں جب آپ نے احکام ماننے کے لئے ایمان کا مظاہرہ کیا ہو اور آپکو برکت ملی ہو، جیسے کہ سبت کا دِن پاک ماننے یا دوسروں پر مہربان ہونے سے۔

اگر ممکن ہو، تو بچوں کو پیغام "میں جاؤں ااور وہ کام کروں گا جنکا خُداوند نے حکم دیا ہے" (ا نیفئ ۳:۷) کی نقول دیں۔ اُنکی نقول پر بچوں کے نام لکھیں اور اُنہیں بھی اِسے اپنا، وعدہ بنانے کی دعوت دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

مجوزہ گھریلو مطالعہ — تجویز دیں بچے اِس سبق کے جائزہ کے طور پر گھر میں ا نیفئ ۳:۱—۸ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

میں جاؤں گا اور
وہ کام کروں گا جنکا
خُداوند نے حکم دیا ہے۔

۱ نیفئی ۳:۷۔

میں جاؤں گا اور
وہ کام کروں گا جنکا
خُداوند نے حکم دیا ہے۔

۱ نیفئی ۳:۷۔

میں جاؤں گا اور
وہ کام کروں گا جنکا
خُداوند نے حکم دیا ہے۔

۱ نیفئی ۳:۷۔

میں جاؤں گا اور
وہ کام کروں گا جنکا
خُداوند نے حکم دیا ہے۔

۱ نیفئی ۳:۷۔

# سبق ۴

# زندگی کا درخت

**مقصد**

خُدا کے کلام کی فرمانبرداری کرنے اور ابدی زندگی کے لائق ہونے کی ہر بچے کی خواہش کو مضبوط کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ا نیفئی ۸، ۱۱ اور ۱۵: ۲۱–۳۶ کا مطالعہ کریں پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا"، صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا"، صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُن کی بہترین مدد کریں۔

۳۔ اگر ممکن ہو، ہر بچے کے لئے زندگی کے درخت کی لیبل شدہ نقل تیار کریں، (سبق کے آخر میں نمونہ دیکھیں۔)

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ پندرہ فٹ لمبی سُتلی یا ڈوری، رسہ؛ آنکھوں پر باندھنے کی پٹی اور دو لفظی کارڈ، ایک پر پیدائش لکھا ہو اور دوسرے پر ابدی زندگی۔

پ۔ زندگی کے درخت کے معنوں اور علامتوں والا چارٹ، کاغذ کی پٹیوں سے ڈھکے ہوئے معنوں کے ساتھ۔

ت۔ تصاویر ۴-۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)؛ ۴–۱۰، یسوع کی پیدائش (انجیلی تصاویر ۲۰۰؛ ۶۲۱۱۶)؛
۴–۱۱، مصلوبیت (انجیلی تصاویر ۲۳۰؛ ۶۲۵۰۵)؛ ۴–۱۲ زندگی کے درخت سے متعلق لحی کا خواب (۶۲۶۲۰)؛
۴–۱۳، زندگی کا درخت اور لوہے کا عصا؛ اور ۴–۱۴، لحی پھل تک پہنچ رہا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

دو بچوں کو جماعت کے سامنے کھڑا کریں، ایک کو کمرے کی ایک طرف اور دوسرے کو دوسری طرف۔ پہلے بچے کو پیدائش لکھا ہوا کارڈ پکڑنے کا کہیں اور دوسرے بچے کو ابدی زندگی لکھا ہوا کارڈ پکڑنے کا کہیں ایک تیسرے بچے کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔ اُسے چند مرتبہ کو چکر دینے کے بعد، دیکھیں کہ کیا وہ پہلے بچے سے دوسرے بچے کی طرف مدد کے بغیر جا سکتا / سکتی ہے۔ تب دونوں بچوں کو اپنے درمیان رسہ یا ڈوری دیں۔ پھر دونوں بچوں کو اپنے درمیان رسہ پکڑنے کا کہیں۔ پٹی بندھے ہوئے بچہ کو اِس مرتبہ رسہ پکڑ کر ایک بچے سے دوسرے بچے کی طرف جانے کا کہیں۔ گفتگو کریں کہ دوسری بار جانا آسان کیوں تھا۔ بیان کریں کہ ہمارے زمین پر رہنے کے دوران ہم سب آسمانی باپ کی طرف لوٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اُس نے ہمیں تھامنے کے لئے کچھ دیا ہے تاکہ ہم واپس اُس کی طرف اپنا راستہ تلاش کر سکیں۔

- آسمانی باپ نے اپنی حضوری میں ہمارے واپس لوٹنے میں ہماری رہنمائی کے لئے کیا دیا ہے؟ (پاک کلام، انبیاء، رُوح القُدس۔)

یسوع مسیح کی تصویر دکھائیں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ سبق وضاحت کرے گا کہ کیسے یسوع مسیح کی تعلیمات کی پیروی کرنے سے آسمانی باپ کی حضوری میں واپس لوٹنے میں ہماری مدد ہو سکتی ہے۔

**صحیفائی احوال**

مجوزہ تصویر اور مورمن کی کتاب استعمال کر کے ا نیفیٔ ۸ میں سے لحی کا خواب اور ا نیفیٔ ۱۱ اور ۱۵:۲۱–۳۶ میں سے خواب کی تفسیر سِکھائیں۔ (صحیفائی احوال سکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا" دیکھیں، صفحہ vii۔) بیان کریں کہ پاک کلام میں کثرت سے علامتیں استعمال کی گئی ہیں۔ علامت عموماً ایک شناسا چیز ہوتی ہے جو اُصول یا تعلیم کی نمائندگی کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ مثلاً، برّہ پاکیزگی کی علامت ہو سکتا ہے، پس یسوع مسیح خُدا کا برّہ کہلاتا ہے۔ بیان کریں کہ بچے اِس سبق میں علامتوں اور اُنکے معنوں کی بابت سیکھیں گے جو لحی نے خواب میں دیکھیں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے کہ بچوں کے پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- لحی کیوں چاہتا تھا کہ اُسکا خاندان زندگی کے درخت کا پھل کھائے؟ (ا نیفیٔ ۸:۱۰–۱۲۔) آسمانی باپ کیا چاہتا ہے کہ اُسکے تمام بچے کریں؟
- آپ کا کیا خیال ہے کہ لحی کے بعض بیٹوں نے درخت کا پھل کیوں کھایا اور بعض نے کیوں نہیں کھایا؟ (ا نیفیٔ ۸:۱۳–۱۷۔) کونسی چند وجوہات ہیں کہ ہم ہمیشہ آسمانی باپ کے احکام نہیں مانتے؟
- لحی کے خواب میں علامتوں کا کیا مطلب ہے؟ زندگی کے درخت کی علامتوں اور معنوں والا چارٹ دکھائیں۔

| **علامات:** | **معنی:** |
|---|---|
| ۱۔ درخت (ا نیفیٔ ۸:۱۰) | ۱۔ جہان کو اپنا اکلوتا بیٹا دینے میں خُدا کی محبت (ا نیفیٔ ۱۱:۲۱–۲۲؛ یوحنا ۳:۱۶) |
| ۲۔ پھل (ا نیفیٔ ۸:۱۱) | ۲۔ ابدی زندگی (ا نیفیٔ ۱۵:۳۶؛ تعلیم اور عہد ۱۴:۷) |
| ۳۔ لوہے کی سلاخ (ا نیفیٔ ۸:۱۹) | ۳۔ خُدا کا کلام (ا نیفیٔ ۱۵:۲۳–۲۴) |
| ۴۔ تاریکی کی دھند (ا نیفیٔ ۸:۲۳) | ۴۔ ابلیس کی آزمائشیں (ا نیفیٔ ۱۲:۱۷) |
| ۵۔ عظیم اور کشادہ عمارت (ا نیفیٔ ۸:۲۶–۲۷) | ۵۔ دُنیا کا غرور (ا نیفیٔ ۱۱:۳۶) |

- جب نیفیٔ نے فرشتہ کو درخت کے معنی ظاہر کرنے کا کہا تو اُس نے نجات دہندہ کی پیدائش اور خدمت کی رویا دیکھی۔ یسوع مسیح کی پیدائش اور خدمت ہمارے لئے خُدا کی عظیم محبت کو کیسے ظاہر کرتی ہیں؟
- درخت کا پھل کس کی نمائندگی کرتا ہے؟ (ابدی زندگی کی نعمت کو) نیفیٔ نے دیکھا یسوع مسیح، ہمارے لئے اپنی محبت کی بدولت، ہمارے گناہوں کے واسطے مصلوب ہوگا تاکہ ہم توبہ کر سکیں اور ابدی زندگی پا سکیں۔ بیان کریں کہ ابدی زندگی کا مطلب سیلیسٹیل بادشاہی میں خاندانوں کی حیثیت سے آسمانی باپ کے ساتھ سکونت کرنا ہے۔ ابدی زندگی پانے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- لوہے کا عصا کس کی نمائندگی کرتا ہے؟ (خُدا کا کلام) روزانہ مورمن کی کتاب پڑھنا کس طرح آسمانی باپ کی طرف واپسی کے راستے پر قائم رہنے میں ہماری مدد کرتا ہے؟ (ا نیفیٔ ۱۵:۲۴۔) مورمن کی کتاب پڑھنے سے آپکو کیسے برکت ملی ہے؟

• تاریکی کی دھند کس چیز کو ظاہر کرتی ہے؟ (ابلیس کی آزمائشیں، جو ہمیں پریشان کر سکتی ہیں اور ہمیں برگشتہ کرتی ہیں۔) تنگ اور سکڑے راستے کو چھوڑنے کے لئے شیطان ہمیں کس طرح آزماتا ہے؟ اُسکی آزمائشوں کی مزاحمت کرنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اگر ہم تنگ اور سکڑے راستے پر رہیں تو ہم کیونکر زیادہ خوش رہیں گے؟

• عظیم اور کشادہ عمارت کس چیز کو ظاہر کرتی ہے؟ (دُنیا کا غرور) کن طریقوں سے آپکا مذاق اُڑایا گیا ہے چونکہ آپ صحیح کام کرنے کی کوشش کر رہے تھے؟ جو لوگ ہمارا مذاق اُڑاتے ہیں اُن پر کون اثر پذیر ہوتا ہے۔

اگر ممکن ہو تو گھر لے جانے کے واسطے، ہر بچے کو لحی کے خواب کی لیبل شدہ تصویر دیں۔ بچوں کو ایسے انتخابات کی تجاویز دینے کا کہیں جو وہ آئندہ ہفتے کے دوران کریں گے جو کہ لوہے کی سلاخ کو تھامے رکھنے میں اُنکی مدد کریں گے۔ (جوابات میں، مورمن کی کتاب سے بلاناغہ مطالعہ، والدین کی فرمانبرداری، دُعا، دیانتدار ہونا، اچھے دوستوں کا انتخاب، اچھی تفریح کا انتخاب شامل ہو سکتے ہیں)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ملانے کا کھیل کھیلیں۔ زندگی کے درخت کی علامتوں اور معنوں والے چارٹ سے معلومات استعمال کر کے، لحی کے خواب سے ہر علامت اور ہر علامت کے معنی ۳x۵ کے علیٰحدہ کارڈ پر لکھیں۔ مماثل تصویروں یا علامتوں کے تین سیٹ بنانے کے لئے ۳x۵ کے چھ اور کارڈ استعمال کریں، جیسے کہ مسکراتے چہرے، ستارے اور دِل۔ کارڈوں کو آپس میں گڈ مڈ کریں اور اُنہیں چار کالموں میں میز یا فرش پر اُلٹا کر رکھ دیں۔ ایک وقت میں ایک بچے کو آنے اور دو کارڈوں کو سیدھا کرنے کا کہیں۔ ہر کارڈ پر کیا لکھا ہے بلند آواز سے پڑھیں۔ اگر کارڈ آپس میں ملتے ہیں؛ تو اُنہیں سیدھا رہنے دیں۔ جب سب کارڈ سیدھے ہو جائیں تو کھیل ختم ہو جائیگا۔

۲۔ ا نیفئی ۱۵: ۲۳–۲۴ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۳۔ گائیں یا مطالعہ کریں "He Sent His Son" (*Children's Songbook,* p. 34), "I Will Follow God's Plan," (*Children's Songbook,* p. 164), "I am a Child of God" (*Children's Songbook,* p. 2), or "The Iron Rod" (*Hymn,* no. 274).

---

## نتیجہ

**گواہی**


گواہی دیں کہ احکام کی فرمانبرداری کرنے سے ہم آسمانی باپ کے ساتھ رہنے کے لئے دوبارہ اُسکی طرف لوٹ سکتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، ا نیفئی ۸: ۵–۳۴ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔




**۱** درخت۔
(۱ نیفئی ۸:۱۰)

جہان کو اپنا اکلوتا بیٹا دینے
میں خُدا کی محبت۔
(۱ نیفئی ۱۱:۲۱—۲۲؛
یوحنا ۳:۱۶)

**۲** پھل
(۱ نیفئی ۸:۱۱)

ابدی زندگی
(۱ نیفئی ۱۵:۳۶؛
تعلیم اور عہد ۱۴:۷)

**۳** لوہے کی سلاخ۔
(۱ نیفئی ۸:۱۹)

خُدا کا کلام۔
(۱ نیفئی ۱۵:۲۳—۲۴)

**۴** تاریکی کی دھند۔
(۱ نیفئی ۸:۲۳)

ابلیس کی آزمائشیں۔
(۱ نیفئی ۱۲:۱۷)

**۵** عظیم اور کشادہ عمارت۔
(۱ نیفئی ۸:۲۶—۲۷)
دُنیا کا غرور
(۱ نیفئی ۱۱:۳۶)

سبق
# ۵

# بیابان میں لحی اور اُسکے خاندان کی رہنمائی کی جاتی ہے

**مقصد**

بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کرنا کہ اگر وہ اپنی ہر ممکن کوشش کریں گے اور آسمانی باپ پر بھروسہ رکھیں گے تو وہ اُن کی رہنمائی کرے گا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ا نیفئ ۱۶، ایلماے ۳:۳۸–۴۶ اور امثال ۳:۵–۶ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ سبق پڑھانے سے پہلے، توجہ دلاؤ سرگرمی کی مشق کرلیں تاکہ آپ جانتے ہوں کہ اِسے کیسے کرنا ہے۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ ہر بچے کے لئے کتابِ مقدس۔
پ۔ ہر بچے کے لئے ۲۰ انچ (۵۰ سینٹی میٹر) ڈوری کا ٹکڑا۔
ت۔ تصاویر ۴–۱۵، لحونا (انجیلی تصاویر ۳۰۲؛ ۶۲۰۴۱)، اور ۴–۱۶، نیفئ اور اُسکی ٹوٹی کمان۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

ہر بچے کو ۲۰ انچ (۵۰ سینٹی میٹر) لمبی ڈوری کا ٹکڑا دیں۔ اِنہیں ڈوری کا ایک سرا اپنے دائیں ہاتھ میں اور دوسرا سرا اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑنے کا کہیں۔ اِنہیں ڈوری کے سرے چھوڑے بغیر گرہ لگانے کا کہیں۔ اگر آپ کے پاس ڈوری کافی نہ ہو، تو ایک بچے سے جماعت کے سامنے سرگرمی کروائیں۔

- کیا یہ کرنا بہت مشکل یا ناممکن نظر آتا ہے؟

بچوں کو دوبارہ گرہ لگانے کی کوشش کرنے کا کہیں، لیکن اِس بار اُنہیں پہلے بازو موڑنے اور پھر بازو مُڑے رکھتے ہوئے اپنے دائیں ہاتھ سے ڈوری کا ایک سرا اور بائیں ہاتھ سے دوسرا سرا پکڑنے کا کہیں۔ جب وہ اپنے بازو کھولیں تو اُنہیں دونوں سروں کو تھامے رکھنے کا کہیں۔ اُن کی ڈوری میں گرہ لگ جائے گی۔ بچوں سے ڈوریاں اکٹھی کرلیں۔ نشاندہی کریں آپ کے بتانے سے وہ گرہ لگا سکے ہیں۔ بتائیں کہ اِس طرح ہم سب کی زندگیوں میں مسائل ہیں جن کو حل کرنا ناممکن لگتا ہے۔ اگر ہم اپنی ہر ممکن کوشش کریں اور آسمانی باپ پر بھروسہ رکھیں تو وہ جواب تلاش کرنے میں ہماری مدد کرے گا۔

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کرکے ا نیفئ ۱۶: ۱۷–۳۲ میں سے بچوں کو لحی کے خاندان کا لحونا سے رہنمائی پانے اور نیفئ کی ٹوٹی کمان کے واقعات بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے، ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' دیکھیں صفحہ vii۔)، اپنی بہترین کوشش کرنے اور نجات دہندہ پر ہر گز بھروسہ کرنے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- لحی کو اپنے ایمان اور فرمانبرداری کی بدولت کیسے برکت ملی جب اُس نے بیابان میں سفر کیا؟ (۱ نیفئی ۱۶:۱۰۔)
- نیفئی کے بھائیوں اور باپ نے کیا کِیا جب نیفئی اپنی لوہے کی کمان توڑ بیٹھا؟ (۱ نیفئی ۱۶:۱۷–۲۱۔) جب کام اُس طرح نہیں ہوتے جیسے ہم چاہتے ہیں تو شکایت کرنا کیوں آسان ہوتا ہے؟
- اگرچہ نیفئی بھوکا اور تھکا تھا، اُس نے شکایت نہ کی۔ اُس نے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کیا کِیا؟ (۱ نیفئی ۱۶:۲۲–۳۲۔)
- نیفئی نے اپنے باپ سے مدد کیوں مانگی؟ (۱ نیفئی ۱۶:۲۳–۲۴۔) آپ کے مشکل وقت میں والدین نے آپکی کیسے مدد کی ہے؟
- نیفئی کی طرح، آپ، کس طرح اپنے والدین اور اپنے بہن بھائیوں کے لئے اچھا نمونہ ہو سکتے ہیں؟
- لحونا (پیتل کا گیند) کیسے کام کرتا تھا؟ (۱ نیفئی ۱۶:۲۶–۳۰۔)
- اپنی طرف واپس راستہ دکھانے کے لئے آسمانی باپ نے ہمیں کیا دیا ہے؟ (ایلما ۳۷:۴۴–۴۵۔) ہم مسیح کا کلام کہاں پا سکتے ہیں؟ (پاک کلام میں) مسیح کے کلام سے رہنمائی پانے کے واسطے ہمارے لئے کیا کرنا ضروری ہے؟ (ایلما ۳۷:۴۶۔)
- اگر ہم آسمانی باپ سے مدد چاہتے ہیں تو ہمیں کیا لازمی کرنا چاہیے؟
- اگر ہم اُس پر ایمان اور بھروسہ رکھیں تو آسمانی باپ کیا کرے گا؟ (امثال ۳:۵–۶۔) آپ آسمانی باپ پر بھروسہ کیسے ظاہر کر سکتے ہیں؟ آپ کیوں خیال کرتے ہیں کہ آسمانی باپ چاہتا ہے ہم اِس پر بھروسہ کریں اور اپنی ہر ممکن کوشش کریں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے، یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو نیفئی کی ٹوٹی کمان کی کہانی دہرانے کا کہیں۔ بچوں کو گفتگو کرنے کا کہیں کہ کیا وہ لحی کے خاندان کے ارکان کی مانند ہونا پسند کریں گے اگر اُنہیں مسائل کا سامنا ہو۔

۲۔ بچوں سے ٹوٹی کمان کا ڈرامہ کروائیں۔ تب اُنہیں خاکہ پیش کرنے کا کہیں کہ اگر لامن اور لیموئیل نے خُداوند پر بھروسہ کیا ہوتا تو کیا ہوتا۔

۳۔ بچوں سے پوچھیں کہ انجیل کا پہلا اُصول کیا ہے۔ زور دیں کہ وہ لازماً یسوع مسیح پر ایمان رکھیں۔ ایمان کا چوتھا رُکن زبانی یاد کرنے میں اُن کی مدد کریں۔

۴۔ نیفئی کے پیتل کے اوراق حاصل کرنے والی کہانی کا جائزہ لیں جیسے کہ ۱ نیفئی ۳–۵ میں مرقوم ہے۔ تب نیفئی نے کیا کِیا اِس کا موازنہ اُس سے کریں جب اُس کی کمان ٹوٹی۔ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ دونوں مرتبہ اُس نے وہ سب کچھ کیا جو وہ کر سکتا تھا اور آسمانی باپ پر اپنی مدد کے لئے بھروسہ کیا۔

۵۔ گائیں یا مطالعہ کریں “Faith” (*Children’s Songbook,* p. 96), “Seek the Lord Early” (*Children’s Songbook,* p. 108).

## نتیجہ

گواہی اور دعوت

بچوں کو ایسے وقت کا بتائیں جب آپ نے کبھی مشکل کام میں مدد کے لئے آسمانی باپ پر بھروسہ کیا ہو۔ اپنی ہر ممکن کوشش کرنے اور پھر اپنا بھروسہ آسمانی باپ پر رکھنے کی اہمیت کی گواہی دیں۔ بچوں کو آنے والے ہفتہ میں نیفئی کے بارے سوچنے اور جب مسائل آئیں تو اُس کی مانند بننے کی کوشش کرنے کی دعوت دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

مجوزہ گھریلو مطالعہ

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، ا نیفئی ۱۶:۱۸–۳۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۶

# آسمانی باپ نیفئ کو ایک کشتی بنانے کا حکم دیتا ہے

**مقصد**

بچوں کی اچھا نمونہ پیش کرنے اور آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کر کے اپنے خاندانوں پر رُوحانی اثر ڈالنے میں مدد کرنا ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ا نیفئ ۱۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا“، صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کے مقصد کو حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ ہر بچے کے لئے پنسل اور کاغذ۔

پ۔ تصاویر ۴–۱۷، نیفئ کچی دھات، پگھلاتا اور اوزار بناتا ہے اور ۴–۱۸، نیفئ اپنے باغی بھائیوں کو قابو کرتا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۳؛ ۶۲۰۴۴)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

جماعت کے ایک رُکن کو پچھلے ہفتے کے سبق میں سے نیفئ کی ٹوٹی کمان اور اپنے خاندان کے لئے خوراک کے حُصول کی کہانی کا جائزہ لینے کی دعوت دیں۔ (دیکھئے ا نیفئ ۱۶: ۱۷–۳۲۔)

بچوں کو ایک کشتی کی تصویر دکھائیں یا ہر بچے کو کاغذ اور پنسل دیں اور اُنہیں جلدی سے کشتی کی تصویر بنانے کا کہیں۔ تب اُنہیں درجِ ذیل میں سے چند سوالات پوچھیں:

- آپ کے خیال میں آپ کو اور آپکے خاندان کو سمندر پار لے جانے کے واسطے مضبوط اور بڑی کشتی بنانے کے لئے کون کون سی اشیاء درکار ہوں گی۔
- آپکو کس قسم کی مدد کی ضرورت ہو گی؟
- کشتی کیسے بنانی ہے یہ سیکھنے کے لئے آپ کہاں جا سکتے ہیں؟

بچوں کو بتائیں کہ وہ سیکھیں گے کہ آسمانی باپ نے نیفئ کی کشتی بنانے میں کیسے مدد کی۔

**صحیفائی احوال**

ا نیفئ ۱۷ میں سے نیفئ اور اُسکے بھائیوں کا کشتی بنانے کی تیاری کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، ”پاک کلام میں سے سِکھانا، صفحہ vii۔) تصاویر کا مناسب اوقات پر استعمال کریں۔ (آپ بچوں کو، ہر تصویر میں لوگ پہچاننے اور کہ وہ کیا کر رہے ہیں، نشاندہی کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔)

## گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات پوچھیں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- اگر ہم اُسکے احکام کی فرمانبرداری کریں تو خُداوند کیا وعدہ کرتا ہے؟ (۱ نیفئی ۱۷:۳۔) اپنی فرمانبرداری کی بدولت آپکو اور آپکے خاندان کو کیسے برکت ملی ہے؟
- خُداوند نے نیفئی کو کشتی بنانے کا حکم کیوں دیا؟ (۱ نیفئی ۱۷:۸۔) نیفئی نے اِس حکم کا کیا جواب دیا؟ (۱ نیفئی ۱۷:۹۔) نیفئی کو ایسا اعتماد کس نے دیا؟ (۱ نیفئی ۱۷:۱۴–۱۵۔)
- آپ کے خیال میں خُداوند نے اُنہیں کشتی ہی کیوں نہ دے دی؟
- لامن اور لیموئیل کشتی بنانے میں نیفئی کی مدد کیوں نہیں کرنا چاہتے تھے؟ (۱ نیفئی ۱۷:۱۷–۱۹، ۴۵–۴۶۔) اکٹھے کام کرنے سے کشتی بنانا کیسے آسان ہو سکتا تھا؟
- آپ کیسا محسوس کریں گے اگر آپ کے بڑے بھائی آپکا مذاق اُڑائیں کیونکہ آپ آسمانی باپ کے احکامات پر عمل پیرا ہیں؟ آپ کیسے اپنے خاندان کی مدد کرنے کے قابل ہوئے ہیں؟ جب آپ نے اپنے خاندان کی مدد کی ہے یا اپنے خاندان کی مدد نہیں کی تو آپ نے کیسا محسوس کیا ہے؟
- آسمانی باپ نے نیفئی کو کونسی قوت دی جب اُسکے بھائیوں نے اُسے ہلاک کرنے کی کوشش کی؟ (۱ نیفئی ۱۷:۴۸، ۵۴۔)
- نیفئی نے یسوع مسیح پر اپنا ایمان کیسے ظاہر کیا؟ (۱ نیفئی ۱۷:۵۰–۵۱۔) آپ کیسے نیفئی کی مانند ہو سکتے ہیں اور یسوع مسیح پر ایمان اور حوصلہ ظاہر کر سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے، یا دعوت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ جماعت کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ اگر ہم فرمانبردار ہوتے ہیں تو خُداوند کیا وعدے کرتا ہے اُنہیں سننے کے لئے کہیں جب کہ ایک گروپ، ایک آواز ہو کر ۱ نیفئی ۱۷:۳، اور دوسرا گروپ ایک آواز ہو کر ۱ نیفئی ۳:۷ پڑھتا ہے۔ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ اگر وہ احکام مانیں اور آسمانی باپ سے رہنمائی کے لئے کہیں تو وہ برکت پائیں گے۔

۲۔ ۱ نیفئی ۱۷:۳، "اور اگر ایسا ہو" شروع کر کے اور "اُس نے اُنہیں حکم دیا ہے" پر ختم کر کے زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ وہ ۱ نیفئی ۱۷:۵۰ "اگر خُدا نے مجھے تمام کام کرنے کا حکم دیا ہوتا تو میں اِنہیں کر سکتا تھا۔" بھی یاد کر سکتے ہیں۔

۳۔ ڈھکن سمیت ایک جار میز پر رکھیں اور بچوں سے کہیں کہ صرف ایک ہاتھ استعمال کرتے ہوئے جار کھولنے کی کوشش کریں۔ بچے کو اپنا دوسرا ہاتھ اپنے پیچھے کرنے کا کہیں۔) چند کوششوں کے بعد، ایک اور بچے کو ایک ہاتھ استعمال کرتے ہوئے مدد کرنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ جب ہم اکٹھے کام کرتے ہیں تو کام عموماً آسان ہو جاتے ہیں۔ خاندانی مقاصد جیسے کہ باقاعدہ خاندانی شام منانا، خاندانی دُعا اور خاندانی صحیفائی مطالعہ کرنا، کو زیرِ گفتگو لائیں اور پوچھیں کہ بچے اِن خاندانی، مقاصد کو پانے میں کیسے مدد کر سکتے ہیں۔

۴۔ کاغذ اور پنسل تقسیم کریں اور جماعت کے ارکان کو اُن کاموں کی فہرست بنانے کا کہیں جو وہ اپنے خاندانوں کی انجیل سیکھنے اور احکام ماننے میں مدد کرنے کے لئے کر سکتے ہیں، جیسے کہ روزانہ صحیفائی مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا، خوشی سے خاندانی دُعا میں شرکت کرنا، خاندانی شام تشکیل دینے میں مدد کرنا اور شرکت کرنا، اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنا، اپنے گھروں کو صاف ستھرا رکھنے میں مدد کرنا، خاندان کے افراد کے لئے دُعا کرنا، ایک دوسرے کے لئے محبت اور شفقت ظاہر کرنا، جو پرائمری میں سیکھا ہے وہ بتانا اور دیگر۔ اُنہیں ایک کام چننے میں مدد دیں۔ جس کو بہتر بنانے کے لئے وہ آئندہ ہفتے کے دوران کام کرنا چاہتے ہوں۔

۵۔ لحی کے خاندان کے سفر اور بنی اسرائیل کے بیابان میں سفر کی ایک جیسی باتوں کو چاک بورڈ پر لکھیں۔(۱ نیفئ ۱۷:۲۲–۴۶)۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہم اِن تجربات سے کیا سیکھ سکتے ہیں۔

۶۔ گائیں یا مطالعہ کریں "Nephi's Courage" (*Children's Songbook,* p. 120), "Keep the Commandments" (*Children's Songbook*, p. 146), or "Choose the Right Way" (*Children's Songbook,* p. 160).

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ ہر بچہ اپنے گھر میں اچھا نمونہ قائم کر سکتا ہے۔ بیان کریں کہ اگر ہم حکموں پر عمل کریں گے تو ہم اور ہمارے خاندان برکت پائیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ۱ نیفئ ۱۷:۳–۲۲، ۴۵–۵۵ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۷

# سمندر پار کرنا

**مقصد** رُوح القُدس کی مسلسل رفاقت کے لائق ہونے کا خواہاں ہونے میں بچوں کی مدد کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ا نیفئ ۱۸ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا''، صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: انجیلی اُصول، باب ۷ (*Gospel Principles,* chapter 7)

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ آنکھوں پر پٹی باندھنے کے لئے ایک کپڑا۔

پ۔ تصاویر ۴—۱۵، لحونا (انجیلی تصاویر ۳۰۲؛ ۶۲۰۴۱)؛ ۴—۱۹، نیفئی بندھا ہوا ہے؛ اور ۴—۲۰، لحی اور اُسکے لوگ موعودہ سرزمین میں پہنچتے ہیں (انجیلی تصاویر ۳۰۴؛ ۶۲۰۴۵)۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

جماعت کے سامنے رکاوٹوں والا راستہ بنانے کے لئے کرسیاں یا کوئی اور چیزیں استعمال کریں۔ آنکھوں پر پٹی بندھوانے والے ایک رضاکار کا پوچھیں۔ بچے کو کئی بار چکر دیں؛ تب پٹی بندھے بچے کو بتائیں کہ ایک اور بچہ ہدایات کی سرگوشی کرتے ہوئے یا آہستگی سے بولتے ہوئے رکاوٹوں والے راستے میں سے اُسکی رہنمائی کرے گا۔ سرگرمی کو دہرائیں، اِس مرتبہ ایک اور بچے کو بلند آواز میں غلط ہدایات دینے کا کہیں تاکہ پٹی بندھے بچے کو مدھم آواز سننے کے لئے غور کرنا پڑے۔

پٹی بندھے بچے کو دونوں تجربات کا فرق بتانے کا کہیں۔

- رُوح القُدس کون ہے؟ وہ ہماری کیسے مدد کرتا ہے؟ (دیکھئے انجیلی اُصول، باب ۷، *Gospel Principles,* chapter 7)۔
- رکاوٹوں والے راستے میں سے رہنمائی پانا کیسے رُوح القُدس کی سننے کے مترادف ہے؟
- ہمارے اردگرد کونسے ''بُرے اثرات'' یا بلند آوازیں ہمیں پریشان کر سکتے یا ہمیں غلط راستے پر لے جا سکتے ہیں؟

صحیفائی احوال

ا نیفئ ۱۸ میں سے لحی کے خاندان کے سمندر پار کرنے کی کہانی سنائیں۔ مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

## گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- نیفئی کیسے ایک کشتی بنانے کے قابل ہوا جو اُسکے خاندان کو بحفاظت سمندر پار لے جا سکتی تھی؟ (۱ نیفئی ۱۸:۱–۳۔)
- لامن، لیموئیل، اسماعیل کے بیٹوں اور اُنکی بیویوں نے کیا کیا جس سے لحونا نے کام کرنا بند کر دیا؟ (۱ نیفئی ۱۸:۹–۱۲۔) آسمانی باپ نے ہماری رہنمائی کے لئے ہمیں کیا دیا ہے جو لحونا کی مانند ہے؟ (رُوح القُدس) کونسے بعض کام ہیں جو ہمارے یا ہمارے خاندانوں کے لئے رُوح القُدس کی رہنمائی کھونے کا سبب بن سکتے ہیں؟
- لامن اور لیموئیل کی نافرمانی نے اُنکے والدین اور باقی خاندان پر کیا اثر کیا؟ (۱ نیفئی ۱۸:۱۲–۱۹۔) ہماری فرمانبرداری یا نافرمانی کیسے ہمارے والدین اور دیگر خاندانی افراد کو متاثر کرتی ہے؟
- نیفئی کا ردِ عمل کیا تھا جب اُسکے بھائیوں نے اُس سے بُرا سلوک کیا؟ (۱ نیفئی ۱۸:۱۶۔) آپ کے خیال میں نیفئی نے شکایت کرنے کی بجائے خُداوند کی تعریف کیوں کی جب وہ تکلیف میں تھا؟
- آپ کس طرح اور زیادہ نیفئی کی مانند بننا چاہتے ہیں؟
- ہمیں کن طریقوں سے رُوح القُدس کی ترغیب مل سکتی ہے؟ (یہ اطمینان اور سکون کے احساس، ایک خیال جو ہمیں صحیح فیصلہ کرنے پر اُبھارتا ہے، ہدایت کی مدھم آواز، ایک احساس جو خطرے سے آگاہ کرتا ہے اور دیگر کئی ایک طریقوں سے مل سکتی ہے۔)
- جماعت کے ارکان کو تجربات بتانے کی دعوت دیں جب اُنہوں نے رُوح القُدس کے اثر کو محسوس کیا ہو۔ ہم خود کو تیار کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں تاکہ ہم رُوح القُدس کے اثر کو پہچان سکیں؟
- نیفئی نے کونسے انتخاب کیے جس سے وہ رُوح القُدس کی رفاقت کے لائق بن سکا (۱ نیفئی ۱۸:۳، ۱۰، ۱۶۔) رُوح القُدس کی رفاقت کے لائق ہونے کے لئے آپ روزانہ کونسے انتخابات کرتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں جماعت کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ الفاظ یا فقرے جیسے کہ دُعا، دوستوں کا انتخاب، الفاظ جو ہم استعمال کرتے ہیں، ٹیلی ویژن کے پروگرام، وڈیو پروگرام، موسیقی، فلمیں، والدین کی فرمانبرداری، احکام کی پابندی، بہن بھائیوں سے شفقت، دوسرے لوگوں کے عزت، خدمت، یا دیگر مناسب سرگرمیاں کاغذ کے الگ الگ ٹکڑوں پر لکھیں۔ کاغذوں کو ایک ڈبے میں ڈال دیں۔ ہر ایک بچے کو ایک کاغذ نکالنے اور اُسے جماعت کے سامنے پڑھنے کا کہیں اور جو کچھ لکھا ہے وہ ہماری زندگیوں میں رُوح القُدس حاصل کرنے کی ہماری صلاحیتوں کو کیسے متاثر کر سکتا ہے، بتانے کا کہیں۔

۲۔ ایمان کا چوتھا رُکن دہرائیں۔

۳۔ بچوں کے ساتھ گفتگو کریں کہ کیسے یسوع مسیح کی تعلیم کی پیروی کرنا ہمیں ہماری زندگیوں میں رُوح القُدس کے اثر کو حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ بچوں کو یسوع کی تعلیمات میں سے ایک کا انتخاب کرنے جس پر وہ آنے والے ہفتے کے دوران اور بہتر طور پر عمل کرنا چاہتے ہیں اور یادداشت کے طور پر گھر لے جانے کے لئے ایک کاغذ پر لکھنے کا کہیں۔

## نتیجہ

**گواہی** آپ کوئی ایک تجربہ بیان کر سکتے ہیں جب آپ نے رُوح القُدس کے اثر کو محسوس کیا ہو۔ اپنی زندگی میں رُوح القُدس کے اثر کی اہمیت اور اِس کی مسلسل رفاقت کی ضرورت کی گواہی دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ا نیفئ ۱۸:۵–۲۵ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۸

# یعقوب نبی کا شیرم سے سامنا ہوتا ہے

**مقصد** بچوں کی گواہیاں مضبوط کرنا تاکہ اُنہیں بڑائی کے اثر کو روکنے کی قوت حاصل ہو۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر یعقوب ۷:۱–۲۳ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ۱ نیفئی ۱۸:۷، ۲ نیفئی ۲:۱–۴، ۱۱:۲–۳؛ یعقوب ۱:۷۱–۱۹ اور مورمن کی کتاب انڈیکس یعقوب —— لحی کا بیٹا۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تقریباً ۲ فٹ لمبی (۶۰ سینٹی میٹر) کچی ڈوری اور ۲ فٹ لمبا مضبوط رسے کا ٹکڑا۔
پ۔ ہر بچے کے لئے کاغذ اور پنسل۔
ت۔ تصویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

ایک بچے کو ۲ فٹ ڈوری کا ٹکڑا دیں۔ اُسے ڈوری توڑنے کا کہیں۔ تب بچے کو رسہ توڑنے کی کوشش کرنے کا کہیں۔ چند دوسرے بچوں کو بھی رسہ توڑنے کی کوشش کرنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ ہماری گواہیاں ڈوری کے واحد ٹکڑے کی مانند شروع ہوتی ہیں لیکن جب تک یہ ناقابلِ تقسیم نہیں بن جاتیں اِنہیں مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ ہم گواہیاں مضبوط کر سکتے ہیں جو ہماری مدد کریں گی جب دوسرے ہمیں اور ہمارے اعتقادات کو چیلنج کرنے کی کوشش کریں گے یا ہمیں دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ سبق یعقوب کے بارے میں ہے، جسکی گواہی ناقابلِ شکست تھی۔

صحیفائی احوال

یعقوب ۷:۱–۲۳ میں سے یعقوب اور شیرم کی کہانی بتائیں۔ مناسب وقت پر تصویر کا استعمال کریں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے، دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یعقوب کون تھا؟ (نیفئی کے چھوٹے بھائیوں میں سے ایک) مسیح کی پیدائش سے تقریباً کتنے سال پہلے یعقوب اور شیرم زمین پر تھے؟ (یعقوب ۷ کی تمہید دیکھئے)۔

- یعقوب یسوع مسیح کی بابت کیسے جانتا تھا جو کہ ابھی پیدا نہیں ہوا تھا؟ (یعقوب ۷:۵،۱۰–۱۲۔)
- شیرم نے لوگوں کو یہ قائل کرنے کے لئے کہ یسوع مسیح نہیں آئے گا کیا کِیا؟ (یعقوب ۷:۲–۴۔) چاپلوسی استعمال کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (ضرورت سے زیادہ تعریف کرنا، بددیانتی کی ایک شکل۔)
- شیرم پر کس نے اثر کیا؟ (یعقوب ۷:۴،۱۸۔) شیطان ہمیں کیسے متاثر کرنے کی کوشش کرتا ہے؟
- شیرم کے چند جھوٹ کیا تھے؟ (یعقوب ۷:۷،۹–۱۰،۱۹۔)
- یعقوب شیرم کے بُرے اثر کا مقابلہ کرنے کے قابل کیوں تھا؟ (یعقوب ۷:۵،۸،۱۰–۱۲۔) ہو سکتا ہے ہم کبھی فرشتے کو نہ دیکھیں یا خُدا کی آواز نہ سنیں تو بھی جب لوگ ہمیں غلط کام کرنے کے لئے آزمائیں تو مضبوط ہونے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں۔ ایک تجربہ بتائیں، یا ایک بچے کو بتانے کی دعوت دیں جب اُس نے کسی کے بُرے اثر کا مقابلہ کیا ہو؛
- یعقوب شیرم کو نشان کیوں نہیں دِکھانا چاہتا تھا؟ (یعقوب ۷:۱۳–۱۴۔) مسیح کی گواہی پانے کے لئے نشانوں کا خواہاں ہونا کیوں اچھا طریقہ نہیں ہے؟ (تعلیم اور عہد ۶۳:۷–۱۲۔) بیان کریں کہ ہمارے ایمان اور فرمانبرداری کا مظاہرہ کرنے کے بعد نشان مل سکتے ہیں، لیکن ہمیں اُن کے خواہاں نہیں ہونا چاہیے۔ گذشتہ اسباق میں سے لامن اور لیموئیل کے ایمان کی کمی کا جائزہ لیں۔ حالانکہ اُنہوں نے نشان دیکھے تھے۔ (معلّمہ / معلم کا جائزہ: ۱ نیفی ۳:۲۹–۳۱؛ ۱۶:۳۹؛ ۱۷:۴۵؛ ۱۸:۲۰۔)
- شیرم کے اعتراف اور موت کا لوگوں پر کیا اثر ہوا؟ (یعقوب ۷:۲۱–۲۳۔)
- ہمیں یسوع مسیح کی مضبوط گواہیاں رکھنے کی کیوں ضرورت ہے؟ ہم کیسے نجات دہندہ کی گواہیاں حاصل کر سکتے اور مضبوط کر سکتے ہیں۔ (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۲۔) ہم دوسروں کو اپنی گواہیاں کیسے بتا سکتے ہیں۔ جب ہم اِنہیں دوسروں کو بتاتے ہیں تو ہماری گواہیاں کیونکر مضبوط ہوتی ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں جماعت کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ کاغذ کی پرچیوں پر مختلف صورتحالیں لکھیں جب کسی نے ایک بچے کو کچھ غلط کرنے پر آمادہ کیا ہو اور پھر پاک کلام میں اِس سے ملتے جلتے حکم کا حوالہ لکھیں۔ مثلاً، آپکا دوست آپکے ساتھ ایک دکان میں جاتا ہے اور آپکو ٹافی چوری کرنے کا کہتا ہے (خروج ۲۰:۱۵ یا مضایاہ ۱۳:۲۲)، کوئی آپکو شراب چکھنے کی پیشکش کرتا ہے، (تعلیم اور عہد ۸۹:۷)، یا آپ چرچ نہ جانے اور گھر پر رہنے کے لئے آزمائے جاتے ہیں (تعلیم اور عہد ۵۹:9)۔ بچوں کو یہ آیت ڈھونڈنے اور پڑھنے کا کہیں۔ گفتگو کریں کہ یسوع مسیح کی بابت ہماری گواہیوں کو مضبوط کرنے اور بُرے اثرات کی مزاحمت کرنے میں، پاک کلام کا علم ہماری کس طرح مدد کرتا ہے۔

آپ بچوں کو مختلف صورتحالوں کی اشاروں میں اداکاری کرنے کا کہہ سکتے ہیں اور جو خاموش اداکاری کی گئی ہے دوسرے بچوں کو اِس کا اندازہ کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔

۲۔ جماعت کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ ایک گروپ کو ایلما ۵:۴۶ اور دوسرے گروپ کو ایلما ۳۲:۳۵ دیں۔ بچوں کو اِن آیات میں سے طریقے ڈھونڈنے کا کہیں جو یسوع مسیح کی بابت اُنکی گواہیوں کو مضبوط کر سکتے ہیں۔ اُن کے جوابات کا چاک بورڈ پر خلاصہ لکھ دیں۔

۳۔ مطالعہ کرے یا گائیں “I Will Be Valiant” (*Children’s Songbook,* p. 162) or “Dare to Do Right” (*Children’s Songbook,* p. 158).

## نتیجہ

**گواہی**

بچوں کو بتائیں کہ یسوع مسیح کے بارے ہماری گواہیاں مضبوط کرنا کتنا اہم ہے تا کہ ہم اپنے اردگرد کے بُرے اثرات کا مقابلہ کر سکیں۔ نجات دہندہ کی الوہیت کی بابت اپنی گواہی دیں۔ بچوں کو اُنکی گواہیاں مضبوط کرنے کے ایک طریقے کا انتخاب کرنے کی دعوت دیں اور یاد داشت کے طور پر گھر لے جانے کے لئے ایک کاغذ پر لکھنے اور ہفتے کے دوران اِس پر کام کرنے کا کہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، یعقوب ۷:۱–۲۳ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق **۹**

# انوس دُعا کرتا ہے

**مقصد**

بچوں کی اُن برکتوں کے خواہاں ہونے کی حوصلہ افزائی کرنا جو آسمانی باپ سے مخلص دُعا کر کے ملتی ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر انوس کی کتاب کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا“ صفحہ vi، اور پاک کلام میں سے سِکھانا، ”صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: انجیلی اُصول، باب ۸ (Gospel Principles, chapter 8)۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اِن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء: ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

درجِ ذیل پہیلی بتائیں اور بچوں کو اپنے ہاتھ کھڑا کرنے کو کہیں اگر اُنہیں جواب آتا ہو۔

میں شخص، جگہ یا چیز نہیں ہوں۔

میں اتنی دھیمی ہو سکتی ہوں کہ کوئی دوسرا سن نہیں سکتا یا اتنا زیادہ اُونچا کہ کمرے میں ہر کوئی سن سکتا ہے۔

جب آپ اکیلے یا گروپ میں ہوں میں استعمال کی جا سکتی ہوں۔

میں کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ، ہر حالات میں استعمال کی جا سکتی ہوں۔

میں شکرگزاری، رہنمائی، سکون، معافی، حفاظت، مدد، اچھی صحت یا کسی بھی دوسری برکت کے لئے جسکی آپکو اپنے لئے یا کسی دوسرے کے لئے ضرورت ہے استعمال کی جا سکتی ہوں۔

آپ مجھے آسمانی باپ سے بات کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

میں کیا ہوں؟

بچوں کے جوابات چاک بورڈ پر لکھیں۔ جب وہ پہچان لیں کہ صحیح جواب دُعا ہے، پوچھیں کہ کیا دُعا کے بارے اُنکے کوئی سوالات ہیں۔ اُنکے سوالات کا چاک بورڈ پر خلاصہ کریں اور بچوں کو جوابات سننے کو کہیں جب آپ انوس کی کہانی بتائیں۔ کہانی کے آخر میں، سوالات کا دوبارہ حوالہ دیں اور اُنہیں زیرِ گفتگو لائیں۔

صحیفائی احوال

انوس کی کتاب کا واقعہ بتائیں۔ بتائیں کہ انوس یعقوب کا بیٹا تھا جسکی بابت آپ نے سبق ۸ میں سیکھا تھا۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے، دیکھئے، ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- انوس دُعا کیوں کرنے گیا؟ (انوس ۱:۱–۴۔) اُسے یسوع مسیح کی بابت کس نے سِکھایا تھا؟ آپکے والدین نے آسمانی باپ اور یسوع مسیح کے بارے سیکھنے میں کیسے آپکی مدد کی ہے؟
- ''زبردست دُعا اور فریاد'' کیا ہے؟ آپ کیا خیال کرتے ہیں کہ اِس قسم کی دُعا دوسری دُعاؤں سے کیسے مختلف ہے؟ آسمانی باپ نے انوس کی دُعا کا کیسے جواب دیا؟ (انوس ۱:۵۔)
- انوس نے کیسے جانا اُسکے گناہ معاف ہو گئے ہیں؟ (انوس ۱:۵–۶۔)
- آسمانی باپ نے کیوں کہا کہ انوس کو اُسکے گناہ معاف کر دیے گئے ہیں؟ (انوس ۱:۸۔) بیان کریں کہ چونکہ یسوع مسیح نے ہمارے گناہوں کے لئے دُکھ اُٹھائے ہیں اِس لئے اگر ہم توبہ کریں تو ہم معاف کیے جا سکتے ہیں۔
- اپنے گناہوں کی معافی پانے کے بعد انوس نے کن کے لئے دُعا کی؟ (انوس ۱:۹۔) خُداوند نے نیفیوں کی بابت انوس کو کیا جواب دیا؟ (انوس ۱:۱۰۔)
- آپ کیا خیال کرتے ہیں کہ انوس نے لامنوں کے لئے دُعا کیوں کی جبکہ وہ نیفیوں کے دشمن تھے؟ (انوس ۱:۱۱۔) آپ آسمانی باپ کو کونسی برکتیں کسی کو دینے کا کہہ سکتے ہیں جو آپ پر نامہربان رہا ہو؟ انوس لامنوں کے لئے کیا چاہتا تھا؟ (انوس ۱:۱۳۔)
- انوس نے اپنے لوگوں کی تواریخ کی حفاظت کے لئے دُعا کی۔ یہ تواریخ کیوں اتنی اہم تھیں؟ خُداوند نے انوس سے کیا وعدہ کیا؟ (انوس ۱:۱۵–۱۸۔) ایمان کے ساتھ مانگنے کے کیا معنی ہیں؟
- انوس سے کیا وعدے کیے گئے؟ (انوس ۱:۸، ۱۲، ۱۵۔) ہم ایسے وعدے کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟
- نیفیوں کی تعلیم اور کوششوں کا لامنوں پر کیا اثر ہوا؟ (انوس ۱:۲۰۔)
- انوس کی کہانی میں سے آپ نے دُعا کے بارے کیا سیکھا ہے۔
- جب آپ دُعا کرتے ہیں، آپ آسمانی باپ سے کیسے بات کرتے ہیں؟ ہم کیسے اپنی دُعاؤں میں اور زیادہ مخلص ہو سکتے ہیں؟
- انوس نے اپنی دُعا کے جواب میں خُداوند کی آواز اپنے ذہن میں سنی۔ دوسرے اور کونسے طریقے ہیں جن سے ہم اپنی دُعاؤں کے جواب پا سکتے ہیں؟ (اطمینان کا احساس، ایک احساس کہ کچھ غلط ہے، تسلی، خیالات جو ہمارے ذہن میں آتے ہیں؛ صحائف جو ایک خاص حالت کی سمجھ دیتے ہیں؛ کلیسیائی رہنماؤں، والدین اور خُداوند کے بھیجے دوسرے لوگوں سے نصیحت؛ خواب یا رویائیں۔) جماعت کے ارکان کو وہ تجربات بتانے کی دعوت دیں، جو اُنہیں دُعا کے جوابات حاصل کرنے سے حاصل ہوئے ہیں۔
- آسمانی باپ ہماری دُعاؤں کا جواب ''نہ'' میں کیوں دے سکتا ہے؟ ہم کیسے بتا سکتے ہیں کہ آسمانی باپ کا جواب ''نہ'' میں ہے؟
- ہمیں دُعا کرنے کے بعد، جواب کا انتظار کیوں کرنا چاہیے، جیسے انوس نے کیا؟
- انوس نے موت کے بعد زندگی کی بابت کیا سیکھا؟ (انوس ۱:۲۷۔) آپ چاہیں تو یہ آیت پڑھ سکتے ہیں یا جماعت کو اکٹھے پڑھنے کے کا کہہ سکتے ہیں۔

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ بچوں کے تمام سوالات کے جواب دیے جا چکے ہیں چاک بورڈ پر سے فہرست کا جائزہ لیں۔

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں جماعت کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ہر بچے کو کاغذ اور پنسل دیں اور اُنہیں درجِ ذیل سوالات کے جوابات لکھنے کا کہیں: ہم کب دُعا کر سکتے ہیں؟ ہم کہاں دُعا کر سکتے ہیں؟ اور ہم کس کی بابت دُعا کر سکتے ہیں؟، اپنے جوابات لکھنے کے لئے سوالات کے درمیان جگہ چھوڑنے کا بھی کہیں سوالات پر گفتگو کرتے وقت اُنہیں جوابات لکھنے کا کہیں۔

۲۔ دُعا کے نمونے کا جائزہ لیں۔
الف۔ ہمارے آسمانی باپ کو مخاطب کرتے ہوئے شروع کریں۔
ب۔ اُسے بتائیں آپ کس چیز کے لئے شکر گزار ہیں۔
پ۔ اُس سے مانگیں جو آپکو خواہش کرتے ہیں۔
ت۔ ”یسوع مسیح کے نام میں، آمین۔“ کہتے ہوئے ختم کریں۔

۳۔ دُعا کی زبان کا جائزہ لیں۔ بچوں کو سمجھانے میں مدد دیں کہ جب ہم *your, you,* اور *yours* کی بجائے *thy, thee* اور *thou* کے الفاظ استعمال کر رہے ہوتے ہیں تو ہم عزت دکھا رہے ہوتے ہیں۔ (Dallin H. Oaks, in Conference Report, April 1993, pp. 16–20; or *Ensign,* May 1993, pp. 15–18).

۴۔ ایلڈر بوائیڈ کے۔ پیکر کے بیان (in Conference Report, Oct. 1974, p. 30 or *Ensign,* Nov. 1979, p. 21). کو چاک بورڈ پر خالی جگہ کو چھوڑتے ہوئے نقل کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب وہ ایلڈر پیکر کے بیان کی خالی جگہ کو پُر کریں گے تو وہ دُعا کے جوابات پانے کے چند طریقے سیکھیں گے۔

”کچھ ب، ___الف___ الف کے مطالعہ ___ب___ سے ملیں گے، کچھ ___پ___ ٹ کو سننے سے ___ت___ اور، گاہے بگاہے، ___ٹ___ جب یہ ضروری ہو، یہ ___ت___ براہِ راست ت، ث سے ملیں گے۔ ترغیبات پ اور صریح ہونگی۔

درجِ ذیل خالی جگہ پُر کرنے کے لئے استعمال کریں۔
الف۔ پاک کلام
ب۔ جوابات
پ۔ واضح
ت۔ مضبوط
ٹ۔ مقررین
ت۔ الہام

۵۔ بیان کریں کہ انوس کی دُعا کا، تواریخ کو مضبوط کرنے کے حوالے سے کیسے (انوس ۱:۱۴–۱۶) سیکڑوں سالوں بعد مورمن کی کتاب کی شکل میں آنے سے جواب ملا۔ جیسے خُداوند سے انوس سے وعدہ کیا تھا، آج بھی لوگ مورمن کی کتاب کے ذریعے یسوع مسیح کی گواہی پا سکتے ہیں۔ آپ ایک واپس آئے ہوئے مشنری کو جماعت میں آنے اور کسی شخص کے دُعا اور مورمن کی کتاب کے ذریعے یسوع مسیح کی گواہی پانے کا کوئی تجربہ بیان کرنے کی دعوت دے سکتے ہیں۔ یا آپ کسی ایک والدین یا وارڈ کے دوسرے رُکن کو یہ بتانے کا کہہ سکتے ہیں کہ دُعا نے مورمن کی کتاب کی گواہی پانے میں کیسے اُنکی مدد کی ہے۔

۶۔ جوزف سمتھ کی پہلی رویا کا جائزہ لیں، جب اُس نے مخلص ایمان سے دُعا کی تھی (جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۱۴–۱۶)۔ آپ پہلی رویا کی تصویر استعمال کر سکتے ہیں۔ (انجیلی تصاویر ۴۰۳؛ ۶۲۴۷۰)۔

۷۔ ایمان کے ساتویں اور نویں رُکن کا جائزہ لیں۔ جماعت میں یا ہفتے کے دوران گھر میں، زبانی یاد کرنے کے لئے ایک رُکن کا انتخاب کرنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

۸۔ گائیں یا مطالعہ کریں "A Child's prayer" (*Children's Songbook,* p.12). "Tell Me, Dear Lord" (*Children's Songbook,* p. 176), "I Pray in Faith" (*Children's Songbook,* p. 14), or "If with All Your Hearts" (*Children's Songbook,* p. 15).

---

## نتیجہ

**گواہی**

اپنی زندگی میں دُعا کی قوت کی اپنی گواہی دیں۔ آپ ایک ایسا تجربہ بتا سکتے ہیں جس نے آپکے ایمان اور دُعا کی گواہی کو مضبوط کیا ہو۔ بچوں کو وہ تجربات بتانے کی دعوت دیں جو اُنہیں دُعا سے حاصل ہوئے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، انوس ۱:۱—۸، ۲۱—۲۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۱۰

# بنیمین بادشاہ اپنے لوگوں کو تعلیم دیتا ہے

**مقصد**

بچوں کی اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہنے اور یسوع مسیح کی پیروی کرنے کے وعدہ کو مضبوط کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۲ نیفئ ۳۱:۵–۱۲ اور مضایاہ ۲:۱–۲۲؛ ۳:۲–۱۹؛ ۴:۱۱–۱۶؛ ۵:۵–۸، ۱۳–۱۵ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصویر ۴۔۲۱، بنیمین بادشاہ اپنے لوگوں سے خطاب کرتا ہے، (انجیلی تصاویر ۳۰۷؛ ۶۲۲۹۸)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

اپنی جماعت کے بچوں کے خاندانی نام چاک بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو یہ بتانے کا کہیں کہ اُن کے یہ نام کیوں ہیں۔

- (خاندانی نام کا استعمال) آپ کے لئے کیا معنی رکھتا ہے؟

بیان کریں کہ جب ہم خاندان میں پیدا ہوتے ہیں تو ہم خود پر ایک خاندانی نام لیتے ہیں۔ یہ نام بہت سی اہم باتوں کی نمائندگی کر سکتا ہے، جیسے کہ ہماری وراثت، ہمارے اعتقادات، ہم کس طرح کام کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تو ہم کلیسیائے یسوع مسیح برائے مقدسینِ آخری ایام کے رُکن بن جاتے ہیں اور خود پر یسوع مسیح کا نام لیتے ہیں۔ جب ہم یسوع مسیح کا نام خود پر لیتے ہیں تو ہم اُس پر اپنے ایمان اور اُسکی تعلیم کی پیروی کرنے کی اپنی رضامندی کا اعلان کر رہے ہوتے ہیں۔ بیان کریں کہ بنیمین بادشاہ ایک نبی تھا جس نے خود پر یسوع مسیح کا نام لینے کی اہمیت کی بابت سِکھایا۔

**صحیفائی احوال**

بچوں کو مضایاہ ۲:۱–۲۲؛ ۳:۲–۱۹؛ ۴:۱۱–۱۶؛ ۵:۵–۸، ۱۳–۱۵ میں سے بنیمین بادشاہ کے اپنے لوگوں کو سِکھانے کا واقعہ بتائیں۔ مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے، دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- بنیمین بادشاہ نے اپنے لوگوں کو کیوں اکٹھا کیا؟ (مضایاہ ۱:۱۰۔) ضریملہ کے لوگوں نے اپنے نبی اور بادشاہ کو سننے کے لئے ہیکل میں اکٹھے ہونے کی بلاہٹ کا کیا جواب دیا؟ (مضایاہ ۲:۱–۶۔) ہم موجودہ نبی کا کلام کس طرح پاتے یا سنتے ہیں؟ (بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنس، کلیسیائی تصانیف، کلیسیائی اجلاسوں وغیرہ میں) ہم اپنے رہنماؤں کا کلام سننے کے لئے خود کو کیسے تیار کر سکتے ہیں؟ (مضایاہ ۲:۹۔)

- بنیمین بادشاہ نے اپنے لوگوں کی کیسے خدمت کی؟ (مضایاہ ۲:۱۲—۱۵۔) آسمانی باپ کی خدمت کرنے سے متعلق بنیمین بادشاہ کیا کہتا ہے؟ (مضایاہ ۲:۱۶—۱۹۔) آپکے کیا خیال کرتے ہیں کہ دوسروں کی خدمت کرنے سے ہمارا آسمانی باپ کے لئے پیار اور شکر گزاری کا کیسے اظہار ہوتا ہے؟

- اگر ہم آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کریں تو ہم سے کیا وعدہ کیا گیا ہے؟ (مضایاہ ۲:۲۲۔)

- بنیمین بادشاہ نے لوگوں کو یسوع مسیح کی بابت کیا سِکھایا؟ (مضایاہ ۳:۵—۷، ۹—۱۰۔) مسیح نے ہم میں سے ہر ایک کے لئے خدمت کا کونسا عظیم کام سرانجام دیا ہے؟ (مضایاہ ۳:۱۱—۱۳۔) بیان کریں کہ یسوع مسیح نے دُکھ اُٹھائے اور موأتا کہ ہم اپنے گناہوں سے توبہ کر سکیں، بپتسمہ لے سکیں، دوبارہ زندہ ہو سکیں اور ہمیشہ کے لئے آسمانی باپ کے ساتھ رہ سکیں۔ ہمارے لئے اُسکی یہ قربانی کفارہ کہلاتی ہے۔

- ہمارے لئے اپنے پر یسوع مسیح کا نام لینا کیوں اتنا ضروری ہے؟ (مضایاہ ۳:۱۷۔) اپنے پر اُسکا نام لینے کے لئے یسوع مسیح ہمیں کیا کرنے کا کہتا ہے؟ (۲ نیفی ۳۱:۵—۱۲؛ مضایاہ ۲:۲۲۔ بپتسمہ لیں اور حکموں کو مانیں۔ مضایاہ ۳:۱۹۔ اپنی مرضی کو نجات دہندہ کی مرضی کے تابع کریں۔)

- بنیمین بادشاہ نے اپنے لوگوں کو کونسے احکام بتائے جن کی اُنہیں فرمانبرداری کرنی چاہیے تھی؟ (مضایاہ ۳:۲۱؛ ۴:۱۱—۱۵؛ ۵:۵۔ اپنی گفتگو کے حصہ کے طور پر آپ بہتری کی سرگرمی ۱ میں سے لفظی پٹیاں استعمال کر سکتے ہیں۔) اگر ہم حکموں کو مانیں تو بنیمین بادشاہ نے کیا بتایا کہ وقوع ہوگا؟ (مضایاہ ۲:۴۱۔)

- لوگوں نے بنیمین بادشاہ کی تعلیم کا کیا جواب دیا؟ (مضایاہ ۵:۲۔) اِس عظیم تبدیلی کا تجربہ پانے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ (مضایاہ ۳:۱۹)

- بنیمین بادشاہ کے لوگوں نے کیا کرنے کا عہد کیا؟ (مضایاہ ۵:۵—۹۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں جماعت کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ درجِ ذیل لفظی پٹیاں بنائیں اور سامنے لگائیں۔ بنیمین بادشاہ نے اپنے لوگوں کو سِکھانے کے لئے جو برج استعمال کیا اُسکی تصویر بنائیں۔ جب آپ طریقوں پر گفتگو کریں جن سے ہم اپنے آپ پر یسوع مسیح کا نام لے سکتے ہیں تو لفظی پٹیاں تصویر پر لگائیں۔ بچوں کو اُن طریقوں کا سوچنے کا کہیں جن سے وہ لفظی پٹیوں پر لکھے گئے احکام کی پیروی کر سکتے ہیں۔

یسوع مسیح پر ایمان رکھنا (مضایاہ ۳:۲۱۔)
توبہ کرنا (مضایاہ ۳:۲۱)
بپتسمہ کے عہود کرنا اور اُن پر قائم رہنا (مضایاہ ۵:۵)
بلاناغہ دُعا کرنا (مضایاہ ۴:۱۱)
دوسروں پر مہربان ہونا (مضایاہ ۴:۱۳۔)
لڑائی جھگڑا نہ کرنا (مضایاہ ۴:۱۴)
دوسروں کی خدمت کرنا (مضایاہ ۴:۱۵)
غریبوں کی مدد کرنا (مضایاہ ۴:۱۶)
انجیل پر عمل کرنا (مضایاہ ۴:۱۵)

۲۔ عام لباس یا اشیاء استعمال کر کے، بنیمین بادشاہ کے اپنے لوگوں سے خطاب کرنے کا خاکہ تیار کریں۔ بچے اپنی کرسیوں کو کمرے کے سامنے کی طرف کھلنے والے خیمہ کے خاکہ میں سجا سکتے ہیں۔ بچے سامنے کی طرف "خیمہ" کے اندر فرش پر بیٹھ سکتے ہیں۔ بنیمین بادشاہ کا کردار ادا کرنے والا شخص ایک کرسی پر کمرے کے سامنے کی طرف کھڑا ہو کر اُن سے خطاب کر سکتا ہے۔ اِس بچے کو مضایاہ ۲:۹ میں سے بنیمین بادشاہ کا کلام پڑھنے کا کہیں۔

۳۔ بچوں کو حالیہ بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنس کا بتائیں۔ اِس کانفرنس کا بنیمین بادشاہ کے منعقدہ اجلاس سے موازنہ کریں۔ بیان کریں کہ کلیسیاء اپنے تمام اراکین کی کلیسیاء کے صدر اور دیگر کلیسیائی اعلیٰ حکام کے پیغامات، ریڈیو، ٹیلی ویژن اور مواصلاتی نشریات اور شائع شدہ مواد کے ذریعے حاصل کرنے میں کیسے مدد کرتی ہے۔ حالیہ کانفرنس میں سے چند موضوعات پر گفتگو کریں۔ بچوں کی آئندہ بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنس کو سننے یا پڑھنے کی اور اپنے رہنماؤں اور نبی کی مشورت کی پیروی کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

۴۔ مضایاہ ۲:۱۷ کا آخری جملہ سمجھنے اور زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں: "جب تم اپنے ہم عصروں کی خدمت میں ہو تو دراصل تم اپنے خُدا کی خدمت میں ہو۔"

۵۔ گفتگو کریں کہ ایمان کا تیرھواں رُکن کیسے بنیمین بادشاہ کے خطاب سے متعلق ہے۔ ایمان کا یہ رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

یسوع مسیح کے کفارہ کی اور یہ ہماری زندگیوں کو کیسے برکت دیتا ہے گواہی دیں۔ اپنے پر یسوع مسیح کا نام لینے کے بعد، حُکموں کو ماننے کی اہمیت پر زور دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، مضایاہ ۲:۱–۱۸ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# ابینادی اور نوح بادشاہ

سبق
**۱۱**

---

**مقصد** یسوع مسیح کے گواہ ہونے کے لئے بہادر بننے میں بچوں کی مدد کرنا

---

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر مضایاہ ۱۱—۱۳؛ ۱۵:۱،۶—۸؛ ۱۶:۱۴—۱۵؛ ۱۷:۱؛ اور ۱۹:۴—۲۰ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: مضایاہ ۱۴—۱۶

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ متبادل توجہ دلاؤ سرگرمی کے لئے، درجِ ذیل اشیاء ایک توڑے یا تھیلے میں ڈالیں۔

کاغذ کی مونچھیں (سبق کے آخر میں خاکہ دیکھیں۔)

ایک فلیش لائٹ یا بلب

دِس حُکموں کا ایک کاغذی نمونہ (سبق کے آخر میں خاکہ دیکھیں)

مسیح کی تصویر

رسی یا ڈوری کا ٹکڑا


ماچس

پ۔ تصویر ۴-۲۲، ابینادی نوح بادشاہ کے سامنے (انجیلی تصاویر ۳۰۸؛ ۶۲۰۴۲)۔

---

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** ہر بچے کو نو۔ نقطی تصویر کی ایک نقل دیں، یا اِسے چاک بورڈ پر بنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِنہیں کاغذ یا پنسل یا چاک بورڈ سے چاک اُٹھائے بغیر نقطوں کو ملا کر چار مستقل سیدھی لائنیں بنانی ہیں۔ اُن کے کئی حل آزمانے کے بعد، ایک بچے کو دوسروں کو بتائے بغیر صحیح حل بتائیں۔ اُس بچے کو دوسرے بچے کو بتانے کا کہیں اور اِسی طرح جب تک سب بچے نقطے نہیں ملا لیتے۔ بیان کریں کہ اگر ہم کوئی بات سیکھتے ہیں اور پھر جب ہم وہ کچھ دوسروں کو سِکھاتے ہیں تو دراصل ہم اُن کی مدد کر رہے ہوتے ہیں۔ آسمانی باپ کی بابت سیکھ کر ہم دوسرے لوگوں کو اُسکی بابت بتا کر اُن کی مدد کر سکتے ہیں۔




**متبادل توجہ دلاؤ سرگرمی**

بچوں کو باری باری توڑے میں سے چیزیں نکالنے کا کہیں۔ ہر بچے کو اپنی چیز کے متعلق ایک یا دو باتیں بتانے کا کہیں۔ بیان کریں جب بچے ایک بہادر اور راستباز، ابینادی نامی نبی کی بابت سیکھیں گے تو وہ جانیں گے کہ یہ اشیاء کیسے اُسکی کی زندگی سے متعلقہ ہیں۔

**صحیفائی احوال**

تصویر ابینادی نوح بادشاہ کے سامنے، آویزاں کریں اور مضایاہ ۱۱—۱۳؛ ۱۵:۱:۱، ۶—۸؛ ۱۶:۱۴—۱۵؛ ۱۷:۱؛ اور ۱۹:۴—۲۰ میں سے ابینادی کا واقعہ بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii)۔ زور دیں کہ ابینادی یسوع مسیح کا ایک دلیر گواہ تھا، یہاں تک کہ اِس کے لئے اُسے اپنی جان دینی پڑی۔ اگر آپ متبادل توجہ دلاؤ سرگرمی استعمال کریں، تو بیان کریں کہ ہر چیز کیسے ابینادی کی زندگی سے متعلق ہے۔

- مونچھیں: ابینادی بھیس بدل کر واپس آتا ہے (مضایاہ ۱۲:۱)۔
- بلب یا فلیش لائٹ: ابینادی کا چہرہ چمک سے دمکتا ہے (مضایاہ ۱۳:۵)۔
- دس حُکم: ابینادی نے دِس حکم سِکھائے (مضایاہ ۱۳:۱۱—۲۴)۔
- مسیح کی تصویر: ابینادی نے دلیری سے یسوع مسیح کی گواہی دی (مضایاہ ۱۵:۱؛ ۱۶:۱۵؛ ۱۷:۸)۔
- رسی یا ڈوری: ابینادی کو باندھ دیا گیا تھا (مضایاہ ۱۷:۱۳)۔
- ماچس: ابینادی آگ سے ہلاک کیا گیا (مضایاہ ۱۷:۲۰)۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنانے میں مدد دیں گے۔ جماعت کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- خُداوند نے نوح بادشاہ اور اُسکے لوگوں کو بتانے کے لئے ابنیادی کو پہلے کیا حکم دیا؟ (مضایاہ ۱۱:۲۰—۲۱۔)
- نوح بادشاہ اور اُسکے لوگ کیسی زندگیاں گزار رہے تھے؟ (مضایاہ ۱۱:۱—۷، ۱۴—۱۵، ۱۹۔)
- نوح بادشاہ اور اُسکے لوگوں نے ابینادی کے کلام کا کیا جواب دیا؟ (مضایاہ ۱۱:۲۶—۲۹۔) آپ کے خیال میں لوگ اُن سے کیوں ناراض ہوتے ہیں جو اُنہیں توبہ کرنے کا کہتے ہیں؟
- ابینادی نے احکام کی بابت شریر نوح بادشاہ اور اُسکے کاہنوں کو دلیری سے کیا گواہی دی؟ (مضایاہ ۱۲:۳۳—۳۶؛ ۱۳:۱۱—۲۴۔) ہمارے لئے آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کیوں ضروری ہے؟

- نوح بادشاہ کے لوگ ابینادی پر ہاتھ ڈالنے سے کیوں خوفزدہ تھے۔ (مضایاہ ۱۳:۳—۵۔)
- ابینادی نے یسوع مسیح کی بابت کیا گواہی دی؟ (مضایاہ ۱۵:۱، ۶—۸؛ ۱۶:۱۴—۱۵۔)
- ابینادی نے اپنی جرأت کا کیسے مظاہرہ کیا؟ (مضایاہ ۱۷:۷—۱۰۔) بعض اوقت سچائی کے لئے کھڑا ہونا کیوں مشکل ہوتا ہے؟ ہم سچائی کے لئے کیسے کھڑے ہو سکتے ہیں؟
- ابینادی کو جلا کر کیوں مارا گیا تھا؟ (مضایاہ ۱۷:۲۰۔) آپ کے خیال میں خُداوند نے ایسا کیوں ہونے دیا؟ (ایلما ۶۰:۱۳۔)
- نوح بادشاہ کے لئے کیا اہم تھا؟ (مضایاہ ۱۱:۱۴؛ ۱۹:۷—۸۔) ابینادی کے لئے کیا اہم تھا؟ (مضایاہ ۱۳:۴؛ ۱۷:۷—۱۰۔) ہمارے لئے کیا اہم ہونا چاہیے؟
- ابینادی کی گواہی نے اُسکی موت سے پہلے کس کو متاثر کیا؟ (مضایاہ ۱۷:۱—۴۔)
- مضایاہ ۱۲:۳ میں ابینادی کی نبوت کیسے پوری ہوئی؟ (مضایاہ ۱۹:۱۹—۲۰۔)
- آپ کس کا سوچ سکتے ہیں جو آج یسوع مسیح کا گواہ ٹھہرنے میں دلیر ہے۔

---

## بہتری کی سر گرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سر گرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو ابینادی اور نوح بادشاہ کی کہانی میں سے کردار بننے کا کہیں اور ایک صحافی کو اُنکا انٹرویو کرنے کا کہیں۔ صحافی کے واسطے کرداروں سے پوچھنے کے لئے سوالوں کی فہرست بنائیں، جیسے کہ:

صحافی نوح سے: آپ اپنی شاندار عمارتوں کے لئے کیسے ادائیگی کرتے ہیں؟
صحافی کاہنوں سے: آپ نے ابینادی کو قید کیوں بنایا ہوا ہے؟
صحافی ایلما سے: ابینادی کی تعلیمات کی بابت آپکا کیا خیال ہے؟
صحافی ابینادی سے: یہ لوگ تمھیں کیوں مارنا چاہتے ہیں۔ تم اُسکا انکار کیوں نہیں کرتے جو تم نے اِن لوگوں سے کہا ہے؟

۲۔ پانی کے ایک پیالے میں چند کاغذ پھینکیں۔ پیالے کو وہاں رکھیں جہاں سب بچے دیکھ سکیں۔ اُنہیں بتائیں کہ کاغذ اُن کی علامت ہے جنہوں نے دلیر بننے کا انتخاب کیا ہے۔ اُنہیں کہیں کہ دیکھیں کیا ہوتا ہے جب بدکاری اُن کے پاس رکھی جاتی ہے جو دلیر ہوتے ہیں۔ برتن دھونے والے صابن کا ایک قطرہ، جو کہ بدکاری کو ظاہر کرتا ہے، پیالے کے مرکز میں ڈالیں۔ کاغذ جلدی سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ ایلما نے ابینادی کی گواہی کا یقین کر کے نبی کی فرمانبرداری کرنے اور نوح بادشاہ کی شریر راہوں سے پھرنے میں دلیری کا انتخاب کیا۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ کن چیزوں سے پھر کر جرأتمند بن سکتے ہیں۔

۳۔ مضایاہ ۱۲:۳۴—۳۶؛ ۱۳:۱۲—۲۴ میں سے دس حکموں پر گفتگو کریں۔

۴۔ راستباز بنیمین بادشاہ کی خصوصیات کا نوح بادشاہ کی خصوصیات سے موازنہ کریں۔
بنیمین بادشاہ: مضایاہ ۲:۱۰—۱۴، ۴:۹—۱۰۔
نوح بادشاہ: مضایاہ ۱۱:۲، ۶—۷، ۲۷؛ ۱۹:۸۔

۵۔ نوح بادشاہ اور اُسکے لوگوں نے ابینادی سے کیسا سلوک کیا اور مسیح سے کیا سلوک کیا گیا تھا اِن کے درمیان مماثلتوں پر گفتگو کریں۔
مسیح: مضایاہ ۱۵:۵، متی ۲۶:۶۶، لوقا ۲۴:۲۰۔
ابینادی: مضایاہ ۱۳:۱؛ ۱۷:۷، ۱۰، ۱۳۔


## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں اگرچہ راستباز ہونا ہمیں تکلیفوں اور مشکلات سے آزاد نہیں کرتا لیکن اگر ہم یسوع مسیح کی اپنی گواہیوں میں دلیر ہیں تو آسمانی باپ ہمیں اِس زندگی میں اطمینان اور آنے والی زندگی میں وہ سب جو اُس کے پاس ہے، کی برکت دے گا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں مضایاہ ۱۱:۱–۲، ۲۰–۲۱، ۲۶–۲۹؛ ۱۲:۱–۹ اور ۱۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔





# سبق ۱۲

# ایلما مورمن کے پانیوں میں بپتسمہ دیتا ہے

**مقصد** بچوں کو اُنکے بپتسمہ کے عہود اور اُن پر قائم رہنے کی اہمیت کی بابت سِکھانا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر مضایاہ ۱۷:۲–۴؛ ۱۸ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی ایک کتاب۔

ب۔ اختیاری: توجہ دلاؤ سرگرمی کیلئے ایک تالہ اور چابی (مثلاً ایک پیڈ لاک، ڈائری، جیولری بکس، یا سوٹ کیس کا تالہ)۔

پ۔ تراش شدہ کاغذی چابی کی نقل جس پر لفظ "عہد" لکھا ہو۔ (سبق کے آخر میں دیکھیں)

ت۔ ہر بچے کے لئے تراشہ "میرے بپتسمہ کے عہود" کی ایک نقل۔ (سبق کے آخر میں دیکھیں۔)

ٹ۔ تصویر ۴–۲۳، ایلما مورمن کے پانیوں میں بپتسمہ دے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۹؛ ۶۲۳۳۲)۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** ایک چابی سامنے رکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ چابی کس لئے استعمال کی جاتی ہے۔ آپ تالے کھولنے کے واسطے، چابی کا استعمال کرنے کے لئے ایک بچے کو کہہ سکتے ہیں۔ کاغذی چابی اِس طرح اُٹھائیں کہ بچے لفظ عہد نہ دیکھ سکیں۔ اِسے آدھا پھاڑ دیں۔ بتائیں کہ اگر آپ کے پاس آدھی چابی ہو تو یہ کام نہیں کرے گی۔ لفظ عہد دکھانے کے لئے چابی کے حصوں کو سیدھا کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ اِس لفظ کا کیا مطلب ہے۔ بیان کریں کہ انجیل میں عہد خُدا اور اُسکے بچوں کے درمیان ایک مقدس معاہدہ یا وعدہ ہے۔ جب ہم آسمانی باپ کے ساتھ اپنے عہود پر قائم رہتے ہیں تو وہ اپنا کردار ضرور ادا کرتا ہے۔ لیکن اگر ہم اپنے عہد کے وعدوں کو پورا نہیں کرتے، تو عہد ٹوٹ جاتا ہے۔ اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہنا برکتوں اور ابدی زندگی کی چابی ہے۔ بیان کریں کہ ابدی زندگی آسمانی باپ کی مانند بننا اور ہمیشہ اُس کے ساتھ رہنا ہے۔ بیان کریں کہ جب بچے ایلما اور اُسکے لوگوں کی بابت سیکھیں گے تو اُنہیں اُن کے بپتسمہ کے عہود یاد دلائے جائیں گے اور کہ وہ کیسے بہتر طور پر اُن پر قائم رہ سکتے ہیں۔

**صحیفائی احوال** مضایاہ ۱۷:۲–۴؛ ۱۸ میں سے بچوں کو ایلما کے مورمن کے پانیوں میں بپتسمہ دینے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا" صفحہ vii۔) جو عہد ہم بپتسمہ پر کرتے ہیں، اُن پر قائم رہنے کی اہمیت پر زور دیں۔ مناسب وقت پر تصویر کا استعمال کریں۔

**گفتگو اور محلِ استعمال سوالات** جب آپ سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- ایلما نے خود کو بپتسمہ کے واسطے تیار کرنے کے لئے کیا کِیا؟ (مضایاہ ۱۷:۲–۴؛ ۱۸:۱۔) آپ نے اپنے بپتسمہ کی کیسے تیاری کی؟
- کس چیز نے مورمن کہلانے والی جگہ کو ایلما کے لوگوں کو سِکھانے کے لئے چھپنے کی ایک اچھی جگہ بنایا؟ (مضایاہ ۱۸:۴–۵۔) اُنہیں چھپنے کی ضرورت کیوں تھی؟
- ایلما کے لوگوں نے کیا محسوس کیا جب اُنہوں نے جانا کہ وہ بپتسمہ لے سکتے ہیں؟ (مضایاہ ۱۸:۱۱۔) جب آپ نے بپتسمہ لیا تھا تو آپ نے کیسا محسوس کیا تھا؟ اُس دِن کی بابت آپکو کیا یاد ہے؟
- جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تو ہم کیا وعدے کرتے ہیں؟ آسمانی باپ ہمارے ساتھ کیا وعدہ کرتا ہے؟ (مضایاہ ۱۸:۸–۱۰) تراشہ "میرے بپتسمے کے عہد" سامنے رکھیں اور ہر وعدہ سے متعلق گفتگو کریں۔ بیان کریں کہ ہم میں سے کوئی بھی کامل نہیں ہے لیکن ہمیں اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔
    - ہم کیسے ظاہر کر سکتے ہیں کہ ہم نے اپنے پر یسوع مسیح کا نام لے لیا ہے اور کہ ہم اُسکے گواہ کے طور پر کھڑے ہوئے ہیں؟
- ایک دوسرے کا بوجھ اُٹھانے اور دوسرے کے غم میں شریک ہونے کا کیا مطلب ہے؟ مسیح نے ہماری اور دوسروں کی کن طریقوں سے مدد کی جب وہ زمین پر رہتا تھا؟ ہم کیسے یسوع مسیح کے نمونے کی پیروی اور دوسروں کی خدمت کر سکتے ہیں؟
    - ایلما نے اپنے لوگوں کو، اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہنے میں مدد کے لئے کیا احکام دیے؟ (مضایاہ ۱۸:۲۱–۲۳، ۲۷–۲۹۔) ہم کیسے اور زیادہ ایلما کے لوگوں کی مانند زندگی گزار سکتے ہیں؟
- ہم کونسی رسم کے ذریعے ہر اتوار اپنے بپتسمہ کے عہود کی تجدید کر سکتے ہیں؟ آپ بتا سکتے ہیں کہ تجدید کرنے کے معنی نئے کی مانند بننا یا دوبارہ شروع کرنے کے ہیں۔ بچوں کے ساتھ عشائے ربانی کی دُعاؤں کا جائزہ لیں اور اِن میں موجود عہود تلاش کرنے میں اُن کی مدد کریں۔ (دیکھئے مرونئ ۴:۳؛ ۵:۲)۔ ہر بچے کو تراشے کی ایک نقل دیں اور اُنکے بپتسمہ کے عہود کا جائزہ لیں۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایک بچے کو ایک قدرے بھاری کتاب تھامنے اور اپنا ہاتھ سیدھا باہر پھیلائے رکھنے کو کہیں جس دوران آپ جماعت سے بپتسمہ کے عہود کی بابت بات کریں۔ کتاب تھامنے والے بچے سے پوچھیں کہ کیا اُسکا ہاتھ تھک رہا ہے۔ ایک اور بچے کو کتاب تھامنے میں مدد کرنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تو وعدوں میں سے ایک وعدہ جو ہم کرتے ہیں وہ "ایک دوسرے کے بوجھ اُٹھانے کا ہے، تاکہ یہ کم ہوں" اُن چند بوجھوں پر گفتگو کریں جو اُن کی عمر کے بچے محسوس کر سکتے ہیں، جیسے کہ مذاق اُڑایا جانا، بیمار ہونا، خاندانی ارکان کے ساتھ مسائل ہونا، تعلق رکھنے کی خواہش ہونا، یا سکول میں مشکلات کا ہونا۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیسے ایک دوسرے کا بوجھ ہلکا کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

۲۔ جماعت سے پہلے بچوں کے والدین کو ایسے وقت کا بتانے کا کہیں جب اُنکے بچے نے کسی کی خدمت کی ہو۔ یہ تجربات جماعت کو بتائیں اور بچوں کو اُنکی خدمت کے لئے تعریف کریں۔ بتائیں کہ خدمت کے اِن کاموں نے اُن کے بوجھ کو ہلکا کیا ہے جس کی اُنہوں نے خدمت کی ہے۔

۳۔ بیان کریں کہ عہد کا ایک حصہ جب ہم نے بپتسمہ لیا تھا یسوع مسیح کا نام اپنے پر لینا اور ایک حقیقی مسیحی بننا یا مسیح کی پیروی کرنا تھا۔ ہمیں اُس کے نام کا لائق ہونا چاہیے۔ جب آپ کلیسیاء کے آٹھویں صدر، جارج البرٹ سمتھ کی درجِ ذیل کہانی بتائیں تو بچوں کو خیال کرنے کا کہیں کہ آیا وہ کتنی اچھی طرح یسوع مسیح کے نام کا احترام کر رہے ہیں:

"چند سال پہلے میں شدید بیمار ہو گیا... میں اتنا بیمار تھا کہ بمشکل ہلنے کے قابل تھا۔

"ایک دِن... میں نے اپنے گردو پیش کا احساس کھو دیا اور خیال کیا کہ میں مر گیا ہوں...

میں نے احساس کرنا شروع کیا... اور کچھ دیر.... جنگل میں سے... چلنے کے بعد، میں نے ایک آدمی کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ میں نے جانا کہ وہ ایک قدر آور آدمی تھا اور میں نے اُس کے پاس پہنچنے کے لئے تیز تیز قدم اُٹھائے، کیونکہ میں نے پہچان لیا تھا کہ وہ میرا دادا تھا.... مجھے یاد ہے کہ میں اُسے آتا دیکھ کر کتنا خوش تھا۔ مجھے اُس کا نام بتایا گیا تھا اور میں ہمیشہ اِس پر فخر کیا کرتا تھا۔

"جب دادا چند فٹ میرے قریب آ گیا، وہ رُکا.... اُس نے مجھے بڑے غور سے دیکھا اور کہا:

"میں جاننا چاہوں گا کہ تم نے میرے نام کے ساتھ کیا کِیا ہے؟

"میں نے جو کچھ کیا تھا میرے سامنے ایک سکرین پر بکھرتی ہوئی تصویر کی مانند گزرا.... میری پوری زندگی میرے سامنے گھوم گئی۔ میں مُسکرایا اور اپنے دادا کی طرف دیکھا اور کہا:

میں نے آپ کے نام سے کچھ بھی ایسا نہیں کیا جس سے آپ کو شرمندگی ہو۔'

"وہ آگے بڑھا اور مجھے اپنے بازوؤں میں لے لیا اور جب اُس نے ایسا کیا تو مجھے دوبارہ اپنے زمینی گردو پیش کا احساس ہوا۔ میرا تکیہ اس طرح گیلا تھا جیسے کہ اِس پر پانی گرا دیا گیا ہو — شکر گذاری کے آنسو سے بھیگا ہوا کیونکہ میں احساس ندامت کے بغیر جواب دے سکا تھا۔ ("Your Good Name," *Improvement Era,* Mar. 1947, p. 139).

بچوں کو بتائیں کہ جب وہ خوشی سے احکام مانتے اور دوسروں کی خدمت کرتے ہیں تو وہ دراصل یسوع مسیح کے نام کی عزت کر رہے ہوتے ہیں۔

۴۔ گائیں یا مطالعہ کریں "Baptism" (*Children's Songbook,* p. 100) or "The Fourth Article of Faith" (*Children's Songbook,* p. 124).

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ اگر ہم اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہیں گے تو ہم بہتر طور پر ایک دوسرے کی خدمت کرنا سیکھیں گے اور مزید یسوع مسیح کی مانند بنیں گے۔


مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں مضایاہ ۱۸:۱–۱۱، ۳۰–۳۵ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

نوٹ: اگر آپ آئندہ سبق میں بہتری کی سرگرمی استعمال کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کم از کم ایک ہفتہ قبل ذمہ داری دیں۔





# میرے بپتسمہ کے عہود

(ہر مرتبہ عشائے ربانی لینے پر تجدید ہوتی ہے۔)

## بپتسمہ پر میں نے خُداوند سے عہد کیا:

۱۔ خُدا کے گلہ میں آنے کا (کلیسیائے یسوع مسیح کا رُکن بننے کا)

۲۔ اُسکا بیٹا یا بیٹی کہلانے کا (خود پر مسیح کا نام لینے کا)

۳۔ دوسروں کا بوجھ اُٹھانے کا تاکہ وہ ہلکے ہوں؛ غمزدوں کے غم میں شریک ہونے کا؛ اور اُن کو تسلی دینے کا جن کو تسلی کی ضرورت ہے (دوسروں کی مدد کرنے کا)

۴۔ خُدا کا تمام اوقات اور تمام چیزوں اور تمام جگہوں پر گواہ ٹھہرنے کا (مسیح کی گواہی دینے اور ہر وقت اچھا نمونہ قائم کرنے کا)

۵۔ خُدا کی خدمت کرنے اور اُسکے احکام ماننے کا۔

## اگر میں اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہتا ہوں تو خُداوند عہد کرتا ہے:

۱۔ میرے گناہ معاف کرنے کا۔

۲۔ اپنا رُوح کثرت سے مجھ پر انڈیلنے کا۔ (مجھے رُوح اُلقدس کی رفاقت دینے کا)۔

۳۔ مجھے مخلصی دینے کا تاکہ اُن میں شمار ہو سکوں جو پہلی قیامت کے ہیں اور ابدی زندگی پانے کا (مجھے سیلیسٹیل بادشاہی میں آسمانی باپ اور یسوع مسیح کے ساتھ رہنے کے لئے داخل ہونے کی اجازت دینے کا)۔

سبق
۱۴

# لمحی بادشاہ کے لوگ اور ایلما کے لوگ

**مقصد** بچوں کو سِکھانا کہ حلیمی اور یسوع مسیح پر ایمان ہمیں مشکلات کا سامنے کرنے میں مضبوطی دے سکتے ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر مضایاہ ۲۱:۱–۱۶؛ ۲۲؛ ۲۳:۱–۶، ۲۹–۳۹؛ اور ۲۴ کا مطالعہ کریں اور مضایاہ ۱۲:۲، ۴–۵ کا جائزہ لیں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کس طرح سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: مضایاہ ۲۰–۲۵ (مکمل احوال کے لئے)۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ اگر آپ نے بہتری کی سرگرمی ۱۱ استعمال کرنے کا منصوبہ بنایا ہے تو آپ کو ایک ہفتہ قبل ذمہ داری دینے کی ضرورت ہے۔

۵۔ مطلوبہ اشیا:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصاویر ۴–۲۴، نیفئی لامنوں کی نگرانی میں اور ۴–۲۵، لمحی بادشاہ کے لوگ فرار ہو رہے ہیں۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** درجِ ذیل الفاظ اور تعریفیں چاک بورڈ پر یا ایک چارٹ پر لکھیں۔ بیان کریں کہ بچے صحیفائی احوال سے چند اہم الفاظ سیکھیں گے۔ بچوں کو رضاکارانہ طور پر کوئی لفظ کہنے اور اِس کی تعریف منتخب کرنے کا کہیں۔

| | |
|---|---|
| مصیبت | الف۔ بوجھ یا نا قابلِ برداشت دُکھ |
| اسیری | ب۔ سیکھنے کا خواہاں؛ تکبر کی کمی |
| حلیمی | پ۔ بد قسمتی، دُکھ یا مشکل |
| ظلم | ت۔ آزادی کی کمی، غلامی |
| ایمان | ٹ۔ تشویش، تکالیف، یا حملہ |
| بوجھ | ث۔ بن دیکھے یقین کرنا |

جوابات: مصیبت، پ؛ قید: ت؛ حلیمی: ب؛ ظلم: ٹ؛ ایمان: ث؛ بوجھ: الف

صحیفائی احوال

مضایاہ ۱۲:۲، ۴—۵ میں سے ابیِنادی کی نیفیئوں کی بابت نبوتوں کا جائزہ لیں۔ یہ نبوتیں واقعی پوری ہوئیں اِس کے باوجود کہ نیفیئی دو علیٰحدہ گروہوں میں تقسیم ہو گئے تھے۔ مضایاہ ۲۱:۱—۱۶؛ ۲۲؛ ۲۳:۱—۶، ۲۹—۳۹ اور ۲۴ میں سے لمحی بادشاہ کے لوگوں اور ایلما کے لوگوں کا احوال بتائیں۔ تصاویر کا مناسب موقعوں پر استعمال کریں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

لمحی بادشاہ کے لوگ

- لامنی کن طریقوں سے لمحی کے لوگوں پر ظلم کرتے تھے؟ (مضایاہ ۲۱:۳)۔ ایسا کیوں ہوا؟ (مضایاہ ۲۱:۴؛ ۱۲:۲، ۴—۵۔)
- لامنوں سے تین مرتبہ جنگ ہارنے سے لمی بادشاہ کے لوگوں پر کیا اثر ہوا؟ (مضایاہ ۲۱:۱۳—۱۴۔) حلیم ہونے کا کیا مطلب ہے؟ آپ کے خیال میں نیفیئوں نے بالآخر اپنے آپ کو حلیم کیوں کیا؟
- آسمانی باپ لمحی کے لوگوں کی فریادیں سننے میں دھیما کیوں تھا؟ (مضایاہ ۲۱:۱۵۔) اُس نے مدد کے لئے اُنکی التجاؤں کا بالآخر کیسے جواب دیا؟ (مضایاہ ۲۱:۱۵—۱۶۔) لمحی کے لوگ قید میں رہنے سے کیا سیکھ سکتے تھے؟ ہماری زندگیوں میں تکالیف کیسے ہمیں اور زیادہ حلیم، فرمانبردار اور دُعا گو ہونے میں مدد سکتی ہیں؟
- لمحی بادشاہ کے لوگوں کے خُدا کے ساتھ، عہد، یا وعدہ کر لینے کے بعد، وہ اُس کے ساتھ اپنے عہد کا احترام ظاہر کرنے کے لئے کیا کرنا چاہتے تھے؟ (مضایاہ ۲۱:۳۵۔) ہم کس طرح آسمانی باپ کو بتا سکتے ہیں کہ ہم اپنے بپتسمہ کے عہود کا احترام کرتے ہیں؟

ایلما کے لوگ

- کونسی چند وجوہات تھیں جن سے ایلما کے لوگوں کا ایمان اور صبر آزمایا گیا؟ (مضایاہ ۲۳:۲۱۔) صبر اور ایمان کی آزمائش کے وقت، اُس پر بھروسہ کرنے سے، خُداوند نے اُن کے ساتھ اور ہمارے ساتھ کیا وعدہ کیا؟ (مضایاہ ۲۳:۲۲۔) خُداوند پر بھروسہ کرنے سے آپ کو کیسے برکت ملی ہے؟
- ایلما نے کیوں کہا کہ اُسکے لوگوں کو خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے؟ (مضایاہ ۲۳:۲۷۔) لوگوں نے اُسکی نصیحت کا کیا جواب دیا؟ (مضایاہ ۲۳:۲۸۔) خُداوند نے اُن کی کیسے مدد کی؟ (مضایاہ ۲۳:۲۹۔) خُداوند نے حوصلہ پانے میں آپ کی کیسے مدد کی ہے؟
- مشکل کے ذریعے آپ کیسے مضبوط بن سکتے ہیں؟ آسمانی باپ نے آپ کو یا آپ کے خاندان کی مشکل میں کیسے مدد کی ہے؟
- جب شریر حکمران عیمیلون اُنہیں بلند آواز سے دُعا نہیں کرنے دیتا تھا تو ایلما اور اُسکے لوگوں نے آسمانی باپ کو کیسے بتایا کہ اُنہیں کس چیز کی ضرورت ہے؟ (مضایاہ ۲۴:۱۲۔) آسمانی باپ نے اُنکی دُعاؤں کا کیسے جواب دیا اور اُن کیساتھ اپنے وعدوں کو پورا کیا؟ (مضایاہ ۲۴:۱۳—۱۶۔) آسمانی باپ نے آپ سے اپنے وعدے کیسے پورے کیے ہیں؟
- لامنوں سے رہائی پانے کے بعد ایلما اور اُسکے لوگوں نے کیا یاد رکھا؟ (مضایاہ ۲۴:۲۱—۲۲۔) مشکل میں بھی شکر گزاری ظاہر کرنا، کیوں ضروری ہے؟ ہم اپنی برکتوں کے لئے آسمانی باپ سے کس طرح شکر گزاری کا اظہار کر سکتے ہیں؟
- لوگوں نے اپنی مشکل میں کیسے رُوحانی طور پر برکت پائی؟
- یسوع مسیح پر ایمان اور حلیمی مصیبت کے اوقات میں کیسے آپکی مدد کر سکتی ہیں؟

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ دو بالغ حضرات کو لمحی بادشاہ اور ایلما کی طرح کا لباس پہننے کی دعوت دیں۔ لمحی بادشاہ مضایاہ ۲۱ اور ۲۲ میں سے اپنے لوگوں کا احوال بتا سکتا ہے۔ ایلما اپنے لوگوں کا احوال مضایاہ ۲۳ اور ۲۴ میں سے بتا سکتا ہے۔ بچوں کو اِن احوال میں سے واقعات کی بابت سوال کرنے دیں۔ گفتگو اور محلِ استعمال سوالات احوال کے دوران یا احوال کے نتیجہ پر استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

۲۔ جماعت کو، جماعت کی تعداد کے لحاظ سے دو یا چار ٹیموں میں تقسیم کریں۔ ہر ٹیم کو باری لے کر کہانی کے اپنے پسندیدہ حصے کی خاموش اداکاری کرنے دیں۔ جبکہ دوسری ٹیم اندازہ لگائے کہ وہ کیا خاموش اداکاری کر رہی ہے۔

۳۔ ایمان کا چوتھا رُکن زبانی یاد کریں۔

۴۔ بچوں کو درجِ ذیل صحیفائی حوالہ جات خاموشی سے پڑھنے کی دعوت دیں اور اُن پر نشان لگانے کا کہیں جو اُن کے لئے خاص معنی رکھتے ہیں:

مضایاہ ۲۳:۷، ۱۵، ۲۱—۲۲۔

مضایاہ ۲۴:۱۲—۱۶، ۲۱—۲۲۔

مضایاہ ۲۵:۱۰، ۱۵—۱۶، ۲۲—۲۴۔

## نتیجہ

**گواہی**

مشکل کے اوقات میں خُداوند کی برکتوں سے متعلق اپنی گواہی اور شکرگزاری کا اظہار کریں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں مضایاہ ۲۱:۶—۱۶ اور ۲۴:۱۰—۱۵ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹے توبہ کرتے ہیں

سبق ۱۴

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ زمینی خوشی اور ابدی زندگی کے لئے توبہ ضروری ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر مضایاہ ۲۷، ۲۸:۱–۹ اور ایلما ۳۶:۱۱–۲۴ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ ایک بیگ یا تھیلا اور چار یا پانچ وزنی اشیاء جیسے کہ کتابیں، پتھر یا اینٹیں۔ ہر شے کو گناہ، جیسے کہ جھوٹ بولنا، دوسروں کا مذاق اُڑانا، سگریٹ نوشی اور اِسی طرح کے لیبل لگائیں۔

پ۔ تصویر ۴–۲۶، ایک فرشتہ ایلما اور مضایاہ کے بیٹوں پر ظاہر ہوتا ہے۔

**مجوزہ سبقی ترقی**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

جماعت میں کئی ایک وزنی اشیاء سے بھرا ہوا ایک بیگ یا تھیلا لائیں۔ (آپ اُن خاص چیزوں کا جانتے ہونگے جن سے اِس عمر کے بچے آزمائش میں پڑتے ہیں۔ یہ لیبلوں پر استعمال کریں۔) بچوں کو باری باری بھاری تھیلا اُٹھانے کا کہیں۔ پھر ایک بچے کو ایک ایک کر کے تمام چیزیں باہر نکالنے کا کہیں۔

جب تمام "گناہ" نکال دیے جائیں گے، تو بچے کا "بوجھ" یا بھاری وزن، ہلکا ہو جائے گا۔ (آپ اِن اشیاء کو پورے سبق کے دوران سامنے رکھ سکتے ہیں تاکہ آپ اُن کا دوبارہ حوالہ دے سکیں۔) وزنی تھیلے اور ہلکے تھیلے کا موازنہ کریں۔ یسوع نے ہمیں بتایا ہے کہ اگر ہم ایمان، توبہ اور بپتسمہ کے ذریعے اُس کے پاس آئیں گے تو ہمارے بوجھ ہلکے ہونگے۔ توبہ، کوئی بھی گناہ کرنے پر پشیمان ہونا، اِسے دوبارہ نہ کرنا، اور پھر اور زیادہ نجات دہندہ کی طرح بننے کی کوشش کرنا ہے۔ اِس سبق میں بچے سیکھیں گے کہ کیسے ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹوں نے گناہ کے بوجھ کو اور خوشی کو جو یسوع مسیح پر ایمان اور توبہ سے ملتی ہے، دریافت کیا۔

**صحیفائی احوال**

مناسب موقع پر تصویر استعمال کر کے، جیسا کہ مضایاہ ۲۷ اور ۲۸:۱–۹ میں مرقوم ہے، ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹوں کی زندگیوں میں جو تبدیلی آئی اُس بابت کہانی بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii)۔ بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ یہ سبق ایلما ثانی کی بابت ہے۔ (اُسکا باپ، ایلما، جو ابینادی کی منادی سے تبدیل ہوا تھا)۔ ایلما ثانی توبہ کے جس عمل سے گزرا اُس کو زیرِ گفتگو لائیں، جو کہ بالکل وہی عمل ہے جس سے ہم توبہ کرتے وقت لازمی گزرتے ہیں۔ (دیکھئے ایلما ۳۶:۱۶–۲۱):

۱۔ گناہ کو پہچاننا

۲۔ گناہ کا اعتراف کرنا اور معافی کے لئے دُعا کرنا

۳۔ غلطی کا ازالہ کرنے کی اپنی بہترین کوشش کرنا
۴۔ گناہ کو ترک کرنا
۵۔ احکام کی فرمانبرداری کرنا اور نجات دہندہ کی مانند زندگی بسر کرنا

## گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- بے اعتقاد کلیسیاء کے ارکان کیساتھ کیا سلوک کر رہے تھے؟ ظلم کا نشانہ بننے کا کیا مطلب ہے؟ آپ کے خیال میں یہ لوگ کلیسیاء کے ارکان پر ظلم کیوں کرتے تھے؟ (مضایاہ ۲۷:۱، ۸–۱۰۔) آج کلیسیاء کے ارکان پر کن طریقوں سے ظلم کیا جا سکتا ہے؟
- ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹوں کے لئے کس نے دُعا کی؟ اُنہوں نے کس لئے دُعا کی؟ (مضایاہ ۲۷:۱۴۔) آپ کے خیال میں آپکے والدین آپکے لئے دُعا کرتے وقت کس چیز کی دُعا کرتے ہیں؟
- ہمیں جواب حاصل کرنے کے واسطے کیسے دُعا کرنی چاہیے؟ (مضایاہ ۲۷:۱۴)۔ جماعت کے ارکان کو تجربات بتانے کی دعوت دیں جب اُنہوں نے اپنی دُعاؤں کے جواب پائے ہوں۔ آپ بھی چاہیں تو ایسا تجربہ بتا سکتے ہیں۔
- ایلما اور اور اُسکے چار دوستوں نے آسمانی باپ کی قوت کا کیسے تجربہ پایا؟ (مضایاہ ۲۷:۱۱، ۱۵، ۱۸۔)
- اِس رُوحانی تجربہ کی بدولت ایلما کیساتھ کیا واقع ہوا؟ (مضایاہ ۲۷:۱۹۔) یہ ایلما کی زندگی میں کس طرح ایک عظیم برکت تھی؟)
- بزرگ ایلما نے کیا کِیا جب اُس نے سنا کہ اُسکے بیٹے کے ساتھ کیا واقع ہوا ہے؟ (مضایاہ ۲۷:۲۰–۲۳۔) ہمارے والدین کیوں ہمیں آسمانی باپ کے احکام پر عمل کرانا چاہتے ہیں؟
- فرشتہ کے اُس سے ہم کلام ہونے کے بعد، ایلما نے کیا محسوس کیا؟ (ایلما ۳۶:۱۱–۱۷۔) ہمارے لئے اپنے گناہوں کے واسطے افسوس کرنا کیوں ضروری ہے؟
- ایلما کے یسوع مسیح کے کفارے کی بابت علم نے توبہ کرنے میں اُسکی کیسے مدد کی؟ (ایلما ۳۶:۱۷–۱۸۔) نجات دہندہ کو یاد کر کے ایلما نے کیا کیا؟ (ایلما ۳۶:۱۸۔) جب ہم توبہ کرتے ہیں تو اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا اور معافی کے لئے دُعا کرنا کیوں ضروری ہے؟
- ایلما نے جو کچھ غلط کیا تھا اُسے دُرست کرنے کے لئے کیا کِیا؟ (ایلما ۳۶:۲۴۔) توبہ کے ایک حصہ کے طور پر، ہم نے جو غلط کام کیے ہیں اُن کو دُرست کرنے کی کوشش اور تبدیل ہونا ہمارے لئے کیوں ضروری ہے؟
- جب ایلما ثانی اور مضایاہ کے بیٹوں نے توبہ کر لی اور اپنی بُری راہوں سے پھرے تو وہ دوسروں کی مدد کرنے کے لئے کیا کرنا چاہتے تھے؟ (مضایاہ ۲۷:۳۲، ۳۵؛ ۲۸:۱۔) ہم اپنے خاندانوں اور دوستوں کے درمیان کیسے اچھائی کا نمونہ ہو سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایک نومولود بچے کی تصویر استعمال کریں، یا کسی کو اپنے نومولود بچے کے ساتھ جماعت میں آنے کی دعوت دیں۔ بچے کی پاکیزگی کا اُس شخص کی پاکیزگی سے موازنہ کریں جس نے توبہ کی ہے۔

۲۔ ایک نے تبدیل ہوئے رُکن کو چند طریقوں کی بابت بتانے کی دعوت دیں جن سے توبہ اور بپتسمہ نے اُس کی زندگی اور خوشی پر خوشگوار اثر ڈالا ہو۔

۳۔ گناہ سے پاک ایک شخص کو ظاہر کرنے کے لئے شفاف پانی کی ایک بوتل استعمال کریں۔ تھوڑا سا کھانے کا رنگ پانی میں گرائیں اور بیان کریں کہ کیسے رنگ پورے پانی میں پھیل جاتا ہے۔ اِس کا گناہ سے موازنہ کریں۔ تب رنگ صاف کرنے والی مائع بلیچ کے چند قطروں کا اضافہ کریں اور اِس کا موازنہ اِس طرح کریں کہ توبہ کیسے ہمیں گناہ سے پاک کرتی ہے۔ (یہ جاننے کے لئے کہ کتنا کھانے کا رنگ اور بلیچ استعمال کرنا ہے آپ پیشگی یہ تجربہ کر سکتے ہیں۔)

---

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ صرف توبہ اور یسوع مسیح کے کفارہ کے ذریعے ہی ہمارے گناہوں کا بوجھ ہلکا ہو سکتا ہے اور ہم معافی اور خوشی کی معموری پا سکتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں مضایاہ ۲۷:۱۰–۲۴ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۱۵
# ایلما اور امیولک کا اَمونیہا میں منادی کرنا

**مقصد** بچوں کو دیانتداری کیساتھ آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کی اہمیت سِکھانا۔

**تیاری**
۱۔ دُعا گو ہو کر ۸:۸–۹:۳۴ اور ۱۱:۲۱–۱۲:۱۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)


۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۱۰۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصویر ۴-۲۷، ایلما امونیہا کے لوگوں کو تعلیم دے رہا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی
چاک بورڈ پر درجِ ذیل خاکہ بنائیں:



ایک بچے کو نقطہ پر چاک رکھنے اور ہدایات کی پیروی کرتے ہوئے لکیر کھینچنے کا کہیں:

۱۔ تین خانے دائیں جاؤ
۲۔ دو خانے نیچے جاؤ
۳۔ ایک خانہ بائیں جاؤ
۴۔ ایک خانہ اُوپر جاؤ
۵۔ دو خانے بائیں جاؤ
۶۔ ایک خانہ نیچے جاؤ
۷۔ ایک خانہ دائیں جاؤ
۸۔ ایک خانہ نیچے جاؤ
۹۔ دو خانے دائیں جاؤ

- اگر (بچے کا نام) نے میری ہدایات پر عمل نہ کیا ہوتا، تو کیا لکیر ستارے پر ختم ہوتی؟

ہدایات کی پیروی کرنے میں فرمانبرداری کرنے کے لئے بچے کا شکریہ ادا کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِس سبق میں وہ دو مشنریوں کی بابت سیکھیں گے جو بتائی جانیوالی تمام باتوں میں فرمانبردار تھے۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۸:۸—۹:۳۴اور ۱۱:۲۱—۱۲:۱۹ میں سے ایلما اور امیولک کی اور اُنکے امونیہا میں منادی کی کہانی بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) مناسب وقت پر تصویر کا استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- امونیہا کے لوگ ایلما کی کیوں نہ سنتے تھے؟ (ایلما ۸:۹۔) ایلما نے لوگوں کے دِل نرم کرنے کی کوشش کے لئے کیا کِیا؟ (ایلما ۸:۱۰۔)
- آپ کے خیال میں آپ نے کیا کِیا ہوتا اگر آپ کو اُسکا تجربہ ہوتا جو ایلما نے کیا تھا جب وہ پہلی مرتبہ امونیہا کو گیا تھا؟ (ایلما ۸:۱۳—۱۴۔) فرشتہ نے ایلما کو شادمان ہونے کو کیوں کہا؟ (ایلما ۸:۱۵) جب آپ نے آسمانی باپ کے احکام کی پیروی کی ہے تو آپ نے کیسا محسوس کیا ہے؟
- یہ فرشتہ پہلی مرتبہ کب پیغام کے ساتھ ایلما کے پاس بھیجا گیا تھا؟ (ایلما ۸:۱۵ کے ذیلی حصے میں لفظ "چھُڑایا گیا" کا اشارہ دیں پھر کسی کو مضایاہ ۲۷:۱۱—۱۶ پڑھنے کا کہیں۔ ایلما نے کیسے توبہ کی اور آسمانی باپ کا ایک فرمانبردار خادم بن گیا اِسکا مختصر جائزہ لیں۔ (دیکھئے سبق ۱۴)۔
- ایلما نے جس طرح فرشتے کے حکم کا جواب دیا اِس سے ہم کیا سیکھ سکتے ہیں؟ (ایلما ۸:۱۸)
- امیولک ایلما کی مدد کرنے کا اتنا خواہشمند کیوں تھا؟ (ایلما ۸:۲۰۔) ایلما اور امیولک کو کیا کرنے کا حکم ملا تھا؟ (ایلما ۸:۲۹۔)
- آسمانی باپ نے ایلما اور امیولک کی امونیہا کے شریر لوگوں کا سامنے کرنے میں کیسے مدد کی؟ (ایلما ۸:۳۰—۳۲۔) ہم مشکل حالات میں آسمانی باپ کی مدد کے لائق ہونے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟
- ایلما نے کیا نبوت کی تھی کہ امونیہا کے لوگوں کو ہو گا اگر اُنہوں نے توبہ نہ کی اور احکام کی فرمانبرداری نہ کی؟ (ایلما ۹:۱۸۔)
- ایلما اور امیولک نے یسوع مسیح کی بابت کیا نبوت کی تھی؟ (ایلما ۹:۲۶—۲۸۔)
- روزہ رکھنے کا کیا مطلب ہے؟ ایلما نے امونیہا کے لوگوں کے لئے روزہ کیوں رکھا؟ (ایلما ۱۰:۷) روزہ آپ کے لئے کیسے باعثِ برکت ہو سکتا ہے؟
- زیزرم نے امیولک کو کیسے آزمانے کی کوشش کی؟ (ایلما ۱۱:۲۲۔) امیولک نے اِس آزمائش کا کیسے جواب دیا؟ (ایلما ۱۱:۲۳—۲۵۔) کیا کسی نے آپ کو غلط کام کرنے کے لئے دھوکہ دینے یا آزمانے کی کوشش کی ہے؟ آپ ایسی آزمائشوں کی کیسے مزاحمت کر سکتے ہیں؟
- زیزرم نے ایلما اور امیولک کی فرمانبرداری سے کیسے برکت پائی؟ کیا چیز زیزرم کی توبہ کا سبب بنی؟ (ایلما ۱۲:۷—۸۔) اپنی گواہی دینے سے دوسروں کے گواہی حاصل کرنے میں کیسے مدد ہو سکتی ہے؟ ایلما نے زیزرم کو کیا سِکھایا کہ خُدا ہمارا کیسے انصاف کرے گا؟ (ایلما ۱۲:۱۲—۱۵۔)

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایک سابقہ مشنری کو جماعت میں آنے اور بتانے کی دعوت دیں کہ اُس کے لئے مشن اُصولوں کی اور یسوع مسیح کی تعلیم کی فرمانبرداری کرنا کتنا اہم تھا۔ بیان کریں کہ مشنری ہر صبح یسوع مسیح کی انجیل سِکھانے کے لئے باہر جانے سے پہلے پاک کلام کے مطالعہ اور دُعا سے مضبوط ہوتے ہیں۔ بچوں کو سِکھائیں کہ احکام کی فرمانبرداری اُنکے ایمان کو مضبوط کرنے، حوصلہ پاتے اور شیطان سے محفوظ ہونے میں مددگار ہو گی۔

۲۔ ایک یا زائد اشیاء لائیں تاکہ ایک بچہ ایلما کی طرح ملبوس ہو سکے۔ چند بچوں کو ایلما کے امونیہا کے مشن کی اداکاری کرنے کا کہیں۔ ایلما کا کردار ادا کرنے والے بچے کو ایک کارڈ دیں جس پر درجِ ذیل پیغام لکھا ہو: ''میں ایلما ہوں۔'' میں آپ کو اپنے نجات دہندہ یسوع مسیح، کی بابت سِکھانے آیا ہوں اور یہ کہ اُسکے احکام کی کیسے فرمانبرداری کرنی ہے۔ کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟'' دوسرے بچوں کو درجِ ذیل پیغامات کے ساتھ کارڈ دیں:ڈ

ایلما، اب ہم کلیسیاء کے رُکن نہیں ہیں۔ تم جو کچھ کہتے ہو ہم اُسکا یقین نہیں کرتے۔
ایلما تم اندر نہیں آ سکتے۔ ہمارے گھروں اور ہمارے شہر سے نکل جاؤ۔
اندر آؤ۔ میں تمہارا پیغام سننا چاہتا ہوں۔
نہیں! ایلما ہمیں یاد ہے کہ تم کتنے باغی تھے ہم ایک ریاکار کو نہیں سنیں گے۔

اُس حوصلے کی بابت بات کریں جو مشنریوں میں لازمی ہو اور کیسے یسوع مسیح پر ایمان اور اُسکے احکام کی فرمانبرداری ہمیں حوصلہ دیتے ہیں۔

۳۔ ایک بچے کو امیولک کی اداکاری کرنے کا کہیں۔ ایک اور بچے کو زیزرم کی اداکاری کرنے اور یہ ظاہر کرنے کا کہیں کہ اُس کے ہاتھ میں چاندی کی چھ اُونٹیاں ہیں۔ اِس بچے کو ایک کارڈ دیں جس پر درجِ ذیل پیغام لکھا ہو۔ ''دیکھو، یہ چاندی کی چھ اُونٹیاں ہیں، اور یہ سب تمہیں دے دُونگا اگر تم اعلیٰ ہستی کے وجود کا انکار کرو۔''

اداکاری کو رکوائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اُنکے خیال میں امیولک کو اِس رشوت کی بابت کیا کہنا چاہیے۔ جو صحیح تھا وہ کرنے پر امیولک کے حوصلہ پر زور دیں۔ اُس حوصلہ کی بابت بات کریں جو آسمانی باپ اور یسوع مسیح چاہتے ہیں کہ ہم فرمانبردار ہونے کے لئے رکھیں۔

۴۔ بچوں سے پوچھیں کہ اُنھوں نے کونسے احکام کی فرمانبرداری کی ہے یا آج مانیں گے، جیسے کہ دُعا کرنا، چرچ آنا، گیت گانا، گواہی دینا، عشائے ربانی لینا، عشائے ربانی کے دوران یسوع مسیح کی بابت سوچنا، خدمت کے مہربان کام کرنا اور دہ یکی ادا کرنا۔ بچوں کی آنے والے ہفتے میں اپنے اعمال، اپنے الفاظ اور خیالات سے آگاہ رہنے اور آسمانی باپ کے احکام ماننے کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں۔

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ آسمانی باپ ہم سے اپنے احکامات کی فرمانبرداری کروانا چاہتا ہے تاکہ ہم اُسکے رُوح کے لائق ٹھہریں، جو ہمارے ساتھ ہو گا اور اپنی طرف واپس لوٹنے میں ہماری مدد کرے گا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ایلما ۸:۱۴–۲۰ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۱۶

# ایلما اور امیولک قید خانہ میں

**مقصد**

بچوں کی یسوع مسیح پر ایمان کو ترقی دینے میں مدد کرنا تاکہ وہ حق کے لئے کھڑے ہوں۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۱۴:۱–۱۶:۱۰ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۶۰:۱۳۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ ایک چھتری۔
پ۔ تصاویر ۴–۲۸، ایلما اور امیولک امونیہا میں اور ۴–۲۹ ایلما اور امیولک مسمار شدہ قید خانہ سے باہر رہے ہیں۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

بچوں کو ایک چھتری (یا ظاہر کریں آپ کے پاس ایک چھتری ہے) اور ایک مورمن کی کتاب دکھائیں۔ پوچھیں کہ دونوں چیزیں کس طرح ایک جیسی ہو سکتی ہیں۔ بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ چھتری ہماری بارش سے حفاظت نہیں کرے گی جب تک ہم اِسے کھولتے اور اِس کے نیچے نہیں کھڑے ہوتے۔ اِسی طرح، مورمن کی کتاب یسوع مسیح پر ہمارا ایمان نہیں بڑھا سکتی جب تک ہمیں اِسے کھولتے، دُعا گو ہو کر مطالعہ کرتے اور اِس کی تعلیم پر عمل نہیں کرتے۔

بچوں کو مورمن کی کتاب کی اپنی جلدیں کھولنے اور سیکھنے کی دعوت دیں کہ کیسے دو مشنری قید خانہ کی دیواروں کو زمین بوس کرنے کا ایمان رکھتے تھے۔

صحیفائی احوال

ایلما ۱۴:۱–۱۶:۱۰ میں سے ایلما اور امیولک کا قید خانے والا واقعہ بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔) مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- پچھلے سبق میں سے زیزرم کی کہانی کا مختصراً جائزہ لیں۔ جب زیزرم نے جانا کہ اُس نے لوگوں کے ذہن اندھے کر دیے ہیں تو اُس نے کیسا محسوس کیا؟ (ایلما ۱۴:۶۔)
- زیزرم نے کیسے ظاہر کیا کہ وہ اپنے گناہوں پر پشیمان ہے؟ (ایلما ۱۴:۷۔) لوگوں نے اُسکے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ آسمانی باپ پر جو یقین رکھتے ہیں لوگ بعض اوقات اُن پر ظلم کیوں کرتے ہیں؟

- امونیہا کے لوگوں نے زیزرم اور اُن لوگوں سے کیا سلوک کِیا جنہوں نے ایلما اور امیولک کا یقین کیا؟ (ایلما ۱۴:۷، ۹۔) اگر آپ کے ساتھ یہ کچھ ہو تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟
- جب غمزدہ ایلما اور امیولک نے پاک کلام اور معصوم بیویوں اور بچوں کو جلتے دیکھا تو رُوح القُدس نے ایلما کو کیا بتایا؟ (ایلما ۱۴:۱۱۔) آسمانی باپ نے لوگوں کو آگ سے بچانے کی ایلما کو اجازت کیوں نہ دی؟
- اُن راستباز لوگوں کو کیا ہوتا ہے جو سچائی کے دفاع میں مرتے ہیں؟ (ایلما ۶۰:۱۳۔) بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ بعض راستباز لوگ سچائی کے دفاع میں مر چکے ہیں۔
- آپ کے خیال میں ایلما اور امیولک ہولناک مظالم برداشت کرنے کے کیونکر قابل ہوئے؟ (یسوع مسیح پر ویسا ایمان حاصل کرنے کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں جیسے کہ ایلما اور امیولک کو حاصل تھا؟ حق کے لئے کھڑے ہونے کے لئے کیسے حوصلہ کی ضرورت ہے؟
- جس دوران ایلما اور امیولک قید خانہ میں تھے اُنہیں کیا کرنے کی قوت دی گئی تھی؟ (ایلما ۱۴:۲۵–۲۸۔) اُنہیں یہ قوت کس نے دی تھی؟ آپکے خیال میں شہر کے لوگ ایلما اور امیولک سے کیوں دُور بھاگ گئے تھے؟ (ایلما ۱۴:۲۹۔)
    - زیزرم کو کیوں اتنا زیادہ بخار تھا؟ (ایلما ۱۵:۳۔) زیزرم کا رُوحانی اور جسمانی دونوں طور پر شفا پانا کس چیز نے ممکن بنایا تھا؟ (ایلما ۱۵:۶–۸۔) غلط کام کرنے کے بعد آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟ پھر اگر آپ نے توبہ کی ہے تو کیسا محسوس کیا ہے؟ (خیال رکھیں کہ ایسی باتیں زیرِ بحث نہ لائی جائیں جو بچوں کو شرمندہ کر سکتی ہوں۔)
- شفا اور بپتسمہ پانے کے بعد، زیزرم نے کیا کِیا؟ (ایلما ۱۵:۱۲۔) آپ دوسروں کو انجیل کی بابت بتانے کے لئے اب کیا کر رہے ہیں؟ آپ کس طرح کُل وقتی مشن پر خدمت کے واسطے جانے کے لئے تیار ہو سکتے ہیں؟ امیولک کے مشنری بننے سے اُسکے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟ (ایلما ۱۵:۱۶۔) آج مشن پر جانے کے لئے مشنری کونسی قربانیاں دیتے ہیں؟
- ایلما نے کیا نبوت کی کہ امونیہا کے لوگوں کے ساتھ ہوگا اگر اُنہوں نے توبہ کرنے سے انکار کیا؟ (ایلما ۹:۱۸۔) یہ نبوت کیسے پوری ہوئی تھی؟ (ایلما ۱۵:۱۵؛ ۱۶:۲–۳، ۹–۱۰۔)
- آپ نے ایلما اور امیولک کی کہانی سے کیا سیکھا ہے جو آپکی یسوع مسیح پر ایمان رکھنے اور حق کے لئے کھڑا ہونے میں مددگار ہوگی۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ سبق کے آخر میں موجود "حق کے لئے کھڑے ہوں" والے چارٹ کی نقول تیار کریں، اور تمام بچوں کو ایک ایک کو دیں۔ بچوں کو بائیں طرف کے لفظ کو دائیں طرف کے لفظ سے ملانے کا کہیں جو ایک ایسا بیان بنائیں گے جس پر عمل کیلئے حوصلے کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب وہ ختم کر لیں تو بچوں کو کھڑا ہونے کا کہیں۔ جب ہر کوئی کھڑا ہو، تو اُنہیں بیٹھنے اور ایک بیان چُننے کو کہیں جس کے لئے وہ "کھڑا ہونے" کا خواہاں ہو۔ چھتری کھولنے اور اِس کے نیچے کھڑے ہونے کے دوران ہر بچے کو کمرے کے سامنے آنے اور اپنا مقصد بلند آواز سے دہرانے کا کہیں۔ مثال: "میں کبھی نقل نہ کرنے کے لئے کھڑا ہوں گا!" (کئی بچوں کا ایک ہی مقصد چُننا بھی ٹھیک ہے۔) بیان کریں کہ چھتری یسوع مسیح کی تعلیم کی علامت ہے، جو ہمیں شیطان سے محفوظ رکھتی ہے اگر ہم ان کے لئے "کھڑے ہوں۔"

## حق کے لئے کھڑے ہوں

| | |
|---|---|
| انتخاب کرنا | دُعائیں |
| بتانا | جائیداد |
| کبھی نہیں | مہربان |
| فرمانبرداری کرنا | دھوکہ دینا |
| عزت کرنا | سچ |
| ہوں | قسم اُٹھانا |
| گریز کرنا | صحیح |
| کہنا | احکام |
| پیروی کرنا | پاک کلام |
| مطالعہ کرنا | یسوع |

۲۔ بچوں کے ساتھ، چاک بورڈ پر اِن کاموں کی فہرست بنائیں جو بچے یسوع مسیح پر اپنے ایمان کو مضبوط کرنے کے لئے کر سکتے ہیں۔ ہر بچے کو آئندہ ہفتے کے دوران کرنے کے لئے فہرست میں سے ایک کام چننے کا کہیں۔ بچوں کو اپنی آنکھیں بند کرنے اور اپنا مقصد پورا کرنے کا تصور کرنے کا کہیں۔ بچوں کو آئندہ ہفتے آپ کو بتانے کی دعوت دیں کہ وہ کتنے بہتر طور پر کامیاب ہوئے ہیں۔

۳۔ ایمان کا چوتھا رُکن پڑھیں اور بچوں کو پہچان کرنے کا کہیں کہ زیزرم کیسے لکھے گئے ہر مرحلہ سے گزرا۔

---

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ جب ہم احکام مانتے ہیں جیسے ایلما اور امیولک نے مانے، تو یسوع مسیح پر ہمارا اپنا ایمان بڑھے گا اور ہم میں حق کے لئے کھڑا ہونے کا حوصلہ پیدا ہو گا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ایلما ۱۴:۲۳—۲۹ اور ۱۵:۱—۱۳ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

## حق کے لئے کھڑے ہوں

| | |
|---|---|
| انتخاب کرنا | دُعائیں |
| بتانا | جائیداد |
| کبھی نہیں | مہربان |
| فرمانبرداری کرنا | دھوکہ دینا |
| عزت کرنا | سچ |
| ہوں | قسم اُٹھانا |
| گریز کرنا | صحیح |
| کہنا | احکام |
| پیروی کرنا | پاک کلام |
| مطالعہ کرنا | یسوع |


## حق کے لئے کھڑے ہوں

| | |
|---|---|
| انتخاب کرنا | دُعائیں |
| بتانا | جائیداد |
| کبھی نہیں | مہربان |
| فرمانبرداری کرنا | دھوکہ دینا |
| عزت کرنا | سچ |
| ہوں | قسم اُٹھانا |
| گریز کرنا | صحیح |
| کہنا | احکام |
| پیروی کرنا | پاک کلام |
| مطالعہ کرنا | یسوع |

# عمون، ایک عظیم خادم

سبق
۱۷

| | |
|---|---|
| مقصد | اچھا نمونہ قائم کر کے اور یسوع مسیح کی گواہی دینے سے انجیل پھیلانے کے لئے ہر بچے کی حوصلہ افزائی کرنا۔ |
| تیاری | ۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۱۷–۱۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)<br>۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔<br>۳۔ مطلوبہ اشیاء:<br>الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔<br>ب۔ تصویر ۴-۳۰، عمون لمونی بادشاہ کے گلہ کی حفاظت کرتا ہے، (انجیلی تصاویر ۳۱۰؛ ۶۲۵۳۵)۔ |

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

ایک بچے کو ایک غیر رُکن کی اداکاری کرنے کا کہیں۔ دو بچوں کو مشنری بننے کا کہیں۔ (آپ چاہیں تو ناموں والے کاغذ کے بیج بھی بنا سکتے ہیں۔) مشنریوں کے ہر جوڑے کو متلاشیان کے ایک یا دو سوالوں کا جواب دینے کا کہیں، جو کہ درجِ ذیل طرح کے ہو سکتے ہیں:

آپ کیسے جانتے ہیں کہ آسمانی باپ زندہ ہے؟
تمہارا آسمانی باپ کیسا نظر آتا ہے؟
یسوع مسیح کون ہے؟
یسوع مسیح نے ہمارے لئے کیا کِیا ہے؟
رُوح القُدس کون ہے؟
رُوح القُدس ہماری کیسے مدد کرتا ہے؟

بچوں سے پوچھیں کہ جب وہ کسی کو آسمانی باپ، یسوع مسیح اور رُوح القُدس کے بارے بتاتے ہیں تو وہ کیسا محسوس کرتے ہیں۔ بچوں کی یہ جاننے میں مدد کریں کہ آسمانی باپ، یسوع مسیح اور رُوح القُدس کی بابت بتا کر دراصل اُنہوں نے اپنی گواہیاں دیں۔

بہتری کی سرگرمی نمبر ۱ توجہ دلاؤ سرگرمی کے نعم البدل کے طور پر استعمال کی جا سکتی ہے۔

بیان کریں کہ یہ سبق ایک عظیم مشنری کی بابت ہے جو بہت مضبوط گواہی رکھتا تھا۔

**صحیفائی احوال**

مناسب وقت پر تصویر استعمال کر کے، بچوں کو ایلما ۱۷–۱۹ میں سے عمون اور لمونی بادشاہ کا واقعہ بتائیں۔ بیان کریں کہ عمون نے لمونی بادشاہ کو آسمانی باپ کی بابت اپنے علم کی گواہی دیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- "[خُدوند] کے ہاتھ میں ہتھیار ہونے" کا کیا مطلب ہے؟ (ایلما ۱۷:۹۔) وضاحت کریں کہ ہتھیار ایک اوزار ہوتا ہے۔ مضایاہ کے بیٹوں کے توبہ کر لینے کے بعد، اُنہوں نے مشنری خدمت کے لئے کیسے تیاری کی؟ (ایلما ۱۷:۲–۳۔) دوسروں کو انجیل کی بابت بتانے کے لئے آپ ابھی کیا کر رہے ہیں؟ ایک کُل وقتی مشنری بننے کی تیاری کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں؟
- مضایاہ کے بیٹے لامنوں میں مشنری خدمت کے لئے کیوں جانا چاہتے تھے؟ (ایلما ۱۷:۱۶۔) یہ کیوں ضروری ہے کہ آسمانی باپ کے تمام بچے یسوع مسیح کی انجیل سنیں اور سمجھیں؟
- شریر لامنوں کے ساتھ لڑائی کے بعد عمون کو کس بات کی اُمید تھی (ایلما ۱۷:۲۹۔)
- خُداوند نے مضایاہ سے، اُسکے بیٹوں کی بابت کیا وعدہ کیا تھا؟ (ایلما ۱۷:۳۵۔) اِس موقع پر خُداوند نے یہ وعدہ کیسے پورا کیا؟ (ایلما ۱۹:۲۲–۲۳۔)
- عمون کے نمونہ کا لمونی بادشاہ پر کیا اثر ہوا؟ (ایلما ۱۸:۹–۱۱۔) آپ کے لئے کس نے اچھا نمونہ قائم کیا ہے؟ آپ کس کے لئے اچھا نمونہ قائم کر سکتے ہیں؟
- عمون کی گواہی اور خُداوند کا رُوح لمونی بادشاہ پر کیسے اثر انداز ہوئے؟ (ایلما ۱۸:۴۰–۴۳۔) دوسروں کی گواہیوں نے آپکی کیسے مدد کی ہے؟ آپ دوسروں کو کن طریقوں سے اپنی گواہی دے سکتے ہیں۔
- ملکہ اور اُسکی لونڈی ابیش نے کس طرح اپنے مضبوط ایمان کا اظہار کیا؟ (ایلما ۱۹:۸–۱۲، ۱۷۔)
- لمونی بادشاہ اور ملکہ دونوں نے کس کی گواہی دی؟ (ایلما ۱۹:۱۲–۱۳، ۲۹–۳۰۔) آپ کے خیال میں لمونی بادشاہ نے یسوع مسیح کو دیکھنے کے بعد کیا محسوس کیا؟ (ایلما ۱۹:۱۲–۱۳۔)
- یہ کیوں ضروری ہے ہم یسوع مسیح کے بارے جاننے میں دوسروں کی مدد کریں جیسے کہ عمون اور لمونی بادشاہ نے کی؟

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو معماروں، ڈاکٹروں، مالیوں، رنگسازوں وغیرہ وغیرہ کے استعمال ہونے والے اوزار دکھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ ہر ایک کے بارے کیا جانتے ہیں، اُنہیں کون استعمال کرتا ہے اور یہ کیسے استعمال ہوتے ہیں۔

اوزاروں کی اہمیت پر زور دیں۔ بیان کریں کہ کیسے ہر بچہ خُدا کے ہاتھوں میں ایک اوزار کی مانند ہو سکتا ہے۔

۲۔ ہر بچے کو ایک پنسل اور کاغذ دیں اور اُنہیں کلیسیاء اور یسوع مسیح کی انجیل کے بارے اپنی گواہیاں یا احساسات لکھنے کا کہیں۔ وہ ایسے خیالات اور احساسات شامل کر سکتے ہیں جو اُنہیں خُدا کے قریب ہونے کا احساس دلاتے ہیں۔ اُنہیں کسی ایسے شخص کی بابت سوچنے کا کہیں جس کو وہ اپنی گواہی دے سکیں۔

۳۔ گھر لے جانے کے لئے ہر بچے کو درجِ ذیل کارڈ بنانے کا کہیں۔

میں دوسروں کو —— کی بابت بتا کر ابھی سے مشنری بن سکتا ہوں ________________۔
(اُنہیں خالی جگہ پُر کرنے کا کہیں)

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ جب ہم اُسکی اور اُسکی انجیل کی گواہی دیتے ہیں تو خُداوند ہمیں برکت دیتا ہے۔ یسوع مسیح کی انجیل پر عمل کر کے، نمونے کے ذریعے ہم دوسروں کو انجیل کی بابت بتا سکتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۱۷:۱۹–۲۵، ۱۸:۸–۴۰ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق ۱۸

# لمونی بادشاہ کے باپ کا تبدیل ہونا

**مقصد**

ہر بچے کی یہ سمجھنے میں مدد کرنا کہ مخلصی کے منصوبہ کے ذریعے ہم اپنے گناہوں کی معافی پا سکتے ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ایلما ۲۰:۱–۲۲:۲۶ اور ۲۳:۱، ۴–۵ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ درجِ ذیل آٹھ لفظی پٹیاں تیار کریں۔ (یا آپ یہ الفاظ چاک بورڈ پر لکھ سکتے ہیں۔):

تخلیق

آدم اور حوا— گِرنا

گناہ

جسمانی موت

یسوع مسیح— کفارہ

قیامت

توبہ

مخلصی کا منصوبہ

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ تصاویر ۴–۹ یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)؛ ۴–۳۱، لمونی اور عمون لمونی کے باپ کو ملتے ہیں؛ اور ۴–۳۲، ہارون لمونی کے باپ کو پاک کلام پڑھ کر سنا رہا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

بچوں کو کہیں کہ وہ یاد کریں کہ جب اُنہوں نے بُرا خواب دیکھا تو اُنہوں نے کیا محسوس کیا تھا۔ ایک یا دو بچوں کو بتانے کی دعوت دیں کہ اُنہوں نے کیسا محسوس کیا تھا پھر اُنہیں یہ یاد کرنے کا کہیں کہ جاگ جانا اور جاننا کہ یہ حقیقت نہیں بلکہ خواب تھا کتنا تسلی بخش تھا۔

بیان کریں کہ آسمانی باپ کے احکام کی نافرمانی، ناخوشی، تکلیف اور دُکھ کا باعث ہوتی ہے۔ جو نافرمانی کر کے پشیمانی محسوس کرتے ہیں خواہش کرتے ہوں گے وہ "جاگیں" اور جانیں کہ اُن کے گناہ مٹ چکے ہیں۔ گناہوں کے لئے معافی اتنی آسان نہیں ہے، لیکن آسمانی باپ نے گناہوں سے معافی پانے کی راہ مہیا کی ہے۔

درجِ ذیل چار، لفظی پٹیاں سامنے لگائیں: "تخلیق،" "آدم اور حوا—گرنا،" اور "جسمانی موت۔" مختصراً "وضاحت کریں (تقریباً دو منٹ کا منصوبہ بنائیں) کہ زمین کے تخلیق کیے جانے سے پہلے ہم سب اپنے آسمانی باپ کے رُوحانی بچوں کی طرح رہتے تھے۔ یسوع مسیح نے، آسمانی باپ کی زیرِ ہدایت، زمین اور اِس کی تمام چیزیں تخلیق کیں۔ آدم اور حوا کو باغ عدن میں رکھا گیا جہاں اُنہوں نے اُس پھل کو کھانے کا فیصلہ کیا جو آسمانی باپ نے کھانے سے منع کیا تھا۔ آدم اور حوا کی پھل کھانے میں نافرمانی "گرنا" کہلاتا ہے۔ بیان کریں کہ ہم آدم اور حوا کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارے لئے زمین پر پیدائش کو ممکن بنایا۔ گرنا ضروری تھا، لیکن اِس کے ہم سب کے لئے دو بھیانک نتائج تھے:

ہم گناہ کریں گے، اچھائی اور بُرائی کے درمیان ناقص انتخابات کریں گے۔

ہم سب جسمانی موت برداشت کریں گے۔

بیان کریں کہ زمین کے تخلیق کیے جانے سے پہلے، آسمانی باپ کے پاس پہلے ہی سے ایک منصوبہ موجود تھا جو کہ ہماری توبہ کی صورت میں ہمیں مخلصی یا نجات دے سکتا تھا۔ (ایلما ۱۲:۲۲—۲۵۔) بیان کریں کہ اِس سبق میں بچے ایک لامنی بادشاہ کے بارے سیکھیں گے جس نے محسوس کیا کہ اُس نے شدید گناہ کیے ہیں اور اُس نے اپنے گناہوں کی کیسے معافی پائی۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۲۰:۱—۲۲:۲۶ میں سے لمونی کے باپ کی تبدیلی کا واقعہ بتائیں۔ لمونی کے باپ نے مخلصی کے منصوبہ کی بابت کیا سیکھا اِسے اپنی گفتگو میں شامل کریں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) تصاویر کا مناسب موقعوں پر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- لمونی بادشاہ عمون کے ساتھ ملکِ مدونی کو کیوں گیا تھا؟ (ایلما ۲۰:۱—۵۔)
- ہم کیسے جانتے ہیں کہ لمونی کا باپ انجیل قبول کرنے کو تیار نہ تھا جب وہ پہلے عمون سے مِلا تھا؟ (ایلما ۲۰:۱۰، ۱۳—۱۴۔)
- لمونی کے باپ کا دِل نرم کرنے میں کس چیز نے مدد کی تاکہ وہ بعد میں انجیل کا پیغام قبول کر سکے؟ (ایلما ۲۰:۲۶—۲۷۔) آپ اُن کی بابت کیا محسوس کرتے ہیں جو آپ سے محبت کا اظہار کرتے ہیں؟ آپ دوسروں کے لئے اپنا پیار کیسے ظاہر کر سکتے ہیں؟
- ہارون کیسے جانتا تھا کہ اُسے لمونی کے باپ سے ملنا ہے؟ (ایلما ۲۲:۱۔)
- لمونی کے باپ کو کس چیز نے پریشان کر دیا تھا؟ (ایلما ۲۲:۴—۶۔)
- آپ کے خیال میں لمونی کا باپ انجیل میں دلچسپی کیوں لینے لگا جب عمون نے کہا: "اگر تم توبہ کرؤ گے تو نجات پاؤ گے اور تم توبہ نہیں کرتے، تم روزِ آخر نکال دیے جاؤ گے؟" (ایلما ۲۲:۶۔)
- ہارون نے لمونی بادشاہ کے باپ کو سِکھانے کے لئے کیا استعمال کیا؟ (ایلما ۲۲:۱۲۔) پاک کلام کا مطالعہ کیسے ہماری مدد کر سکتا ہے؟
- ہارون نے لمونی کے باپ کے ساتھ کس پہلی بات پر گفتگو کی؟ (ایلما ۲۲:۷—۸۔) آسمانی باپ پر ایمان رکھنا کیوں ضروری ہے؟
- ہارون نے لمونی کے باپ کو تخلیق کے بارے کیا سِکھایا؟ (ایلما ۲۲:۱۰۔)
- ہم کس کی شبیہ پر خلیق کیے گئے ہیں؟ (ایلما ۲۲:۱۲۔) آپ کے لئے یہ جاننا کیوں ضروری ہے کہ آپ آسمانی باپ کی شبیہ پر تخلیق کیے گئے ہیں؟
- ہارون نے لمونی کے باپ کو گِرنے اور کفارہ کی بابت کیا سِکھایا؟ (ایلما ۲۲:۱۲—۱۴۔)

بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ ہمارے گناہوں کے لئے دُکھ اُٹھانے، ہمارے لئے اپنی جان دینے اور دوبارہ جی اُٹھنے سے یسوع مسیح گِرنے کے اثرات پر غالب آیا۔ لفظی "پٹی" "یسوع مسیح — کفارہ" لفظی پٹی "آدم اور حوا — گِرنا" کے اُوپر لگائیں۔

یسوع مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کی بدولت ہم سب بھی دوبارہ زندہ ہوں گے۔ لفظی پٹی "قیامت" لفظی پٹی "جسمانی موت" کے اُوپر لگائیں۔

ہمارے لئے توبہ کرنے اور معافی پانے کو ممکن بنانے کے واسطے یسوع مسیح نے، ہمارے گناہوں کی خاطر دُکھ اُٹھائے۔ لفظی پٹی "توبہ" لفظی پٹی "گناہ" کے اُوپر لگائیں۔

لفظی پٹی "مخلصی کا منصوبہ" دیگر لفظی پٹیوں سے اُوپر لگائیں اور بیان کریں کہ یہ آسمانی باپ کا ہماری مدد کے لئے منصوبہ ہے کہ ہم اُسکی مانند بنیں۔

- ہارون کے مخلصی کے منصوبہ کو بیان کرنے کے بعد، لمونی کا باپ کیا جاننا چاہتا تھا؟ (ایلما ۲۲:۱۵۔)
- ہارون نے لمونی کے باپ کو کیا کرنے کا کہا؟ (ایلما ۲۲:۱۶۔) اپنے گناہوں کی معافی پانے اور ابدی زندگی کے لائق ہونے کے لئے ہمیں کیا کرنا لازم ہے؟
- لمونی کے باپ نے کیا کِیا جو ظاہر کرتا تھا کہ وہ توبہ کرنا چاہتا تھا؟ (ایلما ۲۲:۱۷—۱۸۔) بادشاہ کی تبدیلی کے نتیجہ میں کیا ہوا؟ (ایلما ۲۲:۲۲—۲۳، ۲۵—۲۶؛ ۲۳:۱، ۴—۵۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو اپنے پاک کلام کی جلدوں میں اُن آیات پر نشان لگانے کی دعوت دیں جو اُنہوں نے پڑھے ہیں اور درجِ ذیل کی مانند جنہیں وہ خاص طور سے اہم سمجھتے ہیں:

"اگر تم توبہ کرو تو نجات پاؤ گے اور اگر تم توبہ نہ کرو تو تم روزِ آخر نکال دیے جاؤ گے۔" (ایلما ۲۲:۶)۔

"میں تجھے جاننے کے لئے اپنے تمام گناہوں کو ترک کرونگا۔" (ایلما ۲۲:۱۸)۔

۲۔ ایمان کے دوسرے اور تیسرے رُکن کا جائزہ لیں اور اُنکو سمجھنے اور زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۳۔ کاغذ یا چاک بورڈ پر ایک بڑا مربع بنائیں اور اِسے برابر نو مربعوں میں تقسیم کریں۔ مربعوں کو جیسا کہ دکھایا گیا ہے نمبر لگائیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۲ | ۱ |
| ۶ | ۵ | ۴ |
| ۹ | ۸ | ۷ |

جماعت کو دو ٹیموں میں تقسیم کریں۔ ہر ٹیم کو ایک نشان، جیسے کہ X یا O دیں۔ پہلی ٹیم میں سے کسی کو ایک سے نو کے ہندسوں میں سے کوئی ایک ہندسہ چننے کا کہیں۔ تب اِس سے ملتا جلتا نیچے دیا گیا سوال پوچھیں۔ ٹیم کا کوئی بھی رُکن جواب دے سکتا ہے۔ اگر ٹیم کے ارکان صحیح جواب دیں، تو وہ اپنی ٹیم کا نشان اُس نمبر کے مربع میں لگا سکتے ہیں جسکا اُنہوں نے جواب دیا ہے۔ اگر وہ سوال کا جواب صحیح طور پر نہیں دیتے، مربع خالی رہنے دیں۔ دونوں ٹیموں کو باریاں بدلنے دیں۔ جب کوئی ٹیم عمودی یا افقی لائن میں تین نشان حاصل کر لے تو کھیل ختم ہو جائے گا۔

۱) آسمانی باپ کا ہمارے لئے عظیم منصوبہ کیا کہلاتا ہے؟ (نجات کا منصوبہ، مخلصی کا منصوبہ یا خوشی کا منصوبہ۔)

۲) مخلصی کا کیا مطلب ہے؟ (ہمیں گناہ کی قید سے نجات دلانا۔)

۳) زمین کس نے تخلیق کی؟ (یسوع مسیح نے، آسمانی باپ کی زیرِ ہدایت۔)

۴) زمین پر سب سے پہلے کون لوگ تھے؟ (آدم اور حوا۔)

۵) آدم اور حوّا کے ممنوعہ پھل کھانے سے کیا ہوا؟ (وہ باغ عدن سے نکال دیے گئے، اُن کے ہاں بچے پیدا ہو سکتے تھے، وہ فانی بن گئے اور وہ نیکی و بدی میں انتخاب کرنے کے قابل ہو گئے۔ [دیکھئے موسیٰ ۵:۱۱]۔)

۶) ہارون نے بادشاہ کو پاک کلام یعنی پیتل کے اوراق میں سے سِکھایا۔ پاک کلام کونسی چار کتابیں ہیں جنہیں ہم لوگوں کو انجیل، یا مخلصی کا منصوبہ سِکھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں؟ (کتابِ مقدس، مورمن کی کتاب، تعلیم اور عہد اور بیش قیمت موتی۔)

۷) ہارون نے لمونی بادشاہ کے باپ کو کونسی پہلی بات سِکھائی؟ (خُدا موجود ہے۔)

۸) یسوع نے اُسکے ساتھ قیام کرنے کے واسطے اُس کے پاس ہمارا واپس جانا، کیسے ممکن بنایا؟ (اُس نے ہمارے گناہوں کے لئے دُکھ اُٹھائے اور موئے۔)

۹) آسمانی باپ کی طرف واپس لوٹنے کے لئے ہمیں کیا کرنا لازم ہے؟ (اپنے گناہوں سے توبہ کریں، اپنے عہود پر قائم رہیں، نیک کام کریں۔)

کھیل دوبارہ کھیلنے کے لئے، سبق میں سے سوالات بنائیں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ ہمارا آسمانی باپ ہمیں پیار کرتا ہے اور اُس نے ہمارے لئے مخلصی کا منصوبہ مہیا کیا ہے تاکہ ہم اپنے گناہوں سے توبہ کر سکیں اور اُسکی مانند بن سکیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ایلما ۲۲:۱–۱۶ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

نوٹ: اگر آپ آئندہ ہفتے کے سبق میں بہتری کی سرگرمی ۱ کو استعمال کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو ایک یا دو ہفتہ قبل ذمہ داریاں دینے کی ضرورت ہے۔

# سبق ۱۹

# عینتی۔ نیفیئ۔ لحی

**مقصد**

ہر بچے کی، مقدس عہود قائم رکھنے کی خواہش کو مضبوط کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۲۳—۲۴؛ ۲۶:۲۳—۳۳؛ اور ۲۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا۔'' vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۲۵:۱—۲۶:۲۲۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ متبادل توجہ دلاؤ سرگرمی کے لئے: ایک گہرا ڈبہ یا برتن، ڈبہ میں ڈالنے کے لئے نمک یا ریت کی کافی مقدار، یا مار کر یا رنگدار پنسل اور ایک پتھر۔

پ۔ تصویر ۴—۳۳، ''عینتی۔ نیفیئ۔ لحی اپنی تلواریں دفن کر رہے ہیں'' (انجیلی تصاویر ۳۱۱، ۶۲۵۶۵)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

عینتی۔ نیفیئ۔ لحیوں کی اپنی تلواریں دفن کرنے کی تصویر دکھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ اپنے ہتھیار دفن کرنا چاہیں گے اگر وہ جانتے ہوں کہ اُنہیں حملے کا خطرہ ہے۔ عینتی۔ نیفیئ۔ لحی کے لوگ جانتے تھے کہ اُن کے دشمن اُنہیں مارنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، لیکن اُنہوں نے آسمانی باپ کے ساتھ ایک پکا عہد کیا تھا کہ وہ نہیں لڑیں گے۔ بیان کریں کہ انجیلی عہد آسمانی باپ اور اُسکے بچوں کے درمیان ایک معاہدہ ہے۔ بچوں سے کہیں کہ جب آپ عینتی۔ نیفیئ۔ لحیوں کی کہانی سنائیں تو یہ غور سے سنیں یہ جاننے کے لئے کہ اُنہوں نے یہ وعدہ کیوں کیا اور اُنہوں نے یہ وعدہ کیسے پورا کیا۔

**متبادل توجہ دلاؤ سرگرمی**

ڈبے کے پیندے میں نمک یا ریت چھڑکیں۔ اپنی اُنگلی سے نمک یا ریت پر لفظ وعدہ لکھیں۔ بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں:

- کیا آپ نے کبھی کسی سے کوئی معاہدہ یا وعدہ کیا ہے جس نے اپنے حصے کا وعدہ توڑ دیا ہو؟ (بچوں کو بتانے کا کہیں کہ جب وعدہ توڑا گیا تو اُنہوں نے کیا محسوس کیا ساتھ ساتھ آپ مٹانے کے لئے آہستگی سے نمک یا ریت کو پھونک ماریں۔)
- ہم اُس وعدے کو کیا کہتے ہیں جو ہم آسمانی باپ کیساتھ کرتے ہیں۔ (عہد)
- ہم نے آسمانی باپ سے کب وعدے کیے تھے؟ (جب ہم نے بپتسمہ لیا تھا۔)

بچوں کو یاد لائیں کہ بے خیالی میں وعدہ نہیں کرنا چاہیے۔ اپنی بات پر قائم رہنے کی اہمیت پر زور دیں۔ مار کر یا رنگدار پنسل سے پتھر پر لفظ ''عہد'' لکھیں۔ بیان کریں کہ انجیلی عہد آسمانی باپ اور اُسکے بچوں کے درمیان وعدہ ہے۔ یہ دکھانے کے لئے کہ الفاظ آسانی سے نہیں مٹائے جا سکتے پتھر پر پھونک ماریں۔ جب ہم عہد باندھیں تو یاد رکھیں کہ یہ مقدس ہیں اور ہمیں اِن پر قائم رہنے کا پختہ ارادہ رکھنا چاہیے۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۲۳–۲۴؛ ۲۶: ۲۳–۳۳ اور ۲۷ میں سے عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں نے اپنے عہود کا کیسے احترام کیا، کا احوال بتائیں۔ صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) مناسب وقت پر تصویر کا استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- مضایاہ کے چار بیٹوں کے کیا نام تھے؟ (مضایاہ ۲۷: ۳۴۔)
- مضایاہ کے بیٹے لامنوں کے درمیان انجیل کی منادی کرنے کیوں گئے؟ (مضایاہ ۲۸: ۳۔) ضریملہ نیفیئی اُن پر کیوں ہنسے جب مضایاہ کے بیٹوں نے اُنہیں اپنے منصوبوں کا کا بتایا؟ (ایلما ۲۶: ۲۳–۲۵۔)
- لامنی یسوع مسیح کی طرف کیسے تبدیل کیے گئے تھے؟ (ایلما ۲۳: ۵–۶۔) اِن میں سے کتنے تبدیل ہونے والے یسوع مسیح کے ایمان میں مضبوط رہے؟ ہم یسوع مسیح پر اپنا ایمان مضبوط رکھنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟
- تبدیل ہونے والے لامنوں نے اپنا نام کیوں بدل لیا؟ (ایلما ۲۳: ۱۶–۱۷۔) بعد ازاں، جب یہ تبدیل ہونے والے ملکِ جرشون میں گئے تو وہ کس نام سے جانے گئے۔ (ایلما ۲۷: ۲۶۔) آپ نے کونسا نام اپنے پر لینے کا عہد کیا ہے؟ (مضایاہ ۵: ۷–۸۔)
- عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں نے پھر کبھی اپنے دشمنوں سے نہ لڑنے کا ارادہ کیوں کر لیا تھا؟ (ایلما ۲۴: ۱۰–۱۳، ۱۶۔)
- عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں نے اپنے ہتھیار دفن کر کے، خُداوند سے کیا عہد کیا تھا؟ (ایلما ۲۴: ۱۷–۱۸۔) عینتی۔ نیفیئی۔ لحی یہ عہد پورا کرنے کے لئے کتنے مخلص تھے؟ (ایلما ۲۴: ۱۹–۲۲۔) ہم نے کونسے احکام کی فرمانبرداری کرنے کا عہد کیا ہے؟ (حکمت کا کلام، دہ یکی، سبت کا دِن پاک ماننا اور اچھے خیالات اور اعمال رکھنا۔)
- کئی لامنی جنگجوؤں کو کیا ہوا جب اُنہوں نے دیکھا کہ خُدا کے لوگ لڑ نہیں رہے بلکہ مرنے کے لئے تیار پڑے ہیں؟ (ایلما ۲۴: ۲۴–۲۷۔) ہمارے نمونے کیسے دوسروں کی کلیسیاء میں شامل ہونے میں مدد کرتے ہیں؟ ہمارے اپنے عہود پر قائم رہنے کے نمونے کیسے دوسروں کو اپنے عہود پر قائم رہنے میں مدد دیتے ہیں۔
- اپنے ہتھیار دفن کرنے سے عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں نے اپنے دشمنوں کے لئے کیسا رویہ ظاہر کیا؟ (ایلما ۲۶: ۳۲–۳۳۔) آپ کیوں خیال کرتے ہیں کہ جو لوگ حقیقی طور پر یسوع مسیح کی انجیل کے لئے تبدیل ہوتے ہیں سب کے لئے، اپنے دشمنوں سمیت، محبت رکھتے اور فکر مند ہوتے ہیں۔
- عینتی۔ نیفیئی۔ لحی مرنے سے کیوں خوفزدہ نہ تھے؟ (ایلما ۲۷: ۲۸۔)
- عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں کے بادشاہ نے کیوں کہا کہ وہ اور اُسکے لوگ نیفیوں کے غلام ہونگے؟ (ایلما ۲۷: ۴–۸۔)
- اپنے عہود کا احترام کرنے کے لئے ہم کیسے اور زیادہ عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں کی مانند بن سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایک بالغ شخص کو لامنوں کے بادشاہ کا کردار ادا کرنے کا کہیں۔ اِس کردار میں وہ بتائے کہ اُس کے لوگ اپنے بھائیوں کے خلاف لڑنے کے لئے ہتھیار کیوں نہیں اُٹھائیں گے۔ وہ اپنی تلوار دفن کرے تو اُسکے عہد کا جائزہ لیں۔ (دیکھئے ایلما ۲۴:۶—۱۳، ۱۶—۱۸۔)

۲۔ ایمان کے تیرہویں رُکن کا جائزہ لیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا عمون کے لوگ اِن اُصولوں پر چلتے تھے۔ اُن سے پوچھیں کہ اِن اُصولوں پر عمل کرنے سے، اپنے عہود پر قائم رہنے میں ہماری مدد کیسے ہو گی۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ مسیح کی کلیسیاء کے رُکن ہونے کے ناطے، ہم نے مقدس عہد باندھے ہیں۔ اگر ہم وعدہ کی گئی برکتیں حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے عہود کا لازماً احترام کرنا ہو گا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں ایلما ۲۴:۶—۲۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۲۰

# کوریحور، مخالف مسیح

**مقصد** بچوں کی سمجھنے میں مدد کرنا کہ یسوع مسیح کی پیروی کرنے سے وہ شیطان کے فریب سے بچ سکتے ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۳۰ اور مرونئ ۷:۱۵—۱۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا،“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ مثبت الفاظ لکھے ہوئے کاغذ کی پرچیاں اور ٹیپ۔

پ۔ تصاویر ۴—۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)؛ ۴—۳۴، ایلما گواہی دے رہا ہے کہ خُدا موجود ہے؛ اور ۴—۳۵ کوریحور لکھ رہا ہے کہ مجھے معلوم ہے کہ خُدا موجود ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** جماعت شروع ہونے سے پہلے، کاغذ کی پرچیوں پر مثبت الفاظ (مثلاً، نیچے دیے گئے ہر جوڑے کا پہلا لفظ) لکھیں اور ایک لفظ ہر بچے کی کرسی کے نیچے، ٹیپ سے لگادیں۔ (یا آپ بچوں کو پکڑا سکتے ہیں جب وہ کمرۂ جماعت میں داخل ہوں)۔ بچوں کو اپنی کرسیوں کے نیچے الفاظ ڈھونڈنے کی دعوت دیں۔ ہر بچے کو ایک ایسا لفظ سوچنے کا کہیں جو اُن کی پرچی والے لفظ کا اُلٹ ہو۔ بچے کو اُلٹ لفظ بتانے دیں جو اُس نے سوچا ہے جبکہ باقی جماعت کو اندازہ لگانے دیں کہ بچے کے کاغذ پر کونسا مثبت لفظ لکھا ہے۔

لفظی مثالیں:

| | | |
|---|---|---|
| روشنی / تاریکی | درست / غلط | صاف / گندا |
| زندگی / موت | سچ / جھوٹ | خوش / غمگین |
| اچھا / بُرا | امن / جنگ | تندرست / بیمار |
| محبت / نفرت | سچ / جھوٹ | مہربان / نامہربان |
| کامیابی / ناکامی | خالص / ناخالص | خوشی / دُکھ |

جب ہر کوئی باری لے چکے، تو بیان کریں کہ ویسے جیسے اِس سرگرمی میں ہر لفظ کا اُلٹ ہے اِسی طرح شیطان یسوع مسیح کی ہر بات کا مخالف یا اُلٹ تعلیم رکھتا ہے۔ آسمانی باپ کی پیروی ہمارے لئے خوشی کا سبب ہوتی ہے؟ شیطان کی پیروی ہمارے لئے ناخوشی کا سبب ہوتی ہے۔ جب لوگ جھوٹ بولتے ہیں تو وہ کیا محسوس کرتے ہیں اور جب وہ سچ بولتے ہیں تو کیسا محسوس کرتے ہیں بچوں سے اِسکا فرق پوچھیں۔

بچوں کو بتائیں کہ جتنا زیادہ ہم کسی چیز کی بابت سیکھتے ہیں، ہم اتنا زیادہ اُس چیز اور اُسکے اُلٹ کی بابت بتا سکتے ہیں۔ جتنا زیادہ ہم یسوع مسیح کی بابت سیکھتے اور پیروی کرتے ہیں، اُتنا زیادہ ہم شیطان کی آزمائشوں اور دھوکوں کی مزاحمت کرنے کے قابل ہوں گے۔

بیان کریں کہ بچے یسوع مسیح کے اُلٹ — ایک مخالفِ مسیح کے بارے سیکھیں گے۔ کوئی بھی شخص یا کوئی بھی چیز کوئی متحرک طور پر یسوع مسیح کی مخالفت (چاہے کھلے عام یا رازداری سے) کرتا ہے مخالفِ مسیح ہے۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۳۰ سے کوریحور کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے، مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii)۔ آپ ایک بچے کو ایلما کا اور دوسرے کو کوریحور کا کردار ادا کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ اِس کردار میں وہ ایلما ۳۷:۲۰–۴۵ میں سے سوال اور جواب پڑھیں۔ مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- کوریحور کیوں کہتا تھا کہ لوگ بیوقوف ہیں؟ (ایلما ۳۰:۱۲–۱۶۔) ہم خود کیسے جان سکتے ہیں کہ یسوع مسیح زندہ ہے؟ (یسوع مسیح کی گواہی حاصل کرنے سے۔) ہم گواہی کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟ (پاک کلام کا مطالعہ کرنے، دُعا کرنے، انبیاء کو سننے وغیرہ سے)
- کوریحور یسوع مسیح کے کفارے کی ضرورت کی بابت کیا کہتا تھا؟ (ایلما ۳۰:۱۷۔) ہم اپنے آپ گناہ پر غالب کیوں نہیں آ سکتے؟ یسوع مسیح نے ہمارے لئے گناہ پر غالب آنا کیسے ممکن بنایا ہے؟
- ایلما کی مسیح کی بابت گواہی میں آپکو کونسی بات متاثر کرتی ہے؟ (ایلما ۳۰:۳۹–۴۱۔) اگر آپ ایلما ہوتے تو آپ نے کوریحور کو یسوع مسیح کی بابت کیا بتایا ہوتا؟
- جب کوریحور نے ایلما سے اُسے قائل کرنے کے لئے کہ خُدا موجود ہے نشان مانگا، تو ایلما نے اُسے کیا دیا؟ (ایلما ۳۰:۴۴۔) آپ ہر روز اپنے اردگرد کیا دیکھتے ہیں جو آپ کی جاننے میں مدد کرتا ہے کہ آسمانی باپ موجود ہے؟ آپ کو کونسے تجربات ہوئے ہیں جو آپکی یہ جاننے میں مدد کرتے ہیں کہ آسمانی باپ موجود ہے۔
  - کوریحور نے کیا نشان پایا؟ (ایلما ۳۰:۴۸–۵۰۔) گونگا ہونے کے بعد کوریحور نے خُدا اور شیطان کے بارے کیا لکھا؟ (ایلما ۳۰:۵۲–۵۳۔)
- شیطان اُن کی کیسے حمایت کرتا ہے جو اُسکی خدمت کرتے ہیں؟ (ایلما ۳۰:۶۰) آسمانی باپ اُنکو کیسے اجر دیتا ہے جو اُسکی خدمت کرتے ہیں؟ (مضایاہ ۲:۴۱۔) جماعت کے ارکان کو وہ تجربات بتانے کی دعوت دیں جن میں اُنہیں آسمانی باپ کے احکام ماننے سے برکت ملی ہو۔
- کیا آپ کسی ایسے اثرات سے واقف ہیں جو یسوع مسیح کی تعلیمات کی مخالفت کرتے ہیں۔ آپ کونسی چیزوں سے اجتناب کرتے ہیں کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ وہ مسیحی طرز کی نہیں ہیں۔ کونسی چیزیں آپکو مسیح کا یقین کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی یا ترغیب دیتی ہیں۔ (مرونئی ۷:۱۵–۱۷۔)
- آپ شیطان سے دھوکہ کھانے میں کیسے محفوظ ہو سکتے ہیں؟ (احکام کی پابندی کرنے، رُوح القُدس سننے، پاک کلام کا مطالعہ کرنے اور موجودہ نبی کی پیروی کرنے سے۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے، یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ سبق کے آخر میں، بچوں کو تراشے "کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے" دیں۔ بیان کریں کہ لفظ ترغیب کا مطلب کسی شخص کو یقین کرنے یا کوئی کام کرنے پر راضی کرنا ہے۔ اُنہیں بتائیں کہ ہمیں مرونئی نبی کی طرف سے کسی اچھی یا بُری چیز کے درمیان فرق کرنے کے لئے رہنمائی دی گئی ہے۔ (دیکھئے مرونئی ۷:۱۵–۱۷۔) اِس بات کو یقینی بنائیں کہ بچے یہ سمجھیں کہ اگر کوئی چیز اُنہیں مسیح پر ایمان لانے کی ترغیب دیتی ہے تو یہ اچھی ہے؛ اگر یہ نہیں تو یہ بُری ہے۔ بچے کاغذ کو یادداشت کے طور پر اپنے ساتھ لے جا سکتے ہیں۔

۲۔ ایمان کا تیرہواں رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں اور گفتگو کریں کہ کس طرح سے یہ بھی راستی کا انتخاب کرنے میں ایک رہنمائی ہے۔

۳۔ فطرت کی چیزوں کی تصاویر دکھائیں جو گواہی دیتی ہیں کہ آسمانی باپ موجود ہے۔ آپ درجِ ذیل جیسی تصاویر چرچ کے کتب خانہ سے حاصل کر سکتے ہیں: مخلوق... جاندار مخلوق (۶۲۴۸۳)، دُنیا (۶۲۱۹۶)، بچے بہار کے پھولوں کو دیکھ رہے ہیں (۶۲۲۷۰)، خاندان ایک شیر خوار کے ساتھ (۶۲۳۰۷) وغیرہ وغیرہ۔ بچوں کے اِن تصاویر کو دیکھنے کے بعد اُن کو یہ بتانے کی دعوت دیں کہ اُنہیں یہ تصاویر دیکھ کر کیسا لگا اور یہ تصاویر کس طرح سے خُدا کی گواہی دیتی ہیں۔

۴۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، صدر عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور زیرِ گفتگو لائیں۔ زور دیں کہ کیسے مورمن کی کتاب فریب سے بچنے کے لئے ایک طاقتور ہتھیار ہے۔

"اِس میں [مورمن کی کتاب] ایک طاقت ہے جو آپ کی زندگیوں میں دوڑنے لگے گی جس لمحے آپ کتاب کا مخلصانہ مطالعہ شروع کریں گے۔ آپ آزمائش کی مزاحمت کے لئے بڑی طاقت پائیں گے۔ آپ فریب سے بچنے کی بڑی قوت پائیں گے۔ آپ تنگ اور سکڑے راستے پر رہنے کی قوت پائیں گے۔" (*A Witness and a Warning,* pp. 21–22)

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ اگر ہم احکام پر عمل کریں، رُوح اُلقُدس کی ترغیبات کی پیروی، پاک کلام کا مطالعہ اور موجودہ نبی کی پیروی کریں تو ہم فریب نہ کھائیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۳۰:۱۲–۱۸، ۳۷–۵۶، ۶۰ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے؟

دیکھئے مرونئ ۷:۱۵–۱۷۔

کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے؟

دیکھئے مرونئ ۷:۱۵–۱۷۔

کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے؟

دیکھئے مرونئ ۷:۱۵–۱۷۔

کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے؟

دیکھئے مرونئ ۷:۱۵–۱۷۔

کیا یہ چیز مجھے یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ترغیب دیتی ہے؟

دیکھئے مرونئ ۷:۱۵–۱۷۔

سبق
**۲۱**

# ضورامی اور رعمی ایمپیٹم

**مقصد**
بچوں کو سِکھانا کہ آسمانی باپ کی عبادت حلیمی اور سنجیدگی سے کریں۔

**تیاری**
۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۳۱؛ ۳۴:۱–۳۰، ۳۸–۴۱؛ اور ۳۵:۱–۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ کھانے کے برتنوں کے دو سیٹ۔
پ۔ تصویر ۴–۳۶، ضورامی اور رعمی ایمپیٹم۔

**مجوزہ سبقی تیاری**
ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**
جُھوٹ موٹ کا کھانا تیار کریں دو پلیٹیں، دو گلاس اور دو چھری کانٹے رکھیں، لیکن کوئی کھانا نہ ہو۔ کھانے کا دکھاوا کریں اور مزے دار کھانے کی بابت جوش کا اظہار کریں۔ ایک بچے کو اپنے ساتھ شامل ہونے کی دعوت دیں۔ خالی برتنوں میں سے کھانے کا، ضورامیوں کی جھوٹی اور غیر سنجیدہ عبادت کے خالی پن سے موازنہ کیا جاسکتا ہے جو اِس سبق میں بیان کی گئی ہے۔ ایسی کھوکھلی عبادت ہماری رُوحانی پرورش کے لئے کچھ بہتری نہیں لاتی جیسا کہ نہ کھانا ہماری جسمانی مضبوطی کے لئے کوئی فائدہ نہیں پہنچاتا۔ اِس سبق میں بچے خُدا کی عبادت کرنے کے مناسب اور سنجیدہ طریقے سیکھیں گے۔

**صحیفائی احوال**
ایلما ۳۱ میں مرقوم ضورامیوں اور اُنکے غلط اعتقادات کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سِکھانا،" صفحہ vii۔) مناسب وقت پر تصویر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**
جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- ضورامی کون تھے؟ (ایلما ۳۱:۱–۳، ۸۔) وہ کلیسیاء کی تعلیمات سے کیسے پھر گئے تھے؟ (ایلما ۳۱:۸–۱۱۔)
- ضورامی کیسے، کب اور کہاں عبادت کرتے تھے؟ (ایلما ۳۱:۱۳–۱۸، ۲۱–۲۳۔) ہمیں آسمانی باپ اور یسوع مسیح کی کیسے عبادت کرنی چاہیے؟
- کونسی چند باتیں ہیں جن کا ضورامی یقین کرتے تھے جو دراصل غلط تھیں۔ (ایلما ۳۱:۱۵–۱۷، ۲۰۔) یہ جاننا کیوں ضروری ہے کہ آسمانی باپ اور یسوع مسیح کون ہیں اور وہ درحقیقت کیسے نظر آتے ہیں؟
- ہم کیسے جانتے ہیں کہ ضورامیوں کی دُعائیں غیر مخلص تھیں؟ (ایلما ۳۱:۲۳، ۲۷۔) ہم کیسے اپنی دُعائیں اور زیادہ مخلص بنا سکتے ہیں؟

- ضورامی کیوں خیال کرتے تھے کہ وہ دوسروں سے بہتر ہیں۔ (ایلما ۳۱:۲۴—۲۵، ۲۷—۲۸۔) کن طریقوں سے بعض اوقات ہم محسوس کر سکتے ہیں کہ ہم دوسروں سے بہتر ہیں؟ غرور کیوں خطرناک گناہ ہے؟ (یہ ہمیں خُدا سے دُور لے جاتا ہے۔)
- ایلما اور دیگر رہنماؤں نے کیا محسوس کیا جب اُنہوں نے اُن لوگوں کو دیکھا جو سچ کو ترک کر چکے تھے؟ (ایلما ۳۱:۱۹، ۲۴، ۳۰—۳۱۔) ہم اُن کی کیسے مدد کر سکتے ہیں جو سچائی کو نہیں جانتے؟ ہم کم متحرک ارکان کی کیسے مدد کر سکتے ہیں؟
- ضورامیوں کے دِل کس پر لگے تھے؟ (ایلما ۳۱:۲۸۔) آج آپ کی عمر کے بچے کونسی دُنیاوی چیزوں پر اپنا دِل لگاتے ہیں؟ دُنیاوی چیزوں پر اپنا دِل لگانا کیوں غلط ہے؟
- ایلما نے اپنے لئے اور اپنے ساتھیوں کے واسطے کن چیزوں کے لئے دُعا کی؟ (ایلما ۳۱:۳۱—۳۵۔) خاص چیزوں کے لئے دُعا کرنا کیسے ہماری دُعاؤں کو اور زیادہ مخلص بناتا ہے؟ دُعا کرنے سے آپکو کس مسئلہ میں مدد ملی ہے؟
- امیولک نے یسوع مسیح کی بابت کیا گواہی دی؟ (ایلما ۳۴:۸۔) ضورامی کیسے یسوع مسیح کی گواہی حاصل کر سکتے تھے؟ (ایلما ۳۴:۱۷۔)
- ہمیں کب اور کیسے دُعا کرنی چاہیے؟ ہمیں کن چیزوں کے لئے دُعا کرنی چاہیے؟ (ایلما ۳۴:۱۸—۲۷۔) ہم کس طرح آسمانی باپ کی ہفتے کے تمام دِنوں میں عبادت کر سکتے ہیں؟
- ہمیں دُعا کرنے کے بعد کیا کرنا چاہیے تاکہ ہماری دُعائیں مؤثر ہوں؟ (ایلما ۳۴:۲۸۔)
- عمون کے لوگوں (عینتی۔ نیفئی۔ لحی) نے ضورامیوں سے کیسا سلوک کیا جو اُن میں شامل ہوئے؟ (ایلما ۳۵:۹۔)

ہمیں ایک اجنبی سے یا اُن سے کیسا سلوک کرنا چاہیے جو ہمارے درمیان غریب ہیں؟ یہ آسمانی باپ کیساتھ محبت کا اظہار کیسے ہے۔ (متی ۲۵:۴۰؛ مضایاہ ۲:۱۷۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ درجِ ذیل صحیفائی حوالہ جات چاک بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو اُن آیات کو جو ضورامیوں کے غلط اعتقاد بیان کرتی ہیں اُن آیات سے ملانے کو کہیں جو ایلما اور امیولک کی دُرست تعلیمات پر مبنی ہیں:

ایلما ۳۱:۱۶ (ضورامی ایمان رکھتے تھے کہ کوئی مسیح نہیں ہو گا۔

ایلما ۳۱:۲۰—۲۳۔ (تمام ضورامی ایک جیسی دُعا کرتے تھے اور پورا ہفتہ پھر عبادت نہ کرتے تھے۔)

ایلما ۳۱:۲۴ (ضورامیوں کے دِل دولت پر لگے تھے۔)

ایلما ۳۴:۸ (امیولک نے مسیح کی گواہی دی)

ایلما ۳۴:۱۹—۲۷ (امیولک نے سِکھایا ہمیں ہمیشہ اور ہر چیز کی بابت دُعا کرنی چاہیے۔)

ایلما ۳۴:۲۸—۲۹ (امیولک نے سِکھایا کہ ہمیں اا پنے مال میں سے غریبوں کو دینا چاہیے۔)

۲۔ بچوں سے پوچھیں کہ اگر اُنکا مذاق اُڑایا جائے تو وہ کیا محسوس کریں گے۔ اُن باتوں پر گفتگو کریں جن سے لوگ متکبر ہو جاتے ہیں؟ بچوں کو یاد دلائیں کہ لحی کے خواب میں عظیم اور کشادہ عمارت دُنیا کے غرور کو ظاہر کرتی تھی۔ بیان کریں کہ فروتن ہونا متکبر ہونے کے اُلٹ ہے۔ بچوں کو کاغذ پر ایک بات لکھنے کو کہیں جس سے وہ اور زیادہ فروتن ہوں گے۔

۳۔ بچوں کو درجِ ذیل یا سبق میں سے دیگر آیات پڑھنے اور نشان لگانے کی دعوت دیں۔ (بچے پوری آیت یا اِسکا ایک حصہ زبانی یاد کر سکتے ہیں جو اُنہیں اہم لگتی ہے۔):

ایلما ۳۱:۳۴—۳۵
ایلما ۳۴:۸
ایلما ۳۴:۲۶—۲۸
ایلما ۳۴:۳۸

---

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ اگر ہم فروتنی اور سنجیدگی سے آسمانی باپ کی پرستش کریں گے تو وہ ہمیں برکت دیگا اور ہم اپنی دُعاؤں کے جواب پائیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۳۱:۸—۲۵ اور ۳۴:۱۷—۲۹ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۲۲

# ایلما ایمان کی بابت سِکھاتا ہے

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ خُدا کا کلام، اگر ایمان سے پرورش کی جائے، ہمارے دِلوں میں یسوع مسیح کی گواہی پیدا کرے گا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۳۲–۳۳ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا،“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ سبق کے آخر میں تصاویر کا معائنہ کریں اور فیصلہ کریں کہ اُنہیں سبق کے دوران کیسے دکھانا چاہتے ہیں۔ آپ ہر تصویر کی ایک کاغذی نقل تیار کر سکتے ہیں یا اِسے موٹے کاغذ (گتہ) پر چھاپ سکتے ہیں، یا تصویر کو چاک بورڈ پر بنانے کی تیاری کر سکتے ہیں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ ہر بچے کے لئے ایک بیج، اگر ممکن ہو۔

پ۔ سبق کے آخر میں موجود تصاویر کی ایک نقل (بیج، اُگتا ہوا بیج، نوخیز پودا، درخت، بارش، سورج، مٹی اور کھاد)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

ہر بچے کو ایک بیج دیں، بیج کی تصویر دکھائیں، یا چاک بورڈ پر بیج کی شکل بنائیں۔

- بیج کیا بن سکتا ہے؟ (پودا یا درخت، اِس کا انحصار اِس پر ہے کہ وہ بیج کس قسم کا ہے)
- اِس سے پہلے کہ بیج اُگنا شروع کر سکے کیا ہونا ضروری ہے؟ (اُگتے ہوئے بیج کی تصویر دکھائیں یا اِسے چاک بورڈ پر بنائیں۔)
- جب درخت چھوٹا ہو تو کیسا لگتا ہے؟ (نوخیز پودے کی تصویر دکھائیں یا چاک بورڈ پر بنائیں۔) جب یہ بڑا ہو جاتا ہے تو کیسا لگتا ہے۔ (درخت کی تصویر دکھائیں یا چاک بورڈ پر بنائیں۔)
- بیج کی درخت یا پودا بننے میں مدد کے لئے اِسے کس خوراک کی ضرورت ہے؟ (بیان کریں کہ خوراک کا مطلب ایسی چیز ہے جو چیزوں کو بڑھنے اور اُنہیں زندہ اور بہتر رہنے میں مدد دیتی ہے، جیسے کہ پانی، کھاد، سورج کی روشنی اور مٹی بیج کی تصویر کے قریب سورج، بارش، مٹی اور کھاد کی تصویر رکھیں۔

بچوں کو بتائیں کرہ وہ اِس سبق میں سیکھیں گے کہ وہ کیسے مضبوط گواہی حاصل کر سکتے ہیں۔ جب آپ سبق میں سے ہر اُصول پر گفتگو کریں تو آپ بہتری کی سرگرمی ا میں سے لفظی پٹیاں استعمال کر سکتے ہیں۔

صحیفائی احوال

ایلما ۳۲:۳۳ میں سے ایلما کے ضورامیوں کو سِکھانے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔) بیان کریں کہ جیسے ایک اچھا بیج بہتر حفاظت اور خوراک سے بالآخر ایک پھلدار درخت بن جائے گا، خُدا کا کلام، ہمارے دِلوں میں بوئے اور مناسب پرورش کیے جانے سے، ایک مضبوط گواہی میں ترقی پائے گا۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

بیان کریں کہ پچھلے سبق میں بچوں نے امیر اور مغرور ضورامیوں کے بارے سیکھا تھا۔

- غریب ضورامی کیوں حلیم تھے؟ (ایلما ۳۲:۲–۳) کونسی چند تکالیف ہیں جو لوگوں کو انجیل سننے کے لئے حلیم بناتی ہیں؟
- "دِل کے غریب" ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (فروتن، سیکھنے کے مشتاق، حقیقی تائب اور غرور سے پاک۔)
- غریب ہونا اِن لوگوں کے لئے کیسے برکت کا باعث تھا؟ (ایلما ۳۲:۱۲–۱۳۔) بیان کریں کہ تکلیفوں اور غربت کے باوجود لوگ فروتن ہو سکتے ہیں، لیکن بعض اوقات دولتمند لوگ مغرور ہو جاتے ہیں۔ انجیل کی بابت سیکھنے کے بعد ہمیں کیوں فروتن ہونا چاہیے؟
- ایمان کیا ہے؟ (ایلما ۳۲:۲۱)۔ انجیل کی گواہی کو فروغ دینے کے واسطے ہمارے لئے ایمان رکھنا کیوں ضروری ہے؟ (ایلما ۳۲:۲۶۔) بیان کریں کہ گواہی حاصل کرنے میں وقت لگتا ہے۔ حکموں کو جاننے سے گواہی پانے میں ہماری مدد ہو سکتی ہے کہ یہ سچ ہیں۔
- ایمان کو ترقی دینے کے لئے ایلما ہمیں کیا کرنے کا کہتا ہے؟ (ایلما ۳۲:۲۷۔) ہم یقین کرنے کی اپنی خواہش کو بڑھانے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟
- احکام کی فرمانبرداری کرنا کیسے خُدا کے کلام پر "تجربہ" کرنا ہے؟ (بیان کریں کہ تجربہ کا مطلب کسی چیز کو استعمال کرنا جس کی بابت آپ پُر یقین نہیں ہیں۔ جب ہم تجربہ کرتے ہیں یا احکام مانتے ہیں، جیسے کہ حکمت کا کلام؛ ہم اپنی فرمانبرداری کے لئے برکتیں پاتے ہیں اور ہماری گواہیاں مضبوط ہوتی ہیں۔) احکام کی فرمانبرداری کرنے سے آپکا ایمان کیسے مضبوط ہوا ہے؟
- ہم اپنے دِلوں میں خُدا کا کلام کیسے بو سکتے ہیں تاکہ ہماری گواہیاں ترقی پائیں؟ (باقاعدگی سے پاک کلام کا مطالعہ کرنے سے؛ پرائمری، عشائے ربانی کی عبادت اور خاندانی شام میں سننے سے، (دُعا کرنے سے، اور اپنی زندگیوں میں مستقلاً انجیل کے اُصولوں کو اپنانے سے۔)
- ہم کیسے جانیں گے اچھا بیج یا انجیل کی گواہی ہمارے اندر پھلنا پھولنا شروع ہو چکی ہے؟ (ایلما ۳۲:۲۸، ۳۴۔) جماعت کے ارکان کو اپنی گواہیاں دینے اور اُنہوں نے یہ کیسے حاصل کیں بتانے کی دعوت دیں۔ بچوں کی اپنی گواہیاں پانے اور اُنہیں مضبوط کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اُنہیں یقین دلائیں کہ اگر وہ ایمان رکھیں گے تو وہ انجیل کی مضبوط گواہیاں پا سکیں گے۔
- بیج کی پرورش کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (بیان کریں کہ پرورش کرنے کا مطلب خوراک دینا یا دیکھ بھال کرنا ہے۔) انجیل کی اپنی گواہیوں کی پرورش کرنے کے لئے ایلما نے کونسی خوبیاں بتائی ہیں جو کہ ہم میں لازمی ہونی چاہیں؟ (ایلما ۳۲:۴۱–۴۲۔) آپ کیوں خیال کرتے ہیں کہ صبر اور جانفشانی ایمان اور گواہی کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں؟
- پاک کلام کا مطالعہ ہمارے ایمان اور گوہی کو کیسے مضبوط کرتا ہے؟ (ایلما ۳۳:۱۴۔)
- کونسی اہم تعلیمات کو ہماری گواہی کا حصہ ہونا چاہیے؟ (ایلما ۳۳:۲۲۔)
- مضبوط گواہی کیسے ایک درخت کی مانند ہے؟ (ایلما ۳۳:۲۳۔) گواہی پانا کیسے آپکی ابدی زندگی حاصل کرنے میں مدد کرے گا؟ آپ چاہیں تو بتا سکتے ہیں کہ آپکی گواہی سے آپکو اپنے مسائل سے نمٹنے میں کیسے آسانی ہوئی ہے اور یہ کیسے آپکے لئے خوشی کا سبب بنی ہے۔

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل سرگرمیوں میں سے ایک یا زائد سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

ا۔ درجِ ذیل لفظی پٹیاں بنائیں:

خُدا کا کلام
یسوع مسیح کی گواہی
دُعا
پاک کلام کا مطالعہ کرنا
احکام کی فرمانبرداری کرنا
خدمت کرنا

جب آپ بچوں کو صحیفائی احوال بتائیں تو بیان کریں کہ ایلما ۳۲ میں خُدا کے کلام کا موازنہ بیج سے کیا گیا ہے۔ بیج کی تصویر "خُدا کا کلام" کی لفظی پٹی لگائیں۔ (بتائیں کہ اِس آیت میں خُدا کے کلام کا مطلب انجیل یا یسوع مسیح کی تعلیمات ہیں۔) جیسے بیج ایک درخت بنے گا؛ اگر ہم خُدا کا کلام سیکھیں اور فرمانبرداری کریں تو ایسے ہی ہم انجیل کی مضبوطی گواہی پائیں گے۔

درخت کی تصویر پر لفظی پٹی "یسوع مسیح کی گواہی" لگائیں۔ جیسے بیج کو درخت بننے کے لئے دیکھ بھال اور خوراک کی ضرورت ہوتی ہے ویسے ہی ہماری گواہیوں کو مضبوط ہونے کے لئے ایمان اور دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ اپنی گواہیاں مضبوط کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔ جب وہ جواب دیں، لفظی پٹی "دُعا"، "پاک کلام کا مطالعہ کرنا"، "احکام کی فرمانبرداری کرنا"، اور "خدمت کرنا" اُن چیزوں کی تصویروں کے پاس لگائیں جو درخت کی پرورش کرتی ہیں۔

۲۔ اُن الفاظ میں سے جو سبق سے متعلقہ ہیں۔ کاغذ کی پرچیوں پر لکھ کر اور کاغذ کو ٹکڑوں میں کاٹ کر انفرادی معمے بنائیں۔ الفاظ میں فروتنی، خواہش، پرورش کرنا، فرمانبرداری وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔ جماعت کو اتنے گروپوں میں تقسیم کریں جتنے آپ کے پاس الفاظ ہیں۔ جب ایک گروپ لفظ جوڑے تو اُس گروپ میں سے ایک بچے کو جائزہ لینے کا کہیں جو کہ سبق اُس لفظ کی بابت سِکھاتا ہے۔

۳۔ کاغذ کی پرچیوں پر انجیلی اُصول لکھیں، جیسے کہ روزہ رکھنا، دہ یکی، حکمت کا کلام ہے۔ ہر بچے کی پشت پر کاغذ کا ایک ٹکڑا ٹیپ یا پن سے یوں چسپاں کریں کہ بچہ اِسے دیکھ نہ سکے۔ اندازہ لگانے کی کوشش کرنے کے لئے کہ کونسا اُصول ہے بچوں کو سوال پوچھنے دیں یا باقی ماندہ جماعت کو اندازے بتانے کا کہیں۔ بچے کو صحیح اندازہ لگا لینے کے بعد، اُس سے پوچھیں کہ کوئی اِس اُصول کی گواہی کیسے حاصل کر سکتا ہے۔ ہر کیفیت کے جواب میں دُعا اور اُصول پر عمل کرنا شامل ہونا چاہیے۔

## نتیجہ

**گواہی**


گواہی دیں کہ اگر بچے اپنے بچپن میں خُدا کا کلام سیکھیں گے اور احکام کی فرمانبرداری کریں گے تو وہ یسوع مسیح کی انجیل کی سچائی کی مضبوط گواہیاں پائیں گے۔ نجات دہندہ اور اُسکی انجیل پر اپنے ایمان کی بابت اپنے احساسات کا اظہار کریں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔


**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۳۲:۲۱–۲۲، ۲۶–۲۸، ۴۰–۴۳؛ اور ۳۳:۱۴–۲۳ کا مطالعہ کریں۔


ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔










کھاد







# سبق ۲۳

# ایلما اپنے بیٹوں ہیلمن اور شبلون کو نصیحت کرتا ہے

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ پاک کلام اِس زندگی میں خوشی کے منبع اور آسمانی باپ کی طرف واپس لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کے لئے رہنمائی کے طور پر دیا گیا ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۳۷–۳۸ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ ہر بچے کے لئے تراشہ ''پاک کلام'' (سبق کے اختتام پر) کی ایک نقل تیار کریں۔ (اختیاری)

۴۔ لفظی پٹی ''ابدی زندگی'' تیار کریں۔

۵۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ یسوع مسیح کی ایک چھوٹی تصویر یا لفظی پٹی ''یسوع مسیح''۔

پ۔ تصاویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲) اور ۴–۵۱ لحونا (انجیلی تصاویر ۳۰۲؛ ۶۲۰۴۱)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

جماعت کے شروع ہونے سے پہلے جماعت میں کسی جگہ پر یسوع مسیح کی چھوٹی تصویر یا لفظی پٹی ''یسوع مسیح'' چھپادیں۔ لفظی پٹی ''ابدی زندگی'' سامنے لگائیں۔ بیان کریں کہ کلیسیاء کے رُکن ہوتے ہوئے ہم اِس زندگی میں خوشی پانا، اپنے آسمانی باپ کے پاس لُوٹنا اور ابدی زندگی حاصل کرنا چاہتے ہیں، جو کہ خُدا کی حضوری میں خاندانوں کی حیثیت سے ہمیشہ تک سکونت کرنا ہے۔ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ ابدی زندگی خُدا کی طرف سے اپنے بچوں کے لئے سب سے بڑی نعمت ہے۔ آسمانی باپ چاہتا ہے کہ ہم سب ہمیشہ اُسکے ساتھ رہنے کے لائق بنیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کمرے میں کسی جگہ کسی کی ایک چھوٹی تصویر (لفظی پٹی) چھپی ہے جو ابدی زندگی حاصل کرنے میں اُن کی مدد کرنا چاہتا ہے۔ بچوں کو تصویر ڈھونڈنے کے لئے تقریباً تیس سیکنڈ دیں۔ اُنہیں یاد کرائیں کہ ابدی زندگی پانے کے لئے اُس نے ہمیں رہنمائی عطا کی ہے۔ اگر ضروری ہو تو اشارے دیں۔

بچوں کو یسوع مسیح کی چُھپی تصویر (یا لفظی پٹی) ڈھونڈ لینے کے بعد، اُنہیں مسیح کی بڑی تصویر اور اپنا پاک کلام دکھائیں۔ بیان کریں کہ یسوع مسیح کی بابت سیکھنے اور اُس کی مانند بننے کے لئے رہنما کے طور پر ہمیں یہ پاک کلام دیا گیا ہے تاکہ ہم اپنے آسمانی باپ کے پاس واپس لوٹ سکیں۔

**صحیفائی احوال**

مجوزہ تصاویر استعمال کر کے ایلما ۳۷–۳۸ میں موجود اپنے بیٹوں ہیلمن اور شبلون کو کی جانیوالی ایلما کی نصیحت، کا بتائیں۔ زور دیکر بتائیں کہ پاک کلام میں موجود ایلما کی تعلیمات کس طرح ہماری زندگیوں میں رہنما ہو سکتی ہیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- مورمن کی کتاب کے انبیاء کے لئے پیتل کے اوراق محفوظ کرنا کیوں اتنا ضروری تھا؟ (ایلما ۳۷:۴، ۸، دیکھئے سبق ۳۔)
- لحی کو لحونا کیوں دیا گیا تھا؟ یہ کیسے کام کرتا تھا؟ (۱ نیفئی ۱۶:۱۰، ۲۸۔)
- پاک کلام کس طرح لحونا کی مانند ہے؟ (ایلما ۳۷:۴۴–۴۵۔) آسمانی باپ کے ساتھ قیام کے واسطے اُسکی طرف واپس لوٹنے میں پاک کلام کس طرح ہماری مدد کرتا ہے؟
- پاک کلام نے لامنوں کو کیا سِکھایا جس نے اُنہیں توبہ کرنے کی ترغیب دی؟ (ایلما ۳۷:۹۔)
- ایلما نے اپنے بیٹے ہیلمن کو لوگوں کو کیا سِکھانے کو کہا؟ (ایلما ۳۷:۳۲–۳۴۔) ہم آزمائشوں پر کیسے غالب آ سکتے ہیں؟
- جب ایلما نے ہیلمن کو نصیحت کی "اپنی جوانی میں حکمت سیکھو" اُسکا کیا مطلب تھا؟ (ایلما ۳۷:۳۵۔) اپنی جوانی میں انجیل پر عمل کرنا کیوں اتنا ضروری ہے؟
- ایلما نے ہیلمن کو دُعا کی بابت کیا سِکھایا؟ (ایلما ۳۷:۳۶–۳۷۔) آپ کو کب اور کیسے دُعا کرنی چاہیے؟ "یوم آخر اقبالمند کیے جانے" کا کیا مطلب ہے؟ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ یہ آخری عدالت کا حوالہ ہے جب وہ سب جنہوں نے احکام کی فرمانبرداری کی ہے آسمانی باپ کی حضوری میں داخل ہوں گے اور ہمیشہ اُس کیساتھ رہیں گے۔
- ایلما کا بیٹا شبلون اُسکے لئے کیسے بڑی خوشی کا سبب بنا؟ (ایلما ۳۸:۲–۴۔) احکام کی فرمانبرداری کیسے آپکے والدین کے لئے خوشی کا سبب بنی ہے؟
- غرور کیا ہے؟ (ایلما ۳۸:۱۱۔ سیکھنے کا مشتاق نہ ہونا یا فروتن نہ ہونا۔) مغرور لوگ سوچتے ہیں کہ وہ دوسرے لوگوں سے زیادہ اہم ہیں۔ مغرور لوگ آسمانی باپ کی مرضی کی بجائے اپنی مرضی کی پیروی کرتے ہیں۔) اپنی غلطیوں کو تسلیم کرنا اور دُرست کرنا سیکھنا، کیسے ہمیں آسمانی باپ کے اور زیادہ قریب لاتا ہے؟ شیخی مارنے کا کیا مطلب ہے؟
- ایلما اُن باتوں کو کیسے جانتا تھا جو اُس نے اپنے بیٹوں کو سِکھائیں؟ (ایلما ۳۸:۶–۸۔) ہمیں کیا کرنا چاہیے تاکہ رُوح القُدس ہماری مدد کر سکے جیسے اُس نے ایلما کی مدد کی؟ رُوح القُدس نے راست کام کرنے میں کیسے آپ کی مدد کی ہے؟
- ایلما نے شبلون کو یسوع مسیح کی بابت کیا گواہی دی؟ (ایلما ۳۸:۹۔) ہم اُس جیسی گواہی حاصل کرنے کے لئے پاک کلام کو کیسے استعمال کر سکتے ہیں؟ (روزانہ اُن کو پڑھیں اور غور کریں، اُنہیں سمجھنے کے لئے رُوح کی مدد کے خواہاں ہوں اور اُنہیں اپنی کیفیتوں اور تجربات پر لاگو کریں۔)

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں:

۱۔ بیان کریں کہ ہمیں پاک کلام دیے جانے کی وجوہات میں سے ایک ہمیں اپنے مسائل پر غالب آنے اور حل کرنے میں مدد کرنا ہے۔ جماعت کے ہر رُکن کو تحریر شدہ چار کیفیتوں کی نقل دیں۔ ہر بچے کو ایک ساتھی کے ساتھ فیصلہ کرنے کے لئے کہ دی گئی آیات کیسے ہر کیفیت میں مدد دے گی، کام کرنے دیں۔ نیچے دی گئی چار کیفیتیں صرف مثالیں ہیں۔ آپ دیگر ایسی ہی مثالیں استعمال کر سکتے ہیں جو آپ کی جماعت کے بچوں سے زیادہ بہتر تعلق رکھتی ہوں۔ (ایک سے زائد آیات ایک ہی کیفیت پر لاگو ہو سکتی ہیں۔)

جب جِم نے بپتسمہ لیا تو اُسکا خاندان اُس سے ناراض تھا۔ جب بشپ نے جِم کو کُل وقتی مشن پر جانے کو کہا تو جِم کے پاس پیسے کم تھے۔

شیلی کو ایک اہم فیصلہ کرنا ہے، لیکن کئی لوگوں سے بات کرنے کے باوجود وہ فیصلہ نہ کر سکی کہ کیا کرنا ہے۔

ہیتھر کی سہیلیاں اکثر اُسے اپنے ساتھ دکان سے چوری کروانے کی کوشش کرتی ہیں۔ جب وہ انکار کرتی ہے تو وہ اُسکا مذاق اُڑاتی ہیں۔

ڈگ کو سکول میں ایک ذمہ داری دی گئی ہے جو مقررہ وقت میں مکمل کرنا مشکل ہے۔

ایلما ۲۶:۱۲؛ ا نیفئ ۳:۷؛ ایلما ۳۷:۳۷؛ ا نیفئ ۱۷:۳

۲۔ ایلما ۳۷ میں سے درجِ ذیل الفاظ دو علٰحدہ پرچوں پر نقل کریں۔

"اپنی جوانی میں حکمت سیکھو؛ ہاں؟ اپنی جوانی میں خُدا کے احکام ماننا سیکھو۔" (ایلما ۳۷:۳۵۔)

"اپنے تمام کاموں میں خُداوند سے مشورت لو؛ اور وہ نیکی کی طرف تمہاری رہنمائی کرے گا۔" (ایلما ۳۷:۳۷۔)

ہر آیت انفرادی لفظوں میں کاٹ لیں۔ پہلی آیت ایک ڈبہ میں اور دوسری دوسرے ڈبے میں ڈالیں اور اُنہیں جماعت کے سامنے رکھیں۔ جماعت کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو ایک پنسل اور کاغذ دیں ہر گروپ میں سے ایک وقت میں ایک شخص کو ڈبے کے پاس آنے، ایک لفظ اُٹھانے اور واپس گروپ کے پاس جانے کا کہیں۔ اگلا شخص بھی یہی کچھ کرے۔ دونوں گروپ الفاظ کو مناسب ترتیب سے لگائیں۔ اگر بچوں کی مدد کی ضرورت ہو تو اُنہیں صحیفائی حوالہ دیں۔ جب گروپ اپنے حوالے معلوم کر لیں تو وہ اُنہیں لکھ اور زبانی یاد کر سکتے ہیں۔ آخر میں دونوں گروپ اپنی اپنی آیت اکٹھے بلند آواز سے پڑھ سکتے ہیں۔

۳۔ جماعت کے ساتھ ا نیفئ ۱۶:۲۸ پڑھیں: "اور ایسا ہوا کہ میں، نیفئ، نے گیند میں سوئیوں کو دیکھا، کہ وہ ہمارے ایمان اور جانفشانی اور توجہ کے مطابق کام کرتی تھیں جو ہم اُنہیں دیتے تھے۔" گفتگو کریں کہ لحونا کیسے لحی اور اُسکے خاندان کے لئے کام کرتا تھا۔ جماعت کے ارکان کو تین گروپوں میں تقسیم کریں اور ہر گروپ کو تین الفاظ میں سے ایک (ایمان، جانفشانی یا توجہ) اِسکی تعریف کے ساتھ دیں۔

ایمان: اُس پر یقین جو اندیکھا اور سچا ہے۔
جانفشان: کسی کام کو کرنے کی مخلص کوشش۔
توجہ: دھیان؛ نوٹس۔

ہر گروپ کو اپنے الفاظ کے معنوں اور اُصول پر گفتگو کرنے کا کہیں کہ یہ آیت آسمانی باپ کی طرف لوٹنے کے لئے رہنما کے طور پر استعمال کرنے میں کس طرح مددگار ہو سکتی ہے۔ تشریح کرنے کے لئے اُنہیں ایک مثال سوچنے کا کہیں۔ ایک یا دو منٹ کے بعد ہر گروپ کو، کسی ایک کو یہ بتانے کے لئے منتخب کرنے کا کہیں کہ وہ جماعت کو بتائے کہ یہ اُصول، پاک کلام کو لحونا کی مانند استعمال کرنے میں کیسے مددگار ہو سکتا ہے۔

۴۔ وارڈ کے ایک رُکن کو جماعت میں آنے اور اُن تجربات کا بتانے کی دعوت دیں جن میں پاک کلام نے اُسکی رہنمائی کی ہو اور دُعاؤں کا جواب دیا ہو۔

۵۔ ایمان کا آٹھواں رُکن پڑھیں اور گفتگو کریں۔ زور دیکر بتائیں کہ آسمانی باپ کی طرف واپس لوٹنے میں، پاک کلام کس طرح ہماری مدد کرتا ہے۔ آپ ایمان کے آٹھویں رُکن کا چارٹ استعمال کر سکتے ہیں (۶۵۰۰۸)۔

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ پاک کلام کا بلاناغہ مطالعہ ہمیں اپنے مسائل حل کرنے، آزمائشوں پر غالب آنے اور اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کے لئے تنگ اور سکڑے راستے پر رہنے میں مدد دے سکتا ہے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

ہر بچے کو تراشتے کی نقل دیں۔ تجویز دیں کہ وہ اِسے نشانی لگانے کے طور پر اپنے پاک کلام میں رکھیں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۳۳:۳–۷، ۴ اور ۳۸:۱–۱۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

## پاک کلام

اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس
لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کیلئے میرا رہنما۔

۱۔ میں بلاناغہ پاک کلام کا مطالعہ اور اِس پر غور کروں گا۔

۲۔ میں اِنہیں سمجھنے کے لئے رُوح کی مدد کا خواہاں ہوں گا۔

۳۔ میں پاک کلام کو اپنے تجربات اور کیفیتوں پر لاگو کروں گا۔


پاک کلام

اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس
لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کیلئے میرا رہنما۔

۱۔ میں بلاناغہ پاک کلام کا مطالعہ اور اِس پر غور کروں گا۔

۲۔ میں اِنہیں سمجھنے کے لئے رُوح کی مدد کا خواہاں ہوں گا۔

۳۔ میں پاک کلام کو اپنے تجربات اور کیفیتوں پر لاگو کروں گا۔

پاک کلام

اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس
لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کیلئے میرا رہنما۔

۱۔ میں بلاناغہ پاک کلام کا مطالعہ اور اِس پر غور کروں گا۔

۲۔ میں اِنہیں سمجھنے کے لئے رُوح کی مدد کا خواہاں ہوں گا۔

۳۔ میں پاک کلام کو اپنے تجربات اور کیفیتوں پر لاگو کروں گا۔

پاک کلام

اپنے آسمانی باپ کی طرف واپس
لوٹنے اور ابدی زندگی پانے کیلئے میرا رہنما۔

۱۔ میں بلاناغہ پاک کلام کا مطالعہ اور اِس پر غور کروں گا۔

۲۔ میں اِنہیں سمجھنے کے لئے رُوح کی مدد کا خواہاں ہوں گا۔

۳۔ میں پاک کلام کو اپنے تجربات اور کیفیتوں پر لاگو کروں گا۔

# ایلما اپنے بیٹے کورِ لعنتن کو نصیحت کرتا ہے

سبق
۲۴

| | |
|---|---|
| **مقصد** | بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کرنا کہ اچھے اور بُرے نتائج کا انحصار ہمارے انتخاب کرنے پر ہے۔ |

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۳۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ توجہ دلاؤ سرگرمی میں لکھی اشیاء کا چارٹ بنائیں، یا اُنہیں چاک بورڈ پر لکھیں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء: ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

بچوں کو تصور کرنے کا کہیں کہ وہ تنہا ایک بیڑے پر سمندر کے درمیان میں ہیں۔ اُنہیں احساس ہوتا ہے کہ وہ اپنے سامان کو ہلکا کریں کیونکہ اُنکا بیڑا پانی میں نیچے جارہا ہے وہ اپنے سامان میں سے دو اشیاء کے علاوہ باقی تمام پھینک دیں۔ درجِ ذیل فہرست میں سے اُنہیں دو اشیاء کا انتخاب کرنے دیں جو وہ پاس رکھیں گے:

لائف جیکٹ
ابتدائی طبی امداد کا بکس
سونے سے بھرا صندوق
مچھلی پکڑنے کا راڈ، کانٹے اور چارہ
ایک درجن تازہ پانی کی بوتلوں کا ڈبہ
دو طرفہ۔ ریڈیو
ہنگامی اشارہ کرنے والی روشنی کا بکس
شارک بھگانے والے سیال کی بڑی بوتل

انتخابات کو چاک بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو اپنے انتخابات کی وجوہات بتانے کا کہیں۔ اِس سرگرمی میں اِن انتخابات کو فیصلے کا مسئلہ کھڑا کر دینا چاہیے۔ بتائیں کہ انتخاب کرنا مشکل ہوگا کیونکہ وہ نہیں جانتے کہ مستقبل میں کیا ہوگا: وہ ڈوب سکتے ہیں اور حفاظتی جیکٹ کی ضرورت پڑ سکتی ہے، پیاسے ہو سکتے ہیں پینے کے لئے پانی کی ضرورت پڑ سکتی ہے، بھوک لگ سکتی ہے اور مچھلی پکڑنے کے راڈ کی ضرورت پڑ سکتی ہے، شارک سے سامنا ہو سکتا ہے اور بھگانے والے سیال کی ضرورت ہو سکتی ہے، مدد حاصل کرنے کے لئے ریڈیو کی ضرورت ہے، زخمی ہو سکتے ہیں اور ابتدائی طبی امداد کی چیزوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے، رات میں بچائے جانے کے لئے روشنی کی ضرورت پڑ سکتی ہے یا اگر چند گھنٹوں میں بچالئے جانے کے اُمید ہو تو خزانہ رکھ لئے جانے کی خواہش ہو سکتی ہے۔

بیان کریں کہ زندگی میں ہمیں کئی مشکل انتخابات کرنے پڑتے ہیں، لیکن آسمانی باپ نے ہماری مدد کے لئے ہمیں احکام دیے ہیں۔ یہ سبق انتخابات کرنے کے بارے میں ہے۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۳۹ میں سے ایلما کے، اپنے بیٹے کورلعنتن کو نصیحت کرنے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) نوٹ: ایلما ۳۹:۳—۶ کا خاص موضوع نہ بتائیں۔ صرف یہ بتائیں کہ کورلعنتن نے ضورامیوں کے درمیان مشن کے دوران ایک بڑا گناہ کیا۔ اگر بچے کورلعنتن کے گناہ کے بارے پوچھیں تو تجویز دیں کہ وہ اِسے اپنے والدین سے پوچھیں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں، ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- کورلعنتن کے بھائیوں نے اُسکے لئے کیسا نمونہ قائم کیا تھا؟ (ایلما ۳۹:۱۔) نیک نمونہ کے لئے آپ کس کی طرف دیکھتے ہیں؟ اُنہوں نے کونسے راست انتخابات کیے؟
- ایلما نے کیوں کہا کہ وہ کورلعنتن سے ناخوش ہے؟ (ایلما ۳۹:۲۔) اِس کا کیا مطلب ہے کہ کورلعنتن نے اپنے باپ کی باتوں پر دھیان نہ دیا؟ (کورلعنتن نے ایلما کی فرمانبرداری نہ کی) ہمیں اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنے کی ضرورت کیوں ہے؟ شیخی مارنے کا کیا مطلب ہے؟ (ڈینگ مارنا یا خود کو دوسروں سے بالا کرنا۔) شیخی مارنا کیوں غلط ہے؟
- ایلما نے کیوں کہا کہ وہ کورلعنتن کو اُسکا گناہ یاد دلا رہا ہے؟ (ایلما ۳۹:۷—۹۔) بتائیں کہ [آیت ۹] "خود کو اِن باتوں سے الگ کر ڈالو" کا مطلب اِن برائیوں سے باز آنا ہے۔) کون ہمارے سب گناہوں کو جانتا ہے؟ (ایلما ۳۹:۸۔) جرم کا احساس کس طرح ہمیں توبہ کی جانب لے جاتا ہے؟
- ایلما کیا بتاتا ہے کہ اچھے انتخابات کرنے میں کورلعنتن کو کون سی اچھی چیز نصیحت کر سکتی تھی؟ (ایلما ۳۹:۱۰۔) آپ کے والدین اور خاندان نے راست فیصلے کرنے میں کیسے آپکی مدد کی ہے؟ آپ اور کن ذرائع سے راست نصیحت حاصل کر سکتے ہیں۔
- کورلعنتن کے ناراست اعمال نے کیسے ضورامیوں کو متاثر کیا؟ (ایلما ۳۹:۱۱۔) کن طریقوں سے ہمارے انتخابات دوسروں کو متاثر کر سکتے ہیں؟
- کونسے چند ایک انتخابات ہیں جو آپ کو کرنے ہیں؟ آپکے غلط کام کرنے میں رُوح القُدس کیسے آپکی مدد کر سکتا ہے کہ آپ غلط کام کر رہے ہیں؟ رُوح القُدس کیسے آپکو جاننے میں مدد دے سکتا ہے کہ آپ نے اچھا فیصلہ کیا ہے؟ جماعت کے ارکان کو وہ تجربات بتانے کی دعوت دیں جب فیصلے کرنے میں رُوح القُدس نے اُن کی مدد کی ہو۔
- ایلما نے کورلعنتن کو توبہ کرنے کی بابت کیا سِکھایا؟ (ایلما ۳۹:۱۳۔) آپ کے خیال میں "اپنے پورے دِل، قوت اور طاقت کے ساتھ خُداوند کی طرف پھرنے" کا کیا مطلب ہے؟ ہمیں اُن سے معذرت کرنی چاہیے جن کو ہم نے اپنے غلط انتخابات سے دُکھ پہنچایا ہے؟
- دولت کی تلاش کے بارے ایلما کی کیا نصیحت تھی؟ (ایلما ۳۹:۱۴۔) جب لوگوں کی زندگیوں میں دولت سب سے اہم چیز بن جائے تو پھر اُن کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟
- ایلما نے کورلعنتن کو یسوع مسیح کے مشن کی بابت کیا سِکھایا؟ (ایلما ۳۹:۱۵۔) کورلعنتن کو کیا سِکھانا چاہیے تھا؟ (ایلما ۳۹:۱۶۔) ہم اپنے اردگرد کے لوگوں کو انجیل کی بابت بتانے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

آپ بچوں کو اُنکے اُن انتخابات کے نتائج کو سمجھنے میں مدد کے لئے بہتری کی سرگرمی ۲ اور ۱۳ استعمال کر سکتے ہیں جو وہ اپنی زندگیوں میں کرتے ہیں۔

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایمان کے دوسرے رُکن کا جائزہ لیں اور گفتگو کریں اور بچوں کو اِسے زبانی یاد کروائیں۔ بتائیں کہ ہر شخص اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے۔

۲۔ بچوں کے ساتھ درجِ ذیل یا اِس جیسے حالات میں انتخابات کرنے کو زیرِ بحث لائیں۔ ایسی تجاویز استعمال کریں جو آپکی جماعت کے بچوں کے لئے امکانی مسائل ہو سکتے ہیں۔ اُن سے پوچھیں کہ یسوع اُن سے کیسے انتخابات کروانا چاہتا ہے۔ اُنہیں اُن مختلف انتخابات کے نتائج پر غور کرنے کو کہیں جو وہ کر سکتے ہیں۔

زبان جو وہ استعمال کرتے ہیں
سبت کا دِن پاک ماننا
کپڑے جو وہ پہنتے ہیں
اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنا
موسیقی جو وہ سنتے ہیں
چوری کرنا
فلمیں، وڈیو اور ٹیلی ویژن پروگرام جو وہ دیکھتے ہیں
سچ بتانا
کتب اور رسائل جو وہ پڑھتے ہیں

۳۔ بچوں کو درجِ ذیل کی مانند، ایسے سوالات کا ڈرامہ کرنے کا کہیں جن میں انتخابات اور نتائج شامل ہوں:

ایک دوست کسی کے بارے جھوٹ بولتا ہے۔
ایک دوست آپکو ایک نامناسب فلم یا وڈیو دِکھانا چاہتا ہے۔
ایک دوست آپکو ایک نامناسب کہانی بتاتا ہے۔
ایک دوست آپ سے سکول میں نقل کروانا چاہتا ہے۔
ایک دوست آپ سے حکمت کے کلام کی نافرمانی کرانا چاہتا ہے۔
کوئی آپ کو غیر قانونی منشیات دیتا ہے۔

۴۔ بچوں کے ساتھ صدر سپینسر ڈبلیو۔ کمبل کے کئے گئے فیصلوں کے نتائج پر گفتگو کریں:

”جب میں ابھی لڑکا ہی تھا تو میں نے اپنا ذہن بنایا (فیصلہ کیا) میں کبھی بھی حکمت کا کلام نہ توڑوں گا۔ میں یہ جانتا تھا کہ خُداوند نے فرمایا ہے کہ آدمیوں کے تباہ کن اشیاء کے استعمال سے گریز اُسکے لئے باعثِ خوشی ہے اور جو کام میں کرنا چاہتا ہوں وہ آسمانی باپ کو خوش کرنا ہے۔ پس میں نے ٹھوس اور پکا ارادہ کر لیا کہ میں اِن چیزوں کو کبھی نہ چھوؤنگا۔ صاف اور مکمل طور پر اپنا ذہن بنانے کے بعد، میں نے اپنے آپ سے اور آسمانی باپ سے کیے گئے اُس وعدے کو پورا کرنے میں کوئی مشکل محسوس نہیں کی“
(in Conference Report, Apr. 1974, p. 127; or *Ensign,* 1974, p. 88).

۵۔ اپنی جماعت کے ہر بچے کے لئے، میں راست انتخابات کرونگا، کے الفاظ کا تراشہ تیار کریں۔ تراشے کو میز پر اُلٹا رکھیں اور بچوں کو باری باری آگے آنے اور ایک منتخب کرنے کا کہیں۔ ہر بچے کو درجِ ذیل سوالات کا جواب دینے کا کہیں۔

- اِس ہفتے میں راست انتخابات کرنے کے واسطے، رہنمائی کے لئے آپ کیا استعمال کریں گے؟

- غلط انتخابات کرنے کا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟
- راست انتخابات کرنے کا کیا نتیجہ نکل سکتا ہے؟

سرگرمی کے اختتام پر، انتخابات کرنے سے پہلے نتائج کے بارے سوچنے پر زور دیں۔

٦۔ ایمان کا گیارواں رُکن زیرِ بحث لائیں اور یہ کہ کیسے ہر شخص اپنے انتخابات کا خود ذمہ دار ہے۔

- ہمیں کسی کو انجیل کا یقین کرنے کے لئے مجبور کیوں نہیں کرنا چاہیے؟
- ہمیں دوسرے سے کیوں توقع رکھنی چاہیے کہ وہ ہمیں ہماری خواہش کے مطابق خُدا کی عبادت کی اجازت دیں؟

ایمان کا گیارواں رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ یسوع مسیح کی پیروی کرنے کا فیصلہ ہمیں راست انتخابات کی طرف لے جائے گا اور کہ خوشی پانے کا یہی ایک راستہ ہے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۳۹:۱۲—۱۹ کا مطالعہ کریں۔

# سبق ۲۵

# کپتان مرونئ ضرحمنہ کو شکست دیتا ہے

**مقصد** بدی کے خلاف حفاظت کے طور پر خُدا کے سب ہتھیار باندھنے کی ہر بچے کی حوصلہ افزائی کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۴۳–۴۴ اور افسیوں ۶:۱۱، ۱۳–۱۸ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: تعلیم اور عہد ۲۷:۱۵–۱۸۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخابات کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ کتاب مقدس۔

پ۔ آپ بچوں کو خُدا کے ہتھیاروں کی بابت کیسے سِکھانا چاہتے ہیں اس کے مطابق ہر بچے کے لئے ہتھیاروں کے چھوٹے تراشوں اور آدمی کی شبیہہ کی لفظی پٹیاں بنائیں اور چاک بورڈ پر بنائی گئی تصویر پر لگانے کے لئے ہتھیاروں کا بڑا سیٹ، یا ایک بچے پر سجانے کے لئے گتے پر سے کاٹے گئے ہتھیاروں کا سیٹ۔ (سبق کے آخر میں تصویر دیکھیں۔)

ت۔ تصاویر ۴–۳۷، کپتان مرونئ کے سپاہی لامنوں سے لڑ رہے ہیں اور ۴–۳۸، ضرحمنہ کی فوج اپنے ہتھیار ڈال رہی ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

- قدیم زمانوں میں جب آدمی تلواروں اور بھالوں کیساتھ جنگ کرتے تو وہ ہاتھوں، پاؤں، سینوں، بازوؤں، ٹانگوں اور پاؤں کی کیسے حفاظت کرتے تھے (زرہ بکتر سے)

بیان کریں کہ ہم سب بُرائی کے خلاف حالت جنگ میں ہیں۔ شیطان کی قوتیں اور آزمائشیں حقیقت ہیں۔ آسمانی باپ ہمیں بُرائی کے خلاف غیر محفوظ طرح سے لڑنے نہیں دینا چاہتا۔ ایک بچے کو افسیوں ۶:۱۱، ۱۳–۱۸ پڑھنے کا کہیں۔ لفظی پٹی یا تراشہ استعمال کر کے ہر ہتھیار کو زیرِ بحث لائیں۔ اپنے اردگرد کی برائیوں سے بچنے کے لئے ہمیں کیسے رہنے کی ضرورت ہے اِسکا ہر ہتھیار سے موازنہ کریں۔

**صحیفائی احوال** ایلما ۴۳–۴۴ میں سے کپتان مرونئ کا ضرحمنہ کو شکست دینے کا احوال بچوں کا بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے، ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔) بیان کریں کہ مرونئ کی فوج نے نہ صرف انسان کے بنائے ہتھیار پہنے تھے بلکہ اُنہیں خُدا کے ہتھیار کی بھی زبردست حفاظت حاصل تھی۔ مناسب اوقات پر تصاویر کا استعمال کریں۔

**گفتگو اور محلِ استعمال سوالات** جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- ضرحمنہ لامنی کپتان نے، لامنوں پر ضورامی اور عمالیقی سردار کیوں مقرر کیے تھے؟ (ایلما ۴۳:۶–۷۔) لامنی نیفیؤں سے کیوں لڑنا چاہتے تھے؟ (ایلما ۴۳:۸، ۲۹۔)
- نیفیئی کیوں لڑنا چاہتے تھے؟ (ایلما ۴۳:۴۵، ۴۷۔) اپنے گھروں، خاندانوں، آزادیوں اور کلیسیاء کے لئے لڑنا کیوں فائدہ مند ہے؟ آپ کس چیز کی خاطر لڑنے کو اہمیت دیتے ہیں؟
- کپتان مرونئی نے اپنی فوج کو جرشون میں لامنوں کے مقابلے کے لئے کیسے تیار کیا؟ (ایلما ۴۳:۱۸–۱۹۔) اِس تیاری نے لامنوں کو خوفزدہ کیوں کر دیا؟ (ایلما ۴۳:۲۰–۲۱۔) آپ کن طریقوں سے خُدا کے رُوحانی ہتھیار پہن سکتے ہیں اور حق کے لئے کھڑے ہونے کو تیار ہو سکتے ہیں؟
- کپتان مرونئی نے کیسے معلوم کیا کہ اُسے اپنی فوج کہاں بھیجنی چاہیے؟ (ایلما ۴۳:۲۳–۲۴۔) آج نبی ہماری کیسے مدد کرتے ہیں؟
- اگرچہ نیفیئی فوج زرہ بکتر پہنے ہوئے تھی لیکن وہ کیوں خوفزدہ تھے اور لامنوں کے آگے سے بھاگ جانا چاہتے تھے؟ (ایلما ۴۳:۴۸۔) مرونئی نے کیسے اُن کو جوش دِلایا؟
- کپتان مرونئی فوج نے لڑنے کے واسطے حوصلہ پانے کے لئے کیا کیا؟ (ایلما ۴۳:۴۹–۵۰۔) خُدا کے ہتھیار باندھنے میں دُعا کیسے آپ کی مدد کر سکتی ہے؟ (افسیوں ۶:۱۸۔)
- مرونئی کے لامنوں کو گھیر لینے کے بعد، اُس نے کیا کِیا جو ظاہر کرتا ہے کہ وہ ایک خونی آدمی نہ تھا؟ (ایلما ۴۳:۵۴؛ ۴۴:۱–۲، ۶۔)
- خُداوند نے لامنوں کو مرونئی کی فوج کے ہاتھوں میں کیوں کر دیا؟ (ایلما ۴۴:۳۔) اگر ہم وفادار رہیں تو خُداوند نے نیفیؤں اور ہم سے کیا وعدہ کیا ہے؟ (ایلما ۴۴:۴۔) ضرحمنہ کیا سمجھتا تھا کہ نیفیؤں کی حفاظت کیا چیز کر رہی ہے؟ (ایلما ۴۴:۹۔)
- جب غضبناک ضرحمنہ امن کا معاہدہ نہیں کرنا چاہتا تھا تو کیا ہوا؟ (ایلما ۴۴:۱۲۔) جن لامنوں نے نہ لڑنے کا وعدہ کیا اُن کے ساتھ کیا ہوا؟ (ایلما ۴۴:۱۵۔) ہمارے لئے عہود اور وعدے پورے کرنا کیوں اہم ہے؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔


۱۔ چیزوں کو ملانے کا ایک کھیل کھیلیں۔ (دیکھئے ’’پاک کلام میں سے سِکھانا،‘‘ صفحہ vii) درجِ ذیل ہتھیاروں کے ناموں کو چھ کارڈوں پر اور یہ کیا ظاہر کرتے ہیں دوسرے چھ کارڈوں کے سیٹ پر لکھیں۔ بچوں کو، ہتھیاروں کے ناموں کو جو ہمارے خُدا کے ہتھیاروں کو ظاہر کرتے ہیں، سے ملانے کا کہیں۔

کمر بند بیلٹ — سچائی (افسیوں ۶:۱۴۔)
زرہ بکتر — راستبازی (افسیوں ۶:۱۴۔)
جوتے — صلح کی خوشخبری کی تیاری (افسیوں ۶:۱۵۔)
سِپر — ایمان (افسیوں ۶:۱۶۔)
خود — نجات (افسیوں ۶:۱۷)
تلوار — خُدا کا رُوح یا خُدا کا کلام (افسیوں ۶:۱۷؛ تعلیم اور عہد ۶:۲۔)

۲۔ افسیوں ۶:۱۳–۱۸ استعمال کر کے، خُدا کا ہر ہتھیار کس کو ظاہر کرتا ہے، زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ ایک بچے کی طرف دال والی تھیلی یا گیند پھینکتے ہوئے ایک ہتھیار کا نام لیں۔ بچے کو اُس ہتھیار کے معنی بتانے کا کہیں اور پھر ایک اور بچے کی طرف گیند پھینکنے کے دوران ایک اور ہتھیار کا نام لیں، جو اُس کے معنوں کا جواب دے گا اور اِسی طرح، ایک اور ہتھیار کا انتخاب کریں۔

۳۔ بچوں سے پوچھیں کہ آج شیطان ہمیں رُوحانی طور پر گھیرنے یا مارنے کے لئے کس قسم کی چیزیں استعمال کرتا ہے۔ وہ، ایسی چیزوں جیسے کہ بُری فلموں، ٹی وی پروگراموں، وڈیو، کتب یا رسائل، حکمت کا کلام، توڑنے کی آزمائشوں، چرچ نہ جانے کی آزمائشوں؛ اور اِس طرح کی دیگر باتوں کا ذکر کر سکتے ہیں۔ گفتگو کریں کہ بچے اپنے رُوحانی ہتھیاروں کو مضبوط کرنے کے لئے کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ شخصی اور خاندانی دُعا، شخصی اور خاندانی طور پر پاک کلام کا مطالعہ، خاندانی شام منانا، چرچ آنا وغیرہ ہے۔

۴۔ جیسا کہ ایلما ۴۳:۳۱–۴۲ میں بتایا گیا ہے، کپتان مرونئ نے لامنی فوج کو کیسے بیوقوف بنایا، زیرِ بحث لائیں۔ نیفیوں اور لامنوں کی حالت، تشریح کے لئے چاک بورڈ پر استعمال کریں۔




---


## نتیجہ


**گواہی** بُرائی کے خلاف ہمیں بچانے کے لئے خُدا کے ہتھیار پہننے کی اہمیت کی گواہی دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر گھر میں، ایلما ۴۳:۴۱–۵۴ اور ۴۴:۱–۴ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔





# سبق ۲۶

# کپتان مرونئ اور علمِ آزادی

---

**مقصد** بچوں کو سِکھانا کہ حقیقی آزادی خُدا کے احکامات ماننے اور بُرائی کی مزاحمت کرنے سے ملتی ہے۔

---

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۴۶، ۴۸ اور ۴۹: ۲۱—۳۰ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۴۷، ۴۹: ۱—۲۰۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ سفید کپڑے کا ایک بڑا ٹکڑا (یا آپ کاغذ کا ایک بڑا ٹکڑا یا چاک بورڈ استعمال کر سکتے ہیں۔) ایک ڈنڈا یا چھڑی اور ٹیپ۔

پ۔ تصویر ۴—۳۹، کپتان مرونئ علمِ آزادی بلند کر رہا ہے۔ (انجیلی تصاویر ۳۱۲؛ ۶۲۰۵۱)۔

---

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

کپتان مرونئ کی تصویر سامنے لگائیں۔ بچوں کو اپنے پاک کلام میں سے ایلما ۴۶ نکالنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ بچے دو آدمیوں کی بابت سیکھیں گے جو کہ دونوں فوجی کمانڈر—کپتان تھے—کپتان مرونئ اور عمالیقہ۔ عمالیقہ پیدائشی طور پر نیفئ تھا، لیکن وہ خُداوند کو مکمل طور پر بھلا چکا تھا۔ جھوٹ، دھوکے بازی اور قتل و غارت کے ذریعے وہ لامنوں کا بادشاہ بن گیا تھا۔ عمالیقہ نیفیوں کی شکست دینا چاہتا تھا تاکہ وہ نیفیوں اور لامنوں دونوں پر بادشاہ بن سکے۔

کپتان مرونئ نیفیوں کی فوج کا سپہ سالار تھا۔ وہ ایک مضبوط اور طاقتور انسان تھا جو خُداوند سے پیار کرتا تھا اور اپنے لوگوں سے پیار کرتا تھا۔ اُس اپنے لوگوں کو عمالیقہ اور لامنی فوج سے بچانے کی، حلف لے کر قسم کھائی تھی۔

جب عمالیقہ اور اُسکی فوج نیفیوں کو تباہ کرنے کی تیاری کر رہی تھی تو کپتان مرونئ اپنے لوگوں کو اپنے دفاع کے لئے تیار کر رہا تھا۔

کپڑا (یا کاغذ) اُٹھا کر، اِس میں سے ایک بڑا ٹکڑا کاٹیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کپتان مرونئ نے اپنے لباس سے ایک ٹکڑا پھاڑا اور اِسکا ایک جھنڈا یا بنیر بنایا جِسے وہ علمِ آزادی کہتا تھا۔ بچوں کو اکٹھے ایلما ۴۶: ۱۲ پڑھنے کی دعوت دیں۔ کپڑے یا کاغذ کے پھٹے ہوئے ٹکڑوں میں سے ایک پر درجِ ذیل الفاظ لکھیں: "ہمارے خُدا، ہمارے مذہب، ہماری آزادی اور ہمارے امن، ہماری بیویوں اور ہمارے بچوں کی یاد میں۔" اگر آپ نے کاغذ یا کپڑا استعمال کیا ہے تو بچوں کو، جھنڈا، ڈنڈے سے لگانے دیں۔ ایک بچے کو جماعت کے سامنے جھنڈا لگانے کا کہیں۔

**صحیفائی احوال**

ایلما ۴۶—۴۹ میں سے بچوں کو کپتان مرونئ، ایک طاقتور خُدا کا احوال بتائیں جس نے اپنے لوگوں کو اُنکی آزادی کا دفاع کرنے کے لئے تیار کیا۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے، پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- نیفیوں کے درمیان امن کے لئے کون خطرہ تھا؟ (ایلما ۴۵:۲۴؛ ۴۶:۱—۲۔) اتنے بہت سارے لوگوں نے عمالیقہ کی کیوں پیروی کی؟ (ایلما ۴۶:۵۔)
- کپتان مرونئ نے اِس جھگڑے کی بابت سن کر کیا کِیا؟ (ایلما ۴۶:۱۱—۱۲۔) آزادی کا جھنڈا بنا لینے کے بعد کپتان مرونئ نے کیا کِیا؟ (ایلما ۴۶:۱۳، ۱۶۔)
- کپتان مرونئ نے نیفئی لوگوں کو کیا کرنے کا کہا؟ (ایلما ۴۶:۱۹—۲۰۔) آپکے خیال میں آزادی کے جھنڈے پر لکھے الفاظ نے نیفیوں کو کیوں جوش دلایا؟
- جن لوگوں نے مرونئ کی پیروی کی اُنہوں نے کیا عہد کیا؟ (ایلما ۴۶:۲۱—۲۲۔) آپ کے خیال میں یہ عہد کرنے سے لوگوں کو اپنے مذہب اور اپنی آزادی کا دفاع کرنے میں کیسے مدد ملی۔ ہم نے کونسے چند عہود کیے ہیں؟
- کپتان مرونئ اپنے لوگوں کو کیا یاد رکھوانا چاہتا تھا؟ (ایلما ۴۶:۲۳—۲۴۔) نشاندہی کریں کہ یہ آیات پرانے عہد نامہ کے یوسف اور اُسکی کثیر رنگ قبا کا حوالہ دیتی ہیں۔)
- نیفیوں کی تیاریاں لامنوں کی تیاریوں سے کیسے مختلف تھیں؟ (ایلما ۴۸:۷۔) نیفیوں نے اپنے شہروں کی کیسے حفاظت کرنے کی کوشش کی؟ (ایلما ۴۹:۲، ۴۔) ہم شیطان کے اثر کو شکست دینے کے لئے خود کو کیسے تیار کر سکتے ہیں؟
- نیفیوں کو جنگ کی بابت کیا سِکھایا گیا تھا؟ (ایلما ۴۸:۱۴۔) اُنہیں کیا یقین تھا کہ آسمانی باپ اُن کے لئے کریگا؟ (ایلما ۴۸:۱۵—۱۶۔)
- مورمن نبی، جس نے یہ تاریخ لکھی، کپتان مرونئ کی بابت کیا محسوس کرتا ہے؟ (ایلما ۴۸:۱۱۔۱۳، ۱۷—۱۸۔) آپ کن حوالوں سے کپتان مرونئ کی مانند بننا چاہتے ہیں؟
- اگرچہ نیفئی جنگ پر نہ جانا چاہتے تھے تو بھی لامنوں سے کیوں لڑے؟ (ایلما ۴۸:۲۳—۲۴۔)
- نوح شہر کے خلاف اپنی آخری جنگ میں لامنوں کیساتھ کیا ہوا؟ (ایلما ۴۹:۲۱—۲۵)۔ آپ کے خیال میں یہ جنگ لڑنے کے لئے نیفیوں کو کس چیز نے حوصلہ دیا؟ راستبازی اور آزادی کا دفاع کرنے کے لئے آپکو کیا چیز حوصلہ دیتی ہے؟
- لامنوں کے بھاگنے اور نیفیوں کے اپنے دشمنوں سے رہائی پانے کے بعد، نیفیوں نے کیا کِیا؟ (ایلما ۴۹:۲۸۔) ہم اُن آزادیوں کے لئے کیسے شکر گزاری کا اظہار کر سکتے ہیں جن سے ہم لُطف اندوز ہوتے ہیں؟

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو کپتان مرونئ کی تصویر دیکھنے کا کہیں۔ اپنے آپ کو بُرائی سے بچانے کی خاطر خُدا کے ہتھیار پہننے کی اہمیت کا جائزہ لیں۔ بتائیں کہ آسمانی باپ کی طرف سے ہر بچہ اس زمین پر اِس وقت سچائی اور راستبازی کا دفاع کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ بچوں کو مرونئ کے جنگی ہتھیاروں کی پہچان کرنے (ایلما ۴۶:۱۳۔) اور یہ رُوحانی ہتھیار کے طور پر کس کو ظاہر کرتے ہیں، بتانے کا کہیں۔ (دیکھئے سبق ۲۵ اور افسیوں ۶:۱۱، ۱۳—۱۸۔)

کمر کے ہتھیار: سچائی۔ اِس کا مطلب صحیح اور غلط کی پہچان، سچائی سے محبت کرنا، اپنی اقدار کی حفاظت کرنا اور اخلاقی طور پر پاک ہونا ہے۔

سینہ بند: راستبازی۔ اِس کا مطلب راست انتخاب کرنا اور یسوع مسیح کی پیروی کرنا ہے۔

سپر: ایمان۔ اِس کا مطلب خُداوند یسوع مسیح پر ایمان رکھنا ہے۔

خود: نجات۔ اِس کا مطلب ہمیشہ آسمانی باپ کے ساتھ رہنے کے لائق ٹھہرایا جانا ہے

تلوار: رُوح یا رُوح القُدس۔ اِس کا مطلب رُوح القُدس اور یسوع مسیح کے آشکارا کلام سے رہنمائی پانا ہے۔

جوتے: صُلح کی انجیل کی تیاری: اِس کا مطلب انجیل کو سمجھنا ہے کہ ہم تنگ اور سکڑنے راستے پر چلیں گے۔

اِس سبق میں شامل تراشوں کی نقل ہر بچے کو دیں، بچوں کے ساتھ اُنکے کاغذوں پر خالی جگہ پُر کرنے کے لئے کام کریں۔ ہر بچے کو نیچے اپنے دستخط کرنے کو کہیں۔ دو بچوں کو جماعت کے سامنے جانے اور آزادی کا جھنڈا لہرانے کا کہیں جو توجہ دلاؤ سرگرمی کے دوران استعمال کیا گیا تھا۔ ہر بچے کو اپنے کاغذ سے آخری بیان، "میں شریر کے آتشیں تیروں کے خلاف کھڑا ہونے کے لئے تیار ہوں" اُونچی آواز سے پڑھنے کا کہیں۔ بچوں کو خُدا کے ہتھیار والے اپنے پرچے اپنے خاندانوں کو دکھانے کے لئے گھر لے جانے کا کہیں۔

۲۔ اپنے ملک کا جھنڈا لگائیں۔ بیان کریں کہ جھنڈا ایک شاندار یاد دلاتا ہے۔ ہر قوم کا ایک جھنڈا ہے جو لوگوں کے لئے ایک علامت ہے کہ وہ کیا ہیں اور اُنکی قوم کس مقصد کے لئے کھڑی ہے۔ بچوں کو کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا اور کچھ فنی اشیاء دیں اور اُنہیں اپنا ذاتی جھنڈا بنانے کو کہیں کہ جو کہ کوئی ایسی چیز ظاہر کرے جو اُن کے لئے اہم ہو، جیسے کہ وہ کون ہیں، وہ کیا پسند کرتے ہیں، وہ کیا بننے کی اُمید رکھتے ہیں اور کس مقصد کے لئے کھڑے ہیں۔ آپ چند علامتیں بنا سکتے ہیں جو اِن چیزوں کو ظاہر کرتی ہوں۔

۳۔ بچوں کے ساتھ ایمان کے بارویں رُکن پر گفتگو کریں اور اِسے زبانی یاد کرنے میں اُنکی مدد کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**


گواہی دیں کہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے۔ گواہی دیں کہ جب ہم آسمانی باپ کے احکام مانتے اور بُرائی کی مزاحمت کرتے ہیں تو ہم حقیقی آزادی پاتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۴۸: ۱۱–۱۳، ۱۷–۱۸ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔



# میں خُدا کے سب ہتھیار باندھوں گا

میں اپنی کمر ____________________ سے کس کے کھڑا ہونگا۔

میں اپنا دِل ____________________ کے سینہ بند سے ڈھانپونگا۔

میں اپنے پاؤں ____________________ سے کھڑا ہونگا۔

میں اپنے ہاتھوں میں ____________________ سِپر لوں گا۔

میں اپنے سر کو ____________________ کے خود سے ڈھانپونگا۔

میں اپنے ہاتھوں میں ____________________ کی تلوار پکڑونگا۔

میں شریر کے آتشیں تیروں کے خلاف کھڑا ہونے کے لئے تیار ہوں۔

(دیکھئے افسیوں ۶:۱۱–۱۷؛ تعلیم اور عہد ۲۷:۱۵–۱۸۔)

# سبق ۲۷

# ہیلمن اور دو ہزار جنگجو

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ راستباز والدین کے نمونوں کی پیروی کرنا ہمیں حق اور سچائی کے دفاع کرنے کے لئے قوت دیتا ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ایلما ۵۳:۱۰–۲۳ اور ۵۶:۱–۵۸:۲۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۲۴

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصاویر ۴–۳۳، عینتی۔ نیفئی۔ لحی اپنی تلواریں دفن کر رہے ہیں (انجیلی تصاویر ۳۱۱؛ ۶۲۵۶۵) اور ۴–۴۰ دو ہزار فوجوان جنگجو (انجیلی تصاویر ۳۱۳؛ ۶۲۰۵۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

تصویر، عینتی۔ نیفئی۔ لحی تلواریں دفن کر رہے ہیں، سامنے لگائیں۔ بچوں کو یاد دلائیں کہ اُنہوں نے اِن عظیم لوگوں کی بابت چند ہفتے پہلے سیکھا تھا۔ (دیکھئے سبق ۱۹) بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں:

- عینتی۔ نیفئی۔ لحی کون تھے؟ اُنہوں نے اپنی تلواریں کیوں دفن کیں؟

ایک بچے کو ایلما ۲۴:۱۹ پڑھنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ عینتی۔ نیفئی۔ لحیوں نے اپنے بچوں کے لئے زبردست مثال قائم کی۔

بچوں کو اہم اُصولوں کی مثالیں، جیسے کہ، دیانتداری، شفقت، دہ یکی ادا کرنا، سبت کا دِن پاک ماننا ہے جو اُنہوں نے اپنے والدین سے سیکھی ہیں اور ان اُصولوں کی فرمانبرداری سے اُنہیں کیسے برکت ملی ہے، بتانے کی دعوت دیں۔

بیان کریں کہ آسمانی باپ نے محبت کرنے، سِکھانے اور ہماری زندگیوں میں ہماری رہنمائی کرنے کے لئے ہمیں والدین دیے ہیں۔ بتائیں کہ اِس سبق کے دوران بچے سیکھیں گے کہ دو ہزار جنگجوؤں، جو عینتی۔ نیفئی۔ لحیوں کے بیٹے تھے، نے کیسے اپنے راستباز والدین کی تعلیمات اور نمونوں کو اپنی آزادی کا دفاع کرنے کے اپنے عہد کو پورا کرنے کے لئے استعمال کیا۔

(نوٹ: اگر کسی بچے کی پرورش دادی دادا، نانی نانا، رشتہ دار یا کوئی اور کر رہا ہے تو اُن کے اہم اثر کو شامل کرنے کے لئے، ضرورت کے مطابق سبق کو پیش کریں۔)

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے، بچوں کو ایلما ۵۳، ۵۶–۵۸ میں سے ہیلمن اور دو ہزار جنگجو نوجوانوں کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا۔") زور دیکر بتائیں کہ اِن نوجوان آدمیوں نے کس طرح اپنے والدین کی تعلیم کی پیروی کی تھی اور لڑائی میں اِنہیں کس طرح محفوظ رکھا گیا تھا۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگی میں اپنانے میں اُنکی مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے، پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اِنہیں مدد ملے گی۔

- دو ہزار جنگجوؤں کے والدین نے کیا عہد کیا تھا؟ (ایلما ۵۳:۱۰—۱۲۔) اُنہوں نے یہ عہد توڑنے کی بابت کیوں سوچا؟ (ایلما ۵۳:۱۳۔) ہیلمن مدد کے لئے عینتی۔ نیفیئی۔ لحیوں کو لامنوں سے کیوں لڑنے نہیں دینا چاہتا تھا۔ (ایلما ۵۳:۱۴—۱۵) اپنے عہود پر قائم رہنا کیوں اتنا اہم ہے؟
- دو ہزار نوجوان آدمیوں نے لڑنے کا فیصلہ کیوں کیا؟ (ایلما ۵۳:۱۶) اِن نوجوان جنگجوؤں نے کس کے لئے لڑنے کا عہد کیا؟ (ایلما ۵۳:۱۷۔)
- یہ نوجوان کس کی مانند تھے؟ (ایلما ۵۳:۲۰—۲۱۔) "جس چیز کے لئے [تم پر] بھروسہ کیا گیا ہے اُس میں ہر صورت وفادار رہنے" کا کیا مطلب ہے؟ کونسے ایسے چند طریقے ہیں جن میں آپ وفادار اور خُداوند کے حضور ایمانداری سے چل سکتے ہیں؟
- والدوں نے اپنے عہود توڑے بغیر اپنے بیٹوں کی کیسے مدد کی؟ (ایلما ۵۶:۲۷۔) کونسے چند طریقوں سے آپکے والدین آپکی مدد کرتے ہیں؟
- ہیلمن نے اِن نوجوان جنگجوؤں کی طاقت اور مضبوطی کی بابت مرونئی کو کیا بتایا؟ (ایلما ۵۶:۴۵۔) اُن کی ماؤں نے اُنہیں کیا سِکھایا تھا؟ (ایلما ۵۶:۴۶—۴۸۔) وہ موت سے کیوں خوفزدہ نہ تھے؟ آپکے والدین مشکلات کا سامنا کرنے کے واسطے ایمان اور حوصلہ رکھنے کے لئے آپکو تیار کرنے کی کیسے کوشش کر رہے ہیں؟
- دو ہزار جنگجوؤں کو کس چیز نے جنگ میں حوصلہ اور طاقت بخشی؟ (ایلما ۵۷:۲۶—۲۷؛ ۵۸:۳۹—۴۰۔)
- اِن جنگجوؤں نے کیسے ہیلمن کی پیروی کی؟ (ایلما ۵۷:۲۱۔) "کامل طور" سے پیروی کرنے کا کیا مطلب ہے؟ اپنے والدین اور رہنماؤں کی مشورت کی "کامل طور" سے پیروی کرنا کیوں ضروری ہے؟
- جب اُنہیں طاقت کی ضرورت تھی تو دو ہزار جنگجوؤں نے کیا کِیا؟ (ایلما ۵۸:۱۰۔) اُنکی دُعا کا کیسے جواب ملا؟ (ایلما ۵۸:۱۱۔) جماعت کے ارکان کو ایسے تجربات بتانے کی دعوت دیں جن میں اُنہوں نے یا خاندانی ارکان نے رُوح القُدس سے ترغیب پائی ہو؟
- اِن نوجوانوں کو عظیم ایمان اور جرأت کا کیا صلہ ملا؟ (ایلما ۵۶:۵۶؛ ۵۷:۲۵؛ ۵۸:۳۹۔) کونسی قوت نے اُنہیں موت سے بچایا؟ (ایلما ۵۷:۲۶—۲۷؛ ۵۸:۴۰۔)

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ہر بچے کے گھر لے جانے کے لئے سبق کے آخر میں سے تراشے کی نقل تیار کریں۔

۲۔ درجِ ذیل بیان مکمل کرنے کے لئے بچوں کو رضاکارانہ طور پر حصہ لینے کا کہیں:

میں ____________ رکھ کر نوجوان جنگجوؤں کی مانند بن سکتا ہوں۔

میں یہ یاد رکھنے سے کہ میرے والدین نے مجھے ____________ سِکھایا ہے۔ نوجوان جنگجوؤں کی مانند بن سکتا ہوں۔

میں نوجوان جنگجوؤں کی بابت ____________ پسند کرتا ہوں۔

دو ہزار جنگجوؤں کے واقعہ میں سے میرا پسندیدہ حصہ ____________ ہے۔

۳۔ دوہزار جنگجوؤں کے متعلق اپنی پسندیدہ آیات پر اپنے پاک کلام میں نشان لگانے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ وہ درجِ ذیل مثالوں میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔

ایلما ۵۳:۲۰–۲۱
ایلما ۵۶:۴۵–۴۸
ایلما ۵۷:۲۱، ۲۵–۲۷
ایلما ۵۸:۱۰–۱۱
ایلما ۵۸:۳۹–۴۰

۴۔ پانچواں حکم زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ (دیکھئے مضایاہ ۱۳:۲۰۔)

---

## نتیجہ

**گواہی** اپنی گواہی دیں کہ اپنے والدین کی راست تعلیم اور نمونوں کی پیروی کرنے سے برکتیں ملتی ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ایلما ۵۳:۱۶–۲۱، ۵۶:۴۵–۴۸ اور ۵۷:۲۵–۲۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔



”وہ نوجوان ہیں اور اُنکے ارادے مضبوط ہیں اور وہ مستقل خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔“

ایلما ۵۷:۲۷۔



”وہ نوجوان ہیں اور اُنکے ارادے مضبوط ہیں اور وہ مستقل خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔“

ایلما ۵۷:۲۷۔



”وہ نوجوان ہیں اور اُنکے ارادے مضبوط ہیں اور وہ مستقل خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔“

ایلما ۵۷:۲۷۔



”وہ نوجوان ہیں اور اُنکے ارادے مضبوط ہیں اور وہ مستقل خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔“

ایلما ۵۷:۲۷۔

# سبق ۲۸

# نیفئی اور لحی قید خانہ میں

**مقصد**

نجات دہندہ کی تعلیم پر عمل کرنے کا انتخاب کر کے اُسے اپنی زندگیوں کی بنیاد بنانے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ہیلمن ۵ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ پتھر، نمک یا ریت، ڈبے کا ڈھکنا یا کم گہرا برتن۔

پ۔ تصویر ۴–۴۱، نیفئی اور لحی قید خانہ میں۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

بیان کریں کہ عمارت تعمیر کرنے سے پہلے، مزدور عمارت کے کھڑا ہونے میں سہارا کے لئے مضبوط بنیاد بناتے ہیں۔ بچوں کو پتھر اور ریت کی بنیادوں پر تعمیر کرنے کا موازنہ کرنے کا کہیں۔ میز پر ایک درمیانے حجم کا ایک پتھر اور ڈبے کا ڈھکن یا ریت یا نمک کے ساتھ کم گہرا برتن رکھیں۔ پتھر کو پھونک ماریں اور پھر ریت یا نمک کو پُھونک ماریں۔

بچوں سے پوچھیں کہ اگر وہ گھر بنا رہے ہوں تو وہ ریت کی بجائے پتھر کی بنیاد کا انتخاب کیوں کریں گے۔ بیان کریں کہ پاک کلام یسوع مسیح کا موازنہ چٹان یعنی مضبوط بنیاد سے کرتا ہے، جس پر کہ ہمیں اپنی زندگیاں تعمیر کرنی ہیں۔ جب ہم اُسکی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کا انتخاب کرتے ہیں تو ہم مسیح کی چٹانی بنیاد پر اپنی زندگیاں تعمیر کرتے ہیں۔

اِس واقعہ میں نیفئی اور لحی نے اپنی زندگیاں نجات دہندہ کی یقینی بنیاد پر تعمیر کی تھیں، جسکا مطلب ہے وہ یسوع مسیح کی مضبوط گواہیاں رکھتے تھے۔ اُنہوں نے کئی لامنوں کو بھی اُسکی گواہی پانے میں مدد دی۔ ہم بھی اپنی زندگیوں کی تعمیر واحد یقینی بنیاد، یسوع مسیح پر کر سکتے ہیں۔

**صحیفائی احوال**

ہیلمن ۵ میں مرقوم نیفئی اور لحی کا احوال بچوں کو بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔) اِس بات پر زور دیں کہ اِن دو ایماندار آدمیوں نے کیسے یسوع مسیح کو، اپنی زندگیوں کی واحد یقینی بنیاد بنایا۔

**گفتگو اور محلِ استعمال سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- ہیلمن کون تھا؟(ہیلمن ۲:۲۔) ہیلمن نے اپنے بیٹوں کا نام نیفئی اور لحی کے نام پر کیوں رکھا؟(ہیلمن ۵:۶۔)
- جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تو ہم کس کا نام اپنے پر لیتے ہیں؟(۲ نیفئی ۳۱:۱۳۔) ہم کیسے اور زیادہ یسوع مسیح کی مانند بن سکتے ہیں؟
- نیفئی نے اعلیٰ قاضی کا عہدہ کیوں چھوڑ دیا؟(ہیلمن ۵:۲–۴۔)
- یسوع مسیح نے ہمارے لئے اپنے گناہوں سے نجات پانا کیسے ممکن بنایا؟(ہیلمن ۵:۹–۱۰۔) ہمیں کیا کرنا چاہیے کہ یسوع مسیح ہمیں ہمارے گناہوں سے مخلصی دے سکے؟(ہیلمن ۵:۱۱۔)
- اِس کا کیا مطلب ہے کہ "یہ ہمارے مخلصی دینے والے کی چٹان ہے، جو یسوع مسیح، خُدا کا بیٹا ہے، جس پر تمہیں اپنی تعمیر کرنا ہے؟" (ہیلمن ۵:۱۲۔) یسوع مسیح ہماری واحد یقینی بنیاد کیوں ہے؟ آپ یسوع کو اپنی زندگی کی بنیاد کیسے بنا سکتے ہیں؟
- شیطان آج کیسے "اپنی تیز آندھیاں،... تیر، [اور]... اولے" افراد اور خاندانوں پر بھیجتا ہے؟ وہ جو اپنی زندگیاں مسیح کی چٹان پر تعمیر کرتے ہیں اُن پر ابلیس کتنا اختیار رکھتا ہے؟(ہیلمن ۵:۱۲۔)
- ہیلمن کی تعلیمات نے نیفئی اور لحی کو کیسے متاثر کیا؟(ہیلمن ۵:۱۳–۱۴۔) آپ کے والدین نے آپکو کیا سِکھایا ہے جس نے آپکی زندگی میں آپ کی مدد کی ہے؟
- تصویر، نیفئی اور لحی قید خانہ میں، سامنے لگائیں۔ نیفئی اور لحی کی قید خانہ میں کیسے حفاظت کی گئی؟(ہیلمن ۵:۲۲–۲۳۔) اگر ہم لائق ہوں تو ہماری کیسے مدد کی جا سکتی ہے؟
- یسوع مسیح لامنوں کے ساتھ قید خانہ میں کیسے ہمکلام ہوا؟(ہیلمن ۵:۲۹–۳۰۔) آواز کیسی تھی؟ خُداوند نے لامنوں سے کیا کہا؟ (ہیلمن ۵:۲۹، ۳۲۔)
- عمیناداب نے لامنوں کو کیا کرنے کو کہا تا کہ تاریکی کے بادل چھٹ جائیں؟(ہیلمن ۵:۴۱۔) تاریکی کے ہٹا لئے جانے کے بعد لامنوں کے ساتھ کیا ہوا؟(ہیلمن ۵:۴۳–۴۷۔) اگر آپ وہاں ہوتے تو آپ نے کیا محسوس کیا ہوتا؟ رُوح کو اپنی زندگیوں میں رکھنا کیسا لگتا ہے؟ بچوں کو تجربات بتانے کی اجازت دیں جب اُنہوں نے اپنی زندگیوں میں رُوح کو محسوس کیا ہو۔
  - لامنوں پر کون ظاہر ہوا؟(ہیلمن ۵:۴۸۔) فرشتوں کو دیکھنے کے بعد لامنوں نے کیا کِیا؟(ہیلمن ۵:۵۰۔)
- وہ جو تبدیل ہوئے تھے اُنہوں نے اپنے اعمال کیسے بدلے؟(ہیلمن ۵:۵۱–۵۲۔) ہم کن چند طریقوں پر چل کر دکھا سکتے ہیں کہ یسوع مسیح ہماری گواہیوں کی بنیاد ہے؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ہیلمن ۵:۱۲ میں سے درجِ ذیل الفاظ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ "یاد رکھو، یاد رکھو۔ یہ ہمارے نجات دہندہ کی چٹان ہے، جو مسیح ہے، خُدا کا بیٹا، جس پر تم اپنی بنیاد رکھو۔" بچوں کو پوری آیت ہفتے کے دوران یاد کرنے کی دعوت دیں۔

۲۔ ایمان کے چوتھے رُکن کا جائزہ لیں اور اِسے زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ اُن کی سمجھنے میں مدد کریں کہ کیسے انجیل کی رسومات اور قوانین اپنی زندگیاں یسوع مسیح کی بنیاد پر تعمیر کرنے میں ہمیں مدد دیتے ہیں۔

## نتیجہ

**گواہی**

نجات دہندہ اور اپنی زندگی میں اُسکے اثر کی گواہی دیں۔ بتائیں کہ کیسے آپکی گواہی آپکو شیطان کی آزمائشوں کا مقابلہ کرنے میں مضبوطی اور قوت دیتی ہے۔ بچوں کو اُسکی تعلیم کا انتخاب کرنے اور اُسکی مانند بننے کی کوشش کر کے اپنی زندگیاں یسوع مسیح پر تعمیر کرنے کی دعوت دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ہیلمن ۵:۱۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# نیفئی نبوت کرتا ہے

سبق
۲۹

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ ہمیں نجات دہندہ کی بابت سِکھانے، ہمیں توبہ کرنے میں مدد دینے اور ہمیں آنے والی باتوں کی آگاہی دینے کے لئے آسمانی باپ انبیاء کو بھیجتا ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ہیلمن ۶:۱۸—۲۳ اور ۷—۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب
ب۔ سبق کے آخر میں موجود نقشِ پا کی سات نقول۔ ہر نقشِ پا پر درجِ ذیل میں سے ایک لفظ لکھیں: نبی، کی، پیروی، کریں، وہ، راستہ، جانتا، ہے۔
پ۔ موجودہ نبی کے پیغام کی ایک نقل (Ensign کانفرنس کے شمارے یا کسی ایک بین الاقوامی رسالے میں سے ایک)۔
ت۔ موجودہ نبی کی تصویر

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

جماعت سے پہلے، کمرۂ جماعت کے فرش پر کاغذی نقشِ پا کی خالی طرف، کسی بھی ترتیب سے چسپاں کریں۔ نقوشِ پا موجودہ نبی کی تصویر تک لے جائیں۔ بچوں کو کہیں کہ وہ نقوشِ پا کی راہ کی پیروی کریں؟ تب نقوشِ پا اور اُنہیں دُرست ترتیب سے جمع کرلیں۔ اُن پر لکھے الفاظ جماعت کو بلند آواز سے پڑھنے کا کہیں۔ بیان کریں کہ اگر ہم اِن الفاظ کی فرمانبرداری کریں گے تو ہم سچائی جان سکیں گے اور فریب کھانے سے بچ سکیں گے۔ بتائیں کہ یہ سبق ہیلمن کے بیٹے، نیفئی نبی کی بابت ہے۔ نیفئی جائے وقوعہ پر نہ ہونے کے باوجود جانتا تھا کہ ایک قتل کیا گیا تھا اور قاتل کون ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ اگر وہ نیفئی نبی کی بابت مزید سیکھیں گے تو وہ موجودہ نبی کے کلام پر اپنے اعتماد کو اور زیادہ مضبوط کر سکیں گے۔

**صحیفائی احوال**

بچوں کو ہیلمن ۷—۹ میں سے نیفئی کی تنبیہ اور تجربات کا احوال سکھائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ''پاک کلام میں سے سکھانا،'' صفحہ vii۔) زور دیں کہ آسمانی باپ ہمیں نجات دہندہ کی بابت سِکھانے، خوشی کی تلاش میں ہمیں مدد دینے، توبہ کرنے میں ہمیں مدد دینے اور آنے والی باتوں کی آگاہی دینے کے لئے انبیاء کو بھیجتا ہے۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- جدعونی ڈاکو کون تھے؟ (ہیلمن ۶:۱۸۔) اِس گروہ نے کیا قسمیں کھائی تھیں؟ (ہیلمن ۶:۲۱—۲۲۔) جدعونی ڈاکوؤں نے کونسے بُرے کام کیے تھے؟ (ہیلمن ۶:۲۳۔)
- لوگوں کی بدکاری کے باعث نیفئی نے کیا کیا؟ (ہیلمن ۷:۶—۷، ۱۰۔) اسے بُرج پر دیکھ کر لوگوں نے کیا کِیا؟ (ہیلمن ۷:۱۱—۱۲۔)
- نیفئی نے لوگوں سے کیا کہا؟ (ہیلمن ۷:۱۳—۱۸۔) آپکے خیال میں اُس نے توبہ کے متعلق کیوں بات کی؟ ہمیں توبہ کرنے کے لئے لازماً کیا کرنا چاہیے؟
- نیفئی نے کیا کہا کہ لوگوں کو ہو گا اگر اُنہوں نے توبہ نہ کی؟ (ہیلمن ۷:۱۹، ۲۲۔) نیفئی کیسے جانتا تھا کہ یہ باتیں وقوع ہوں گی؟ (ہیلمن ۷:۲۹۔) اگر ہم توبہ نہیں کرتے تو دوسرے انبیاء نے کیا کہا ہے کہ ہمارے ساتھ ہو گا؟ موجودہ نبی کی سننے سے ہمیں اپنی زندگیوں میں کیسے مدد مل سکتی ہے۔ (خُداوند نے فرمایا ہے کہ اگر تم نبیوں کے کلام پر دھیان دو گے تو جہنم کے دروازے تم پر غالب نہ آئیں گے اور خُداوند خُدا تمہارے آگے سے تاریکی کی قوتوں کو منتشر کرے گا اور تمہاری بھلائی اور اپنے نام کے جلال کے لئے آسمانوں کو ہلائے گا۔ (دیکھئے تعلیم اور عہد ۲۱:۴—۶۔)
- قاضیوں نے نیفئی کی تعلیم کا کیا جواب دیا؟ (ہیلمن ۸:۱۔) کچھ لوگوں نے نیفئی کا کیسے دفاع کیا؟ (ہیلمن ۸:۷—۹۔) بعض اوقات سچائی کے واسطے کھڑا ہونے کے لئے کیوں جرأت کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہم موجودہ نبی کی تائید کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔
- تمام مقدس نبیوں نے کس کی گواہی دی ہے؟ (ہیلمن ۸:۱۴—۱۶۔) موجودہ نبی نے ہمیں یسوع مسیح کی بابت کیا سِکھایا ہے؟ (آپ یسوع کی بابت موجودہ نبی کا دیا گیا مختصر پیغام بتا سکتے ہیں۔)
- نیفئی نے لوگوں کو اُنکے اعلیٰ قاضی کی بابت کیا بتایا؟ (ہیلمن ۸:۲۷—۲۸۔) جو کچھ وقوع ہوا اُسکی بابت نیفئی کو کیسے علم ہوا؟
- پانچ آدمی جب تختِ عدالت کی طرف دوڑ رہے تھے تو وہ کیا سوچ رہے تھے؟ (ہیلمن ۹:۲۔) ہم کیسے جانتے ہیں کہ پانچ آدمی بالآخر نیفئی کی تمام باتوں پر ایمان لائے تھے؟ (ہیلمن ۹:۴—۵، ۳۹۔) ہم موجودہ نبی کی بابت اپنی گواہی کو مضبوط کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟
- دوسرے قاضیوں نے کیسے لوگوں کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ نیفئی جھوٹا نبی ہے؟ (ہیلمن ۹:۱۶۔) نیفئی نے اُن کے الزاموں کا کیا جواب دیا؟ (ہیلمن ۹:۲۵—۳۵۔)
- چند لوگوں پر نیفئی کے مکاشفہ کا کیا اثر ہوا؟ (ہیلمن ۹:۳۹—۴۱۔) انبیاء کی پیروی کرنے سے آپکو کیسے برکت ملی ہے؟ نبی کے کردار کو سمجھنے میں بچوں کی مدد کے لئے آپ بہتری کی سرگرمی ۳ استعمال کر سکتے ہیں۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو ہیلمن ۸—۹ میں سے اداکاری کرنے کا کہیں۔

۲۔ ایلڈر جیمز ای۔ فاؤسٹ کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور زیرِ گفتگو لائیں:

”ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے کہ کلیسیاء کا صدر ہم سب کے لئے کلیسیاء کے مکاشفہ بین کی حیثیت سے رہنمائی پائے گا۔ وہ فرماتا ہے کہ اُس پر کان لگانے اور اُسکی نصیحتوں کی پیروی کرنے میں ہی ہمارا تحفظ ہے۔“ (in Conference Report, Oct. 1989, p. 11; or *Ensign,* Nov. 1989, p. 10; see also D&C 21:4–6).

۳۔ گفتگو کریں ایامِ آخر کے انبیاء آسمانی باپ سے علم پاکر کس طرح ہم پر ظاہر کرتے رہتے ہیں۔ ایامِ آخر کے چند مکاشفات کی مثالیں دیں، جیسے کہ حکمت کا کلام (دیکھئے تعلیم اور عہد ۸۹) اور اُنھوں نے کیسے اُن کی زندگیوں کو برکت دی ہے جنھوں نے اِس پر عمل کیا ہے۔ حالیہ کانفرنس کے پیغام میں سے موجودہ نبی کا کلام بتائیں۔ (دیکھئے بین الاقوامی رسالہ۔) بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیسے نبی کی نصیحت کی پیروی کرنے سے برکت پاسکتے ہیں۔

۴۔ ایمان کے نویں رُکن کا جائزہ لیں اور اِسے زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

---


## نتیجہ

**گواہی** موجودہ نبی اور جو سچائیاں اُس نے سکھائی ہیں کی بابت اپنی گواہی دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ نبی کی تعلیم کی پیروی کرنے سے کیسے آپکو مدد ملی ہے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ہیلمن ۸:۲۵–۲۸، ۹ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔



# نیفئ بڑی قوت پاتا ہے

سبق
۳۰

| | |
|---|---|
| **مقصد** | بچوں کو سِکھانا کہ یسوع مسیح کہانت کے اختیار اور قوت سے اپنے پیروکاروں اور اپنی کلیسیاء کی رہنمائی کرتا اور برکت دیتا ہے۔ |

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ہیلمن ۱۰ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ہیلمن ۱۱:۱—۱۸۔

۳۔ بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء: ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

اپنی جماعت، بتیاں بُجھا کر شروع کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اُنہوں نے کیا فرق محسوس کیا ہے۔ کسی ایک کو بتیاں جلانے کا کہیں۔ بجلی کی قوت کے بارے بات کریں جو روشنی دیتی ہے۔ گفتگو کریں کہ بچوں کے گھروں میں کونسی اشیاء بجلی سے چلتی ہیں (چولہا، فریج، پنکھے اوزار وغیرہ۔) بیان کریں کہ یہ سبق ایک مختلف قسم کی قوت کے بارے ہے، قوت جو بجلی سے زیادہ طاقتور ہے: خُدا کی کہانت کی قوت۔

**متبادل سرگرمی**

بجلی کے بغیر کمرۂ جماعتوں کے لئے، بہتری کی سرگرمی ۱ دیکھئے۔

**صحیفائی احوال**

ہیلمن ۱۰ میں سے بچوں کو نیفئ کے سربمہر کرنے کی قوت پانے اور آسمانی باپ کا کام کرنے کے لئے کہانت کے تحفظ کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- اپنے گھر کی طرف جاتے ہوئے نیفئ کیا سوچ رہا تھا؟ (ہیلمن ۱۰:۲—۳۔) غور کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (سوچنا یا گہرے طور پر دھیان دینا۔) ہمیں کس کی بات غور کرنا اور سوچنا چاہیے؟
- نیفیوں میں انجیل کی منادی کرنے سے نیفئ کیوں مایوس ہوا تھا؟ (ہیلمن ۱۰:۳۔)
- نیفئ کی کس بات نے آسمانی باپ اور یسوع مسیح کو خوش کیا؟ (ہیلمن ۱۰:۴۔) ہم اُنہیں کیسے خوش کر سکتے ہیں؟
- یسوع مسیح نے نیفئ کیساتھ کونسی برکتوں کا وعدہ کیا تھا؟ (ہیلمن ۱۰:۵۔) اِس کا کیا مطلب ہے کہ نیفئ کسی بھی چیز کے لئے دُعا نہیں کرے گا جو "[مسیح کی] مرضی کے خلاف ہو" ہم یسوع مسیح کی پیروی کرنا کیسے سیکھ سکتے ہیں؟
- نیفئ کو کیا کرنے کی قوت دی گئی تھی؟ (ہیلمن ۱۰:۶—۱۰۔)

- نیفیئی کو دی گئی سر بمہریت کی قوت کیا ہے؟( ہیلمن ۱۰:۷؛ تعلیم اور عہد ۱۳۲:۷ بھی دیکھیں۔) کہانت کی یہ سر بمہریت کی قوت آج ہمیں کیسے برکت دیتی ہے؟ (ہیکل میں ہمارے خاندان ہمیشہ کے لئے سر بمہر ہو سکتے ہیں۔) یہ جاننے سے آپکو کیسا محسوس ہوتا ہے کہ آپکا خاندان ہمیشہ کے لئے اکٹھا رہ سکتا ہے؟ (اگر بچوں میں سے کوئی سر بمہر ہونے کے لئے ہیکل میں گیا ہے تو آپ اُنہیں یہ بتانے کا کہہ سکتے ہیں کہ جب وہ اپنے خاندان سے سر بمہر ہوئے تو اُنہوں نے کیا محسوس کیا۔)
- خُداوند نے نیفیئی کو لوگوں سے کیا کہنے کا حکم دیا؟( ہیلمن ۱۰:۱۱۔) جب خُداوند نے اُس سے بات ختم کی تو نیفیئی نے اپنی فرمانبرداری کیسے ظاہر کی؟( ہیلمن ۱۰:۱۲۔) خُداوند ہمارے ساتھ کونسے طریقوں سے کلام کرتا ہے؟ ہم کیسے فرمانبرداری ظاہر کر سکتے ہیں؟
- نیفیئی کے اعلیٰ قاضی کے قتل سے متعلق مکاشفہ نے نیفیوں کی زندگیوں کو تبدیل کیوں نہ کیا؟( ہیلمن ۱۰:۱۳۔)
- نیفیئی کے اِن لوگوں کو خُدا کا کلام سنانے پر کس طرح اُسکی حفاظت کی گئی؟( ہیلمن ۱۰:۱۵–۱۷۔) آپ کے خیال میں اِس کا کیا مطلب ہے"کہ خُدا کی قوت نیفیئی کے ساتھ" تھی؟ آج کہانت کیسے ہمیں برکت اور تحفظ دے سکتی ہے؟
- نیفیئی کی تعلیم کا لوگوں پر کیا اثر ہوا تھا؟( ہیلمن ۱۰:۱۸۔)
- کہانت کی قوت سے آپ نے اور آپکے خاندان نے کیسے برکت پائی ہے؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو بتائیں کہ آپ ایک لفظ سوچ رہے ہیں۔ اُنہیں درجِ ذیل تفصیل غور سے سننے اور اگر وہ لفظ جانتے ہوں تو اُنہیں اپنا ہاتھ کھڑا کرنے کا کہیں۔

یہ خُدا کی قوت ہے۔
اِس قوت کے ذریعے خُداوند اپنے بچوں اور اپنی کلیسیاء کو برکت دیتا ہے۔
جو اِس قوت کے حامل ہیں خُداوند یسوع مسیح کی نمائندگی کرتے ہیں۔
وہ جو اِس کہانت کے حامل ہیں وہ کام کرنے کے لئے مقرر کیے گئے ہیں جو نجات دہندہ کروانا چاہتا ہے۔

- اِس قوت کا نام کیا ہے؟ (کہانت)

۲۔ درجِ ذیل لفظی پٹیاں سامنے لگائیں: "ڈیکن،" "اُستاد،" "کاہن،" "ایلڈر،" "بارہ،" "چودہ،" "سولہ،" "اٹھارہ۔"

بچوں کے لئے درجِ ذیل تفصیلات پڑھیں اور اُنہیں دو لفظی پٹیوں کی نشاندہی کا کہیں جو بیان پر پورا اُترتی ہوں اور اُنہیں چاک بورڈ پر لگائیں۔ یہ بڑے بچوں کے لئے اور بھی مشکل ہو گا اگر تفصیلات ترتیب سے نہ پڑھی جائیں۔ (ہارونی کہانت فرائض کی تفصیلات تعلیم اور عہد ۲۰:۴۶–۵۹ میں سے لی گئی ہیں۔ ایلڈر کے، ملکِ صدق کہانت کے عہدے کی تفصیلات تعلیم اور عہد ۲۰:۳۸–۴۵؛ ۱۰۷:۱۱–۱۲ میں سے لی گئی ہیں۔)

الف۔ مجھے ہارونی کہانت عطا کر دی گئی ہے۔ میں عشائے ربانی تقسیم کرتا ہوں، میں کہانتی رہنماؤں کے لئے (پیغام رساں) پیغامبر کے طور پر خدمت کر سکتا ہوں میں روزے کے ہدیے جمع کرتا ہوں۔ میں کلیسیائی عمارات اور صحنوں کی دیکھ بھال کرنے میں مدد کرتا ہوں؟ میں کون ہوں؟ میں کتنی عمر کا ہوں جب مجھے مقرر کیا جا سکے؟ (لفظی پٹیاں: "ڈیکن،" "بارہ")۔

ب۔ میں ہارونی کہانت کا حامل ہوں۔ مجھے ڈیکن کے تمام فرائض اور اختیارات حاصل ہیں اور میں عشائے ربانی کے لئے روٹی اور پانی تیار کرتا ہوں۔ مجھے خاندانی معلم ہونے کے لئے مقرر کیا جا سکتا ہے۔ میں کون ہوں؟ میں کتنی عمر کا ہوں جب مجھے مقرر کیا جا سکے؟ (لفظی پٹیاں: "اُستاد،" "چودہ")۔

پ۔ میں ہارونی کہانت کا حامل ہوں۔ مجھے ڈیکن اور اُستاد کے فرائض اور اختیارات حاصل ہیں اور میں عشائے ربانی (پر برکت) دے سکتا ہوں۔ مجھے بپتسمہ دینے، دوسرے ہارونی کہانتی حاملوں کی تقریوں میں مدد دینے اور جب کوئی ملکِ صدقی کہانت حامل موجود نہ ہو تو اجلاسوں کی رہنمائی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ میں کلیسیائی ارکان کی احکام پر عمل کرنے میں مدد کرتا ہوں۔ میں کون ہوں؟ میں کتنی عمر کا ہوں جب میں مقرر کیا جا سکوں۔ (لفظی پٹیاں: "کاہن،" "سولہ")

ت۔ میں ملکِ صدقی کہانت کا حامل ہوں۔ میں کُل وقتی مشن پر جا سکتا ہوں۔ مجھے سِکھانے، واضح کرنے، تاکید کرنے، بپتسمہ دینے اور کلیسیاء کی نگہبانی کرنے کے لئے بلایا گیا ہے، میں رُوح القدس کی نعمت دے سکتا ہوں، اجلاسوں میں رہنمائی کر سکتا ہوں، چھوٹے بچوں کو برکت دے سکتا ہوں، بیماروں کے لئے دُعا کر سکتا ہوں اور خاندانی ارکان کو برکت دے سکتا ہوں۔ میں کون ہوں۔ میں کتنی عمر کا ہوں جب مجھے مقرر کیا جا سکے؟ (لفظی پٹیاں: "ایلڈر،" "اٹھارہ")

بچوں کو اِن میں سے ایک چیز کا نام بتانے کا کہیں جو اُنہوں نے اِن چار کہانتی عہدوں کے فرائض کی بابت سیکھی ہے۔

۳۔ کہانتی قوت کے بارے درجِ ذیل کہانی سنائیں:

ایلڈر ہیوبی براؤن بارہ رسولوں کی جماعت کا رُکن تھا۔ جب ایلڈر براؤن جوان تھا، وہ کنیڈین فوج میں ایک افسر تھا اور پہلی جنگِ عظیم میں انگلستان کے بادشاہ کی طرف سے لڑنے کے لئے انگلستان بھیجا گیا۔

ایلڈر براؤن کو بادشاہ کی طرف سے افسر لگنا پسند تھا، کیونکہ اُسے بادشاہ کے لئے کئی ایک کام کرنے کا اختیار حاصل تھا۔

ایک صبح ایلڈر براؤن کو ایک ٹیلی فون کال ملی۔ ایک سپاہی جو ہسپتال میں تھا چاہتا تھا کہ ایلڈر براؤن آئے اور اُس سے ملے۔ ہسپتال میں بہت سارے سپاہی ایلڈر براؤن کو ملنے کا کہہ چکے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ بحیثیتِ افسر اُسے اُنہیں گھر بھیجنے کا بادشاہ سے اختیار حاصل ہے۔ جب ایلڈر براؤن ہسپتال گیا تو اُس نے اُس اختیار کی بابت سوچا جو بحیثیتِ افسر اُسے حاصل تھا۔ اُس نے خوشی محسوس کی کہ وہ بادشاہ کی نمائندگی کر سکتا اور فیصلہ کر سکتا ہے کہ سپاہیوں کو رُکنا چاہیے یا گھر جانا چاہیے۔

جب ایلڈر براؤن سپاہی کے کمرے میں گیا تو سپاہی نے گھر بھیجے جانے کا نہ کہا۔ اِس کی بجائے اُس نے کہا، "بھائی براؤن، کیا آپ مجھے برکت دو گے؟ مجھے ڈر ہے کہ میں مر جاؤں گا، اور میں چاہتا ہوں کہ آپ خُدا سے کہیں مجھے جینے دے۔"

ایلڈر براؤن حیران ہوا۔ سپاہی نے اُسے اِس لئے نہ بلایا تھا کہ وہ ایک افسر ہے اور بادشاہ کی طرف سے کام کر سکتا ہے۔ سپاہی نے اُسے اِس لئے بلوایا تھا کیونکہ اُسے کہانت حاصل تھی اور وہ آسمانی باپ کا کام کر سکتا تھا۔ ایلڈر براؤن جانتا تھا کہ بادشاہ کا اختیار سپاہی کی جان نہیں بچا سکتا۔ اُسے بچانے کے لئے آسمانی باپ کے اختیار کی ضرورت ہو گی۔ جب اُس نے اپنے ہاتھ سپاہی کے سر پر رکھے اور اُسے برکت دی تو اُس نے بہت زیادہ فروتنی محسوس کی۔

جب ایلڈر براؤن ہسپتال سے رخصت ہوا تو وہ بحیثیتِ افسر اپنے اختیار کی بابت نہیں سوچ رہا تھا۔ وہ اپنی کہانتی قوت کے بارے سوچ رہا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ زمین پر آسمانی باپ کا کام کرنے کے لئے آدمیوں کو کہانت حاصل ہونی چاہیے۔ وہ خوش تھا کہ اُسے کہانت حاصل ہے اور کہ وہ آسمانی باپ کا کام کر سکا تھا۔ (Adapted from Hugh B. Brown, *Continuing Quest,* pp.26–27.)

۴۔ ہر بچے کو درجِ ذیل میں سے ایک یا اِس سے ملتی جلتی، کہانتی حاملوں کے کہانت استعمال کرنے کی تصویر دیں۔ (آپ اپنے چرچ کے کتب خانہ سے تصاویر لے سکتے ہیں۔) بچوں کو اپنی تصویر دکھا کر تصویر میں کونسی رسم ادا کی جا رہی ہے اور لڑکا یا آدمی کہانت کا کونسا عہدہ رکھتا ہے بتانے کا کہیں۔

لڑکا بپتسمہ لے رہا ہے۔ (۶۲۰۱۸)

لڑکی استحکام پا رہی ہے (۶۲۰۲۰)

عشائے ربانی کی تقسیم (۶۲۰۲۱)

کہانت میں تقرری (۶۲۳۴۱)

بیماروں پر دُعا کرنا (۶۲۳۴۲)

عشائے ربانی پر برکت دینا (۶۲۳۴۳)

۵۔ مرونئی ۳ پڑھیں اور زیرِ بحث لائیں جس میں بتایا گیا ہے کہ ایلڈر صاحبان کس طرح سے کاہنوں اور اُستادوں کو مقرر کرتے ہیں۔

۶۔ ایمان کا پانچواں اور چھٹا رُکن پڑھیں اور زیرِ بحث لائیں۔ ایمان کے اِن ارکان کو زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

اپنی زندگی میں کہانتی قوت کی برکتوں کی گواہی دیں۔ بچوں کو وہ تجربات بتانے کی دعوت دیں جب کہانت اُنکی زندگیوں میں برکت کا باعث رہی ہو۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ہیلمن ۱۰:۱–۱۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

نوٹ: اگر آپ آئندہ ہفتے کے سبق کے لئے توجہ دلاؤ سرگرمی استعمال کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو جماعت کے تین ارکان کو اداکاری کرنے کے لئے قبل از وقت مقرر کریں۔

# سیموئیل لامنی

سبق ۳۱

**مقصد** بچوں کو سِکھانا کہ انبیاء نے یسوع مسیح کی زندگی اور مقصد کی پیشنگوئی کی ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ہیلمن ۱۳ — ۱۴، ۱۶ اور ۳ نیفئی ۲۳:۹ — ۱۳ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ہیلمن ۱۵

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ ایلما، ابینادی اور نیفئی کی نبوتوں کے اقتباسات والے تین کارڈ (دیکھئے توجہ دلاؤ سرگرمی)۔

پ۔ بچوں کے (استعمال کے لئے) نیفئی، ابینادی اور ایلما کے کردار ادا کرنے میں استعمال کے لئے عام اشیاء جیسے کہ سکارف، چونے یا ناموں کے بِلے۔

ت۔ تصویر ۴ — ۴۲، سیموئیل لامنی دیوار پر (انجیلی تصاویر ۳۱۴؛ ۶۲۳۷۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

اپنی جماعت کے تین بچوں کو جو اچھا پڑھ لیتے ہوں نیفئی، ابینادی اور ایلما کا کردار ادا کرنے کا کہیں۔ اُن میں سے ہر کوئی ایک ناموں کا بِلہ یا جزوی لباس پہن سکتا ہے۔ وہ ٹائم مشین سے جماعت میں آنے اور یسوع مسیح کی زندگی اور اُسکے مقصد کی نبوتوں کی دوبارہ بتانے کی اداکاری کر سکتے ہیں:

''میں مسیح کی پیدائش سے تقریباً چھ سو سال قبل موعودہ سرزمین میں پہنچا۔ میں نے اپنے لوگوں کو ایک رویا کے متعلق بتایا جس نے مجھے مسیح کی پیدائش اور موت کی بابت سِکھایا تھا: میں نے پھر ایک کنواری پر نظر کی اور ایک بچے کو اپنے بازوؤں میں لیے دیکھا۔ اور فرشتہ نے مجھ سے کہا، ''دیکھ خُدا کا برّہ! تب میں نے دیکھا کہ وہ صلیب پر لٹکایا گیا اور جہاں کے گناہوں کے لئے موا۔' (۱ نیفئی ۱۱:۲۰ — ۲۱، ۳۳۔) میں کون ہوں؟'' (نیفئی۔)

''میں زمین پر یسوع مسیح سے تقریباً ایک سو پچاس سال پہلے موجود تھا۔ لوگ مجھے پسند نہیں کرتے تھے اور جو باتیں میں نے اُنہیں بتائی تھیں اُن کا یقین نہیں کرتے تھے۔ میں نے نبوت کی کہ یسوع مسیح' بنی آدم کے درمیان آئے گا، اور ... مصلوب اور قتل ہو کر اور اُنکی خطائیں اپنے پر لیکر اپنے لوگوں مخلصی دلائے گا۔' (مضایاہ ۱۵:۱، ۷، ۹)۔ مجھے میری گواہی کے لئے جلا دیا گیا تھا۔ میں کون ہوں؟'' (ابینادی۔)

"یسوع مسیح کے پیدا ہونے سے تقریباً ایک سو سال پہلے ایک خاص رویا دیکھنے کے بعد، میں نے جانا کہ میں صرف اپنے مخلصی دینے والے کے ذریعے بچایا جا سکتا ہوں، جو آئے گا۔ میں نے جو سیکھا تھا اُسے لوگوں کو بتانے کے لئے ہر جگہ کا سفر کیا، کہ خُدا کا بیٹا، ... ہر قسم کی تکلیف اور مصیبتیں اور آزمائشیں برداشت کر کے آگے بڑھے گا ... اور وہ خود پر موت لے گا تاکہ موت کے بندھن کھول سکے [اور] اپنے لوگوں کی کمزوریوں میں اُن کی مدد کرے گا۔ (ایلما ۷:‏۱۰—۱۲۔) میں کون ہوں؟" (ایلما)۔

بیان کریں کہ صرف ان تین انبیاء نے ہی یسوع مسیح کی بابت نبوت نہیں کی بلکہ دوسرے تمام انبیاء نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔ مضایاہ ۱۳:‏۳۳ کا حوالہ دیں۔ "کیا موسیٰ نے اُن میں ممسوح کے آنے کی نبوت نہیں کی اور یہ کہ خُدا اپنے لوگوں کو مخلصی دے گا؟ ہاں، بلکہ تمام انبیاء نے بنایِ عالم سے — کم و بیش اِن باتوں کی بابت کیا کلام نہیں کیا ہے؟" بتائیں کہ اِس سبق میں وہ ایک اور اہم نبی، سیموئیل لامنی، کی بابت سیکھیں گے، جس نے بڑی جرأت اور قوت کے ساتھ مسیح کی پیدائش، موت اور مقصد کے بارے سِکھایا۔

**صحیفائی احوال**

ہیلمن ۱۳—۱۴، ۱۶ میں سے بچوں کو سیموئیل لامنی کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) زور دے کر بتائیں کہ سیموئیل نے دلیری سے لوگوں کو یسوع اور کفارے کی بابت سِکھایا۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- سیموئیل لامنی نیفیوں پر کونسا پیغام آشکارا کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا؟ (ہیلمن ۱۳:‏۶—۷۔) سیموئیل کو "خوشی کا کون سا اعلان" سِکھانے کے لئے بھیجا گیا تھا؟ (ہیلمن ۱۴:‏۹، ۱۱—۱۳۔ بیان کریں کہ "خوشی کے اعلان" کا مطلب "("خوشخبری")" "خوشی کی خبر" یا انجیل ہے۔) یسوع مسیح کی انجیل ہمارے لئے خوشخبری کیوں ہے؟ (ہم توبہ کر سکتے اور اپنے گناہوں کی معافی پا سکتے ہیں۔)
- نیفیوں کے توبہ نہ کرنے کی صورت میں سیموئیل نے اُن کے متعلق کیا پیشنگوئی کی؟ (ہیلمن ۱۳:‏۶، ۸—۱۰۔) ہمارے لئے رُوح کا حاصل ہونا کیوں اہم ہے؟ توبہ کو پسِ پُشت نہ ڈالنا کیوں اہم ہے؟ (ہیلمن ۱۳:‏۳۸۔)
- نیفئی انبیاء کی بجائے کس کی پیروی کر رہے تھے؟ (ہیلمن ۱۳:‏۲۷—۲۹۔) آج کونسے "بیوقوف اور اندھے رہنما" لوگوں کی رہنمائی کر رہے ہیں؟ بعض اوقات دوسرے ہم سے غلط کام کروانے کی کیسے کوشش کرتے ہیں؟
- لوگوں نے سیموئیل کی تعلیم کو کیوں ردِ کیا؟ (ہیلمن ۱۴:‏۱۰۔)
- تصویر، سیموئیل لامنی دیوار پر، سامنے لگائیں۔ سیموئیل شہر کی دیوار پر کیوں چڑھا؟ (ہیلمن ۱۴:‏۱۱—۱۲۔) سیموئیل نے پانچ سالوں میں کیا وقوع ہونے کی نبوت کی اور کہ اِس کے کیا نشان ہونگے؟ (ہیلمن ۱۴:‏۲—۶۔) مسیح کی موت پر کیا نشان ہونگے؟ (ہیلمن ۱۴:‏۲۰—۲۸۔) خُداوند نے یہ نشان نیفیوں پر کیوں ظاہر کیے؟ (ہیلمن ۱۴:‏۱۲—۱۳، ۲۸۔)
- سیموئیل نے کفارہ کی بابت کیا سِکھایا؟ (ہیلمن ۱۴:‏۱۵—۱۸۔) کفارہ کو سمجھ جانے کے بعد ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ (ہیلمن ۱۴:‏۱۹۔) اپنے اعمال سے متعلق ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ (ہیلمن ۱۴:‏۳۰—۳۱۔)
- سیموئیل کا یقین کرنے والے نیفیوں نے اُسکے منادی ختم کرنے کے بعد کیا کِیا؟ (ہیلمن ۱۶:‏۱۔) اُسکا یقین نہ کرنیوالوں نے کیا کِیا؟ (ہیلمن ۱۶:‏۶۔) آپ کے خیال میں لوگ انبیاء کا یقین نہ کرنے کا فیصلہ کیوں کرتے ہیں؟ ہم انبیاء کے متعلق اپنی گواہیاں مضبوط کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ موجودہ نبی کے حالیہ چند پیغامات تلاش کریں۔ (خصوصاً بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنس کے Ensign یا بین الاقوامی رسالوں کے شمارے سے۔) پیغامات میں سے چند حوالے پڑھیں اور بچوں کو نشاندہی کرنے کا کہیں کہ نبی اُنہیں کیا سِکھا رہا ہے۔ بچوں کے جوابات چاک بورڈ پر لکھیں۔ ہر بچے کو ایک اُصول منتخب کرنے کا کہیں جس کی وہ پیروی کرنا چاہتا ہے اور اُنہیں یہ ایک کارڈ پر لکھنے کا کہیں۔

۲۔ چاک بورڈ پر دو کالمی سُرخی بنائیں: "مسیح کی پیدائش کے نشان" اور "مسیح کی موت کے نشان۔" مسیح کی پیدائش اور موت کے جتنے بھی نشان سبق میں زیرِ بحث لائے گئے تھے کاغذ کی پرچیوں پر لکھ لیں اور اُنہیں ایک چھوٹے ڈبے میں ملا لیں۔ بچوں کو باری باری ایک اُٹھانے، اِسے پڑھنے اور اِسے دو کالموں کے نیچے لگانے کا کہیں۔

مسیح کی پیدائش کے نشان (ہیلیمن ۱۴:۲–۶۔)
- آسمان پر بڑی روشنی
- ایک دِن اور رات اور ایک دِن ایسے تھا جیسے درمیان میں رات نہیں ہے
- ایک نیا ستارہ
- آسمان پر بڑے نشان اور عجائب

مسیح کی موت کے نشان (ہیلیمن ۱۴:۲۰–۲۸)
- سورج، چاند اور ستارے تاریک ہو جائیں گے
- تین دِنوں کے لئے کوئی روشنی نہ ہو گی
- کئی گھنٹوں کے لئے بجلیاں اور گرجیں
- زمین تھر تھرائے اور کانپے گی
- ٹھوس چٹانوں کا مادہ ٹوٹ پھوٹ جائے گا۔
- بڑے طوفان
- پہاڑ پست کیے جائیں گے
- وادیاں پہاڑ بن جائیں گی
- شاہرائیں ٹوٹ جائیں گی
- شہر سنسان ہو جائیں گے
- قبریں کھل جائیں گی اور اپنے مردے اُگل دیں گی

۳۔ ایمان کا چھٹا، ساتواں یا نواں رُکن زبانی یاد کریں۔

## نتیجہ

**گواہی**

انبیاء ہمیں، پرانے اور نئے دونوں زمانوں میں جو باتیں بتاتے ہیں اُن کی سچائی کی گواہی دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ہیلیمن ۱۴:۱–۱۴، ۲۰–۳۱ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳۲
# یسوع مسیح کی پیدائش کے امریکہ میں نشان

**مقصد**
بچوں کو سِکھانا کہ اگر ہم ایمان رکھیں تو یسوع مسیح کی بابت ہماری گواہیوں کو نشان، مضبوط کر سکتے ہیں۔

**تیاری**
۱۔ دُعا گو ہو کر ۳ نیفئی ۱–۲ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ اِس سبق کے آخر میں شامل تصاویر (یا آپ چاک بورڈ پر عام قسم کی تصویریں بنا سکتے ہیں)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**
ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی
بچوں کو بتائیں کہ آپ اُنہیں ایک واقعے کی بابت چند اشارے دینے لگے ہیں جو کئی سال پہلے واقع ہوا تھا۔ اُنہیں کہیں کہ اگر وہ جانتے ہوں کہ یہ اشارے کس واقعہ کی بابت دیے جا رہے ہیں تو اپنے ہاتھ کھڑے کریں۔ بچوں کو جماعت کے سامنے آکر وہ تصاویر پکڑنے کا کہیں جو آپ اُنہیں دیں گے۔ (سبق کے آخر میں دی گئی تصاویر دیکھیں۔)

فرشتہ
چرواہے کا عصا
گدھا
ستارہ
چرنی
بچہ

جب بچے اندازہ لگالیں کہ واقعہ مسیح کی پیدائش سے متعلق ہے تو ستارہ سامنے لگا رہنے دیں۔ بیان کریں کہ یہ سبق یروشلیم سے دُور ایک جگہ کی بابت بتاتا ہے جہاں لوگوں نے نجات دہندہ کی پیدائش کے نشانات دیکھے اور ایک ستارہ بھی دیکھا۔

صحیفائی احوال
بچوں کو ۳ نیفئی ۱–۲ میں سے یسوع مسیح کی پیدائش کے وقت کے متعلق ضریملہ لوگوں کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) بیان کریں کہ اِس واقعہ میں نیفئی اُس نیفئی کا بیٹا تھا جو کہ ہیلمن کا بیٹا تھا۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات
جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ، بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- بعض لوگ سیموئیل لامنی کی نبوتوں کی بابت کیا کہہ رہے تھے؟ (۳ نیفئ ۱:۵–۶۔) ایمانداروں نے بے اعتقادوں کیساتھ کیسے ردِ عمل کا اظہار کیا؟ (۳ نیفئ ۱:۷۔)
- وہ کن نشانوں کی تلاش میں تھے؟ (۳ نیفئ ۱:۸۔) اُن کی ثابت قدمی ہمیں اُنکے ایمان کی بابت کیا سکھاتی ہے؟
- بے اعتقادوں نے ایمانداروں کو کیا دھمکیاں دیں؟ (۳ نیفئ ۱:۹۔) آپ کے خیال میں بعض لوگ اُن کے ساتھ غصہ کیوں ہو جاتے ہیں جو خُدا پر ایمان رکھتے ہیں؟
- لوگوں کی بدکاری دیکھ کر نیفئ نے کیا کیا؟ (۳ نیفئ ۱:۱۲۔) نیفئ کو دُعاؤں کا کیا جواب ملا؟ (۳ نیفئ ۱:۱۳–۱۴۔) یسوع مسیح نے کیوں کہا کہ وہ دُنیا میں آرہا ہے؟
- نبوتیں کیسے پوری ہوئیں؟ (۳ نیفئ ۱:۱۵،۱۹۔) جب بے اعتقادوں نے نشان دیکھے کہ نبوت پوری ہو گئی ہے تو وہ کیوں خوفزدہ ہوئے؟ (۳ نیفئ ۱:۱۸۔) اگر آپ وہاں ہوتے تو آپ کیا محسوس کرتے؟
- نیفیوں نے کونسا نشان دیکھا جو بیت لحم میں بھی دیکھا گیا؟ (۳ نیفئ ۱:۲۱۔)
- شیطان نے لوگوں کو نشانات پر یقین کرنے سے روکنے کے لئے کیا کیا؟ (۳ نیفئ ۱:۲۲۔) لوگوں نے خُداوند پر اپنا یقین کیسے ظاہر کیا؟ (۳ نیفئ ۱:۲۲–۲۳۔)
- کیا چیز لوگوں کے ایمان اور گواہی کے کمزور ہونے کا سبب بنی؟ (۳ نیفئ ۱:۲۹–۳۰۔) اپنے والدین کے نیک نمونوں اور تعلیم کی پیروی کرنا کیوں ضروری ہے، اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنے سے آپ نے کیسے برکت پائی ہے۔
- بہت سے نشانوں سے متعلق لوگوں کا رویہ کیسا تھا جو اُنہوں نے دیکھے تھے؟ (۳ نیفئ ۲:۱–۲۔) ہم اُن گواہیوں کی مضبوطی کی بابت کیا سیکھ سکتے ہیں جن کی بنیاد نشانوں پر ہو؟ اپنی گواہیوں کو مضبوط کرنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟
- نیفیوں کی بے اعتقادی کا کیا نتیجہ نکلا؟ (۳ نیفئ ۲:۳، ۱۱۔) راستباز نیفیوں اور لامنوں نے اپنے آپ کو بچانے کے لئے کیا کیا؟ (۳ نیفئ ۲:۱۲۔) دوسرے کلیسیائی ارکان کے ساتھ رفاقت رکھنا اور آسمانی باپ کی پرستش کرنا مضبوط ہونے میں کیسے ہمیں مدد دیتا ہے؟
- بالآخر لوگوں کے ساتھ اُنکی بے اعتقادی کی بدولت کیا ہوا؟ (۳ نیفئ ۲:۱۷–۱۹۔)
- آپ کیسے جانتے ہیں کہ یسوع مسیح کی دوسری آمد کی نبوتیں پوری ہوں گی؟ (۳ نیفئ ۱:۲۰۔)
- آپ کے خیال میں دُنیا کیسی ہو گی جب یسوع مسیح دوبارہ آئے گا؟ جب وہ آئے تو آپ کو کیسا شخص ہونا چاہتے ہیں؟ ہم دوسری آمد کے واسطے اب تیار ہونے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو اُن بے اعتقاد لوگوں کے نام بتانے کا کہیں جنکے بارے اُنہوں نے پچھلے اسباق میں سیکھا تھا۔ جنہوں نے نشان مانگے یاد کیے تھے اور اُنکی گواہیوں پر نشانوں کے اثرات کو زیرِ بحث لائیں۔ اگر بچوں کو مدد کی ضرورت ہو تو درجِ ذیل مثالیں استعمال کریں:

لامن اور لیموئیل (۱ نیفئ ۳:۲۸–۳۱؛ ۱۷:۴۵۔)

شیرم (یعقوب ۷:۱۳–۲۰۔)

کوریحور (ایلما ۳۰:۴۳–۵۶۔)

۲۔ بچوں کو کہیں کہ وہ اداکاری کریں کہ وہ خاندانی معلم یا خاندانی معلّمہ ہیں۔ اُنہیں رضاکارانہ طور پر بتانے کا کہیں کہ وہ لوگوں کو اُنکی یسوع مسیح کی گواہیوں کو مضبوط کرنے میں مدد دینے کے لئے کیا سِکھائیں گے۔

۳۔ ۳ نیفئی ۱:۲۰ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں اور گفتگو کریں کہ یہ کیسے ہماری زندگیوں پر لاگو ہوتی ہے۔

۴۔ ایمان کا دسواں رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

---

## نتیجہ




**گواہی** گواہی دیں کہ جو نبوتیں کی گئی ہیں آسمانی باپ سب پوری کرے گا۔ اُسکی دوبارہ آمد کے لئے، راستباز زندگیاں گزارنے اور نجات دہندہ کو ملنے کے لئے تیار رہنے کی ضرورت پر زور دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفئی ۱:۴–۱۵، ۱۹–۲۲ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔




# سبق ۳۴
# نجات دہندہ کا نیفیوں پر ظاہر ہونا

**مقصد**

ہر بچے کی گواہی مضبوط کرنا کہ یسوع مسیح خُدا کا بیٹا ہے، کہ وہ ہمارا نجات دہندہ ہے اور کہ وہ آج بھی زندہ ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۳ نیفئی ۸—۱۱ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ۳ نیفئی ۷

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصاویر ۴—۴۳، مسیح کا نیفیوں پر ظاہر ہونا (انجیلی تصاویر ۳۱۵؛ ۶۲۰۴۷)؛ ۴—۴۴، دُنیا کا نقشہ ہے؛ اور ۴—۴۵، یسوع مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے۔ (انجیلی تصاویر ۳۱۶؛ ۶۲۳۸۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

بچوں سے پوچھیں کیا اُن میں سے کسی کو کبھی خوفناک، شدید طوفان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایک یا دو بچوں کو ایسا کوئی تجربہ بتانے کی دعوت دیں یا آپ خود ایسا کوئی تجربہ بتا سکتے ہیں۔ بیان کریں کہ یروشلیم میں یسوع مسیح کے مصلوب کیے جانے کے وقت، امریکہ میں شدید تباہی اور خوفناک طوفان آیا۔ نقشہ استعمال کر کے، وہ کہاں رہتا تھا اور کہاں مصلوب ہوا، جو کہ اب اسرائیل کہلاتا ہے، دکھائیں۔ بیان کریں کہ یہ سبق یسوع مسیح کی موت کے وقت امریکہ میں کیا ہوا اُس کے بارے میں ہے۔

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے ۳ نیفئی ۸:۵—۱۱:۴۱ میں سے بچوں کو نجات دہندہ کی موت کے نشانوں اور نیفیوں پر اُسکے ظاہر ہونے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- سیموئیل لامنی نے نیفیوں کو نجات دہندہ کی موت کی بابت کیا نبوت کی تھی؟ (ہیلمن ۱۴:۲۰—۲۷۔) وہ اُنہیں تیار کرنے کی کوشش کیوں کر رہا تھا؟ (ہیلمن ۱۴:۲۸—۲۹۔) یہ نبوتیں کیسے پوری ہوئیں؟ (۳ نیفئی ۸:۵—۲۵۔)
- نجات دہندہ نے کیا وجہ بتائی کہ لوگ کیوں مارے گئے تھے؟ (۳ نیفئی ۹:۲، ۱۲۔) جو لوگ مارے نہ گئے تھے اُس نے اُن سے کیا کہا؟ (۳ نیفئی ۹:۱۳—۱۴۔) مسیح کی طرف رجوع لانے کا کیا مطلب ہے؟ اگر ہم اور زیادہ نجات دہندہ کی مانند بنیں تو ہم کون سی برکتیں پائیں گے؟

- یسوع نے لوگوں کو اپنے مشن کے متعلق کیا بتایا؟ (۳ نیفئی ۱۵:۹—۱۷۔) ہمارے لئے یہ جاننا کیوں ضروری ہے کہ یسوع مسیح خُدا کا بیٹا ہے؟
- یسوع مسیح نے دُنیا میں آنے کی اپنی کیا وجہ بتائی؟ (۳ نیفئی ۲۱:۹۔) اپنے گناہوں سے نجات پانے کے لئے ہمیں لازمی کیا کرنا چاہیے؟ (۳ نیفئی ۲۲:۹)۔ کفارہ کو سمجھنے سے لوگ کیا محسوس کرتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۰:۱۰۔)
- فراوانی کے ملک میں ہیکل میں لوگوں نے کتنی مرتبہ آسمان سے آواز سنی اور اِسے نہ سمجھے؟ (۳ نیفئی ۳:۱۱—۴۔) لوگوں نے کیا کِیا تاکہ وہ آواز کو سمجھ سکیں؟ (۳ نیفئی ۵:۱۱—۶۔) "اِسے سننے کے لئے اپنے کان کھولے" کا کیا مطلب ہے؟ (ہمیں سننا چاہیے اور آسمانی باپ ہمیں جو بتانا چاہتا ہے اُسے قبول کرنے کو تیار ہوں۔)
- تیسری مرتبہ لوگوں نے کیا سنا جو آسمانی باپ نے اُنہیں بتایا تھا؟ (۳ نیفئی ۶:۱۱—۷۔) اِس تعارف سے ہم کونسی اہم باتیں سیکھتے ہیں؟ (ہم سیکھتے ہیں کہ یسوع مسیح خُدا کا بیٹا ہے، وہ دو علیٰحدہ ہستیاں ہیں، باپ، بیٹے سے محبت رکھتا ہے اور ہمیں بیٹے کی سننا ہے۔) ہم یسوع مسیح کے کلام کو اور بہتر سننے اور سمجھنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟
- آسمان پر نظر کر کے لوگوں نے کیا دیکھا؟ (۳ نیفئی ۸:۱۱) جب نجات دہندہ نے اُنہیں بتایا کہ وہ کون ہے، تو آپکے خیال میں وہ زمین پر کیوں گر پڑے؟ (۳ نیفئی ۱۰:۱۱—۱۲۔) اگر آپ وہاں ہوتے تو کیا محسوس کرتے؟ مسیح نے لوگوں کو اپنے بدن کے زخموں کو کیوں چُھونے دیا؟ (۳ نیفئی ۱۴:۱۱—۱۵۔)
- نیفیوں نے کیا محسوس کیا اور نجات دہندہ کے ساتھ محبت اور شکر گزاری کا اظہار کیا؟ (۳ نیفئی ۱۶:۱۱—۱۷۔) ہم اُس کے لئے اور جو اُس نے ہمارے واسطے کیا ہے اُس کے لئے کیسے محبت اور شکر گزاری کا اظہار کر سکتے ہیں؟
- یسوع مسیح نے نیفیوں کو کونسی اہم رسوم ادا کرنے کا اختیار بخشا؟ (۳ نیفئی ۱۹:۱۱—۲۱۔) بپتسمے کی رسم کیسے ادا کی جانی چاہیے؟ (۳ نیفئی ۲۲:۱۱—۲۷۔)
- نجات دہندہ نے تکرار اور جھگڑے کی بابت کیا کہا؟ (۳ نیفئی ۲۸:۱۱—۳۰۔)
- ابدی زندگی پانے کی ہم سب کی ضرورت کے لئے اُس نے ہمیں کیا کرنے کو کہا ہے؟ (۳ نیفئی ۳۳:۱۱—۳۸۔)
- بتائیں کہ آج دُنیا میں سب سے بڑی خبر یہ ہے کہ یسوع مسیح زندہ ہے، بہت سے لوگ اُس کی بابت صرف اتنا جانتے ہیں کہ وہ بہت عرصہ پہلے موجود تھا اور صلیب پر موا۔ بحیثیتِ کلیسیائی ارکان ہمیں کونسا علم حاصل ہے جو ہمیں خاص کر نجات دہندہ کے قریب ہونے کا احساس دلاتا ہے؟ (ہم جانتے ہیں کہ اُس نے ہمارے گناہوں کی خاطر دُکھ اُٹھائے اور ہمارے لئے اپنی جان دی اور کہ وہ زندہ اور آج اپنی کلیسیاء کی رہنمائی کرتا ہے۔)

  بچوں کو یسوع مسیح کے متعلق اپنے احساسات بتانے کی دعوت دیں۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ایمان کا پہلا، دوسرا یا چوتھا رُکن پڑھیں اور زیرِ بحث لائیں۔ اِن میں سے ایک زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۲۔ گواہی رکھنے کی معنوں پر گفتگو کریں۔ کوئی شخص اِس زندگی میں سب سے اہم باتوں میں سے ایک جو پا سکتا ہے وہ یہ گواہی ہے کہ یسوع مسیح ایک حقیقی شخصیت ہے اور خُدا کا بیٹا ہے، جو اُسے الٰہی بناتا ہے۔ گواہی ایک رُوحانی احساس اور ایک مضبوط عقیدہ ہے جو اُس وقت علم بن جاتا ہے جب آپ گواہی پانا شروع کرتے ہیں، آپ اپنے اندر محسوس کرتے ہیں کہ انجیل حقیقت ہے، یہ احساس بڑھتا اور مضبوط ہوتا ہے جب آپ

دُعا اور فرمانبرداری کر کے اِسکی پرورش کرتے ہیں۔ آپ اپنے ایمان اور آسمانی باپ اور اُسکے بیٹے، یسوع مسیح کے لئے اپنی محبت کی بدولت راست انتخابات کرنے لگتے ہیں۔ جب ہم اپنی گواہی دیتے ہیں تو ہم دراصل دوسروں کو اپنے احساسات اور آسمانی باپ اور یسوع مسیح سے اپنی وابستگی بتاتے ہیں۔ ہم اپنے اعمال، لباس اور رہن سہن کے انداز سے بھی اپنی گواہی دیتے ہیں۔ جب ہم راست انتخاب کرتے ہیں تو ہم دراصل دوسروں پر ظاہر کر رہے ہوتے ہیں کہ ہمیں یسوع مسیح اور اُسکی انجیل کی گواہی حاصل ہے۔

۳۔ ہمارے لئے یسوع مسیح کی بابت مسلسل سیکھتے رہنا کیوں ضروری ہے۔اِسے زیرِ گفتگو لائیں۔ بیان کریں کہ ہم اُن کی مانند بننا چاہتے ہیں جنہیں ہم جانتے، معترف ہوتے ہیں اور عزت کرتے ہیں۔ ہم یسوع مسیح کے اور قریب ہو سکتے اور اُس کی مانند بن سکتے ہیں جب ہم اُس کی بابت سیکھتے ہیں اور اُسکے نمونہ کی پیروی کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

---

## نتیجہ

**گواہی** — یسوع مسیح کی حقیقت اور اُسکی الوہیت کی گواہی دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** — تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں، ۳ نیفئی ۱۱ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# یسوع مسیح نیفیوں کو مبارکبادیاں سِکھاتا ہے۔

سبق ۳۴

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ مبارکبادیاں اور دیگر سچائیاں جو یسوع مسیح نے نیفیوں کو سِکھائیں آسمانی باپ اور اُسکے بیٹے کی مانند بننے میں ہماری مدد کر سکتی ہیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ۳ نیفی ۱۲ اور ۱۳ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ تصویر ۴–۴۵، یسوع مسیح مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۶؛ ۶۲۳۸۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کریں۔ اگر بچوں کی تعداد برابر نہ ہو، تو ایک بچے کا ساتھی خود بنیں۔ بچوں کو پہلے تمام ہدایات سننے اور پھر اُنہیں یاد رکھنے کی کوشش کرنے اور اُنہیں اُسی ترتیب سے کرنے کو کہیں جس میں یہ دی گئی ہیں۔

۱۔ اپنے ساتھی کے ساتھ ہاتھ ملائیں اور اُسے اپنا پورا نام بتائیں۔

۲۔ کھڑے ہوں اور اپنے ساتھی کو ایسی بات بتائیں جس میں آپ اُس کے معترف ہیں۔

۳۔ مڑیں اور اپنے ساتھی کو ایک ایسی چیز بتائیں جو آپ اپنے بارے پسند کرتے ہیں۔

۴۔ مورمن کی کتاب کے، اپنے ساتھی کے پسندیدہ ایک نبی کا معلوم کریں۔

۵۔ بیٹھ جائیں اور اپنے بازو تہہ کر لیں۔

بچوں کو شروع کرنے کو کہیں۔ اگر بچوں کو سب کچھ یاد کرنے میں مشکل پیش آئے تو ہدایات دہرائیں اور اُنہیں دوبارہ کوشش کرنے دیں۔ بتائیں کہ اگر سرگرمی کئی بار دہرائی جائے تو ہر کوئی یاد کرنے کے قابل ہو گا اور وہی کچھ کرے گا جو اُنہیں کرنے کو کہا گیا ہے۔ جب ہم اپنی پوری زندگی یسوع مسیح کی تعلیمات کی پیروی کرنے کا انتخاب کرتے کریں تو ہم آہستہ آہستہ اپنے آسمانی باپ اور اُسکے بیٹے کی مانند بننا سیکھتے ہیں۔

بتائیں کہ یسوع مسیح اپنے دوبارہ جی اُٹھنے کے بعد براعظم امریکہ میں گیا۔ اُس نے بارہ شاگرد چنے اور نیفیوں کو وہی اُصول سِکھائے جو اُس نے یروشلیم میں پہاڑی واعظ میں سِکھائے تھے۔ (دیکھئے متی ۵–۷۔) مبارکبادیاں، کے نام سے جانی جانے والی یہ تعلیمات، ہمارے عمل کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ لفظ مبارکبادی کا مطلب خوشی یا برکت ہے۔

**صحیفائی احوال**

تصویر، یسوع مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے، سامنے لگائیں اور ۳ نیفی ۱۲ اور ۱۳ میں سے بچوں کو یسوع مسیح کے مبارکبادیاں سِکھانے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔) اِس بات پر زور دیں کہ نجات دہندہ ہمیں اپنی مانند اور اپنے باپ کی مانند بننا سِکھا رہا تھا۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع مسیح نے نیفیوں کو کس کی سننے اور فرمانبرداری کرنے کا کہا؟ (۳ نیفئ ۱۲:۱) یہ کیوں ضروری ہے کہ آج ہم اپنے کلیسیائی رہنماؤں کی سنیں اور فرمانبرداری کریں؟
- بپتسمہ لیکر ہم کون سی برکتیں پاتے ہیں؟ (۳ نیفئ ۱۲:۲۔) ہمیں کیا کرنا چاہیے اگر ہم چاہتے ہیں کہ رُوح القُدس ہمارے مدد کرے؟
- ''رُوح کے غریب'' ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۳ سیکھنے کا مشتاق، مغرور یا شیخی باز نہیں۔) ہم آسمانی باپ کو کیسے ظاہر کر سکتے ہیں کہ ہم سیکھنے کے مشتاق ہیں؟ نشاندہی کریں کہ آیت ۳ میں الفاظ ''جو میرے پاس آتے ہیں'' کتاب مقدس میں نہیں ہیں لیکن مبارکبادیوں کو سمجھنے میں ہماری بہتر مدد کرتے ہیں۔ ''رُوح کے غریب'' ہونا ہی صرف کافی نہیں ہے جب تک ہم نجات دہندہ کے پاس نہیں آتے۔ اِس کا اطلاق دوسری تمام مبارکبادیوں پر بھی ہوتا ہے۔

نجات دہندہ نے سِکھایا کہ ہمیں توبہ کرنی چاہیے اور اُس کے پاس ''چھوٹے بچوں کی مانند'' آنا چاہیے (۳ نیفئ ۹:۲۲۔) آپ نے ہر بچے میں جو مثالی خوبیاں دیکھی ہیں اُن کی نشاندہی کریں۔ جماعت میں مؤدب رہنے، سیکھنے کی کوشش کرنے اور دوسروں کی سیکھنے میں مدد کرنے پر زور دیں۔

۳ نیفئ ۱۲:۴ پڑھیں۔ ایسے وقت کا بتائیں جب آپ نے رُوح سے تسلی پائی ہو۔ بچوں کو ایسے تجربات بتانے کی دعوت دیں جب اُنہوں نے تسلی پائی ہو۔

- حلیم ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۵۔ شریف اور مہربان ہونا اور ضبطِ نفس کا اظہار کرنا۔) ہمارے حلیم ہونے سے ہم خود اور دوسرے، کیسے برکت پاتے ہیں؟
- راستبازی کے بھوکے اور پیاسے ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (ہمیں اچھا ہونے کا اتنا ہی طالب ہونا چاہیے جتنا ہم کھانے اور پینے کے طالب ہیں۔) (اگر ہم راستبازی کے بھوکے اور پیاسے ہوں تو ہمارے ساتھ کیا وعدہ کیا گیا ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۶۔)
- رحم کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۷۔ معاف کرنے کے خواہاں ہونا، مہربان اور پیار کرنے والا ہونا۔) اگر ہم رحمدل ہوں تو ہمارے ساتھ کیا وعدہ کیا جاتا ہے؟ آپ ایک ایسا تجربہ بتا سکتے ہیں جب آپ نے کسی کو معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہو اور یہ کہ ایسا کرنے کے بعد آپ نے کیا محسوس کیا؟
- دِل کے پاک ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۸۔ مخلص اور حقیقی ہونا، صاف ذہن اور صاف دِل رکھنا، اچھی چیزوں سے لُطف اندوز ہونا اور بُرائی یا بدکاری سے اپنے خیالات اور اعمال میں دُور رہنا۔ بُری کی نسبت اچھی سرگرمیوں کا انتخاب کرنے کی کونسی چند مثالیں ہیں؟ انجیل کی تعلیمات کی فرمانبرداری سے، ہمارے دِل پاک ہونے میں کس طرح ہماری مدد ہوتی ہے؟
- صُلح جو ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۹۔) کونسی چند کیفیتیں ہیں جو آپ کے صُلح جو ہونے سے بدل سکتی ہیں۔ جب آپ صُلح جو ہوتے ہیں تو آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے؟
- اُنکے لئے اپنی گواہی کی بدولت ستائے (ستانا، مذاق اُڑانا، تکلیف پہنچانا) جاتے ہیں اُن سے نجات دہندہ نے کیا وعدہ کیا ہے؟ (۳ نیفئ ۱۲:۱۰—۱۲۔) کیا آپ کسی کو جانتے ہیں جس نے نجات دہندہ کی خاطر ظلم سہے ہوں؟ آپ کسی ایسے وقت کا بتا سکتے ہیں جب آپ خود یا جسے آپ جانتے ہیں تنقید کیے جانے کے باوجود جو حق ہے اِس کے لئے کھڑے ہوئے ہوں۔

- زمین کے نمک ہونے کا کیا مطلب ہے؟(۳ نیفئی ۱۲؛ ۱۳ بہتری کی سر گرمی ۴ دیکھیں۔) دوسروں کے لئے آپکے نیک نمونے کا کیسے نمک سے موازنہ کیا جا سکتا ہے؟
- اگر ایک جلتی ہوئی شمع کسی بالٹی یا ڈبے کے نیچے ہو تو وہ کتنی ایک روشنی دے سکے گی؟(۳ نیفئی ۱۲:۱۴—۱۶۔) آپ کن طریقوں سے اپنی روشنی (یا مثال) چمکا سکتے ہیں؟ آپ کی زندگی میں کسی اور کا نمونہ کیسے روشنی کی مانند رہا ہے؟
- احکام کی فرمانبرداری آسمانی باپ اور یسوع مسیح کی مانند بننے میں کیسے ہماری مدد کرتی ہے؟(۳ نیفئی ۱۲:۴۸۔)
- ہمارے لئے دوسروں کو معاف کر دینا کتنا ضروری ہے؟(۳ نیفئی ۱۳:۱۴—۱۵۔)
- ہم ۳ نیفئی ۱۳:۱۶—۱۸ میں سے روزے کی بابت کیا سیکھ سکتے ہیں؟
- آپ کے خیال میں "اپنے لئے زمین پر خزانہ جمع نہ کرو... بلکہ اپناے لئے آسمان پر خزانہ جمع کرو" کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئی ۱۳:۱۹—۲۰۔) ہم اِس زندگی سے آئندہ زندگی میں کونسے خزانے لے جا سکتے ہیں؟ کونسے ایسے خزانے ہیں جو آج ہمیں اہم لگتے ہیں لیکن ہم اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتے؟
- یسوع مسیح نے ہمیں احکام کیوں دیے ہیں؟(۳ نیفئی ۱۲:۲۰۔) آپ نے مبارکبادیوں اور دیگر سچائیوں سے کیا سیکھا ہے جو اِس ہفتے آپ کی اور زیادہ نجات دہندہ کی مانند بننے میں مددگار ہوں گی؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ چاک بورڈ پر سُرخیاں مبارک ہیں اور وعدہ لکھیں۔ ۳ نیفئی ۱۲:۳، ۳ نیفئی ۱۲:۴ اور اِسی طرح آیت ۱۰ کا غذ کی علٰیحدہ علٰیحدہ پرچیوں پر لکھیں اور اُنہیں جماعت کے ارکان میں تقسیم کر دیں۔ بچوں کو اپنے کاغذ کی پرچیوں سے پڑھنے اور آپ کو بتانے کا کہیں کہ مبارکبادی میں کونسا وعدہ ہے۔ جوابات مناسب کالم میں لکھیں۔ (جب آپ ہر مبارکبادی کی بات کریں تو "مسیح کی طرف رجوع لانے" کی اہمیت پر زور دیں۔) جب آپ ختم کر لیں، تو چاک بورڈ پر درجِ ذیل فہرست ہونی چاہیے:

| مبارک ہیں | وعدہ |
|---|---|
| جو رُوح کے غریب ہیں جو یسوع مسیح کی طرف رجوع لاتے ہیں | آسمان کی بادشاہی پائیں گے |
| جو غمگین ہیں | تسلی پائیں گے |
| حلیم | زمین کے وارث ہونگے |
| جو راستبازی کے بُھوکے اور پیاسے ہیں | رُوح القُدس سے معمور ہونگے |
| جو رحمدل ہیں | رحم پائیں گے |
| جو دِل کے پاک ہیں | خُدا کو دیکھیں گے |
| صُلح جو | خُدا کے بچے کہلائیں گے |
| جو نجات دہندہ کی خاطر ستائے جاتے ہیں | آسمان کی بادشاہی پائیں گے |

۲۔ گفتگو کریں اور ایمان کا تیرہواں رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۳۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ اِن مبارکبادیوں پر بہتر طور پر کیسے عمل کر سکتے ہیں۔ اُنکے جوابات چاک بورڈ پر لکھیں۔ مبارکبادیوں میں سے ایک کا انتخاب کرنے اور اِس ہفتہ میں اُس پر کام کرنے کی ہر بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔ آپ بچوں کو کاغذ پر یہ فقرہ "اِس ہفتے میں اور زیادہ ________ ہوں گا" لکھ کر دے سکتے ہیں۔ اُنہیں خالی جگہ پُر کرنے اور کاغذ گھر لے جانے کا کہیں۔

۴۔ بچوں کو تھوڑا نمک دکھائیں۔ بتائیں کہ صدیوں سے نمک خوراک کو ذائقہ دینے اور اِسے خراب ہونے سے بچانے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ ویسے جیسے نمک خوراک کو محفوظ رکھتا ہے، آسمانی باپ اور نجات دہندہ کے ساتھ ہمارے تعلقات محفوظ ہوتے ہیں۔ جب ہم اُنکی تعلیمات کی فرمانبرداری کرتے اور اپنے عہود پر قائم رہتے ہیں۔ جیسے نمک خوراک میں ذائقے کا اضافہ کرتا ہے، ہم راستبازی پر عمل کرنے سے دُنیا میں اچھائی کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں:

- دُنیا کے کونسے چند ناپاک اثرات ہیں جو نجات دہندہ کے ساتھ ہمارے تعلقات پر اثر انداز ہو سکتے ہیں؟

- نمک اپنا مزہ (ذائقہ) کھو دیتا ہے جب اُس میں ناخالص اجزا کی ملاوٹ کی جاتی ہے، ہمارے ساتھ کیا ہوتا ہے جب ہم اپنی زندگیوں میں ناخالص اجزاء (ناپاک خیالات، اثرات اور اعمال) کو داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں؟

۵۔ اگر آپ یہ سبق روزے کے اتوار کو نہیں سِکھا رہے، تو کھانے کی کوئی چیز مثلاً مکئی کے دانے، نمک کے بغیر تیار کریں۔ (والدین سے پوچھیں کیا اِس سے کسی بچے کو الرجی تو نہیں ہے)، بچوں کو ذائقے کا فرق معلوم کرنے کا کہیں۔ بتائیں کہ نمک بعض کھانوں کے لئے کتنا اہم ہے۔ بچوں کو سمجھنے میں مدد کریں کہ زمین کا نمک تصور کیے جانے کے لئے لازمی ہے کہ ہم مسیح جیسی خوبیاں پیدا کریں اور دوسروں کی خدمت کریں۔

۶۔ درجِ ذیل حوالہ جات پڑھیں اور ہر مرتبہ جب بچے لفظ "کرو" سنیں تو اُنہیں اپنا ہاتھ کھڑا کرنے کا کہیں۔

"یہ میری انجیل ہے؟ اور تم جانتے ہو کہ تم میری کلیسیاء میں کونسے کام کرو گے؛ کیونکہ تم نے مجھے جو کام کرتے دیکھا ہے تم بھی وہی کرو گے؛

"پس، اگر تم یہ کام کرو تو مبارک ہو، کیونکہ تم یوم آخر اقبالمند کیے جاؤ گے۔" (۳ نیفی ۲۷:۲۱—۲۲۔)

بیان کریں کہ اگر ہم وہ کام کریں جو نجات دہندہ نے ہمیں کرنے کا حکم دیا ہے تو وہ ہمیں برکت دے گا۔ یہ ایک ابدی قانون ہے کہ فرمانبرداری باعثِ برکت ہوتی ہے۔ خُداوند نے فرمایا ہے کہ جب ہم خُدا سے کوئی برکت پاتے ہیں تو یہ اُس قانون کی فرمانبرداری سے ہے جس پر برکت کا انحصار ہے۔ (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱۳۰:۲۰—۲۱۔)

۷۔ کلیسیاء کے بارہویں صدر، سپینسر ڈبلیو۔ کمبل کی تصویر دکھائیں اور بچوں کو اُسکے پسندیدہ نصب العین میں سے ایک بتائیں: "کر گزرو" صدر کمبل جانتے تھے کہ یسوع کی تعلیمات کو نہ صرف جاننا بلکہ درحقیقت اُنہیں کر گزرنا بھی ضروری ہے۔ صدر سپینسر ڈبلیو۔ کمبل اور گیت، "میں ہوں طفلِ خُدا" کی بابت یہ کہانی سنائیں۔

"۱۹۵۷ میں پرائمری جنرل بورڈ... نے نعوی ڈبلیو۔ رینڈل اور ملڈرڈ ٹی. پیٹیٹی کو... [بچوں کو انجیل سِکھانے کی ضرورت کے بارے گیت] لکھنے کو کہا۔ نعومی رینڈل بتاتی ہیں: "اُس شام میں اپنے گھٹنوں پر جھکی اور التجا کرتے ہوئے کہ ہمارا آسمانی باپ مجھے صحیح الفاظ بتائے، اُونچی دُعا کی۔ تقریباً صبح ۲ بجے میری آنکھ کھلی اور میں نے گیت کی بابت سوچنا شروع کیا۔ میرے ذہن میں الفاظ آئے... میں فوراً اُٹھی اور الفاظ جیسے مجھے ملے تھے لکھنے شروع کیے۔ جلد ہی تین مصرے اور ایک کورس تشکیل پا گیا۔ میں نے شکر گزاری کے ساتھ کام کا جائزہ لیا، الفاظ کے پیغام کو نوشِ جان کیا اور اپنے بستر کی طرف گئی جہاں میں اپنے آسمانی باپ کے سامنے "تیرا شکر ہو" کہنے کے لئے گھٹنے ہوئی۔"'...

"ابتدا میں کورس کے الفاظ تھے، "مجھے وہ سب سکھا جو میرے لئے جاننا ضروری ہے ایک دِن اُس کے ساتھ رہنے کے لئے" گیت کے شائع ہونے کے چند سال بعد، صدر سپینسر ڈبلیو۔ کمبل، تب بارہ رسولوں کی جماعت کے رُکن تھے، نے، ایک کانفرنس میں شرکت کی... جہاں پرائمری کے بچوں نے یہ گیت گایا۔ نعوی رینڈل بتاتی ہیں: 'گھر واپس آتے ہوئے اُس نے پرائمری جنرل بورڈ کی رُکن سے بات کی [اور] گیت کے لئے اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا، پھر کہنے لگے کہ کورس میں ایک لفظ تھا جس نے اُسے متفکر کیا ہے۔ اُنہوں نے خیال ظاہر کیا کہ کیا بہن رینڈل اِس مصرعے میں جو کہتا ہے "مجھے وہ سب سِکھا جو میرے لئے جاننا ضروری ہے" کو "مجھے وہ سب سِکھا جو میرے لئے کرنا ضروری ہے" تبدیل کرنے کی بابت غور سکتی ہے، یقیناً میں نے یہ تجویز بخوشی قبول کر لی۔

"میں حیران ہوں کہ میں نے یہ الفاظ پہلے کیوں شامل نہ کیے جب گیت کے بول پہلے لکھے گئے تھے۔ لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا میں نے نہایت مخلصی کے ساتھ یہ احساس پایا کہ خُداوند اِسی طریقہ سے گیت کو ترقی دینا چاہتا تھا، کیونکہ یہ پوری کلیسیاء میں سِکھانے کا ایک موقع بنا اور اُس کے ذہنوں پر نقش ہوا کہ صرف انجیل کا جاننا ہی ضروری نہیں ہے؟ یہ خُداوند کی مرضی پر روزانہ عمل کرنا اور احکام کی پابندی ہے جو ہمیں ہماری ابدی منزل تک پہنچنے میں مدد کرتی ہے؟" (in Karen Lynn Davidson, *Our Latter-Day Hymns* pp. 303–4).

ہر بچے کو ایک کارڈ پر "کر گزرو" لکھنے اور گھر لے جانے کا کہیں۔

---

## نتیجہ

گواہی — گواہی دیں کہ مبارکبادیوں اور دوسرے احکام پر عمل کرنے سے ہم برکت پائیں گے اور مزید اپنے آسمانی باپ کی مانند بنیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

مجوزہ گھریلو مطالعہ — تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفی ۱۲:۳–۲۴، ۳۹–۴۸ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق ۳۵

# یسوع مسیح بیماروں کو شفا اور بچوں کو برکت دیتا ہے

**مقصد** بچوں کو سِکھانا کہ یسوع مسیح ہم میں سے ہر ایک کو پیار کرتا ہے اور اُس پر ایمان رکھنے سے اُنکے خوشی پانے میں اُن کی حوصلہ افزائی کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ۳ نیفئ ۱۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ نمک۔

پ۔ تصاویر ۴-۴۶، یسوع نیفیوں کو شفا دے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۷؛ ۶۲۵۴۱)؛ ۴-۴۷، یسوع نیفیوں کے ساتھ دُعا کر رہا ہے (۶۲۵۴۲)؛ اور ۴-۴۸، یسوع نیفئ بچوں کو برکت دے رہا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** ہر بچے کو نمک چکھنے کا کہیں اور اُن سے پوچھیں کہ وہ کسی کو جس نے اِس سے پہلے ذائقہ نہ چکھا ہو کیسے ذائقے کی وضاحت کریں گے۔ آپ کو اُنہیں یہ یاد دلانے کی ضرورت ہو گی کہ وہ ذائقے کو "نمکین" نہیں بتا سکتے کیونکہ شخص جس نے کبھی نمک نہ چکھا ہو نہیں جانے گا کہ اِس لفظ کا کیا مطلب ہے۔ بیان کریں کہ بعض اوقات دوسروں کو، اُن باتوں کو الفاظ میں بیان کر کے سمجھانا مشکل ہوتا ہے جنکا تجربہ صرف آپ کو ہوتا ہے۔ نیفیوں پر یسوع مسیح کے ظاہر ہونے پر اُنہیں اتنی خوشی ملی کہ وہ کہنے لگے، "کوئی زبان بیان نہیں کر سکتی، نہ ہی کوئی آدمی اُنہیں لکھ سکتا ہے، نہ ہی انسان کا دِل اتنی عظیم اور شاندار باتوں کا سوچ سکتا ہے جو ہم نے دیکھی اور سنی ہیں" (۳ نیفئ ۱۷:۱۷)۔ بچوں کو بتائیں کہ اگر وہ اُن واقعات کو جو اِس سبق میں سنیں گے تصور میں لائیں تو، وہ بعض سچائیوں کو محسوس کرنے اور سمجھنے کے قابل ہونگے جنہیں الفاظ بیان نہیں کر سکتے۔

**صحیفائی احوال** مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے، بچوں کو ۳ نیفئ ۱۷ میں سے یسوع مسیح کے بیماروں کو شفا اور بچوں کو برکت دینے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) یہ بات زور دیکر بتائیں کہ لوگوں کے لئے نجات دہندہ کی محبت اتنی شدید تھی کہ الفاظ اِس کا اظہار نہیں کر سکتے۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات** جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع مسیح نے کیا کہا کہ وہ باتیں جو اُس نے اُنہیں سکھائی ہیں اُنہیں سمجھنے میں مدد کے لئے لوگوں کو کیا کرنا چاہیے؟ (۳ نیفی ۱۷:۳۔) غور کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (کسی چیز کے بارے گہرائی میں سوچنا) یہ کیوں ضروری ہے کہ ہم اُس کی بابت غور اور دُعا کریں جو ہمارے کلیسیائی رہنما اور معلمین ہمیں سِکھاتے ہیں؟
- نیفیوں پر ظاہر ہونے کے بعد نجات ہندہ نے کیا کہا کہ وہ کہاں جارہا ہے؟ (۳ نیفی ۱۷:۴) اِس سے کیسے ظاہر ہوتا ہے کہ یسوع آسمانی باپ کے تمام بچوں سے محبت رکھتا ہے؟
- جب نجات دہندہ نے کہا وہ جارہا ہے تو لوگوں نے کیا کِیا؟ (۳ نیفی ۱۷:۵) یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ اُن سے محبت رکھتا ہے اُس نے کیا کِیا؟ (۳ نیفی ۱۷:۶–۸۔)
- یسوع مسیح نے کیا وجہ بتائی کہ لوگ شفا پا سکے تھے؟ (۳ نیفی ۱۷:۸)۔ بعض اوقات معجزے نہیں ہوتے اِس کی وجہ ہے؟ (عیتر ۱۲:۱۲، ۱۸۔)
- جب یسوع مسیح نے اُن کے بیماروں کو شفا دی تو نیفیوں نے اپنی شکر گزاری کیسے ظاہر کی؟ (۳ نیفی ۱۷:۱۰۔) آپ کو آسمانی باپ اور یسوع مسیح کا کب شکریہ ادا کرنا چاہیے؟ آپ جو برکتیں پاتے ہیں اُن کے لئے کیسے شکر گزاری کا اظہار کر سکتے ہیں؟
- یسوع مسیح نے بیماروں کو شفا دینے کے بعد، لوگوں کو کیا کرنے کا حکم دیا؟ (۳ نیفی ۱۷:۱۱۔) جب بچے اُس کے پاس لائے گئے تو اُس نے کیا کِیا؟ (۳ نیفی ۱۷:۱۳–۱۵۔) اُس نے آسمانی باپ سے دُعا میں جو کلام کیا تھا وہ کیوں نہ لکھا گیا تھا؟ (۳ نیفی ۱۷:۱۶–۱۷۔)
- یسوع کیوں رویا تھا؟ (۳ نیفی ۱۷:۲۰–۲۱۔) انجیل آپ کے لئے کیسے خوشی لائی ہے؟ اُس نے بچوں کے لئے اپنی محبت کیسے ظاہر کی؟ (۳ نیفی ۱۷:۲۱۔) اگر یسوع مسیح نے آپ کو اپنے بازوؤں میں لیا ہوتا، آپ کو برکت دی ہوتی اور آپ کے لئے آسمانی باپ سے دُعا کی ہوتی تو آپ کیسا محسوس کرتے؟
- جب نجات دہندہ نے والدین کو اپنے چھوٹوں پر نظر ڈالنے کو کہا، تو والدین نے کیا دیکھا؟ (۳ نیفی ۱۷:۲۳–۲۴۔) خدمت کرنے کا کیا مطلب ہے؟ (مدد یا خدمت کرنا) دوسروں کی خدمت کرنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور گفتگو کریں۔

”میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں، عزیز بچو، کہ فرشتے آپ کی بھی خدمت کریں گے۔ آپ شاید اُنہیں دیکھ نہ سکیں، لیکن وہ آپ کی مدد کے لئے موجود ہوں گے اور آپ اُن کی موجودگی کو محسوس کریں گے....

”عزیز بچو، ہمارے آسمانی باپ نے آپ کو اِس زمانہ میں زمین پر بھیجا ہے کیونکہ آپ اُس کے سب سے زیادہ دلیر بچوں میں سے چند ہیں۔ وہ جانتا ہے کہ آج کی دُنیا میں بڑی بدی ہو گی اور جانتا ہے کہ آپ وفادار اور فرمانبردار رہیں گے۔“
(in Conference Report, Apr. 1989, p. 105; or *Ensign,* May 1989, p. 83).

۲۔ اکٹھے مل کر ۳ نیفی ۱۷:۲۰–۲۱ پڑھیں۔ بچوں کو اِن آیات میں سے ایک لفظ یا الفاظ کے مجموعے کا انتخاب کرنے کا کہیں جو وہ سمجھتے ہیں کہ اہم ہیں، اور پھر اُنہیں اُن الفاظ کی بابت اپنے احساسات بتانے کا کہیں جو اُنہوں نے منتخب کیے ہیں۔

۳۔ بچوں کو اپنی زندگیوں کے اُن لمحات کی بابت سوچنے کا کہیں جب وہ سب سے زیادہ خوش ہوئے ہوں۔ اُنہیں اُن لمحات کی بابت درجِ ذیل سوالات پوچھیں:

- آپ کیا کر رہے تھے؟
- آپ کو کس چیز نے خوش کیا؟
- اگر ہم یسوع مسیح کی مانند جیتے ہیں تو ہم کیونکر بہت زیادہ خوش ہو سکتے ہیں؟
- آپ خاندان کے بعض افراد اور دوستوں کے ساتھ کیوں زیادہ خوش ہوتے ہیں؟

بیان کریں کہ ہم فطرتاً اُن لوگوں کے ساتھ ہونا چاہتے ہیں جو ہمیں پیار کرتے ہیں اور جنہیں ہم پیار کرتے ہیں۔ اگر ہم احکامات کی فرمانبرداری کریں تو ہم آسمانی باپ اور یسوع اور اپنے خاندانوں کے ساتھ ہمیشہ رہ سکتے ہیں۔ یہ بات ہمارے لئے سب سے زیادہ خوشی کا باعث ہو گی جس کا کہ ہم تجربہ کر سکتے ہیں۔

۴۔ چونکہ فراوانی کے مقام پر جو نیفئی لوگ جمع تھے وہ مناسب طور پر تیار نہ تھے اِس لئے نجات دہندہ اُنہیں وہ سب کچھ نہ بتا سکا جو آسمانی باپ اُنہیں بتانا چاہتا تھا۔ یسوع نے لوگوں کو کیا کرنے کو کہا؟ (بچوں کو ۳ نیفئی ۱۷:۳ میں سے خالی جگہ پُر کرنے کا کہیں۔)

پس، تم اپنے گھروں کو جاؤ اور جو باتیں میں نے تم سے کہیں ہیں اُن پر غور کرو، اور میرے نام میں، باپ سے پوچھو، تاکہ تم سمجھ سکو۔ (۳ نیفئی ۱۷:۳۔)

کسی کانفرنس، عشائے ربانی کی عبادت یا پرائمری میں جو کچھ آپ نے سنا ہے اُسے سمجھنے کے لئے آپکو کیا کرنا چاہیے؟

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ یسوع مسیح اور آسمانی باپ تمام بچوں سے محبت کرتے ہیں اور کہ اگر ہم یسوع مسیح پر ایمان رکھیں اور احکام کی فرمانبرداری کریں تو ہم اُن کے ساتھ رہنے کی خوشی کو دوبارہ جان سکیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفئی ۱۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳۶

# یسوع مسیح نیفیؤں کو عشائے ربانی دیتا ہے

**مقصد**

یسوع مسیح کو ہمیشہ یاد رکھنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا تاکہ اُنہیں اُسکا رُوح حاصل رہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ۳نیفی ۱۸:۱–۱۴ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا،“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ کاغذ کی پرچیوں پر درجِ ذیل الفاظ لکھیں۔ (یا آپ اُنہیں چاک بورڈ پر لکھ سکتے ہیں۔):

تاریکی

تباہی

آواز

اُسکے زخموں کے نشان

فرشتے

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ تصاویر ۴–۴۳، مسیح کا نیفیوں پر ظاہر ہونا (انجیلی تصاویر ۳۱۵؛ ۶۲۰۴۷)؛ ۴–۴۶، یسوع نیفیوں کو شفادے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۷؛ ۶۲۵۴۱)؛ ۴–۴۷، یسوع نیفیوں کے ساتھ مل کر دُعا کر رہا ہے (۶۲۵۴۲)؛ اور ۴–۴۹، جی اُٹھا یسوع مسیح (انجیلی تصاویر ۲۳۹؛ ۶۲۱۸۷)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

توجہ دلاؤ سرگرمی

بچوں سے پوچھیں کہ اُنہیں اپنی زندگیوں میں سے کونسے اہم واقعات یاد ہیں۔ اُن سے پوچھیں کہ اُنہیں یہ واقعات یاد رکھنے میں کونسی چیز مدد دیتی ہے۔

”تیاری“ کے حصہ میں دی گئی تصاویر اور جو الفاظ آپ نے تیار کیے ہیں ایک وقت میں ایک دکھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہر تصویر یا لفظ، یا فقرہ اُنہیں یسوع کے آنے کی بابت کیا یاد دلاتا ہے۔ بتائیں کہ یہ سبق اُس کی بابت ہے جو یسوع نے ہماری، اُسے یاد رکھنے میں مدد کے لئے کیا ہے۔

صحیفائی احوال

۳نیفی ۱۸:۱–۱۴ میں سے بچوں کو احوال سِکھائیں۔ (صحیفائی احوال، سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات کا استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع مسیح نے اپنے شاگردوں کو کیا لانے کو کہا؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۔) یسوع مسیح نے روٹی کے ساتھ کیا کِیا؟ (۳ نیفئی ۱۸:۳–۴۔) اُس نے مے کے ساتھ کیا کِیا؟ (۳ نیفئی ۱۸:۸–۹۔)
- اِس سے پہلے کہ ایک نوجوان لڑکا عشائے ربانی تیار کرے، یا برکت دے، یا کلیسیاء کے ارکان کو تقسیم کر سکے اُس کے پاس کیا ہونا چاہیے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۵۔) ہماری وارڈ میں کون عشائے ربانی تیار کرتا، برکت دیتا اور تقسیم کرتا ہے؟
- عشائے ربانی کی روٹی ہمیں کیا یاد رکھنے میں مدد دیتی ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۷۔) عشائے ربانی کا پانی ہمیں کیا یاد رکھنے میں مدد دیتا ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۱۔)
- جب ہم عشائے ربانی لیتے ہیں تو ہم کس کے ساتھ عہد کرتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۷۔)
- اگر ہم اُسے ہمیشہ یاد رکھیں تو یسوع مسیح ہمارے ساتھ کیا وعدہ کرتا ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۷۔) اُس کا رُوح اپنے ساتھ رکھنے کا کیا مطلب ہے؟ (ہم رُوح القُدس سے رہنمائی اور مدد پاتے ہیں) ہم ہفتے کے دوران نجات دہندہ کو ہمیشہ یاد رکھنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں تاکہ ہمیں اُسکا رُوح حاصل رہے؟
- کلیسیاء کے ارکان عشائے ربانی لیکر، آسمانی باپ کو کیا گواہی دے رہے ہوتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۰۔) اُسکے احکام کی پابندی کرنے کے خواہاں ہونے کا کیا مطلب ہے؟ کونسے چند احکام ہیں جو آسمانی باپ چاہتا ہے کہ ہم اپنی خوشی سے مانیں؟ آپ بچوں کو خاموشی سے ایک حکم کے انتخاب کا کہہ سکتے ہیں جو وہ اور بہتر طور پر ماننا چاہتے ہوں۔
- جب ہم عشائے ربانی لیتے ہیں تو ہم کن عہود کو یاد کرتے یا تجدید کرتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۱۔) عہود کی بابت کثرت سے غور کرنے سے جو ہم نے بپتسمہ پر کیے ہوتے ہیں بہتر زندگی گزارنے میں ہمیں کیسے مدد ملتی ہے۔ (مضایاہ ۱۸:۱۰۔) بچوں کو آئندہ ہفتے میں عشائے ربانی کی دُعا غور سے سننے اور اپنے بپتسمہ کے عہود پر قائم رہنے کے طریقوں کی بابت غور کرنے کی دعوت دیں۔
- لائق طور پر عشائے ربانی لیکر ہم کیسے برکت پاتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۲–۱۴۔)

---

بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ مرونئی ۴:۳اور ۵:۲ میں سے بچوں کو عشائے ربانی کی دُعا پڑھنے کا کہیں۔ بچوں کو طریقے تجویز کرنے کا کہیں جن سے وہ عشائے ربانی لینے کی تیاری کر سکتے ہیں۔ اگر بچوں کو مدد کی ضرورت ہو تو آپ درجِ ذیل تجاویز استعمال کر سکتے ہیں۔

عشائے ربانی کے گیت کی آیات گائیں۔

عشائے ربانی کی دُعا کے الفاظ سنیں۔

نجات دہندہ کے پیار، تکالیف، موت، قیامت اور تعلیمات کی بابت غور کریں۔

آسمانی باپ کے ساتھ اپنے عہود کے بارے غور کریں۔

۲۔ ایک موزوں تجربہ بتائیں جب آپ نے رُوح محسوس کیا ہو۔ اگر بچوں میں سے کسی کو رُوح کے ساتھ کوئی تجربہ ہوا ہے جو وہ بتانا چاہتے ہیں تو اُنہیں ایسا کرنے کی دعوت دیں۔ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ یسوع مسیح چاہتا ہے کہ وہ ہمیشہ اُس کے رُوح کی تلاش کریں اور اِسے اپنی زندگیوں میں محسوس کریں۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان زیرِ بحث لائیں۔ ''اکثر اوقات ہم خُداوند کا کلام ایک احساس سے سنتے ہیں۔ اگر ہم فروتن اور احساس ہیں، اکثر و بیشتر ہمارے احساسات کو خُداوند اُبھارے گا۔ اسی لئے رُوحانی اُبھار بعض اوقات ہمیں بہت زیادہ خوشی مہیا کرتے ہیں اتنی کہ آنسو نکل آتے ہیں۔''
(*The Teachings of Ezra Taft Benson,* p. 77).

۳۔ ایک معروف گیت یا پرائمری گیت گنگنانے کا انتخاب کریں جس دوران بچے کچھ ڈرائنگ کریں جو اُنہیں عشائے ربانی کے دوران نجات دہندہ کو یاد رکھنے میں مدد دے۔ چند انتخابات یسوع مسیح گتسمنی کے باغ میں، یسوع مسیح نیفیوں کے ساتھ، اپنی زندگی میں ایک برکت جس کے لئے بچے شکرگزار ہیں، وغیرہ وغیرہ ہو سکتے ہیں۔ عشائے ربانی کی عبادت کے دوران نجات دہندہ کی بابت غور کرنے کی اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

تصویر، جی اُٹھا یسوع مسیح، دکھائیں۔ اپنی گواہی دیں کہ جب ہم یسوع کو یاد رکھتے اور احکام کی پابندی کرتے ہیں تو ہمیں رُوح القُدس حاصل ہوتا ہے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفی ۱۸:۱–۱۴ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳۷

# یسوع مسیح، نیفیوں کو دُعا کرنا سِکھاتا ہے

**مقصد**

دُعا کرنے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا تاکہ وہ آزمائش میں نہ پڑیں۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۳ نیفئی ۱۸:۱۵—۲۵؛ ۱۹:۲۰—۲۰:۱ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: ایلما ۱۳:۲۸—۲۹؛ متی ۲۶:۴۱ اور تعلیم اور عہد ۳۱:۱۲؛ ۶۱:۳۹۔

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصاویر ۴—۷۴، یسوع نیفیوں کے ساتھ مل کر دُعا کر رہا ہے (۶۲۵۴۲) اور ۴—۵۰، خاندانی دُعا (۶۲۲۷۵)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

ایلڈر ریکس ڈی۔ پینیگر کی خاندانی دُعا کے بارے درجِ ذیل کہانی بتائیں:

''کئی سال پہلے میں اپنے خاندان کے ساتھ [چھٹیوں پر] کار چلا رہا تھا۔ ہماری چار بیٹیاں بڑی پُرجوش تھیں جب ہم [ایک] مشہور پارک کے موڑ پر پہنچے تو اچانک قہقہے اور خوش گپیاں بند ہو گئیں، جب ہماری کرایہ کی ویگن عجیب آوازیں نکالتی ہوئی خارجی چڑھائی پر بند ہو گئی۔ تیز ٹریفک کے وقت کئی کاریں ہمارے پاس سے تیزی سے گزر گئیں۔ میں نے کار کو دوبارہ سٹارٹ کرنے کی کوشش کی۔ بالآخر، یہ محسوس کرتے ہوئے کہ ہم اِس سے زیادہ اور کچھ نہیں کر سکتے ہم خراب کار سے اُترے اور اکٹھے مل کر دُعا کرنے سڑک کے کنارے چلے گئے۔

''جب ہم نے اپنی دُعا ختم کی تو ہم نے ایک خوبصورت، مسکراتے ہوئے آدمی اور اُسکے بیٹے کو اپنی... کار کو دھکا لگاتے ہوئے ٹریفک کی قطاروں سے نکلتے اور ہمارے پہلو میں سڑک کے کنارے آتے دیکھا۔ باقی کی صبح اور دوپہر اِن آدمیوں نے کئی مہربان اور مددگار طریقوں سے ہمارا خیال رکھا۔ وہ ہمیں اور ہمارے سامان کو... پارک میں لے گئے... اُنہوں نے خراب کار کی مرمت کے لئے ایک ورکشاپ ڈھونڈنے میں میری مدد کی؛ وہ مجھے کرایے کی گاڑیوں والی ایک ایجنسی میں ایک متبادل گاڑی لینے کے لئے لے گئے... اُنہوں نے میرے خاندان کے لئے اشیاء خریدیں اور اُن کے ساتھ میرا انتظار کیا جب تک میں کئی گھنٹوں کے بعد واپس نہ آیا۔

''ہم نے محسوس کیا کہ یہ آدمی حقیقتاً ہماری دُعاؤں کا جواب تھے اور ہم نے اُنہیں ایسا بتایا بھی، جب ہم نے خُدا حافظ کہا اور اُنکا شکریہ ادا کیا۔ باپ نے جواب دیا؛ 'ہر صبح میں نیک خُداوند سے کہتا ہوں کہ اگر آج کسی کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ کرم میری اُن تک رہنمائی کر۔'' (in Conference Report, Oct. 1991, pp. 54–55; or *Ensign,* Nov. 1991, pp. 39).

بچوں کو تجربات بتانے کی دعوت دیں جو اُنہیں شخصی اور خاندانی دُعا سے حاصل ہوئے ہیں۔

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے ۳ نیفئی ۱۸:۱۵–۲۵؛ ۱۹؛ ۲۰:۱ میں سے یسوع مسیح کا نیفئی ہجوم کو سکھانے کا احوال بچوں کو بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" (صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع کیوں چاہتا ہے کہ ہم ہمیشہ دُعا کیا کریں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۵، ۱۸۔)
- ہم کس سے دُعا کرتے ہیں؟ ہم کس کے نام میں دُعا کرتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۹؛ ۱۹:۶–۸۔)
- جب ہم اُس کے لئے جو ہمارے لئے بہترین ہے ایمان میں دُعا کرتے ہیں تو پھر ہمیں کونسے وعدے حاصل ہوتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۱۸:۲۰)۔ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ آسمانی باپ ہمیشہ جانتا ہے کہ ہمارے لئے کیا بہتر ہے، بعض اوقات یہ اُس سے مختلف ہوتا ہے جو ہم چاہتے ہیں۔
- خاندانی دُعا کیوں اہم ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۲۱۔) باقاعدہ خاندانی دُعا کرنے میں آپ کیسے اپنے خاندان کی مدد کر سکتے ہیں؟
- کلیسیاء کے غیر ارکان سے متعلق ہمیں کیا کرنا چاہیے اِس بابت یسوع مسیح نے کیا فرمایا ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۲۲–۲۳۔)
- "اپنا نور بلند کرو تا کہ یہ دُنیا پر چمکے" اِس کا کیا مطلب ہے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۲۴) دُعا کی اہمیت سمجھنے میں ہم دوسروں کی کیسے مدد کر سکتے ہیں؟
- یسوع مسیح کے بارہ شاگردوں نے جمع ہونے والے نیفیوں کو کیا سِکھایا؟ (۳ نیفئی ۱۹:۶۔) آپ کب گھٹنے ہوتے اور دُعا کرتے ہیں؟ گھٹنے ہونے سے کس طرح آسمانی باپ کے احترام کا اظہار ہوتا ہے؟ (اپنے گھروں اور کمرۂ جماعتوں میں دُعا کرنے کے دوران اور کونسے طریقے ہیں جن سے ہم تعظیم کا اظہار کر سکتے ہیں؟
- شاگردوں نے اپنی دُعا میں کس چیز کی زیادہ خواہش کی؟ (۳ نیفئی ۱۹:۹۔) اُنہیں یہ نعمت کیسے دی گئی؟ (۳ نیفئی ۱۹:۱۳–۱۴۔)
- جب اُس نے آسمانی باپ سے دُعا کی تو یسوع مسیح نے کیا کِیا؟ (۳ نیفئی ۱۹:۲۰، ۲۸–) آپ کے خیال میں شکر گزاری کرنا کیوں ہماری دُعاؤں کا اتنا اہم حصہ ہے؟ کونسی چند چیزیں ہیں جن کے لئے آپ شکر گزار ہیں؟
- ہم کیسے مسلسل دُعا کر سکتے ہیں؟ (۳ نیفئی ۲۰:۱۔) ہمیں اپنے دِلوں میں ہمیشہ دُعا کیوں کرتے رہنا چاہیے؟ (۳ نیفئی ۱۸:۱۵، ۱۸۔) آزمائش سے بچنے میں دُعا کس طرح مددگار ہو سکتی ہے؟

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ کاغذ کی پرچیوں پر درجِ ذیل صحیفائی حوالہ جات لکھیں اور اُنہیں انفرادی طور پر یا چھوٹے گروپ کی شکل میں بچوں کو دیں۔ اُن چیزوں کا دیکھئے ہوتے جو یسوع مسیح نے برکتوں کی بابت سِکھائیں جو دُعا کرنے سے ملتی ہیں، بچوں کو حوالہ جات پڑھنے کا کہیں۔ پھر اُنہوں نے جو سیکھا ہے اُس کی رپورٹ جماعت کو دینے کا کہیں۔

۳ نیفئی ۱۸:۱۵، ۱۸ (ہم آزمائشوں سے بچنے کے قابل ہو گئے۔)
۳ نیفئی ۱۸:۲۰ (ہماری نیک خواہشیں پوری ہوں گی۔)
۳ نیفئی ۱۸:۲۴ (ہم دوسروں کے لئے نمونہ ہوں گے۔)
۳ نیفئی ۱۹:۳۰ (آسمانی باپ اور یسوع مسیح ہم سے خوش ہوں گے۔)

۲۔ کلیسیائی رسائل اور کانفرنس کے پیغامات میں سے دُعا کے متعلق کہانیاں تلاش کر کے بچوں کو بتائیں۔

۳۔ کلیسیاء کے تیرھویں صدر، صدر عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور زیرِ گفتگو لائیں:

"خُداوند سے اپنی دُعاؤں اور التجاؤں میں اضافی برکتیں مانگنے کا بہت رُجحان ہے۔ لیکن بعض اوقات میں پہلے سے حاصل برکتوں کے واسطے اپنی دُعاؤں میں شکر گزاری کا اظہار کرنے کی ضرورت محسوس کرتا ہوں۔" (*God, Family, Country,* p. 199).

بچوں کو ایک منٹ میں جتنی زیادہ سے زیادہ اشیاء وہ بتا سکتے ہیں گنوانے کی دعوت دیں جن کے لئے وہ شکر گزار ہیں۔ اُن کے جوابات کا چاک بورڈ پر خلاصہ کریں۔

۴۔ ایلما ۱۳:۲۸ کا کچھ حصہ زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں اور زیرِ بحث لائیں: "خود کو خُداوند کے سامنے فروتن کرو اور اُس کے پاک نام کو پکارو، اور مسلسل دُعا کرتے اور جاگتے رہو، تاکہ تم اُس سے زیادہ نہ آزمانے جاؤ جو تم برداشت کر سکتے ہو، اور یوں پاک رُوح سے رہنمائی پاؤ۔"

۵۔ دُعا کے بنیادی حصوں پر گفتگو کریں:

الف۔ اپنے آسمانی باپ کو مخاطب کریں...

ب۔ اُس کی شکر گزاری کریں....

پ۔ اُس سے مانگیں....

ت۔ یسوع مسیح کے نام میں ختم کریں، آمین۔

چاک بورڈ پر لکھیں "میں شکر گزار ہوں..." بچوں کو یہ بتانے کی دعوت دیں کہ وہ آسمانی باپ کے کس چیز کے لئے شکر گزار ہیں اور اُن کی باتوں کا چاک بورڈ پر خلاصہ کریں۔ ایسا ہی "میں تجھ سے مانگتا ہوں..." کے لئے کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

روزانہ کی دُعا کی اہمیت کی گواہی دیں اور کہ اگر ہم ویسے دُعا کریں جیسا یسوع نے سِکھایا ہے تو ہم شیطان کے اثرات سے بچائے جائیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفی ۱۸:۱۸–۲۵ اور ایلما ۱۳:۲۸–۲۹ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳۸

# نیفیئوں کے درمیان امن

**مقصد**

بچوں کی اُس امن اور خوشی کے خواہاں ہونے کی حوصلہ افزائی کرنا جو یسوع مسیح کی انجیل پر عمل کرنے سے ملتا ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۳ نیفیؔ ۲۸:۱–۱۶، ۲۳–۴۰ اور ۴ نیفیؔ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء: الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

بچوں کو تصور کرنے کا کہیں کہ اگر نجات دہندہ ایک ہفتہ کے لئے اُن کے خاندان کے ساتھ رہے تو اُنہیں کیسا لگے گا۔ اُن سے پوچھیں کہ وہ کیا خیال کرتے ہیں کہ اُس ہفتے اُن کا گھر کیسا ہو گا۔ ایک بچے کو ۴ نیفیؔ ۱:۱۵–۱۶ پڑھنے کا کہیں۔ بتائیں کہ یہ آیات بیان کرتی ہیں کہ یسوع مسیح کے ظاہر ہونے کے بعد امریکہ میں لوگوں نے ایک دوسرے کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ بچوں کی گفتگو کرنے میں مدد کریں کہ اِن حالات کے تحت رہنا کیسا ہو گا۔

- اگر ہر کوئی احکام پر عمل کرے تو ہماری زندگیاں کیسے مختلف ہوں گی؟ (ہمیں تالوں، چابیوں، پولیس افسران اور اسی طرح کی دیگر چیزوں کی ضرورت نہ ہو گی۔) بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ خوشی کی ایک اہم ترین چابی یہ ہے کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں۔ یسوع مسیح کی تعلیمات پر عمل کرنے سے، ہم اپنے خاندانوں اور دوستوں کے ساتھ مہربان اور مخلص سلوک کریں گے اور ہم زیادہ خوشی اور امن پائیں گے۔

**صحیفائی احوال**

بچوں کو ۳ نیفیؔ ۲۸:۱–۱۶، ۲۳–۴۰ اور ۴ نیفیؔ میں سے نیفیؔ شاگردوں اور نیفیوں نے احکام کی پابندی میں جو خوشی اور امن پایا، کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" (صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع مسیح کے شاگردوں نے اُس سے کیا خواہش کی؟ (۳ نیفیؔ ۲۸:۲، ۴–۷۔) تین شاگردوں کو زمین پر جب تک یہ قائم ہے رہنے کی اجازت کیوں دی گئی؟ (۳ نیفیؔ ۲۸:۶، ۹۔) اُن کے جسموں میں کیا تبدیلیاں کی گئیں جس نے اُن کے لئے یہ ممکن بنایا؟ (۳ نیفیؔ ۲۸:۳۸–۳۹۔)
- اِن کے، لوگوں کو تعلیم دیتے وقت اِن تین شاگردوں کو کیسے محفوظ رکھا گیا؟ (۳ نیفیؔ ۲۸:۱۸–۲۲۔) مورمن نے اِن شاگردوں کی بابت کیا تحریر کیا ہے؟ (۳ نیفیؔ ۲۸:۲۴–۲۶۔ نشاندہی کریں کہ مورمن یسوع مسیح کے تقریباً ۳۵۰ سال بعد آیا۔)

- نجات دہندہ کے اُن کے پاس سے جانے کے بعد شاگردوں نے کیا کِیا؟(۳ نیفئ ۲۸:۱۸۔) شاگردوں کا کلام سن کر لوگوں نے کیا کِیا؟ (۴ نیفئ ۱:۱–۲۔) لوگوں میں سے کتنے تبدیل ہوئے؟ بتائیں کہ لوگ زیادہ دیر نیفیوں اور لامنوں میں منقسم نہ رہے۔ بلکہ متحد ہو گئے۔
- تکرار اور جھگڑے کا کیا مطلب ہے؟(۴ نیفئ ۱:۲۔ لڑنا یا بحث کرنا آپ جھگڑانہ کرنے سے آپ اور آپ کے خاندان نے کیسے برکت پائی ہے؟ آپ کیسے صُلح جو بن سکتے اور تکرار سے بچنے میں اپنے خاندان کی مدد کر سکتے ہیں؟
- لوگوں کی آپس میں سب چیزیں مشترک تھیں" کا کیا مطلب ہے؟(۴ نیفئ ۱:۳۔) آپ اِس طرح رہنے کی بابت کیا پسند کرتے ہیں؟ آپ کے خیال میں یہ کیوں مشکل ہو گا؟
- یسوع مسیح کے شاگردوں نے کونسے معجزے کیے؟(۴ نیفئ ۱:۵۔)
- لوگوں نے کیسے برکت پائی؟(دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۱۔)
- ملک میں کیوں کوئی جھگڑانہ تھا؟(۴ نیفئ ۱:۱۵۔) خُدا کا پیار" اپنے دِلوں میں ہونے کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے اپنی زندگی میں کب خُدا کا پیار محسوس کیا ہے؟ ہم یہ پیار دوسروں کے ساتھ کیسے بانٹ سکتے ہیں؟
- اِس خوش معاشرے میں کیا چیز تبدیلی کا سبب بنی؟(۴ نیفئ ۱:۲۳–۲۹۔) لوگوں نے شاگردوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ (۴ نیفئ ۱:۳۰–۳۴۔) غرور کیا ہے؟ ہم اپنی زندگیوں میں غرور پر کیسے غالب آ سکتے ہیں؟
- "جان بوجھ کر مسیح کی انجیل کے خلاف بغاوت کرنا" کے کیا معنی ہیں؟(۴ نیفئ ۱:۳۸۔)
- مسیح کے ظاہر ہونے کے تین سو سال بعد لوگوں کی کیا حالت تھی؟(۴ نیفئ ۱:۴۵۔۴۶۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ ۴ نیفئ ۱:۲–۳، ۵، ۱۵–۱۷ میں سے درجِ ذیل فقروں کی لفظی پٹیاں تیار کریں:

"ہر آدمی نے دوسرے سے انصاف کا سلوک کیا۔"
"وہ اپنے درمیان چیزیں مشترک رکھتے تھے۔"
"اُنہوں نے ہر طرح کے معجزے کیے۔"
"ملک میں کوئی جھگڑانہ تھا۔"
"لوگوں کے دِلوں میں ... خُدا کا پیار بسا تھا۔"
"کوئی حسد نہ تھا۔"
"کوئی ... شورش [فساد] نہ تھا۔"
"کوئی جھوٹ ... نہ تھا۔"
"کوئی ڈاکو ... نہ تھے۔"
"کوئی قاتل ... [نہ] تھے۔"
"وہ سب ایک تھے، مسیح کے بچوں کی حیثیت میں۔"

لفظی پٹیاں ایک ڈبے میں ڈالیں اور ہر بچے کو اِس میں سے ایک نکالنے اور اِسے دکھانے کا کہیں۔ ۴ نیفئ سے یہ فقرے بتاتے ہیں کہ لوگ کیوں امن اور خوشی سے رہ رہے تھے۔

۲۔ کلیسیاء کے تیرہویں صدر، صدر عزرا ٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور گفتگو کریں:

”خُداوند ہمیں تعلیم اور عہد میں خبردار کرتا ہے، ‘تکبر سے خبردار رہو، ایسا نہ ہو کہ تم قدیم کے نیفیوں کی مانند بن جاؤ۔’ (تعلیم اور عہد ۳۸:۳۹)“ (in Conference Report, Apr. 1989, p. 3; or *Ensign,* May 1989, p. 4). صدر بینسن نے ہمیں سِکھایا کہ ہم اپنی زندگیوں میں تکبر پر غالب آ سکتے اور درجِ ذیل کرنے سے فروتن، حلیم اور اطاعت گزار بن سکتے ہیں—

آسمانی باپ کو پیار کرنے اور اُسے اپنی زندگیوں میں اولیت دینے سے۔

اِس کی بابت فکرمند ہوئے بغیر کے لوگ ہمارے بارے کیا سوچتے ہیں بلکہ آسمانی باپ ہمارے بارے کیا سوچتا ہے۔

عیب جوئی اور تنقید نہ کرنے سے۔

حسد نہ کرنے اور اپنے وسائل تک محدود رہنے سے۔

اپنے خاندانوں میں تکرار اور جھگڑے نہ کرنے سے۔

دوسروں کی، اِن کے اپنے بارے اچھا محسوس کرنے میں مدد کرنے سے۔

اپنے رہنماؤں کی نصیحت قبول کرنے سے۔

اُن کو معاف کرنے سے جنہوں نے ہمیں ناراض کیا ہے۔

خود غرض نہ ہونے سے۔

دوسروں کی خدمت کرنے سے۔

یہ بیانات لفظی پٹیوں کے طور پر بھی تیار کیے جا سکتے ہیں اور ایک لفافے میں رکھے جا سکتے ہیں۔ بچے ایک لفظی پٹی نکال سکتے اور گفتگو کر سکتے ہیں کہ یہ اُصول اپنے خاندانوں میں تکبر پر غالب آنے میں کیسے ہماری مدد کر سکتے ہیں۔

۳۔ ۴ نیفی ۱:۱۵–۱۶ پڑھیں، گفتگو کریں اور کچھ حصہ یا پوری آیت زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

۴۔ بچوں کو حقیقی زندگی کے اُن حالات کی اداکاری کرنے کا کہیں جن میں جھگڑے ہوتے ہیں۔ اگر وہ نیفیئی معاشرے میں ”جھگڑے“ کے بغیر رہ رہے ہوتے تو حالت کیسی ہوتی۔ اِس بابت بچوں کو اداکاری کرنے کا کہیں۔ (تجویز: دو بچے۔ دونوں قطار میں آگے آنا چاہتے ہیں، دو بہنیں دونوں ایک ہی کھلونے سے کھیلنا چاہتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔)

۵۔ ایلڈر مارون جے۔ آشٹن کا درجِ ذیل بیان پڑھیں اور گفتگو کریں:

”‘آپ کیسے بتا سکتے ہیں کہ وہ مسیح میں تبدیل ہوا / ہوئی ہے؟’... سب سے بہتر اور واضح ترین اشارہ کہ ہم رُوحانی طور پر ترقی کر رہے اور مسیح کی طرف رجوع لا رہے ہیں یہ ہے کہ ہم دوسروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں۔“ (in Conference Report, Apr. 1992, p. 25; or *Ensign,* May 1992, p. 20).

۶۔ ایمان کا تیرہواں رُکن زبانی یاد کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ گفتگو کریں کہ یسوع مسیح کے نیفیوں پر ظاہر ہونے کے بعد کیسے اُن پر اِس کا اطلاق ہوتا ہے اور آج ہم کیسے اِس پر عمل کر سکتے ہیں۔

۷۔ بیان کریں کہ خُداوند نے ہمیں اُس سے سیکھنے، اُسکے کلام کو سننے اور اُس کے رُوح کی فروتنی میں چلنے کی تعلیم دی ہے اور یوں ہم اُس میں اطمینان پائیں گے۔ (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱۹:۲۳)۔

## نتیجہ

گواہی

گواہی دیں کہ اگر ہم یسوع کی سکھائی ہوئی تعلیم کے مطابق حلیمی سے زندگی گزارتے ہیں تو ہمیں امن اور خوشی کا تجربہ حاصل ہو سکتا ہے۔

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

مجوزہ گھریلو مطالعہ

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۴ نیفی ۱:۱–۸۱ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۳۹

# مورمن نیفیوں کی تباہی دیکھتا ہے

**مقصد**

اپنے اردگرد بُرے اثرات کے باوجود یسوع مسیح کی تعلیمات سے وفادار رہنے کی بچوں کی خواہش کو مضبوط کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر مورمن ۱–۶ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ چھ تحریر شدہ، مورمن کی تعریفیں جیسی کہ توجہ دلاؤ سرگرمی میں بیان کی گئی ہیں۔

پ۔ تصاویر ۴–۱، مورمن اوراق کا خلاصہ کر رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۶؛ ۶۲۵۲۰)، اور ۴–۵۱، مورمن ایک قوم کو الوداع کہتا ہے۔ جو کبھی ایک عظیم قوم تھی (انجیلی تصاویر ۳۱۹؛ ۶۲۰۴۳)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

چاک بورڈ، پر مورمن، لکھیں۔

- یہ لفظ سن کر آپ کس کی بابت خیال کرتے ہیں۔

ں کے گفتگو کرنے کے بعد کہ وہ کیا خیال کرتے ہیں، بتائیں کہ آج وہ مورمن کے بارے سیکھیں گے۔ چھ بچوں کو، مورمن بحیثیتِ نوجوان کے درجِ ذیل تعریفیں جماعت کو پڑھ کر سنانے کا کہیں۔

میں تقریباً ۳۲۱ بعد از مسیح پیدا ہوا تھا؟

جب میں دِس سال کا تھا عیمورون نبی نے مجھے بتایا تھا کہ جب میں چوبیس سال کا ہوں گا تو مجھے نیفئی کے بڑے اوراق دیے جائیں گے۔ (مورمن ۱:۲–۴۔)

جب میں گیارہ سال کا ہوا تو میں اپنے باپ اور بہت سے لوگوں کے ساتھ ایک بڑے شہر، ضریملہ منتقل ہو گیا۔ اُسی سال جنگیں شروع ہو گئیں۔ (مورمن ۱:۶–۸۔)

جب میں پندرہ سال کا تھا تو یسوع مسیح مجھ پر ظاہر ہوا اور میں نے اُسکی محبت اور نیکی کو محسوس کیا۔ (مورمن ۱:۱۵۔)

جب میں سولہ سال کا تھا تو مجھے نیفئی کی تمام افواج کی رہنمائی کرنے کے لئے مقرر کیا گیا۔ (مورمن ۲:۱–۲۔)

میرے لوگوں کی بدکاری کے سبب سے، مجھے احکام ماننے اور آسمانی باپ پر بھروسہ کرنے میں مضبوط ہونا پڑا۔

بچوں کو بتائیں کہ جب ہم مورمن نبی کی زندگی کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ اپنے اردگرد بُرے اثرات ہونے کے باوجود بھی راستباز زندگی گزارنا کیسے ممکن ہے۔

**صحیفائی احوال**

مورمن ۱–۶ میں سے مورمن کے نیفیؔ کے بڑے اوراق کا خلاصہ کرنے اور نیفیوں کی تباہی کا احوال بتائیں۔ مناسب اوقات پر تصاویر کا استعمال کریں۔ (صحیفائی واقعہ سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- مورمن کو کیسے اور کیوں تواریخ محفوظ کرنے کے لئے چنا گیا تھا؟ (مورمن ۱:۲–۴) آپ کے خیال میں آپ کیسا محسوس کریں گے اگر آپ کو آپ کی ابتدائی زندگی میں وہی ذمہ داریاں دی جائیں جو مورمن کو دی گئی تھیں؟ آپ اپنے آپ کو ایسی مقدس ذمہ داری کے لئے کیسے تیار کر سکتے ہیں؟
- اُس وقت نیفیوں اور لامنوں کے درمیان کیا ہو رہا تھا؟ (مورمن ۱:۱۳)۔ نیفیوں نے اپنی بدکاری کے سبب کونسی رُوحانی برکتیں چھوڑ دی تھیں؟ (مورمن ۱:۱۳–۱۴۔) ایسی زندگی بسر کرنا کیوں ضروری ہے جس سے کہ ہمیں رُوح القُدس حاصل رہے؟
- مورمن کو نیفیوں کو انجیل سِکھانے کی اجازت کیوں نہ تھی؟ (مورمن ۱:۱۶–۱۷۔) کن حوالوں سے بُری دُنیا میں رہنا مشکل ہے؟
- کیا چیز نیفیوں کے توبہ شروع کرنے کا سبب بنی؟ (مورمن ۲:۱۰–۱۱۔ آپ بچوں کو ہیلمن ۱۳:۱۸ میں موجود سیموئیل کی نبوت یاد دِلا سکتے ہیں۔) لوگوں کی توبہ پر مورمن کی خوشی کیوں جلد ہی افسوس میں بدل گئی؟ (مورمن ۲:۱۲–۱۵۔) ہم سچی توبہ کیسے کر سکتے ہیں؟
- جنگوں کے دوران، مورمن نے نیفیؔ کے بڑے اوراق کے ساتھ کیا کِیا؟ (مورمن ۲:۱۶–۱۸۔) بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ مورمن کی کتاب مورمن کے نام پر رکھی گئی ہے کیونکہ وہ ہی، وہ نبی تھا جس نے نیفیؔ کے بڑے اوراق کا خلاصہ کیا تھا۔ تصویر، مورمن نیفیؔ کے بڑے اوراق کا خلاصہ کر رہا ہے، دکھائیں۔ مورمن کا کیا ہوا یہ خلاصہ؛ اُسکے بیٹے، مرونئی کی اضافی تحریریں؛ اور نیفیؔ کے چھوٹے اوراق سونے کے اوراق ہیں جو جوزف سمتھ نے مرونئی سے کوہِ کمورہ پر پائے تھے۔
- نیفیؔ جنگ میں اتنے کامیاب کیوں نہ ہوئے جتنے وہ ہو سکتے تھے؟ (مورمن ۲:۲۶–۲۷۔) اپنی زندگیوں میں "خُداوند کی قوت" حاصل رکھنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟
- جب مورمن نے نیفیوں کو توبہ کی بابت تعلیم دی تو کیا ہوا؟ (مورمن ۳:۲–۳۔) بہت سارے لوگ آسمانی باپ اور اُسکے نبیوں کی کیوں نہیں سنتے؟
- بالآخر مورمن نے لوگوں کی بدکاری کے سبب کیا کیا؟ (مورمن ۳:۱۱۔) اُس نے یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ اُن کی بابت کتنا فکرمند ہے کیا کِیا؟ (مورمن ۳:۱۲۔) ہمیں اُن لوگوں کے لئے کیوں دُعا کرنی چاہیے جو آسمانی باپ کے احکام نہیں مانتے؟
- کس نبی نے نیفیوں کی تباہی کی نبوت کی تھی؟ (مورمن ۱:۱۹؛ ۲:۱۰۔) اِن نبوتوں کے پورا ہونے میں، لوگوں نے اپنی بدکاری کے سبب، کونسی چند مشکلات برداشت کیں؟ (مورمن ۲:۸، ۲۰؛ ۴:۱۱، ۲۱؛ ۵:۱۶، ۱۸؛ ۶:۷–۹۔) اگر آپ یہ مشکلات اپنے ہمسایوں اور دوستوں پر آتے دیکھیں، تو آپ اُن کے لئے کیا کرنا چاہیں گے؟ آسمانی باپ کے احکام ماننے میں ہم دوسروں کی کیا مدد کر سکتے ہیں؟ (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۲۔)
- اِن جنگوں میں کتنے لوگ مارے گئے تھے؟ (مورمن ۶:۱۰–۱۵۔ دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۳۔) مورمن اپنے لوگوں کی تباہی کی بابت کیا محسوس کرتا تھا؟ (مورمن ۶:۱۶–۲۲۔)

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے،، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ مورمن کے تواریخ محفوظ رکھنے کے مقاصد پر گفتگو کریں (مورمن ۳:۲۰–۲۲؛ ۵:۱۴–۱۵)۔ ہر بچے کو جوابات تلاش کرنے کے لئے کم از کم ایک ایک آیت ضرور پڑھنے کے لئے مقرر کریں۔

۲۔ ہر بچے کو ایک حکم بتانے اور یہ بتانے کا کہیں کہ اگر ہر کوئی اُس حکم پر عمل کرتا تو ضریملہ یعنی اُن کے شہر کیسے محفوظ رہتے؟

۳۔ لوگوں کی بڑی تعداد جو تباہ ہوئی، کو زیرِ بحث لائیں۔ اِس کا ۲۳۰،۰۰۰ کی آبادی کے شہر سے موازنہ کریں جہاں چوبیس لوگوں کے سوا سب مارے گئے تھے۔

۴۔ بچوں کے ساتھ اُن برکتوں کا جائزہ لیں جو ہمیں صرف مورمن کے مضبوط ایمان اور حوصلے اور اپنی ذمہ داری کیساتھ مخلصی کے سبب ملی ہیں۔ درجِ ذیل شامل کریں:

اُس نے ہمارے لئے نمونہ قائم کیا کہ جب بُرائی میں گھِرے ہوں تو کیسے وفادار رہا جا سکتا ہے۔

اُس نے اپنے لوگوں کی تاریخ تحریر کی۔

اُس نے نیفیوں کی تاریخ کا خلاصہ کیا۔

اُس نے اپنے بیٹے، مرونئ کو خط لکھے جو ہمیں دانا نصیحت اور تعلیم سِکھاتے ہیں۔

- ہم اِن مقدس تواریخ کے لئے کیسے شکرگزاری کا اظہار کر سکتے ہیں؟

## نتیجہ

**گواہی**

مورمن کی کتاب، ہمارے اردگرد بُرے اثرات ہونے کے باوجود یسوع مسیح سے وفادار رہنے میں، ہماری کیسے مدد کرتی ہے، اِس بابت گواہی دیں۔

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں مورمن ۱:۱–۷، ۱۳–۱۹ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق ۴۰

# یارد کی موعودہ سرزمین کی طرف لے جائے جاتے ہیں

**مقصد** اپنی پوری زندگی رُوح القُدس کی رہنمائی کے خواہاں ہونے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر عیتر ۱:۱–۴، ۳۳–۴۳؛ ۲:۳؛ ۶:۱–۱۳؛ اور پیدائش ۱۱:۱–۹ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ کاغذ کی ایک پرچی پر فقرہ "کھڑے ہوں، پیچھے مڑیں اور خاموشی سے بیٹھ جائیں" لکھیں۔ تب، نیچے دی گئی دوسری زبانیں استعمال کرتے ہوئے، فقرے کی غیر ملکی زبانوں میں اتنی نقول بنائیں کہ باقی تمام بچوں کو ایک ایک نقل مل سکے۔

جرمن: Steh auf, dreh dich um, und sitz still.

اطالوی: Alzati, girati, siediti, e stai tranquillo.

ولندیزی: Rejs dig op, vend dig omkring, sæt dig stille ned.

سویڈش: Ställa upp, vänd dig omkring, sätt dig stilla ned.

فرانسیسی: Lève-toi, tourne-toi, et assieds-toi tranquillement.

پُرتگیزی: Levante-se, vire-se; e sente-se silenciosamente!

ہسپانوی: Ponte de pie, date una vuelta, y siéntate en silencio

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ کتابِ مقدس۔

پ۔ تصاویر ۴–۲۴، دُنیا کا نقشہ؛ ۴–۵۲، یارد کا بھائی خُداوند کی انگلی دیکھتا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۸؛ ۶۲۴۷۸)؛ ۴–۵۳، یارد کی کشتیاں؛ اور ۴–۹، یسوعؔ مسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

ہر بچے کو "فقرہ" کھڑے ہوں، پیچھے مڑیں اور خاموشی سے بیٹھ جائیں" لکھے کاغذ کی پرچی دیں جس پر مختلف زبانوں میں سے ایک لکھی ہو۔ جماعت کے ارکان کو کاغذ پر دی گئی ہدایات کی پیروی کرنے کا کہیں۔

- آپ سب کیوں ہدایات پر عمل کرنے کے قابل نہیں ہیں۔

پیدائش ۱۱:۱–۹ میں سے بابل کے بُرج کی کہانی مختصراً بتائیں۔

- اگر آپ اپنے اردگرد لوگوں کو سمجھنے کے قابل نہ ہوں تو آپکو کیسا لگے گا۔ بتائیں کہ آج بچے ایک خاندان کے بارے سیکھیں گے جو بابل کے بُرج کے زمانہ میں رہتے تھے۔

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر کا استعمال کر کے، بچوں کو عیتر ۱–۳اور ۶:۱–۱۳ میں سے یاردیوں کا موعودہ سرزمین کی طرف رہنمائی پانے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درج ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یاردی کون تھے؟ (عیتر ۱:۳۳۔) خُداوند نے اُن کی زبانوں میں اختلاف کیوں نہ ڈالا؟ (عیتر ۱:۳۴–۳۷۔)
- یارد کے بھائی نے آسمانی باپ سے کیا مانگا؟ (عیتر ۱:۳۸۔)
- یاردیوں نے اپنے سفر کے لئے کیا تیاریاں کیں؟ (عیتر ۱:۴۱؛ ۲:۲–۳؛ ۶:۴۔)
- صحرا کے کیا معنی ہیں؟ (عیتر ۲:۳۔)
- آسمانی باپ اور یسوع مسیح نے یادریوں کی اُنکے سمندر کے سفر میں کیسے رہنمائی کی؟ (عیتر ۲:۴–۶۔) ہم اپنی زندگیوں میں الٰہی رہنمائی کیسے پا سکتے ہیں؟ (دُعا کے جواب کے ذریعے، رُوح القُدس کے ذریعے، انبیاء اور دیگر رہنماؤں کے ذریعے، پاک کلام کے ذریعے۔)
- یاردیوں کی ایک اعلیٰ ترین سرزمین کی طرف رہنمائی کیوں کی گئی؟ (عیتر ۱:۴۲–۴۳۔)
- خُداوند یارد کے بھائی سے کیوں ناخوش تھا؟ (عیتر ۲:۱۴۔) خُداوند سے تنبیہ پانے کے بعد یارد کے بھائی نے کیا کِیا؟ (عیتر ۲:۱۵۔) بتائیں کہ تنبیہ کرنے کا مطلب یہ بتایا جاتا ہے کہ آپ کچھ غلط کر رہے ہیں تاکہ آپ جان جائیں کہ صحیح کیا ہے جو آپ کو کرنا چاہیے۔
- کشتیوں کے تقریباً تیار ہونے کے بعد، یارد کے بھائی کو کن دو مسائل کے لئے مدد کی ضرورت تھی؟ (عیتر ۲:۱۹۔) یارد کے بھائی سے کشتیوں کو روشن کرنے کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے اُسکی رہنمائی کرنے سے پہلے خُداوند اُس سے کیا توقع رکھتا تھا؟ (عیتر ۲:۲۳، ۲۵؛ ۳:۱۔) ہم یارد کے بھائی کے تجربہ سے اپنے مسائل خود حل کرنے کی بابت کیا سیکھ سکتے ہیں؟
- یسوع مسیح پر اپنے مضبوط ایمان کی بدولت، یارد کے بھائی نے کشتیوں میں روشنی مہیا کرنے کے لئے کیا کِیا؟ (عیتر ۳:۱، ۴–۵۔) یسوع مسیح نے اُس کی کیسے مدد کی؟ (عیتر ۳:۶۔) ہم یسوع مسیح پر اپنے ایمان کا کیسے اظہار کر سکتے ہیں؟
- جب پتھر روشن ہوئے تو یارد کے بھائی نے کیا دیکھا؟ (عیتر ۳:۶–۸۔) یارد کا بھائی یسوع مسیح کو دیکھنے کے قابل کیوں ہوا؟ (عیتر ۳:۹–۱۵۔) یارد کے بھائی نے یسوع مسیح کے بدن کے بارے کیا سیکھا۔ (عیتر ۳:۶، ۱۵–۱۷۔) بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ یارد کے بھائی نے یسوع مسیح کا رُوحانی بدن دیکھا جو اُس جسمانی بدن کے کافی زیادہ مشابہ تھا جو یسوع نے زمین پر آکر حاصل کیا تھا۔
- جب یاردیوں نے سمندر پار کیا تو اُنہیں کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟ خُداوند نے اُن کی کیسے مدد کی؟ یاردیوں نے کیا کِیا؟ (عیتر ۶:۵–۹۔)
- موعودہ سرزمین کے ساحل پر اُتر کر یادریوں نے کیا کِیا؟ (عیتر ۶:۱۲–۱۳۔) آپ کن برکتوں کے لئے شکر گزار ہیں۔ ہم آسمانی باپ کو کیسے ظاہر کر سکتے ہیں کہ ہم اپنی برکتوں کے لئے شکر گزار ہیں؟

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال سکتے ہیں۔

۱۔ کئی چیزیں یا چیزوں کی تصویر دکھائیں جیسے کہ نقشہ، قطب نما، فلیش لائٹ، وغیرہ۔ بچوں کو گفتگو کرنے کا کہیں کہ کیسے یہ ہر چیز ہماری رہنمائی میں مدد کرتی ہے۔ یسوع مسیح کی تصویر سامنے لگائیں اور گفتگو کریں کہ ہم اپنی زندگیوں میں کیسے رُوحانی رہنمائی پاتے ہیں۔

۲۔ ایمان کے چوتھے رُکن کا جائزہ لیں اور گفتگو کریں۔ یسوع مسیح کی تصویر سامنے لگائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیوں خیال کرتے ہیں کہ یسوع مسیح پر ایمان، انجیل کا پہلا اُصول ہے۔ گفتگو کریں کہ اِس سے پہلے کہ ہم توبہ کر سکیں، بپتسمہ پائیں اور رُوح القُدس کی نعمت پائیں، ہمارا ایمان لانا کیوں لازمی ہے۔ بچوں کو چند مثالیں دینے کا کہیں کہ یسوع مسیح پر ایمان کیسے ہمارے اعمال اور رویے کو بہتر کرتا ہے۔ زور دے کر بتائیں کہ اُس پر ایمان کو ترقی دینے سے ہمیں قوت حاصل ہو سکتی ہے۔

۳۔ چاک بورڈ یا چارٹ استعمال کر کے، ایک چسپاں کرنے والا بورڈ بنائیں۔ جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں، ایک X استعمال کرے اور دوسرا O استعمال کرے۔ جو سوال آپ پوچھیں اگر اُس کا جواب صحیح طور پر دیا جائے تو وہ گروپ بورڈ پر X یا O لگانے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ مقصد مسلسل تین X یا O حاصل کرنا ہے۔ جب کسی سوال کا جواب نہ دیا جا سکے تو مخالف ٹیم کو وہی جواب دینے کا موقع دیا جائے۔ (ہدایات کے لئے سبق ۱۸ کا حوالہ دیں۔ درجِ ذیل میں یاردیوں کے بارے ممکنہ جائزہ سوالات ہیں۔ (آپ کو اِن میں سے مزید سوالات کا اضافہ کرنے کی ضرورت پڑے گی۔):

ہر کشتی میں کتنے پتھر رکھے گئے تھے؟ (دو)

یارد، اُسکے بھائی، اور اُنکے خاندانوں اور دوستوں کو سمندر پار کرنے میں کتنا عرصہ لگا؟ (تقریباً ایک سال۔)

اُس اُونچے بُرج کا کیا نام تھا جو لوگ تعمیر کر رہے تھے؟ (بابل کا بُرج)

یارد کے بھائی نے سولہ چھوٹے پتھر کیوں تیار کیے؟ (اپنے سفر کے لئے روشنی کا ذریعہ بنانے کے واسطے۔)

یسوع مسیح نے ہر پتھر کو کیسے روشن کیا؟ (اپنی انگلی کی قوت سے اِنہیں چھُو کر۔)

---

**نتیجہ**

**گواہی**

گواہی دیں کہ اگر بچے اپنی زندگیوں میں رُوح حاصل کرنے کے لائق بنیں تو وہ رُوح القُدس کی رہنمائی پا سکتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں، عیتر ۶:۳–۱۶ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق
۴۱

# یاردی نبیوں کو رد کرتے ہیں

**مقصد**

نبیوں کی سننے اور اُن کی فرمانبراری کا انتخاب کر کے، اپنی شخصی زندگی میں برائی پر غالب آنے کی بچوں کی خواہش میں اُنکی مدد کرنا۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر عیتر ۲:۱۰–۱۲؛ ۱۱:۱–۵؛ ۱۲:۱–۵؛ ۱۳:۱۳–۲۲؛ ۱۴:۱–۲، ۲۱؛ ۱۵:۱–۶، ۱۸–۳۴؛ اور اُومنی ۱:۲۰–۲۱ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا،“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصویر ۴–۵۴، عیتر یاردیوں کی تاریخ رقم کرتا ہے۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

درجِ ذیل سے ملتے جلتے سوالات پوچھیں:

- اگر آپ ایک ہوا سے بھرے غبارے میں ایک پن مارنے فیصلہ کریں تو کیا ہو گا؟
- اگر آپکا خاندان آپکے گھر میں ایک پورے کو پانی نہ دینے کا فیصلہ کرے تو کیا ہو گا؟
- اگر آپ رات دیر تک جاگنے کا فیصلہ کریں اور نیند پوری نہ کریں تو کیا ہو گا؟

بچوں کو بتائیں کہ اُن کے تمام انتخابات کے نتائج ہونگے۔ جو کچھ ہمارے انتخابات کے نتیجہ میں واقع ہوتا ہے وہ نتائج ہوتے ہیں۔ پاک کلام اور ہمارے انبیاء ہمیں نتائج کی بابت سِکھاتے ہیں کیونکہ آسمانی باپ چاہتا ہے کہ ہم اچھے انتخابات کریں۔ یہ سبق یاردیوں اور عیتر نبی کے بارے ہے۔ عیتر نے یاردیوں کو بتایا تھا کہ اگر اُنہوں نے توبہ کرنے کا فیصلہ نہ کیا تو نتیجتاً تمام لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔ پاک کلام اور ہمارے انبیاء ہمیں نتائج کی بابت سِکھاتے ہیں کیونکہ آسمانی باپ چاہتا ہے ہم اچھے انتخابات کریں۔ یہ سبق یاردیوں اور عیتر نبی کے بارے ہے۔ عیتر نے یاردیوں کو بتایا تھا کہ اگر اُنہوں نے توبہ کرنے کا فیصلہ نہ کیا تو نتیجتاً تمام لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔

**صحیفائی احوال**

”تیاری“ کے حصہ میں بتائے گئے صحیفائی حوالہ جات میں سے بچوں کو یاردیوں کی تباہی کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔) بیان کریں کہ انبیاء نے لوگوں کو یسوع مسیح پر ایمان لانے اور توبہ کرنے کی بابت سِکھایا، لیکن چونکہ لوگوں نے انبیاء کو رد کیا اور جان سے مارا اِس لئے بالآخر پوری یاردی تہذیب تباہ ہو گئی۔ مناسب وقت پر تصویر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- خود مختاری کیا ہے؟ (انتخاب کرنے کی قابلیت۔) آسمانی باپ نے ہمیں خود مختاری کیوں دی ہے؟ بچوں کی سمجھنے میں مدد کریں کہ جب ہم انتخابات کرتے ہیں تو ہم بڑھتے اور سیکھتے ہیں۔ آسمانی باپ جانتا ہے کہ اگر ہمیں سِکھانے کے لئے زبردستی کی گئی تو اُسکی مانند بننے میں ہماری کوئی مدد نہ ہو سکے گی۔
- یاردیوں نے اُن انبیاء کیساتھ کیا کیا جنہوں نے اُنکی ہلاکت کی نبوت کی؟ (عیتر ۱۱:۱—۵۔) اپنی ہلاکت کو روکنے کے لئے یاردی کیا کر سکتے تھے؟ (بیان کریں کہ ہم ہمیشہ توبہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں اور مسلسل گناہ کے نتائج سے بچ سکتے ہیں۔
- کوریعنتمر کون تھا؟ (عیتر ۱۲:۱۔) عیتر کون تھا؟ (عیتر ۱۲:۲۔) عیتر نے یاردیوں سے کیا کہا؟ (عیتر ۱۲:۳—۴۔)
- لوگوں نے عیتر کی تعلیم پر کس ردِعمل کا اظہار کیا؟ (عیتر ۱۳:۱۳۔) عیتر کہاں چھپا؟ (عیتر ۱۳:۱۴۔) جب وہ غار میں تھا تو اُس نے کیا کِیا؟ آپکے خیال میں بعض لوگ انبیاء کی سننے کا انکار کیوں کرتے ہیں؟
- یسوع مسیح نے عیتر کو کوریعنتمر کو کیا بتانے کی ہدایت کی؟ (عیتر ۱۳:۲۰—۲۱۔) کوریعنتمر اور یاردیوں نے عیتر کو کیسے جواب دیا؟ (عیتر ۱۳:۲۲۔)
- لوگوں کی بدکاری کی بدولت ملک پر کونسی بڑی لعنت آئی؟ (عیتر ۱۴:۱—۲، ۲۱؛ ۱۵:۲۔) آپ کے خیال میں اِن مسائل کے ساتھ رہنا کیسا ہو گا۔
- اپنی خود مختاری کا راست استعمال کرنے کے کیا نتائج ہوں گے؟ بچوں کو راست انتخابات اور نتائج کی مثالیں دینے کا کہیں۔ جب ہم غلط انتخابات کرتے ہیں تو کیا نتائج نکلتے ہیں؟ غلط انتخابات اور اُنکے نتائج کی مثالیں دیں۔
- کوریعنتمر مخالف فوجی رہنماء، شِظ کو خط میں کیا لکھا؟ (عیتر ۱۵:۴۔) شِظ نے کیا جواب دیا؟ (عیتر ۱۵:۵۔) کوریعنتمر اور اُسکے لوگوں کا شِظ کے لوگوں کے لئے کیا ردِعمل تھا؟ (عیتر ۱۵:۶۔)
- لوگ کیوں لڑتے رہے؟ (عیتر ۱۵:۱۸—۱۹۔) اگر یاردیوں نے عیتر نبی کی فرمانبرداری کی ہوتی تو کیا ہوتا؟ (عیتر ۱۳:۲۰۔)
- آخری دو یاردی جنگجو کون تھے؟ عیتر ۱۵:۲۹۔) کون زندہ بچا؟ (عیتر ۱۵:۳۰—۳۲۔) کوریعنتمر کو کس نے تلاش کیا؟ (اُومنی ۱:۲۰—۲۱۔) عیتر نبی نے اُس تاریخ کیساتھ کیا کیا جو اُس نے یاردیوں کی بابت لکھی تھی؟ (عیتر ۱۵:۳۳۔) عیتر کی آخری گواہی کیا تھی؟ (عیتر ۱۵:۳۴۔) ہماری زندگیوں کا سب سے اہم مقصد کیا ہونا چاہیے؟
- اگر آپ عیتر ہوتے اور آپ نے لوگوں کی نافرمانی کی بدولت اُن کی ہلاکت کو دیکھا ہوتا تو آپ کیا محسوس کرتے؟
- اِس بڑے المیے سے بچنے کے لئے یاردی کیا کر سکتے تھے؟ آج موجودہ نبی کی پیروی کرنے کا انتخاب کیسے ہماری مدد کر سکتا ہے؟ آج موجودہ نبی کی چند ایک تعلیمات کیا ہیں؟ اگر ہم اُن کی مشورت پر عمل کریں تو کونسی برکتیں ملیں گی؟

اِس سبق کے جائزے کے طور پر آپ بہتری کی سرگرمی ۱۳ استعمال کر سکتے ہیں۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ حالیہ کانفرنس میں سے صدارتی مجلسِ اعلیٰ اور بارہ رسولوں کی جماعت کے پیغاموں کا بتائیں جن کا اطلاق آپ کی جماعت کے بچوں پر بھی ہوتا ہو۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیسے موجودہ نبی کی پیروی کر سکتے ہیں۔ اُنکی تجاویز چاک بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو ایک طریقہ منتخب کرنے کا کہیں جس سے وہ آئندہ ہفتے انبیاء کی پیروی کر سکتے ہوں۔


۲۔ جماعت سے پہلے، لفظ فرمانبر داری کے حرف علیحدہ علیحدہ کاغذ کی پرچیوں پر لکھیں، اور اُنہیں کمرۂ جماعت میں ادھر اُدھر چھپادیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آپ نے چند حرف چھپار کھے ہیں۔ ہر حرف کو ڈھونڈنے کے لئے خاص ہدایات دیں۔ جب تمام حروف اکٹھے ہو جائیں تو اُنہیں فرش پر یا چاک بورڈ پر لفظ فرمانبر داری بنانے کے لئے لگائیں۔ اُن سے پوچھیں کہ وہ حروف ڈھونڈنے کے قابل کیسے ہوئے۔ بچوں کو سِکھائیں کہ آسمانی باپ چاہتا ہے کہ ہمیں فرمانبر داری کا انتخاب کریں۔ فرمانبر داری سیکھنا، ہمارے زمین پر ہونے کی بنیادی وجوہات میں سے ایک ہے۔ آسمانی باپ چاہتا ہے کہ ہم اپنی خود مختاری کو استعمال کریں اور اپنے کلیسیائی رہنماؤں کی نصیحت کی فرمانبر داری کا انتخاب کریں بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیا خیال کرتے ہیں کہ وہ خوش ہونے کیلئے کونسا سب سے اہم کام کر سکتے ہیں۔ اُن حروف کا پھر حوالہ دیں جو لفظ ''فرمانبر داری'' بناتے ہیں۔ نشاندہی کریں کہ آسمانی باپ پاک کلام اور کلیسیائی رہنماؤں کے ذریعے ہمیں بتاتا ہے کہ وہ ہم سے کیا کروانا چاہتا ہے۔ اگر ہم فرمانبر دار ہونے اور جو وہ کہتا ہے کرنے کے لئے اپنی خود مختاری کو استعمال کریں گے تو خوشی پانے میں وہ ہماری مدد کرے گا۔

۳۔ درجِ ذیل لفظی پٹیاں بنائیں:

راستبازی
برکتیں
خوشحالی
غرور
بدکاری
تکالیف یا تباہی
حلیمی
توبہ

بتائیں کہ پوری تاریخ بتاتی ہے کہ جب بھی لوگ راستباز رہے آسمانی باپ نے اُنہیں خوشحالی سے نوازا۔ بدقسمتی سے یہ خوشحالی غرور اور بدکاری اور بعض اوقات مکمل تباہی کی طرف لے جاتی ہے۔

بتائیں کہ یہی کچھ یاردیوں کے ساتھ ہوا۔ پہلے پہل وہ راستباز، بابرکت اور خوشحال تھے۔ (چاک بورڈ پر ایک بڑا دائرہ بنائیں اور بچوں کو لفظی پٹیاں ''حلیمی'' اور ''توبہ'' دائرے میں مناسب جگہ پر لگانے کا کہیں۔[درجِ ذیل تشریح دیکھیں])۔ پھر یاردی مغرور ہوگئے اور اُنہوں نے نبیوں کو ردّ کر دیا لوگ بہت زیادہ بدکار ہوگئے اتنے کہ وہ بالکل فنا ہوئے۔ (بچوں کو دائرے میں مناسب جگہ پر لفظی پٹیاں ''غرور'' ''بدکاری'' اور ''ہلاکت'' لگانے کا کہیں۔) بتائیں کہ اگر یاردیوں نے اپنے آپ کو حلیم کیا ہوتا اور توبہ کی ہوتی تو وہ راست زندگی کی برکتوں سے لُطف اندوز ہونے کے لئے واپس آ سکتے تھے۔ (بچوں کو دائرے میں مناسب جگہ پر لفظی پٹیاں ''حلیمی'' اور ''توبہ'' لگانے کا کہیں۔) یہ سمجھنے میں بچوں کی مدد کریں کہ قوموں کی تاریخ کے ساتھ ساتھ یہ چکر ہماری شخصی زندگیوں میں بھی واقع ہوتا رہتا ہے۔




۴۔ بچوں کو گھر لے جانے اور اپنے خاندانوں کو بتانے کے لئے تاریخ کے چکر کی اپنی نقول تیار کرنے کا کہیں۔ بچے ''انبیاء کی سننا،'' ''اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنا،'' ''روزانہ دُعا کرنا،'' ''شکر گزاری کرنا،'' ''دوسروں کی خدمت کرنا،'' جیسی ذاتی باتیں شامل کر کے اپنے دائرے بنا سکتے ہیں۔

---

## نتیجہ

**گواہی** گواہی دیں کہ اگر ہم آسمانی باپ کے نبیوں کی پیروی کرنے اور اُسکی سننے کا انتخاب کریں تو ہمیں برکت ملے گی اور ہم بُرائی پر غالب آ سکیں گے۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں، عیتر ۱۳:۱۳–۲۲ اور ۱۵:۳۳–۳۴ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# مرونیؔ اور اُسکی تحریریں

سبق
۴۲

---

**مقصد**

بچوں کی، بُرائی کی نسبت اچھائی کا انتخاب کرنے میں مدد کرنا تاکہ وہ محبت یعنی مسیح کے خالص پیار کی برکت پائیں۔

---

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر مورمن ۸:۲–۶ اور مرونیؔ ۱، ۷–۸ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصویر ۴، ۵۱، مورمن قوم کو الوداع کہتا ہے جو کہ کبھی ایک عظیم قوم تھی (انجیلی تصاویر ۳۱۹؛ ۶۲۰۴۳)۔

---

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

تصویر، "مورمن قوم کو الوداع کہتا ہے جو کہ کبھی ایک عظیم قوم تھی،" دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں یہ آدمی کون ہیں۔

بیان کریں کہ مورمن نے مقدس تواریخ کا ایک حصہ اپنے بیٹے مرونیؔ کو لامنوں سے محفوظ رکھنے اور احوال مکمل کرنے کے لئے دیا۔ بچوں کو مورمن ۸:۲–۵ میں سے مرونیؔ کا کلام پڑھنے کا کہیں۔

مورمن باب ۶ کے صفحہ کے نچلے حصہ میں نیفیوں کی آخری جنگ کا سال ڈھونڈ کر بچوں کو اندازہ کرنے کا کہیں کہ مرونیؔ تقریباً کتنی دیر اکیلا رہا۔ پھر بچوں کو مرونیؔ ۱۰ کے آخری صفحہ کے نچلے حصہ پر لکھے سال میں سے یہ تاریخ منفی کرنے کا کہیں۔
(۴۲۱ – ۳۸۵ = ۳۶ سال)

بچوں سے پوچھیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ کتنی دیر، اکیلے رہ سکتے ہیں۔ اُنہیں تصور کرنے میں مدد دیں کہ چھتیس سال اکیلے رہنا کیسا لگتا ہو گا۔

وضاحت کریں کہ مرونیؔ سونے کے اوراق مکمل کرنے کے لئے کئی مشکلات میں سے گزرا تاکہ یہ مورمن کی کتاب کی شکل میں آئندہ نسلوں تک پہنچ سکے اور یسوع مسیح کی مانند بننے میں ہماری مدد ہو سکے۔

آپ بہتری کی سرگرمی ۱ توجہ دلاؤ سرگرمی کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

**صحیفائی احوال**

جیسا کہ مورمن ۸:۲–۶ اور مرونیؔ ۱، ۷–۸ میں بتایا گیا ہے، بچوں کو مرونیؔ کے بیابان میں اکیلے رہنے اور اوراق پر اپنے باپ کا کلام لکھنے کا احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- نیفیوں کی تاریخ مکمل کرنے کے علاوہ، مرونئ نے ایک اور تہذیب کی مختصر تاریخ لکھی۔ یہ لوگ کون تھے؟ (مرونئ ۱:۱۔)
- مرونئ یسوع مسیح کی بابت کیا محسوس کرتا تھا؟ (مرونئ ۱:۲–۳۔) (آپ یسوع مسیح کی بابت اپنی گواہی دے سکتے ہیں۔) یسوع مسیح کی گواہی حاصل ہونے سے راست انتخاب کرنے میں ہمیں کیسے مدد ملتی ہے؟
- مرونئ نے نیکی کرنے کی بابت کیا لکھا ہے؟ (مرونئ ۷:۶–۸۔) مہربان کام دُرست رویے کے ساتھ کرنا کیوں ضروری ہیں؟ کلیسیائے یسوع مسیح کے رُکن ہونے کے ناطے ہمیں کونسی نعمتیں دینے کا حکم دیا گیا ہے؟ (خدمت، پیار، فرمانبرداری، دہ یکی، روزے کے ہدیے۔)
- ہمیں کیسے دُعا کرنی چاہیے اِس بابت مرونئ نے کیا لکھا؟ (مرونئ ۷:۹۔) اپنی دُعاؤں کو اور زیادہ سنجیدہ بنانے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟
- اچھائی اور برائی کے درمیان تمیز کرنے کے لئے ہم سب کو کونسا رُوح بخشا گیا ہے؟ (مرونئ ۷:۱۵–۱۸۔ بیان کریں کہ مسیح کا نور بیشتر اوقات انسان کے شعور کے کہا گیا ہے۔) جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تو آسمانی باپ اور کونسی اضافی مدد بھیجتا ہے؟ (رُوح القُدس کی نعمت۔) ہم اِس علم کو فیصلے کرنے کے لئے کیسے استعمال کر سکتے ہیں؟ (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۲۔)
- مرونئ نے خالص محبت کی بابت کیا لکھا ہے؟ (مرونئ ۷:۴۵، ۴۷۔ دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۳ اور ۴۔) ہمارے لئے خالص محبت رکھنا کیوں ضروری ہے؟ (مرونئ ۱۰:۲۱۔)
- مسیح کا خالص پیار حاصل کرنے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ (مرونئ ۷:۴۸۔) مسیح کا خالص پیار حاصل ہونے کی صورت میں ہمارے ساتھ کیا وعدہ کیا گیا ہے؟
- مرونئ نے چھوٹے بچوں کو بپتسمہ دینے کی بابت کیا لکھا؟ (مرونئ ۸:۸–۱۰۔) جوابدہ ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (اچھائی اور بُرائی کو پہچاننا اور اپنے انتخابات کا ذمہ دار ہونے کے قابل ہونا)۔ ہم کس عمر میں اپنے اعمال کے جوابدہ ہیں؟ (آٹھ سال کی عمر میں؛ دیکھئے تعلیم اور عہد ۶۸:۲۵، ۲۷۔)
- آپ کے خیال میں نیفیوں اور یاردیوں کی تواریخ کیسے مختلف ہوتیں اگر اُنہوں نے اپنی زندگیوں میں خالص محبت کا اُصول لاگو کیا ہوتا؟

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ اِس سرگرمی کے لئے آپ کو ایک ٹِن اور کیل کی ضرورت پڑے گی۔ (ایک بڑے ڈبے کا ڈھکن ٹِن کے طور پر کام آ سکتا ہے۔ تیز کنارے ایک ٹیپ سے ڈھانپ دیں۔) بچوں کو باری باری درجِ ذیل الفاظ: اب میں مرونئ... کے ایک یا دو حروف ٹِن یا دھات پر کندہ کرنے کا کہیں۔ مورمن کی کتاب کے تاریخ دانوں، جنہوں نے خُدا کا کلام دھاتی اوراق پر کندہ کیا شکر گزاری کا اظہار کریں۔

۲۔ درجِ ذیل یا اِس سے ملتے جلتے انتخابات کے نمونے استعمال کریں جن کا اطلاق آپ کی جماعت پر بھی ہوتا ہو۔ بچوں کو بُرائی سے اچھائی کے انتخاب میں مدد کے لئے مرونئ ۷:۱۶ استعمال کرنے کا کہیں۔

آپ اپنے دوستوں کے ساتھ گیند سے کھیل رہے ہیں جب ایک جو کہ اتنا اچھا نہیں کھیلتا آپکی ٹیم میں شامل ہونا چاہتا ہے۔ آپ کے دوست آپکو بتاتے ہیں کہ اگر یہ شخص تمہاری ٹیم میں کھیلے گا تو تم میچ ہار جاؤ گے۔ کیا آپ بچے کو اپنے ساتھ نہ کھلانے پر غور کریں گے خود سے پوچھیں، "کیا یہ انتخاب مجھے اچھائی کرنے اور یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی دعوت دینا ہے؟"

آپ ایک فلم دیکھ رہے ہیں جس میں ایک غیر اخلاقی منظر ہے جو صرف چند سیکنڈوں کے لئے ہے۔ آپ فلم چھوڑ کر جانے پر شرمندہ ہیں۔ خود سے پوچھیں، "کیا یہ فلم دیکھنا مجھے اچھائی کرنے اور یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی دعوت دیتا ہے؟"

آپ ایک دکان میں ہیں اور دکاندار غلطی کرتا ہے اور آپ سے اتنی رقم وصول نہیں کرتا جتنی آپ چیزیں خرید رہے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ اشیاء کی قیمت اُس سے زیادہ ہے جتنے آپ نے ادا کیے ہیں، لیکن دوکاندار نے غلطی کی ہے، خود سے پوچھیں، "کیا غلط قیمت ادا کرنا مجھے اچھائی کرنے اور یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی دعوت دیتا ہے؟"

آپ کے بشپ نے آپکو بلاناغہ مورمن کی کتاب کا مطالعہ کرنے کا کہا ہے، بعض اوقات صحیفائی الفاظ آپ کے لئے سمجھنا مشکل ہیں۔ خود سے پوچھیں، "کیا پاک کلام کا بلاناغہ مطالعہ اچھائی کرنے اور مسیح پر ایمان رکھنے پر مائل کرنے میں میری مدد کرتا ہے؟"

۳۔ مرونئ ۷:۴۵ میں بتائی گئی خالص محبت کی خوبیوں کی ایسے الفاظ استعمال کر کے وضاحت کریں جو بچے سمجھ سکتے ہوں۔ آپ بچوں کو مرونئ کی تعریفوں کو آپکی وضاحتوں سے ملانے کا کہہ سکتے ہیں۔

برداشت کرتی ہے: صابر ہے
مہربان: ظالم یا کمینہ نہیں، پیار کرنے والی ہے
حسد نہیں کرتی: جلتی نہیں ہے
پُھولتی نہیں: فروتن، متکبر نہیں
اپنی بہتری نہیں چاہتی: غرض ہے
جھنجھلاتی نہیں: غصہ کرنے میں دھیمی، معاف کرنے میں تیز
بُرائی نہیں سوچتی: بھروسہ کرتی ہے، اچھائی دیکھتی ہے
راستی سے خوش ہوتی ہے: دیانتدار ہے
سب کچھ سہہ لیتی ہے: فرمانبردار ہے
سب کچھ یقین کرتی ہے: ایماندار ہے۔
سب باتوں کی اُمید رکھتی ہے: بھروسہ کرتی ہے، مثبت سوچ رکھتی ہے
سب کچھ برداشت کرتی ہے: صابر ہے، قائم رہتی ہے

۴۔ مرونئ مسیح کا خالص پیار رکھتا تھا؟ مرونئ کی محبت کی درجِ ذیل مثالوں کو تلاش کرنے میں بچوں کی مدد کریں یا مرونئ کی کہانی بتاتے وقت درجِ ذیل میں سے چند مثالیں استعمال کریں۔

برداشت کرتی ہے: مرونئ صبر سے تاریخ لکھتا ہوا تقریباً چھتیس سال تنہا رہا۔ (مورمن ۸:۵)

مہربان: مرونئ نے ہمارے لئے دُعا کی اور اپنے بھائیوں کی مدد کی۔ (عیتر ۱۲:۳۶،۳۸)

حسد نہیں کرتی: مرونئ نے ہمارا زمانہ دیکھا اور ہمیں حاسد اور متکبر نہ ہونے کی نصیحت کی۔ (مورمن ۸:۳۵—۳۷۔)

پُھولتی نہیں: مرونئ لکھنے کی اپنی کمزوریوں کی بدولت فروتن تھا۔ (عیتر ۱۲:۲۳—۲۵۔)

اپنی بہتری نہیں چاہتی: مرونئ نے مخلص ہو کر ہمارے لئے کام کیا اور دُعا کی تاکہ ہم یسوع مسیح کی بابت علم پائیں۔ (مرونئ ۹:۳۶؛ عیتر ۱۲:۴۱۔)

جھنجھلاتی نہیں: مرونئ نے اپنے دشمنوں کو معاف کر دیا اور وہ باتیں لکھنے کے لئے سخت محنت کی جو وہ اُمید کرتا تھا کہ اُن کے لئے اہم ہوں گی۔ (مرونئ ۱:۴۔)

بُرائی نہیں سوچتی: مرونئ نے ہمیں اچھائی اپنانے اور بُرائی کو نہ چُھونے کی تلقین کی۔ (مرونئ ۱۰:۳۰۔)

راستی سے خوش ہوتی ہے: مرونئ دیانتدار تھا۔ (مرونئ ۱۰:۲۷۔)

سب کچھ سہہ لیتی ہے: چونکہ مرونئ نے یسوع مسیح کا انکار نہ کیا سو اُسے اپنی حفاظت کے لئے تنہا بھٹکنا پڑا۔ (مرونئ ۱:۲–۳۔)

سب کچھ یقین کرتی ہے: مرونئ یسوع مسیح کا یقین کرنے کی ہمیں ترغیب دیتا ہے۔ (مرونئ ۹:۲۱) یسوع مسیح پر یقین رکھنے کی بدولت مرونئ مسیح کو روبرو دیکھ سکا۔ (عیتر ۱۲:۳۹۔)

سب باتوں کی اُمید کرتی ہے: مرونئ اُمید کی اہمیت کو سمجھتا تھا۔ (عیتر ۱۲:۳۲۔)

تمام کچھ برداشت کرتی ہے: "مرونئ آخر تک وفادار تھا۔" (مرونئ ۱۰:۳۴۔)

۵۔ جب مرونئ کو پہلی بار خدمت کے لئے بلایا گیا تو مرونئ اپنے باپ سے ایک خط ملا۔ خط کے ایک حصہ میں مورمن نے اپنے بیٹے کے لئے اپنے پیار، تعریف اور فکر کا اظہار کیا۔ (دیکھئے مرونئ ۸:۲–۳۔) جماعت میں والدین، ایک بالغ رشتہ دار یا دوست کے آنے سے پہلے، اپنی جماعت کے ہر بچے کو محبت اور تعریف کا ایک خط لکھیں۔ مورمن کی اپنے بیٹے مرونئ کے لئے محبت کا ذکر کرتے وقت یہ خطوط بچوں کو دیں۔ وضاحت کریں کہ مرونئ اِس خط کی قدر کرتا تھا۔ جب وہ اپنے دشمنوں سے بھاگا تو اِسے اپنے ساتھ لے گیا۔ تجویز دیں کہ بچے اپنے خطوط کو خود کو یاد دلانے کے لئے کہ اچھے کام کرتے رہنے سے خُداوند اور اُنکے والدین خوش ہوں گے، محفوظ رکھیں۔

۶۔ ایمان کے تیرہویں رُکن کا جائزہ لیں۔

---

## نتیجہ

**گواہی** مرونئ کے لئے اپنی شکر گزاری کا اظہار کریں اور اُسکی تحریروں کی سچائی کی گواہی دیں۔ گواہی دیں کہ ہم آہستہ آہستہ مسیح کی مانند بن سکتے ہیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں مرونئ ۷:۱–۵، ۱۹–۴۳، ۴۸ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۴۳

# مرونئ یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی بابت سِکھاتا ہے

---

**مقصد**

ہر بچے کی، یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی حوصلہ افزائی کرنا۔

---

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر عیتر ۶:۱۲–۴۱اور مرونئ ۷:۲۱–۲۸، ۳۳–۳۴ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی مدد کریں۔

۳۔ توجہ دلاؤ سرگرمی کے لئے (عیتر ۶:۱۲ میں سے) درجِ ذیل نو لفظی پٹیاں بنائیں:

ایمان
اُن چیزوں
کی
اُمید کرنا
جو
موجود
ہوں
لیکن
دیکھی نہ
جاسکتی
ہوں

۴۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ تصویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)۔

---

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

جماعت سے پہلے لفظی پٹی ''ایمان'' اور تصویر، یسوع المسیح چاک بورڈ یا دیوار پر لگائیں۔ ایمان کی تعریف کی دوسری تمام لفظی پٹیاں کئی ایک بچوں کی کرسیوں کے نیچے لگائیں۔

بچوں کو لفظی پٹیاں ڈھونڈنے، اُنہیں جماعت کے سامنے لانے اور اِن کی ترتیب لگانے کا کہیں۔

مکمل کیا گیا حوالہ پڑھیں اور زیرِ گفتگو لائیں (عیتر ۶:۱۲)۔

- آپ نے کونسی چیزیں نہیں دیکھیں جو دیکھنا چاہیں گے؟ آپ کیسے جانتے ہیں کہ وہ وجود رکھتی ہیں؟

- اگرچہ ہم نے یسوع مسیح کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تو بھی ہم کیسے جانتے ہیں کہ وہ زندہ ہے؟
- یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کا کیا مطلب ہے؟ (یسوع مسیح پر اتنا مضبوط اعتماد رکھنا کہ ہم اُس کی فرمانبرداری کرنا اور اُس کی مانند بننا چاہتے ہیں۔)
- اگر ہم اُس پر ایمان رکھیں تو کونسے چند طریقوں سے یسوع مسیح ہماری مدد کر سکتا ہے؟ (وہ آپکو تسلی، رہنمائی، اطمینان، طاقت، شفا دے سکتا ہے۔)

وضاحت کریں کہ مورمن کی کتاب اُن کئی لوگوں کی بابت بتاتی ہے۔ جنہوں نے یسوع مسیح پر اپنے ایمان کی بدولت عظیم برکتیں پائیں اور معجزے کیے۔

**صحیفائی احوال**

بچوں کو مرونئ ۷:۲۱–۲۸، ۳۳–۳۴اور عیتر ۱۲:۶–۴۱ میں سے مورمن اور مرونئ کی ایمان کی بابت تعلیمات سے متعلق سِکھائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) بتائیں کہ مورمن اور مرونئ نے کئی لوگوں کی بابت لکھا ہے جنہوں نے اپنے ایمان کی بدولت برکت پائی (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۲)

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- اگر ہم اُس پر ایمان رکھیں تو یسوع مسیح نے کیا کہا ہے کہ ہم پائیں گے۔ (مرونئ ۷:۳۳۔ دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۱)
- مرونئ نے انجیل کی گواہی یا ثبوت پانے کی بابت کیا سِکھایا ہے؟ (عیتر ۱۲:۶) "اپنے ایمان کی آزمائش" کا کیا مطلب ہے؟ (کسی طرح سے آپکا ایمان آزمایا جانا۔)
- بیان کریں کہ ہر کسی میں کمزوریاں ہیں۔ یسوع مسیح پر ایمان رکھنا کن طریقوں سے ہمیں اپنی کمزوریوں پر غالب آنے میں مدد دے سکتا ہے؟ (عیتر ۱۲:۲۷۔)
- یسوع مسیح پر ایمان ہمیں کونسے کام کرنے میں مدد دے گا۔ (دُعا کرنے، دُعاؤں کے جواب پانے، توبہ کرنے، بپتسمہ لینے، رُوح اُلقدس کی ترغیبات پر عمل کرنے، دوسروں کی خدمت کرنے، آزمائشوں کی مزاحمت کرنے، دہ یکی ادا کرنے، مشکلات کا سامنا کرنے، میں معذرت خواہ ہوں، کہنے، چرچ آنے، حکمت کے کلام کی فرمانبرداری کرنے میں اور دیگر کئی ایک کاموں میں۔)
- جو لوگ ایمان رکھتے ہیں آسمانی باپ دُعا کے بارے اُن کیساتھ کیا وعدہ کرتا ہے۔ (مرونئ ۷:۲۶۔) آپکو دُعاؤں کا جواب کیسے ملا ہے؟

بچوں کو یسوع مسیح کے بارے اپنے احساسات بیان کرنے کے لئے وقت دیں۔ وضاحت کریں کہ یہ احساسات اِس بات کا مظہر ہیں کہ اُن کا اُس پر ایمان ہے۔

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوان کسی بھی وقت جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ درجِ ذیل اشخاص میں سے ہر ایک کا نام علٰیحدہ پرچیوں پر لکھیں اور ایک ڈبے میں ڈالیں۔ بچوں کو باری باری پرچی نکالنے اور موزوں تصویر استعمال کر کے، کاغذ پر لکھے گئے ناموں نے یسوع مسیح پر اپنے ایمان کی بدولت قوت کے لئے کیسے برکت پائی، مختصراً کہانی بیان کرنے کا کہیں۔

ایلما اور امیولک نے قید خانہ کو مسمار کر دیا (ایلما ۱۴: ۲۶—۲۸۔) تصویر ۴—۲۹، ایلما اور امیولک مسمار شدہ قید خانہ سے باہر نکل رہے ہیں۔ دکھائیں۔

نیفئی اور لحی کو قید کیا گیا اور وہ آگ میں گھِرے تھے۔ ہیلامن ۵: ۴۴—۵۲۔) تصویر ۴—۴۱، نیفئی اور لحی قید خانہ میں، دکھائیں۔

عمون لمونی بادشاہ کے گلوں کو بچاتا ہے۔ (ایلما ۱۷: ۲۹—۱۸: ۳؛ ۲۶: ۱۲۔) تصویر ۴—۳۰، عمون لمونی بادشاہ کے گلوں کا دفاع کرتا ہے، (انجیلی تصاویر ۳۱۰؛ ۶۲۵۳۵۔) دکھائیں۔

یارد کے بھائی نے یسوع مسیح کا رُوحانی جسم دیکھا اور پہاڑ کو سر کایا۔ (عیتر ۳؛ ۱۲: ۳۰) تصویر ۴—۵۲ یارد کا بھائی خُداوند کی انگلی دیکھتا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۹؛ ۶۲۴۷۸) دکھائیں۔

جنگ میں ۲۰۰۰ جنگجوؤں کی زندگیاں محفوظ رہیں۔ (ایلما ۵۶: ۴۴—۵۶۔) تصویر ۴—۴۰، دو ہزار نوجوان جنگجو (انجیلی تصاویر ۳۱۳؛ ۶۲۰۵۰) دکھائیں۔

نیفئی پیتل کے اوراق حاصل کرتا ہے۔ (۱ نیفئی ۴: ۱—۳۱۔) تصویر ۴—۸ نیفئی پیتل کے اوراق کے ساتھ لحی کی طرف واپس آ رہا ہے، دکھائیں۔

موعودہ سرزمین کی طرف آنے میں لحونانے، لحی اور اُسکے خاندان کی رہنمائی کی (۱ نیفئی ۱۶: ۲۸—۲۹؛ ۱۸: ۲۳۔) تصویر ۴—۲۰، لحی اور اُسکے لوگ موعودہ سرزمین میں پہنچتے ہیں (انجیلی تصاویر ۳۰۴؛ ۶۲۰۴۵۔) دکھائیں۔

یسوع مسیح اپنے بھرپور جلال میں شاگردوں پر ظاہر ہوتا ہے (عیتر ۱۲: ۳۱۔) تصویر ۴—۴۵، یسوع مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۶؛ ۶۲۳۸۰۔) دکھائیں۔

ابینادی یسوع مسیح کی بابت اپنی گواہی کی خاطر مرنے کیلئے بھی تیار تھا۔ (مضایاہ ۱۷: ۷—۲۰۔) تصویر ۴—۲۲، ابینادی نوح بادشاہ کے سامنے، (انجیلی تصاویر ۳۰۸؛ ۶۲۰۴۲) دکھائیں۔

۲۔ کھیل، میں کون ہوں؟ بچوں کے ساتھ کھیلیں۔ اُنہیں درجِ ذیل اشارے دیں، اور اُنہیں اُس شخص کا اندازہ لگانے کا کہیں جس کی بابت آپ بتا رہے ہیں۔

میں نے یسوع مسیح پر اپنا ایمان استعمال کر کے پورا دِن اور پوری رات دُعا کی۔ (انوس۔)

ایمان کی بدولت، ایک فرشتہ میرے بیٹے اور مضایاہ کے چار بیٹوں کو توبہ کے واسطے بُلانے کے لئے اُن پر ظاہر ہوا۔ (ایلما۔)

میں نے اپنے لوگوں کی یسوع مسیح پر ایمان رکھنے اور اپنی آزادی اور اپنے خاندانوں کے واسطے لڑنے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے ایک خاص جھنڈا استعمال کیا۔ (کپتان مرونئی۔)

اپنے ایمان کی بدولت، میں نے اپنے خاندان کو لحی اور اُسکے خاندان کے ساتھ بیابان میں لے جانے کا فیصلہ کیا۔ (اسماعیل۔)

میں یروشلیم واپس جانے اور پیتل کے اوراق لانے پر ایمان رکھتا تھا؟ (نیفئی۔)

یسوع مسیح پر اپنے ایمان کی بدولت پہلے میں اُسکی اُنگلی اور پھر اُسے مکمل طور دیکھ سکا۔ (یارد کا بھائی)

ہماری ماؤں کے سکھائے ہوئے یسوع مسیح پر ہمارے ایمان نے، جنگ میں ہماری زندگیاں بچائیں۔ (۲۰۰۰ نوجوان جنگجو)

یسوع مسیح پر میرے ایمان اور انجیل کی منادی کرنے کی میری خواہش نے ڈاکوؤں کے ایک گروہ سے لڑنے میں میری مدد کی جو لمونی بادشاہ کی بھیڑوں کو مارنا چاہتا تھا۔ (عمون۔)

ہمارے ایمان نے قید خانہ کو گرا دیا۔ (ایلما اور امیولک)

قید کے دوران، ہم اپنے ایمان کی بدولت آگ میں گھِر گئے۔ (نیفئی اور لحی)

یسوع مسیح پر اپنے ایمان کی بدولت، ہم موت کا مزہ نہ چکھیں گے۔ (تین نیفئی۔)
ہم نے یسوع مسیح پر اپنے ایمان کے مطابق موعودہ سر زمین کی طرف لحونا سے رہنمائی پائی۔ (لحی اور اُسکا خاندان۔)

۳۔ گفتگو کریں کہ درجِ ذیل سر گرمیاں کیسے یسوع مسیح پر ہمارے ایمان کو مضبوط کرنے میں ہماری مدد کر سکتی ہیں:

پاک کلام کا مطالعہ کرنا: جب آپ یسوع مسیح کی بابت اور جو اُس نے کیا ہے سیکھتے ہیں تو آپ میں اُس کیساتھ زیادہ محبت اور ایمان پیدا ہو گا۔

دُعا کرنا: ہم آسمانی باپ کو یسوع مسیح پر ہمارے ایمان کو مضبوط کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔

یسوع مسیح کی تعلیمات کی فرمانبرداری کرنا: اُسکے احکامات کی فرمانبرداری خوشی اور اطمینان لاتی ہے۔

۴۔ زور دیکر یہ بتاتے ہوئے کہ یسوع مسیح پر ایمان انجیل کا پہلا اُصول ہے، ایمان کے چوتھے رُکن کو زبانی یاد کریں اور زیرِ بحث لائیں۔

۵۔ بتائیں کہ ایمان جاننے اور بھروسہ کرنے سے آتا ہے۔ یسوع مسیح پر ایمان بڑھانے کے لئے ہمیں اُسے ہر گز جاننا چاہیے۔ بچوں کو اُن باتوں کا بتانے کا کہیں جو وہ یسوع مسیح کے بارے جانتے ہیں اور ہر ایک بات کا جاننا اُنہیں اُس پر ایمان رکھنے میں کیسے مدد کرتا ہے۔ اِنہیں چاک بورڈ پر لکھیں۔ چند ممکنہ جوابات یہ ہو سکتے ہیں کہ وہ خُدا کا بیٹا ہے وہ زندہ ہے، وہ ہمیں پیار کرتا ہے، وہ ہمارے لئے موأ، وہ ہمارا نجات دہندہ ہے، وہ معاف کرنے والا ہے، وہ زمین کے عناصر پر قدرت رکھتا ہے، وہ جانتا ہے ہمارے لئے کیا بہتر ہے، اپنی حضوری میں واپس آنے میں وہ ہماری مدد کرنا چاہتا ہے۔ وہ اور آسمانی باپ جوزف سمتھ پر ظاہر ہوئے۔

۶۔ لفظی پٹی ''ہم خُداوند کے احکام کی فرمانبرداری سے اپنا ایمان تعمیر کرتے ہیں، تیار کریں اور اِسے چاک بورڈ یا دیوار پر لگائیں۔

بچوں کو ایسے اوقات بتانے کی دعوت دیں جب اُنہوں نے احکام کی فرمانبرداری کی ہو۔ اُن کی سمجھنے میں مدد کریں کہ ایسے انتخابات یسوع مسیح پر ایمان کو ظاہر کرتے ہیں۔ چاک بورڈ یا دیوار پر خالی کاغذ ایک دوسرے کے اُوپر اِس طرح لگائیں جیسے آپ ایک دیوار بنا رہے ہوں (یا اِنہیں چاک بورڈ پر بنائیں۔) ہر بچے کو اِس پر کسی ایک بات کے لکھنے کا کہیں جو یسوع مسیح پر اُنکے ایمان کو تعمیر کرتی ہو، جیسے کہ دُعا کرنا، پاک کلام پڑھنا، دہ یکی ادا کرنا، راست انتخابات کا نمونہ ہونا، اپنے والدین کی فرمانبرداری کرنا، عشائے ربانی لینا، آسمانی باپ کے احکام کی فرمانبرداری کرنا، وغیرہ۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

یسوع مسیح کی حقیقت کی بابت گواہی دیں اور کہ اُس پر ایمان کے ذریعے ہم اُسکی مانند بننے کی قوت پاتے ہیں۔ مطالعہ، دُعا اور اُسکے احکامات کی فرمانبرداری کرنے سے ہمارا ایمان مضبوط ہو گا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سر گرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر ''مجوزہ گھریلو مطالعہ'' کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں عیتر ۱۲:۶ — ۲۲، ۴۱ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# مرونئ اور مورمن کی کتاب کا وعدہ

سبق ۴۴

| | |
|---|---|
| **مقصد** | مورمن کی کتاب کی شخصی گواہی حاصل کرنے، اسے پڑھنے اور زندگی بھر اِسکی تعلیمات پر چلنے کی بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا۔ |

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر مرونئ ۱۰ اور جوزف سمتھ — تاریخ ۱: ۳۰–۳۵، ۵۹–۶۰ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے "اپنے اسباق تیار کرنا،" صفحہ vi، اور "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔)

۲۔ اضافی مطالعہ: مورمن ۸: ۱–۴، ۱۶ اور مورمن کی کتاب کا سرورق۔ نوٹ: سرورق سونے کے اوراق کے آخری ورق کا ترجمہ ہے۔ (دیکھئے کلیسیائی تاریخ ۱: ۷)

۳۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۴۔ لفظ گواہی کی لفظی پٹی بنائیں۔

۵۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب

ب۔ تصاویر ۴–۲، مرونئ کوہِ کمورہ میں اوراق چھپا رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۲۰؛ ۶۲۴۶۲)؛ ۴–۵۵، مرونئ جوزف سمتھ پر اُسکی خواب گاہ میں ظاہر ہوتا ہے (انجیلی تصاویر ۴۰۴؛ ۶۲۴۹۲)؛ ۴–۳، جوزف سمتھ سونے کے اوراق حاصل کر رہا ہے (انجیلی تصاویر ۴۰۶؛ ۶۲۰۱۲)؛ اور ۴–۵۶؛ ہیکل کے اُوپر فرشتہ مرونئ۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

تصویر، مرونئ کوہِ کمورہ میں اوراق چھپا رہا ہے، سامنے لگائیں۔ بتائیں کہ یہ تصویر مرونئ کے زمین پر اُسکی زندگی کے آخری لمحات کی بابت بتاتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ مورمن کی کتاب سے متعلق اُنکا جماعتی مطالعہ بھی اختتام پذیر ہونے کو ہے۔

مرونئ کی زندگی کی بابت درجِ ذیل باتوں کا جائزہ لیں۔

مرونئ نے مقدس تاریخ مکمل کر لی تھی۔ اُسکا باپ، مورمن، مارا جا چکا تھا؛ اُسکے رشتہ دار فوت ہو گئے تھے؛ اُسکا کوئی دوست نہ تھے۔ تیز تلواریں، اور جنگی ڈھالیں میدانِ جنگ میں رہ گئی تھیں۔ ہر طرف تباہی تھی۔ مرونئ سالوں سے، لامنوں سے چھپتا اور مقدس تواریخ کی حفاظت کرتا ہوا اکیلا رہ رہا تھا۔ اُس نے سونے کے چوبیس اوراق (عیتر کی کتاب) کا خلاصہ (مختصراً بیان) کر دیا تھا اور اُن اوراق پر اپنی ذاتی تحریریں مکمل کر چکا تھا جو اُسکے باپ نے اُسے دیے تھے۔

تصویر کی طرف اشارہ کر کے بتائیں کہ مرونئ سونے کے اوراق کو کوہِ کمورہ میں پتھر کے صندوق میں رکھنے کو ہے۔ مرونئ نے اُن سب سے ایک خاص وعدہ کیا ہے جو مورمن کی کتاب کا مطالعہ کریں گے۔ یہ وعدہ اُن آخری باتوں میں سے ایک ہے جو مرونئ نے سونے کے اوراق پر لکھیں۔ یہ وعدہ مورمن کی کتاب کی گواہی حاصل کرنے کے بارے ہے۔

لفظی پٹی ''گواہی'' سامنے لگائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِس سبق کے دوران وہ مورمن کی کتاب کی گواہی پانے کے لئے اقدام کے بارے جانیں گے (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۱)۔ وہ اُس وعدہ کی بابت بھی سیکھیں گے جو مرونئ نے ہم سے کیا ہے۔

**صحیفائی احوال**

مرونئ کے اپنے باپ کے، مقدس تاریخ کو مکمل کرنے کے حکم، ایمانداروں سے اُسکے وعدہ اور مرونئ ۱۰ میں اُسکے الوداع کے بارے، اُسکے زمین میں تاریخ چھپانے اور ۱۴۰۰ سال بعد جوزف سمتھ پر ظاہر ہونے کے متعلق، جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۳۰–۳۵، ۵۹–۶۰ میں پانے جانے والے احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے ''پاک کلام میں سے سِکھانا'' صفحہ vii۔) مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- مرونئ ہمیں کیا یاد رکھوانا چاہتا ہے؟ (مرونئ ۱۰:۳۔)
- یہ جاننے کے لئے کہ کیا مورمن کی کتاب سچی ہے مرونئ نے ہمیں کیا کرنے کا کہا ہے؟ (مرونئ ۱۰:۴۔)
- یہ جاننے کے لئے کہ مورمن کی کتاب سچی ہے کون ہماری مدد کرے گا؟ (مرونئ ۱۰:۵۔)
- مرونئ نے ہمارے ساتھ کیا وعدہ کیا ہے؟ (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۴۔)
- ہم رُوح القُدس کی قوت کو کیسے پہچان سکتے ہیں جب وہ ہمیں گواہی دے رہا ہو کہ مورمن کی کتاب سچی ہے؟ (بتائیں کہ خُداند اکثر اوقات ہمیں ہمارے احساسات کے ذریعے الہام دیتا ہے۔ رُوح القُدس اکثر ہمیں اطمینان کا ایک احساس دیتا ہے کہ کوئی بات راست اور اچھی ہے۔ ہمارے اندر یہ ایک پُرجوش احساس ہو بھی سکتا ہے۔)
- مورمن کی کتاب کا مطالعہ کرنے سے آپ سب سے اہم کیا بات سیکھ سکتے ہیں؟ (کہ یسوع ہی مسیح ہے۔ [مورمن کی کتاب کا سرورق دیکھئے۔)
- مرونئ نے مورمن کی کتاب کے ظاہر ہونے کے بارے کیا کہا ہے؟ (مورمن ۸:۱۶۔) مورمن کی کتاب کس قوت سے سامنے آئی؟
- کس نے سونے کے اوراق حاصل کیے اور انکا مورمن کی کتاب کی شکل میں ترجمہ کیا؟
- اب جبکہ مورمن کی کتاب سے متعلق انبیاء اور نبی جوزف سمتھ کا کام ختم ہو چکا ہے، ہمیں مورمن کی کتاب کی کیا ذمہ داری حاصل ہے۔ (اسے پڑھنا، اُسکی گواہی پانا، اُسکی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا، اور دوسروں کو اپنی گواہی دینا۔)

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ درجِ ذیل لفظی پٹیاں بنائیں: ''پڑھنا'' ''یاد رکھنا'' ''غور کرنا،'' ''دُعا کرنا،'' بچوں کو باری باری لفظی پٹیوں کو اُلٹنے اور اقدام کا جائزہ لینے کا کہیں جو مرونئ نے گواہی پانے کے لئے دیے ہیں۔ گفتگو کریں کہ بچے اپنی گواہی پانے کے لئے اِن اقدام کو کیسے استعمال کر سکتے ہیں:

مورمن کی کتاب کی گواہی پانا

پڑھنا(بتائیں کہ مورمن کی کتاب کی گواہی پانے کا پہلا قدم اِسکا پڑھنااور مطالعہ کرنا ہے۔)

یادرکھنا(مرونئ نے کہاہے کہ ہمیں یادرکھنا چاہیے کہ یسوع مسیح کتنامہربان اور رحیم ہے اور ہمیں اپنے دِلوں کو اُسکے لئے شکرگزاری سے بھرنا چاہیے۔ یہ شکرگزاری اور محبت ہمیں مکاشفہ کے رُوح کے لئے تیار کرے گی۔)

غور کرنا(ہمیں اپنے دِلوں اور ذہنوں میں اُن باتوں پر غور کرنا یا سوچنا چاہیے جو ہم نے مورمن کی کتاب میں یسوع مسیح اور اُسکی تعلیمات کے بارے سیکھی ہیں۔)

دُعا کرنا(یسوع مسیح کے نام میں، ابدی باپ سے پوچھنا کہ کیا مورمن کی کتاب سچی ہے، ہمیں مخلصی سے دُعا کرنی چاہیے۔)

۲۔ بچوں کو کلیسیاء کے تیرہویں صدر، صدر عزراٹافٹ بینسن کا درجِ ذیل بیان بتائیں:

"ایامِ آخر کے مقدسین مورمن کی کتاب کے مطالعہ کو زندگی بھر کا شغل کیوں بنائیں اِس کی تین بڑی وجوہات ہیں۔

"پہلی یہ ہے کہ مورمن کی کتاب ہمارے مذہب کا بنیادی پتھر ہے... بنیادی پتھر محراب میں مرکزی پتھر ہوتا ہے، یہ دوسرے تمام پتھروں کو اُنکے مقام پر تھامے رکھتا ہے اور اگر ہٹادیا جائے، محراب گِر جاتی ہے۔

"مورمن کی کتاب تین طرح سے ہماے مذہب کا بنیادی پتھر ہے۔ مسیح کی بابت ہماری گواہی میں یہ بنیادی پتھر ہے۔ یہ ہماری تعلیم کا بنیادی پتھر ہے۔ یہ ہماری گواہی کا بنیادی پتھر ہے....

"دوسری بڑی وجہ... یہ ہمارے زمانہ کے لئے لکھی گئی تھی...

"تیسری بڑی وجہ... یہ ہے [کہ] یہ ہمیں خُدا کے قریب ہونے میں مدد دیتی ہے...

"مورمن کی کتاب میں ایک قوت ہے جو آپ کی زندگیوں کو کثرت سے معمور کردیگی جس لمحے آپ اُسکا سنجیدگی سے مطالعہ شروع کریں گے۔ آزمائش کی مزاحمت کرنے میں آپ بڑی قوت پائیں گے۔ آپ دھوکہ دہی سے بچنے کی قوت پائیں گے۔ آپ تنگ اور سکڑتے راستے پر قائم رہنے کی قوت پائیں گے۔" (in Conference Report, Oct. 1986, pp. 4–6; or *Ensign,* Nov. 1986, pp. 5–7).

۳۔ تصویر، ہیکل کے اُوپر فرشتہ مرونئ، دکھائیں۔ بتائیں کہ ہم مکاشفہ ۱۴:۶ اور تعلیم اور عہد ۱۳۳:۳۶ میں سیکھتے ہیں کہ ایک فرشتہ (مرونئ) "ابدی انجیل" کو زمین پر واپس لایا۔ بچوں کو ہماری چند ہیکلوں کے اُوپر مرونئ کی مورتی دیکھنے اور مرونئ کو یادرکھنے کی دعوت دیں، جو یسوع مسیح کی اپنی گواہی میں کبھی ناکام نہ ہوا۔ "اور، میں مرونئ، مسیح کا انکار نہ کروں گا۔" (مرونئ ۱:۳)۔

۴۔ بچوں کو مورمن کی کتاب (مرونئ ۱۰:۴–۵) کے وعدہ کا کچھ حصہ یا مکمل وعدہ یا ایمان کے آٹھویں رُکن کو پڑھنے اور زبانی یاد کرنے کی دعوت دیں۔

۵۔ بتائیں کہ جب ہم مورمن کی کتاب کی گواہی پاتے ہیں تو یہ گواہی بھی پاتے ہیں کہ —
یسوع ہی مسیح ہے۔
جوزف سمتھ خُدا کا نبی ہے۔
کلیسیائے یسوع مسیح برائے مقدسینِ آخری ایام خُدا کی سچی کلیسیاء ہے۔

۶۔ بچوں کو مورمن کی کتاب میں سے اپنے پسندیدہ واقعات بتانے کی دعوت دیں۔(وہ اِن احوال کی اداکاری بھی کر سکتے ہیں۔) اُن سے پوچھیں کہ اُنہوں نے ہر واقعہ سے کونسا اہم سبق سیکھا ہے۔

## نتیجہ

**گواہی**

مرونئ ۱۰:۳–۵ میں مرونئ کے وعدہ کی سچائی کی گواہی دیں۔ اور کہ آپکی جماعت میں ہر بچہ اپنی گواہی پا سکتا / سکتی ہے کہ مورمن کی کتاب سچی ہے۔

بچوں کو مورمن کی کتاب کی بابت گواہی دینے کی دعوت دیں۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں مرونئ ۱۰:۱–۵ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# سبق ۴۵

# مورمن کی کتاب یسوع مسیح کے جی اُٹھنے کا ایک ثبوت ہے (ایسٹر)

**مقصد** بچوں کو سِکھانا کہ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کے جی اُٹھنے کا ایک اور رُوحانی ثبوت ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعاگو ہو کر ایلما ۱۱: ۴۰–۴۵؛ ۴۰: ۴؛ اور ۳ نیفیٔ ۱۱: ۱–۱۷ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اُن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ کتاب مقدس۔

پ۔ ایک دستانہ یا جراب۔

ت۔ تصاویر ۴–۴۹، جی اُٹھا یسوع مسیح (انجیلی تصاویر ۲۳۹؛ ۶۲۱۸۷)، اور ۴–۴۵، یسوع مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۱۶؛ ۶۲۳۸۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری** ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی** (اگر کوئی دستانہ یا جراب دستیاب نہ ہو تو آپ بہتری کی سرگرمی ۲ کو بطور توجہ دلاؤ سرگرمی استعمال کر سکتے ہیں۔)

اپنا ہاتھ بلند کریں، اور بتائیں کہ یہ رُوح کی نمائندگی کرتا ہے جو ہمارے بدنوں کے اندر ہے۔ ہاتھ حرکت کر سکتا ہے۔ دستانہ (جراب) اُوپر اُٹھائیں اور بتائیں کہ یہ جسمانی بدن کو ظاہر کرتا ہے۔ جب ہم پیدا ہوتے ہیں، رُوح اور بدن عارضی طور پر اکٹھے جوڑے جاتے ہیں اور رُوح بدن کو زندگی دیتا ہے۔ بدن خود بخود حرکت نہیں کر سکتا۔ لیکن اِسی طرح جیسے دستانہ ہاتھ پر پہنا جاتا ہے، بدن زندہ ہوتا ہے اور حرکت کر سکتا ہے جب رُوح اِس میں داخل ہوتا ہے (اپنے ہاتھ پر دستانہ پہنیں۔) ہم سب کو بدن اور رُوح حاصل ہے۔ بتائیں جب ہم مرتے ہیں، رُوح بدن سے جُدا ہو جاتا ہے۔ (اپنے ہاتھ سے دستانہ اُتار دیں) کیا بدن رُوح کے بغیر جی سکتا یا حرکت کر سکتا ہے؟ ہمارے مرنے کے بعد، کیا رُوح ابھی بھی زندہ ہے اور حرکت کر سکتا ہے؟ (دکھانے کے لئے اپنا ہاتھ اور انگلیاں ہلائیں۔) قیامت کے وقت رُوح اور بدن دوبارہ آپس میں ایک ہو جاتے ہیں۔ (دستانہ دوبارہ اپنے ہاتھ میں پہن لیں)۔ زمین پر جو بھی کوئی ہو گزرا ہے مرنے کے بعد دوبارہ جی اُٹھے گا۔ صرف یسوع مسیح ہی تھا جو ہمارے لئے دوبارہ جی اُٹھنا ممکن بنا سکتا تھا۔
(Adapted from Boyd K. Packer, in Conference Report, Apr. 1973, pp. 79–80; or *Ensign,* May 1973, pp. 51–53.)

گواہ ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (گواہی وہ شخص یا چیز ہے جو ثبوت دے یا حقائق کی بابت بتائے۔) کتاب مقدس میں نیا عہد نامہ ایک تحریری گواہی ہے کہ یسوع مسیح جی اُٹھا ہے اور تمام لوگوں کے لئے قیامت کو ممکن بنا دے گا۔ کونسی کتاب قیامت کی بابت دوسری گواہ ہے؟

**صحیفائی احوال** ایلما ۱۱:۴۰–۴۵؛ ۴۰؛ اور ۳ نیفئی ۱۱:۱–۱۷ میں سے قیامت کی بابت مورمن کی کتاب کے احوال بتائیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) زور دیکر بتائیں کہ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کے جی اُٹھنے کی تحریری گواہ ہے۔ مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کریں۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات** جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- یسوع مسیح کیسے موأ؟ (لوقا ۲۳:۳۳؛ ۲ نیفئی ۱۰:۳۔) بچوں کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ ہمارے لئے اپنی بے حد محبت کی بدولت، یسوع مسیح نے اِس زندگی سے قبل کی زندگی میں ہمارا نجات دہندہ ہونے کے لئے رضاکارانہ طور پر خود کو پیش کیا۔ وہ جانتا تھا کہ اُسے آسمانی باپ کے منصوبہ کے مطابق ہمارے واسطے مرنا ہوگا۔

- یسوع مسیح کو اُسکے مرنے کے تین دِن بعد کیا ہوا؟ (۱ کرنتھیوں ۱۵:۴؛ مضایاہ ۳:۱۰۔) اُن تین دِنوں میں اُسکا رُوح کہاں تھا؟ (۱ پطرس ۳:۱۸–۱۹؛ تعلیم اور عہد ۱۳۸:۱۱–۱۲، ۱۸۔) ہمارے مرنے کے بعد ہماری رُوحیں کہاں جاتی ہیں؟ (ایلما ۴۰:۱۲۔)

- قیامت کا کیا مطلب ہے؟ (ایلما ۱۱:۴۳؛ ۴۰:۱۸۔) توجہ دلاؤ سرگرمی کا پھر حوالہ دیں اور بتائیں کہ قیامت تب ہوگی ہے جب رُوح بدن کے ساتھ دوبارہ متحد ہوگا اور یہ پھر کبھی بدن کو نہ چھوڑے گا۔

- یروشلیم میں لوگ کیسے جانتے تھے کہ یسوع مسیح جی اُٹھا ہے؟ (۱ کرنتھیوں ۱۵:۵–۷۔) نیفیوں کو، جو امریکہ میں رہتے تھے، کیسے معلوم ہوا کہ یسوع مسیح جی اُٹھا ہے؟ (۳ نیفئی ۱۱:۸–۱۰۔) جب نیفیوں نے یسوع مسیح کو پہلے دیکھا تو کیا سوچا کہ وہ کون ہے؟ (۳ نیفئی ۱۱:۸۔) یسوع مسیح کیوں چاہتا تھا کہ نیفئی اُسکے ہاتھوں اور پاؤں میں کیلوں کے نشان دیکھیں۔ (۳ نیفئی ۱۱:۱۴–۱۵۔) اگر آپ اُن کے درمیان ہوتے جنہوں نے جی اُٹھے مسیح کو دیکھا تو آپ کیا محسوس کرتے؟

- آپ کیسے جان سکتے ہیں کہ یسوع مسیح جی اُٹھا تھا؟ (ڈھونڈنے اور گواہی پانے سے۔)

- نیفیوں پر ظاہر ہوتے وقت نجات دہندہ کے بدن کا ظہور کیسا تھا؟ (۳ نیفئی ۱۱:۱۵۔)

- اور کون جی اُٹھے گا؟ (۱ کرنتھیوں ۱۵:۲۰–۲۲؛ ایلما ۴۰:۴۔) جب ہم جی اُٹھیں گے تو ہمارے بدن کیسے ہوں گے؟ (ایلما ۱۱:۴۳–۴۵؛ ۴۰:۲۳۔) آپ بتا سکتے ہیں کہ کوئی بھی معذوری یا کمزوری صرف اِسی زمینی زندگی کے دوران ہوگی۔ ہم قیامت میں کامل اور مکمل بنائے جائیں گے۔

- مورمن کی کتاب کیسے یسوع مسیح کے جی اُٹھنے کا رُوحانی ثبوت ہے؟ آسمانی باپ کیوں چاہتا ہے کہ ہمیں کتابِ مقدس اور مورمن کی کتاب دونوں حاصل ہوں؟ (۲ نیفئی ۲۹:۸۔)

- اگرچہ ہم میں سے کسی نے بھی رسولوں اور نیفیوں کی مانند، جی اُٹھے یسوع مسیح کو نہیں دیکھا تو پھر ہم کیسے قیامت کا علم پا سکتے ہیں۔ (پاک کلام اور رُوح القُدس کے ذریعے۔ [دیکھئے مرونئی ۱۰:۴–۵۔])

---

**بہتری کی سرگرمیاں** آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دروان کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بتائیں کہ یسوع مسیح چاہتا ہے کہ ہم میں سے ہر کوئی جانے کہ وہ جی اُٹھا تھا اور آج بھی زندہ ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ کیا خیال کرتے ہیں کہ یسوع کیوں چاہتا ہے کہ ہم یہ جانیں۔ اُن کے جوابات درجِ ذیل سے مشابہ ہو سکتے ہیں۔

ہمیں یہ جاننے کی تسلی دینے کے لئے کہ موت کے بعد بھی ہم زندہ رہیں گے۔ اور کہ ایک دِن ہمارے بدن ہماری رُوحوں سے دوبارہ متحد ہو نگے۔

ہمیں احکام کی فرمانبرداری کرنے کے واسطے متحرک کرنے کے لئے تاکہ ہم حقیقی طور پر خوش ہو سکیں اور آئندہ زندگی میں آسمانی باپ کے ساتھ سکونت کر سکیں۔

ہمیں اِس علم سے تسلی دینے کے لئے کہ جب کوئی جِسے ہم پیار کرتے ہیں مرتا ہے، تو وہ ایک دِن دوبارہ زندہ ہو گا۔

۲۔ چاک بورڈ پر ایک ایسا لفظ لکھیں جو کسی حالیہ خبر کی کہانی یا اخباری سُرخی کو یاد دلائے۔ کہانی میں اپنی دلچسپی کی وضاحت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اُن کے خیال میں آج تک بتائی گئی سب سے بڑی خبر کیا ہے۔ بچوں کے جوابات چاک بورڈ پر لکھ لیں۔ گفتگو کریں کہ اگر یہ واقعات وقوع نہ ہوتے تو کیا ہوتا۔ یسوع مسیح جی اُٹھا تھا۔ کیوں بتائی جانے والی خبروں میں سب سے بڑی خبر ہے۔ اگر قیامت وقوع نہ ہوتی تو کیا ہوتا؟ ۲ نیفئی ۹:۱۹ — ۲۲ پڑھیں اور گفتگو کریں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

گواہی دیں کہ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کے جی اُٹھنے کا رُوحانی ثبوت ہے۔ گواہی دیں کہ نجات دہندہ کی ہمارے لئے محبت کی بدولت، اُس نے ہم سب میں سے ہر ایک کے لئے اپنی مرضی سے دُکھ اُٹھائے اور موا۔ اُس کی قیامت نے تمام لوگوں کے لئے دوبارہ زندگی کو ممکن بنایا۔

مجوزہ طور پر خاندان سے بانٹنا بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سبق کا ایک خاص حصہ اپنے خاندانوں کے ساتھ بانٹیں، جیسے کہانی، سوالات یا سرگرمی کے طور پر، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ مل کر "مجوزہ گھریلو مطالعہ" کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۳ نیفئی ۱۱:۸ — ۱۷ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

سبق ۴۶

# مورمن کی کتاب: یسوع مسیح کی بابت ایک اور عہد نامہ (کرسمس)

**مقصد**

بچوں کو سِکھانا کہ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کی بابت ایک اور گواہی ہے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر ۱ نیفئی ۱۰:۴؛ ۱۱:۱۳، ۱۵، ۱۸؛ ۲ نیفئی ۲۵:۱۹؛ ۲۹:۸؛ مضایاہ ۳:۵؛ ایلما ۷:۱۰؛ ہیلمن ۱۴:۲–۵؛ یسعیاہ ۷:۱۴؛ متی ۱:۲۱؛ ۲:۱–۲، ۹–۱۰؛ ۲۰:۱۹؛ لوقا ۱:۳۵؛ ۲:۸، ۱۰–۱۲؛ اور یوحنا ۳:۱۶ کا مطالعہ کریں۔ پھر سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔ (دیکھئے ”اپنے اسباق تیار کرنا،“ صفحہ vi، اور ”پاک کلام میں سے سِکھانا،“ صفحہ vii۔)

۲۔ مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اِن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو بچوں کو شامل کریں اور سبق کا مقصد حاصل کرنے میں اُنکی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:
الف۔ ہر بچے کے لئے مورمن کی کتاب۔
ب۔ کتابِ مقدس۔
پ۔ توجہ دلاؤ سرگرمی کے دوران بچوں کے پہننے کے لئے ناموں کے بیج یا سکارف اور بیلچے۔
ت۔ تصویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)؛ ۴–۱۰ یسوع مسیح کی پیدائش (انجیلی تصاویر ۲۰۰؛ ۶۲۱۱۶)؛ ۴–۲۱، بنیمین بادشاہ اپنے لوگوں سے خطاب کر رہا ہے (انجیلی تصاویر ۳۰۷؛ ۶۲۲۹۸)؛ ۴–۴۲، سیموئیل لامنی دیوار پر (انجیلی تصاویر ۳۱۴؛ ۶۲۳۷۰)؛ ۴–۴۴، دُنیا کا نقشہ؛ اور ۴–۴۵، یسوع مغربی کرۂ ارض میں تعلیم دے رہا ہے (تصاویر ۳۱۶؛ ۶۲۳۸۰)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

تصویر، یسوع مسیح کی پیدائش، سامنے لگائیں۔ بتائیں کہ نیا عہد نامہ یروشلیم میں یسوع کی پیدائش کے بارے بتاتا ہے۔ مورمن کی کتاب یسوع مسیح کی دوسری تحریری گواہی ہے اور بتاتی ہے کہ اُسکی پیدائش کے موقع پر امریکہ میں کیا ہوا۔

چار بچوں کو لحی (۶۰۰ قبل از مسیح)، بنیمین بادشاہ (۱۲۴ قبل از مسیح)، ایلما (۸۳ قبل از مسیح)، اور سیموئیل لامنی (۶ قبل از مسیح) کا کردار ادا کرنے کا کہیں۔ بچوں کو درجِ ذیل حوالوں میں سے ہر ایک نبی کی یسوع مسیح کی پیدائش کے بارے نبوت پڑھنے کو کہیں: لحی، ۱ نیفئی ۱۰:۴؛ بنیمین بادشاہ، مضایاہ ۳:۵؛ ایلما ۷:۱۰؛ اور سیموئیل لامنی، ہیلمن ۱۴:۲۔)

نبی کی نشاندہی کرتے وقت ایک بچے کو نبی کی تصویر پکڑنے اور دوسرے بچے کو حوالہ پڑھنے کا کہیں۔

- بیت لحم میں یسوع مسیح کی پیدائش کے کیا نشان دیے گئے تھے؟ (لوقا ۲:۶–۱۴؛ متی ۲:۱–۲۔) بیت لحم اور امریکہ میں کونسے نشان دیکھے گئے تھے؟ (۳ نیفئی ۱:۲۱۔) امریکہ میں اور کونسے نشان دیے گئے تھے؟ (۳ نیفئی ۱:۱۵، ۱۹۔)

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے، بچوں کو یسوع مسیح کی پیدائش اور مقصد کے احوال بتائیں۔ جیسے کہ کتابِ مقدس اور مورمن کی کتاب میں بتائے گئے ہیں۔ (صحیفائی احوال سِکھانے کے واسطے مجوزہ طریقوں کے لئے دیکھئے "پاک کلام میں سے سِکھانا،" صفحہ vii۔) زور دیکر بتائیں کہ کتابِ مقدس یروشلیم اور گرد و نواح میں لکھی گئی تھی اور مورمن کی کتاب یروشلیم سے ہزاروں میل دُور امریکہ میں لکھی گئی تھی۔

بتائیں کہ کتابِ مقدس اور مورمن کی کتاب کئی مختلف انبیاء نے لکھی ہیں۔ جب حوالے پڑھیں جائیں، یا حوالہ دیا جائے تو بچوں کو بتائیں کہ آیا یہ کتابِ مقدس کے حوالہ جات ہیں یا پاک سرزمین کے انبیاء نے لکھے تھے، یا آیا یہ مورمن کی کتاب کے حوالہ جات ہیں جو امریکہ میں انبیاء نے لکھے تھے۔

**گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات**

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے، پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

- نجات دہندہ کی پیدائش سے چھ سو سال پہلے، خُدا کے بیٹے کے نام سے متعلق نیفی نے کیا بتایا تھا؟ (۲ نیفی ۲۵:۱۹۔) نیفی اور یسعیاہ نے نجات دہندہ کی ماں کے بارے کیا نبوت کی تھی؟ (ہیلمن ۱۱:۱۳، ۱۸؛ یسعیاہ ۷:۱۴۔) ایلما نے ابنِ خُدا کے نام کی بابت کیا نبوت کی تھی؟ (ایلما ۷:۱۰۔)
- یسوع کا باپ کون تھا؟ (لوقا ۱:۳۵۔ آسمانی باپ۔) یوسف کون تھا۔ (یوسف مریم کا شوہر تھا۔ بیان کریں کہ اگرچہ آسمانی باپ یسوع مسیح کے بدن اور رُوح کا باپ تھا، یوسف نے یسوع کی پرورش کی اور یہ پرورش ایسے کی جیسے ایک باپ اپنے بیٹے کی کرتا ہے۔) یسوع کی پیدائش سے پہلے، فرشتے نے یوسف کو بچے کا کیا نام رکھنے کو کہا؟ (متی ۱:۲۱۔)
- سیموئیل لامنی نے یسوع کی پیدائش کے کیا نشان دیے تھے؟ (ہیلمن ۱۴:۲–۵۔) یروشلیم میں کیا نشان دیے گئے تھے؟ (لوقا ۲:۸، ۱۰–۱۲؛ متی ۲:۱–۲، ۹–۱۰۔)
- یہ کیوں ضروری ہے کہ ہمیں یسوع مسیح کی پیدائش اور مقصد کی دو صحیفائی گواہیاں حاصل ہوں؟ (۲ نیفی ۲۹:۸۔)
- آسمانی باپ نے اپنے بیٹے، یسوع مسیح کو، زمین پر کیوں بھیجا؟ (۲ نیفی ۹:۲۱–۲۲؛ ۳ نیفی ۲۷:۱۳–۱۴؛ یوحنا ۳:۱۶۔)
- آسمانی باپ کیسے چاہتا ہے کہ ہم یسوع مسیح کے لئے شکرگزاری کا اظہار کریں؟ (ایلما ۷:۲۳–۲۴۔)

---

**بہتری کی سرگرمیاں**

آپ درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت، جائزے، خلاصے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ بچوں کو کرسمس پر کسی کو دینے کے لئے یسوع مسیح کی پیروی کر کے، انفرادی خدمت کا تحفہ منتخب کرنے کا کہیں۔ ہر بچے کو اپنے تحفہ اور خدمت کرنے سے متعلق، اپنی منصوبہ بندی لکھنے کے لئے پنسل اور کاغذ دیں۔

۲۔ بچوں کو خاندانی روایات بتانے کا کہیں جو اُنہیں یسوع مسیح کی پیدائش اور زندگی کی بابت یاد دلاتی ہوں۔ چاہیں تو چھوٹے بچے روایت میں شرکت کرنے سے متعلق اپنے خاندان کی تصویر بنا سکتے ہیں۔

۳۔ تصویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲) سامنے لگائیں۔ ہر بچے کو کرسمس کا ایک تجربہ بتانے کا کہیں جو اُنہیں پورا سال یسوع مسیح کو یاد رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

۴۔ کتابِ مقدس سے نجات دہندہ کی چند تعلیمات کا، مورمن کی کتاب میں سے موازنہ کریں، جیسے کہ درجِ ذیل ہیں:
متی ۵:۱۶اور ۳ نیفئی ۱۲:۱۶؛ متی ۷:۱۲اور ۳ نیفئی ۱۴:۱۲؛اور متی ۵:۴۴اور ۳ نیفئی ۱۲:۴۴۔

۵۔ سبق کے آخر میں شامل کیلنڈر، درجِ ذیل میں سے ایک یا زائد طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے:

ہر بچے کے رنگ بھرنے اور خاندان کے لئے تحفہ کے طور پر لے جانے کے لئے کیلنڈر کی نقول بنوائیں۔ یہ کیلنڈر سال کے دوران یسوع مسیح کی پیروی کرنے کے لئے یاد دہانی کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بچوں کو تجاویز پڑھ کر سنائیں اور اُنہیں بعض کا انتخاب کرنے کا کہیں جن پر وہ عمل کرنا چاہتے ہوں۔

کیلنڈر کی ایک کاپی بنوائیں اور ہر ایک حصے کو کاٹ لیں۔ بچے اُن تجاویز کا انتخاب کر سکتے ہیں جو وہ یاد دہانی کے طور پر گھر لے جانا چاہتے ہوں۔

کیلنڈر کو نمونے کے طور پر استعمال کر کے بچوں کو اپنے کیلنڈر تیار کرنے کا کہیں۔

جماعت میں لگانے کیلئے کیلنڈر کو ایک چارٹ پر بنائیں۔

---

## نتیجہ

**گواہی**

اپنی گواہی دیں کہ یسوع مسیح خُدا کا بیٹا ہے۔ کتابِ مقدس اور مورمن کی کتاب کو یسوع مسیح کی زندگی اور مقصد کے گواہ کے طور پر حاصل ہونے کے لئے شکر گزاری کا اظہار کریں۔






















بچوں کو نجات دہندہ کی بابت اپنے احساسات اور وہ اُن کے لئے کیا معنی رکھتا ہے، بتانے کا موقع دیں۔ بچوں کو کرسمس کے دوران یسوع مسیح اور وہ سب کچھ جو اُس نے ہمارے واسطے کیا ہے کہ بارے غور کرنے کے لئے وقت نکالنے کی دعوت دیں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ**

تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں ۱ نیفئی ۱۱:۱۲—۲۴اور ۲ نیفئی ۸:۲۹ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

# شفیق خدمت کرنا

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | سوموار | اتوار |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
|  کسی کو فون کریں اور خوش کریں | مخلص تعریف کریں  |  کسی کو معاف کریں | سنجیدگی سے کسی کی بات سنیں  |  بیمار کو ملنے جائیں | چند دوستوں کو خاندانی شام میں بلائیں  |  |
|  کسی بیمار کے لئے کھانا لے کر جائیں | کسی کے بارے اچھے خیالات سوچیں  |  کسی کو خط بھیجیں | مُسکراہٹیں بانٹیں  |  صدارتی مجلس برائے بشپ کے لئے کھانے پینے کی کوئی چیز بنائیں | برتن صاف کرنے کے لئے اپنی خدمات پیش کریں  |  مشنری کو خط لکھیں |
|  ایک نیا دوست بنائیں | کسی کے احساسات سمجھنے کی کوشش کریں  |  چھوٹے بچے کو پڑھ کر سُنائیں | کسی سے بغلگیر ہوں  |  کچھ پکائیں اور آدھا کسی کو دیں  | کسی کو کوئی صلاحیت سِکھائیں  |  چرچ آتے وقت کسی کو ساتھ گاڑی میں بٹھا کر لائیں |
| کسی بزرگ ہمسائے کو ملیں  | غصے والے چہرے پر مُسکرائیں  |  کسی کو احساس دلائیں کہ آپ اُسکے بارے فکر مند ہیں | کسی کے لئے کوئی کام کریں  | کسی دوست / سہیلی کو بتائیں کہ آپ اُس کی کونسی بات کو پسند کرتے ہیں  |  خاندانی شام کے لئے کھانے پینے کی کوئی چیز تیار کر کے دیں | چرچ میں کسی کو احساس دلائیں کہ اُن کے آنے سے خوشی ہوئی ہے  |
| | | | | بغیر کہے اپنا کمرہ صاف کریں۔  |  کہیں "مجھے تم سے پیار ہے۔"  | چرچ میں بچوں کے ساتھ مصروف ماں کی مدد کریں  |

# سبق ۷ کہانت ہماری زندگیوں کو برکت دے سکتی ہے (کہانتی تیاری کا سبق)

**مقصد**

یہ سبق ۱۱ سالہ لڑکوں، کی کہانتی برکتوں اور ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لئے لکھا گیا ہے۔اِسے آپ کی جماعت میں پہلے بچے کے ۱۲ سال ہونے سے پہلے پڑھایا جائے۔

**تیاری**

۱۔ دُعا گو ہو کر مورمن کی کتاب کے تعارف میں سے ''نبی جوزف سمتھ کی گواہی'' یا جوزف سمتھ ــــ تاریخ ۱:۲۹–۵۴، ۵۹، ۶۶–۷۲؛ تعلیم اور عہد ۱۳، بشمول تمہیدی سُرخی تعلیم اور عہد ۱۲۱:۳۴–۴۶ کا مطالعہ کریں۔

۲۔ سبق کا مطالعہ کریں اور فیصلہ کریں کہ آپ بچوں کو صحیفائی احوال کیسے سِکھانا چاہتے ہیں۔(دیکھئے ''اپنے اسباق تیار کرنا،'' صفحہ vi، اور ''پاک کلام میں سے سِکھانا،'' صفحہ vii۔) مباحثہ کے سوالات اور بہتری کی اِن سرگرمیوں کا انتخاب کریں جو سبق کا مقصد حاصل کرنے میں بچوں کی بہترین مدد کریں۔

۳۔ مطلوبہ اشیاء:

الف۔ ہر بچے کیلئے مورمن کی کتاب۔

ب۔ تعلیم اور عہد۔

پ۔ روشنی کرنے کا کوئی ایک ذریعہ جیسے کہ فلیش لائٹ، بلب یا لالٹین۔

ت۔ تصاویر ۴–۹، یسوع المسیح (انجیلی تصاویر ۲۴۰؛ ۶۲۵۷۲)؛ کہانت میں تقرری (۶۲۳۴۱)؛ اور یوحنا بپتسمہ دینے والا ہارونی کہانت عطا کر رہا ہے (انجیلی تصاویر ۴۰۷؛ ۶۲۰۱۳)۔

**مجوزہ سبقی تیاری**

ایک بچے کو افتتاحی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

**توجہ دلاؤ سرگرمی**

ایسی چیز سامنے رکھیں جو روشنی دیتی ہے۔

اِس چیز کے روشنی دینے کے لئے کیا ضروری ہے؟ اگر آپکے پاس ایک فلیش لائٹ ہے تو یہ دکھائیں کہ اِسے سیل ایک بلب اور ایک سوئچ کی ضرورت ہے۔ جن سب کے کام کرنے سے یہ چیز روشنی دیتی ہے ضروری ہے کہ بلب کا ایلمنٹ اچھا ہو اور یہ بلب ہولڈر میں لگا ہو جو کہ قوت کے منبع سے منسلک ہوتا ہے۔ بجلی کے بہاؤ کے لئے سوئچ کو بھی آن حالت میں ہونا چاہیے۔

اپنی جماعت میں لڑکوں کو کھڑا ہونے کے لئے کہیں۔اِن لڑکوں میں کہانت پانے کا امکان ہے جو بجلی سے زیادہ طاقتور ہے۔ کیونکہ یہ خُدا کے نام میں کام کرنے کا اختیار اور طاقت ہے۔اِسی طاقت کے ذریعے آسمانی باپ کے بچوں کو بپتسمہ دیا جا سکتا ہے اور کلیسیاء کی دوسری رسوم ادا کی جا سکتی ہیں۔ لیکن دراصل اِس قوت کو پانے اور خُدا کی مرضی کے مطابق استعمال کرنے کے لئے ضروری ہے کہ لڑکا اِس کے لئے مناسب طور پر تیار اور لائق ہو۔

**صحیفائی احوال**

مناسب اوقات پر تصاویر استعمال کر کے، ''نبی جوزف سمتھ کی گواہی'' یا ''جوزف سمتھ ــــ تاریخ ۱:۲۹–۵۴، ۵۹، ۶۶–۷۲ میں سے جوزف سمتھ کے سونے کے اورق پانے اور ہارونی کہانت میں مقرر کیے جانے کے احوال بتائیں۔ آپ کو، جوزف سمتھ کے سونے اوراق پانے کی طرف رہنمائی کرنے والے احوال کو جماعت کے ساتھ مختصراً جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

گفتگو اور قابلِ اطلاق سوالات

جب آپ اپنا سبق تیار کریں تو درجِ ذیل سوالات اور صحیفائی حوالہ جات کا مطالعہ کریں۔ ایسے سوالات استعمال کریں جو آپ محسوس کرتے ہوں کہ بچوں کے پاک کلام کو سمجھنے اور اُصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنانے میں اُنکی بہترین مدد کریں گے۔ جماعت میں بچوں کے ساتھ حوالہ جات پڑھنے اور گفتگو کرنے سے پاک کلام کی بصیرت حاصل کرنے میں اُنہیں مدد ملے گی۔

پہلی رویا پانے کے فوراً بعد جوزف سمتھ سونے کے اوراق کا ترجمہ کیوں نہ کر سکا، کہانت کیوں نہ پا سکا اور کلیسیاء کی تنظیم کیوں نہ کر سکا؟ (وہ تیار نہ تھا؛ اُسے علم و دانائی میں بڑھنے کی ضرورت تھی۔)

خُداوند نے جوزف سمتھ کو کونسا پہلا بڑا کام کرنے کا کہا؟ (سونے کے اوراق کا ترجمہ کرنے کا، تاکہ ہم مورمن کی کتاب حاصل کر سکیں۔)

جس رات فرشتہ مرونئ اُس پر ظاہر ہوا جوزف سمتھ کیا کر رہا تھا؟ (جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۲۹–۳۰۔) جوزف کے سونے کے اوراق پہلی مرتبہ دیکھنے سے پہلے مرونئ کتنی بار جوزف سمتھ پر ظاہر ہوا؟ (جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۳۰، ۴۴–۴۹؛ چار مرتبہ۔) آپ کے خیال میں مرونئ نے اپنا پہلا پیغام تین مرتبہ کیوں دہرایا؟

سونے کے اوراق کا ترجمہ شروع کر سکنے سے پہلے جوزف نے اور کونسی ہدایات پائیں؟ (جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۵۳–۵۴۔) اِن ہدایات نے جوزف سمتھ کی دوسرے بڑے کام کرنے کے لئے تیار ہونے میں کیسے مدد کی جو اُسے کرنے تھے؟ آپ اپنے مستقبل کے واسطے تیار ہونے کے لئے کیا کر رہے ہیں؟

۱۲ سال کی عمر میں ایامِ آخر کے نوجوان مقدسین کونسی خاص ذمہ داریاں اپنے پر لیتے ہیں؟ (وہ ہارونی کہانت پاتے اور ڈیکن مقرر ہوتے ہیں۔)

جوزف سمتھ نے ہارونی کہانت کیسے پائی؟ (جوزف سمتھ — تاریخ ۱:۶۸–۷۰۔) آج ایک نوجوان آدمی کیسے ہارونی کہانت پاتا ہے؟ (اہلیت کے لئے اُس کا انٹرویو کیا جاتا ہے اور ایک ایسے آدمی کے ہاتھوں کے رکھے جانے سے مقرر کیا جاتا ہے جِسے اُسے مقرر کرنے کا اختیار حاصل ہو۔)

لڑکوں کو کہانت حاصل کرنے کے لئے خود کو کیسے تیار کرنا چاہیے؟ کہانت کی برکتیں حاصل کرنے کے لئے لڑکیوں کو خود کو کیسے تیار کرنا چاہیے؟ (لڑکے اور لڑکیاں ایک ہی طریقہ سے تیاری کرتے ہیں۔ وہ دُعا کرتے ہیں، ایمان رکھتے، اساتذہ اور والدین سے انجیل سیکھتے، لائق طور پر رہتے، احکام کی فرمانبرداری کرتے، دوسروں کی خدمت کرتے، ایک دوسرے کی عزت کرتے اور دیانتدار ہوتے ہیں۔) (دیکھئے بہترین کی سرگرمی ۴۔)

- کلیسیاء میں ڈیکن کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟ (تعلیم اور عہد ۲۰:۵۹۔) وہ یہ ذمہ داریاں کیسے پوری کرتے ہیں؟ (عشائے ربانی تقسیم کرتے، روزے کے ہدیے اکٹھے کرتے، عشائے ربانی کی عبادت میں بشپ کے پیغام رساں کے طور پر کام کرتے اور اچھا نمونہ قائم کرتے ہیں۔)

عشائے ربانی تقسیم کرنے والا پہلا شخص کون تھا؟ (یسوع مسیح) عشائے ربانی کیوں اتنی مقدس ہے؟ (یہ ایک رسم ہے جو یسوع مسیح کی ہم سب کے لئے دی گئی قربانی کو ظاہر کرتی ہے۔)

ایلڈر جیفری آر۔ ہالینڈ کا درج ذیل اقتباس پڑھیں یا جماعت کے ایک رُکن کو پڑھنے کا کہیں: ”ہم آپ ہارونی کہانت کے نوجوانوں سے کہتے ہیں کہ نجات دہندہ کی قربانی کی علامت کو لائق طور پر اور وقار سے تیار کریں اور برکت دیں اور تقسیم کریں۔ اتنی شاندار عمر میں کیا ہی شاندار اعزاز اور مقدس اعتماد کیا گیا ہے! میں آسمانوں سے آپکے معترف ہونے کا اُس سے زیادہ کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ ہم آپ سے محبت کرتے ہیں۔ اپنی بہترین زندگی گزاریں اور بہترین نظر آئیں جب آپ خُداوند کی عشائے ربانی کی ضیافت میں شرکت کریں۔ (in Conference Report, Oct. 1995, p. 89; or *Ensign,* Nov. 1995, p. 68.)

ہم سب کیسے کہانت کا احترام اور تائید کر سکتے ہیں؟ کہانتی رہنماؤں سے بلاہٹیں قبول کر کے؟ دوسرے کی خدمت کر کے؛ کلیسیائی رہنماؤں کیساتھ احترام سے بات کر کے؛ اور والد صاحبان، بھائیوں، خاندانی ارکان، اور دوسرے کہانتی حامل افراد کے لئے دُعا کر کے۔) (دیکھئے بہتری کی سرگرمی ۳) آپ کے یہ کام کرنے سے آپ کے باپ یا بھائی کو اپنی کہانت کا احترام کرنے میں کیسے مدد ملتی ہے۔ کہانت پانے کے لئے تیاری، یا کہانت کی برکتیں پانے میں وہ کیسے آپکی مدد کر سکتے ہیں؟

---

## بہتری کی سرگرمیاں

آپ درج ذیل میں سے ایک یا زائد سرگرمیاں سبق کے دوران کسی بھی وقت جائزے، خلاصے سے یا دعوت کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ الگ الگ کارڈوں یا کاغذ کی پرچیوں پر، کہانت کے وسیلے ملنے والی درجِ ذل برکتوں کی بابت لکھیں:

نام رکھا جانا اور برکت پانا
بپتسمہ لینا
رُوح اُلقدس کی نعمت پانا
بیماری کے وقت برکت پانا
عشائے ربانی لینا
مشن پر جانا
ہیکل میں شادی کرنا

جماعت کو گروپوں میں تقسیم کریں اور ہر گروپ کو ایک کارڈ دیں۔ ہر گروپ میں سے بچوں کو اپنے کارڈ پر لکھی ہوئی برکت سے متعلقہ ذاتی یا خاندانی تجربات بتانے کی دعوت دیں۔

۲۔ بچوں کو ایسے وقت کے بارے سوچنے کا کہیں جب وہ ایسی جگہ پر گئے ہوں جہاں بہت زیادہ اندھیرا تھا۔ پھر اُنہیں سیاحوں کے ایک گروپ کی کہانی بتائیں جو ایک گہری، تاریک غار میں چلے جاتے ہیں۔ غار میں داخل ہونے کے بعد رہنما تمام بتیاں گُل کر دیتا ہے۔ چند منٹوں کے لئے انتظار کرتا اور پھر ہر شخص کو باہر جانے کی سمت کی نشاندہی کرنے کا کہتا ہے۔ جب روشنیاں دوبارہ جلائی جاتی ہیں تو لوگ کئی مختلف سمتوں میں اشارہ کر رہے ہوتے ہیں۔

ایلڈر رابرٹ ڈی. ہیلز کا درجِ ذیل اقتباس سنائیں: ”اگر کہانت کی قوت زمین پر نہ ہوتی تو دشمن کو مزاحمت کے بغیر گھومنے اور حکومت کرنے کی آزادی ہوتی — ہماری رہنمائی کرنے اور بصیرت دینے کے لئے رُوح اُلقدس کی نعمت نہ ہوتی؛ خُداوند کے نام میں بولنے والا کوئی نبی نہ ہوتا، کوئی ہیکلیں نہ ہوتی جہاں ہم مقدس، ابدی عہود کر سکتے، برکت دینے اور بپتسمہ دینے، شفا دینے اور تسلی دینے کا کوی اختیار نہ ہوتا... نہ نور، نہ اُمید... صرف تاریکی ہوتی۔ (in Conference Report, Oct. 1995, p. 40; or *Ensign,* Nov. 1995, p. 32.)

۳۔ ایک خاندان نے اپنے والد کو اُسکی کہانتی بلاہٹ میں مدد دینے کے لئے کیا کیا اِس بابت درجِ ذیل کہانی پڑھیں یا سنائیں:

”میں [کئی سال پہلے ایک بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنس میں] ایلڈر عزرا ٹافٹ بینسن کے چھ بچوں کے ساتھ بیٹھی تھی، جن میں سے ایک میرے کالج میں میری ہم کمرہ تھی۔ میری دلچسپی بڑھ گئی جب صدر کمے اُٹھے اور اگلے مقرر کا اعلان کیا۔ میں نے ادب سے دیکھا جب ایلڈر بینسن، جِسے میں ابھی تک نہیں ملی تھی، مائیکروفون کی طرف بڑھا۔ وہ ایک قدر آور شخص تھا، چھ فٹ سے زیادہ اُونچا وہ اعلیٰ ثانوی ڈگری کا حامل شخص تھا، ایسا شخص جو بین الاقوامی طور پر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے وزیر زراعت اور خُداوند کے خاص گواہ کے طور پر مشہور تھا ایسا شخص جو پُر اعتماد اور پُر سکون تھا، وہ جو پوری دُنیا میں سامعین سے خطاب کر چکا تھا۔ اچانک ایک ہاتھ نے میرے بازو کو چُھوا۔ ایک چھوٹی لڑکی میری طرف جُھکی اور جلدی سے سرگوشی کی، 'ابو کے لئے دُعا کرو۔'

’قدرے حیران ہو کر میں نے سوچا، ”یہ پیغام قطار میں آگے دیا جا رہا تھا اور مجھے اِس کو آگے دینا تھا میں کیا کہوں ”ایلڈر بینسن کے لئے دُعا کرو؟“ کیا میں کہوں ”تمہیں اپنے والد کے لئے دُعا کرنا ہے؟“ فوراً عمل کرنے کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے، میں جھکی اور صرف سرگوشی کی ’ابو کے لئے دُعا کرو۔‘

”میں نے اِس سرگوشی کو قطار میں آگے وہاں تک پہنچتے دیکھا جہاں بہن بینسن پہلے ہی، سر جھکائے، بیٹھی تھیں۔

”اُس دِن سے کئی مرتبہ میں نے اُس پیغام کو یاد کیا ہے— خاندان کے مبشر، ابو کے لئے دُعا کرو۔ اُس کے لئے دُعا کرو جب وہ بحثیتِ ضلعی صدر یا خاندانی معلم کے، خدمت کرے۔ اُس کے لئے دُعا کرو جب وہ کسی ادارے کا ایگزیکٹو سیکرٹری بنے، جب اُس کا کاروبار چمکے، یا جب اُسے کم تنخواہ قبول کرنی پڑے۔ دُعا کرو جب وہ خاندانی شام میں نصیحت کرے۔ ابو کے لئے دُعا کرو جو دیر تک کام کرتا ہے تاکہ جیرلڈ مشن پر اور ڈیان کالج جا سکے۔ اُس کے لئے دُعا کرو جب وہ عشائے ربانی کی عبادت میں پیغام دے یا ماں کو برکت دے تاکہ وہ پھر سے صحت یاب ہو جائے۔ اور شام کو جب وہ تھکا ہوا، یا مایوس گھر آئے، اُس کے لئے دُعا کروں ابو کے لئے دُعا کرو اُس سب کچھ کے لئے جو وہ کرے— چھوٹی اور بڑی باتوں کے لئے۔

”جیسے جیسے سال گزرے ہیں، بین الاقوامی کلیسیائی کانفرنسیں آئی اور گئی ہیں اور ہر مرتبہ جب صدر بینسن خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں۔ میں نے اُسکے بچوں کو، جو پورے براعظم میں بکھرے پڑے ہیں دیکھا ہے کہ وہ اپنے باپ کے لئے دُعا کرنے میں متحد ہیں۔‘

”اور میں یہ یقین کرنے لگی ہوں کہ کئی سال پہلے قطار میں دیا جانے والا پیغام سب سے اہم پیغام ہے جو ایک خاندان دے سکتا ہے۔ ایک شخص کو روزانہ کے مسائل کا سامنا کرنے کیلئے کتنا غیر معمولی ایمان اور قوت مل سکتی ہے اگر دُنیا میں اُسکی بیٹی یا بیٹا سرگوشی کر رہا ہو، ’ابو کے لئے دُعا کرو‘“ (Elaine McKay, “Pray for Dad,” *New Era,* June 1995, p. 33).

۴۔ انجیل پر عمل کرنے سے ہم ذمہ داریاں قبول کرنے کے لئے تیار ہوں گے اور کہانت کی برکتوں سے لُطف اندوز ہونگے۔ ”میرے انجیلی معیار“ پڑھیں (*My Achievement Days* booklet [35317], back cover) ۔ توقف کر کے بچوں کو اِس کی بابت سوچنے دیں کہ وہ اِس معیار پر کتنے لائق طور سے عمل کر رہے ہیں۔ فہرست پڑھنے کے بعد آپ اہم الفاظ کی تشریح کے ذریعے سبق کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

میرے انجیلی معیار

۱۔ میں اپنے بپتسمہ کے عہود یاد رکھوں گا اور رُوح القُدس کی سنوں گا۔
۲۔ میں آسمانی باپ، دوسروں اور اپنے آپ کیساتھ دیانتدار رہوں گا۔
۳۔ میں اچھے دوست تلاش کروں گا اور دوسروں کے ساتھ شفقت سے پیش آؤنگا۔
۴۔ میں آسمانی باپ اور اپنے آپ کے احترام کو ظاہر کرنے کے لئے حیادار لباس پہنوں گا۔
۵۔ میں صرف وہ چیزیں دیکھوں اور پڑھوں گا جو آسمانی باپ کو خوش کرتی ہیں۔
۶۔ میں صرف وہی موسیقی سنوں گا جو آسمانی باپ کو خوش کرتی ہے۔
۷۔ میں آسمانی باپ اور یسوع مسیح کا نام ادب سے استعمال کروں گا۔ میں گالی یا گلوچ یا غیر مہذب زبان استعمال نہیں کرونگا۔
۸۔ میں اپنا بدن اور ذہن پاک اور مقدس رکھوں گا۔
۹۔ میں وہ چیزیں نہیں کھاؤں گا جو نقصان دہ ہیں۔
۱۰۔ میں سبت کو وہ کام کروں گا جو مجھے آسمانی باپ کی قربت محسوس کرنے میں مدد دیں گے۔
۱۱۔ میں راست انتخاب کروں گا۔ میں جانتا ہوں کہ غلطی کرنے کی صورت میں، میں توبہ کر سکتا ہوں۔
۱۲۔ میں ہیکل میں اور مشن پر جانے کے لئے اب لائق طور پر زندگی گزاروں گا۔
۱۳۔ میں آسمانی باپ کے منصوبے کی پیروی کرونگا۔

۵۔ کلیسیاء کے پندرہویں صدر، صدر گورڈن بی۔ ہنکلی کا درجِ ذیل اقتباس پڑھ کر سنائیں: ”یہ کلیسیاء اِس کے صدر سے تعلق نہیں رکھتی۔ اِس کا سر خُداوند یسوع مسیح ہے، جس کا نام ہم سب نے اپنے پر [بپتسمہ پر] لیا تھا۔ ہم سب اِس عظیم کام کا حصہ ہیں۔ ہم یہاں اپنے باپ کی، اُسکے کام اور جلال میں 'آدمی کی لافانیت اور ابدی زندگی ممکن بنانے کے واسطے، مدد کرنے کے لئے ہیں۔ (موسیٰ ۱:۳۹۔) آپ کی ذمہ داری آپ کے حلقے میں اتنی ہی شدید ہے جتنی میری ذمہ داری میرے حلقے میں ہے۔ اِس کلیسیاء میں کوئی بھی بلاہٹ چھوٹی یا کم نتائج کی حامل نہیں ہے۔ ہم سب اپنی ذمہ داری پوری کر کے دوسروں کی زندگیوں کے لئے باعثِ برکت بنتے ہیں۔“ (in Conference Report, Apr. 1995, p. 94; or *Ensign,* May 1995, p. 71).

---

## نتیجہ

**گواہی** آپ گواہی دے سکتے ہیں کہ کہانت بحال کی جاچکی ہے اور کہ یہ خُدا کی طرف سے کام کرنے کا اختیار ہے۔ ہارونی کہانت حاصل کرنے کے لائق ہونے کے واسطے، لڑکوں کی اور جماعت کے تمام ارکان کی، کہانت کی برکتیں پانے کے لئے لائق رہنے، کی حوصلہ افزائی کریں۔ کہانتی رہنماؤں کی مدد اور احترام کرنے کی، بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مجوزہ خاندانی شراکت** بچوں کی، اپنے خاندانوں کو سبق کا خاص حصہ، جیسے کہ کہانی، سوال یا سرگرمی بتانے، یا اپنے خاندانوں کے ساتھ ”مجوزہ گھریلو مطالعہ“ پڑھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مجوزہ گھریلو مطالعہ** تجویز دیں کہ بچے اِس سبق کے جائزے کے طور پر، گھر میں تعلیم اور عہد ۱۲۱:۳۴–۴۶ کا مطالعہ کریں۔

ایک بچے کو اختتامی دُعا کرنے کی دعوت دیں۔

کلِیسیائے
یِسُوع مسیح
برائے مُقدّسینِ آخری ایاّم

URDU
4 02345 94434 4
34594 434